ہندوستانی زبان

ہندوستانی پرچار سبھا

رجسٹریشن نمبر : آر، این ۱۸۸۱۸/۶۹

مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سنٹر بمبئی ۲

مقصد :

۱ — قومی زبان [راشٹر بھاشا] ہندوستانی کا پرچار کرنا جو سارے ہندوستان کی سماجی، سیاسی [راجنیتک]، کاروباری اور ایسی دوسری ضرورتوں کے لئے دیس بھر میں کام آسکے اور الگ الگ زبانیں بولنے والے صوبوں میں میل جول اور بات چیت کی زبان بن سکے۔

۲ — ہندوستانی کو دیوناگری اور اُردو دونوں لکھاوٹوں میں عام کرنا۔

۳ — پرانی ہندی، اُردو، برج، اودھی، گجری، دکنی وغیرہ زبانوں پر ریسرچ کرنا اور ہندوستان کی سماجی اور تہذیبی زندگی کو پھیلانے میں مدد دینا۔

۴ — ہندوستانی [ہندی اور اُردو] کی قلمی [ہست لکھت] اور پرانی چھپی ہوئی کتابوں کو ایڈٹ کرکے چھاپنا۔

۵ — ہندوستانی کی سادی چھوٹی بڑی ڈکشنریاں، گرامر، ریفرنس [حوالے] کی کتابیں تیار کرنا اور ہندوستانی میں آسان کتابیں چھاپنا۔

سالانہ ۱۲ روپیہ * قیمت ۶ روپیہ * بدیس کیلئے : ۵۰ روپیہ

ایڈیٹر، پرنٹر پبلشر { ڈاکٹر عبدالستار دلوی نے اسٹر بھارتی مدرنالیہ، وڈالا [بمبئی] سے چھپوا کر مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سنٹر ایم۔جی۔ایم۔بلڈنگ، نیتاجی سبھاش روڈ، بمبئی ۲ سے شائع کیا۔

مالک : اڈوائزری کمیٹی، ہندوستانی پرچار سبھا، ایم۔جی۔ایم۔بلڈنگ، نیتاجی سبھاش روڈ، بمبئی ۲۔

ہندوستانی زبان

سال ۱۱ جنوری - اپریل سنہ ۱۹۷۹ع نمبر ۱ - ۲

فارم ۴

[قاعدہ ۸ دیکھئے]

۱	مقام اشاعت	:	مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر ایم . جی . ایم بلڈنگ، نیتاجی سبھاش روڈ، بمبئی – ۲
۲	وقفہ	:	تماہی
۳	پرنٹر کا نام	.	ڈاکٹر عبدالستار دلوی
	قومیت	:	ہندوستانی
	پتہ	:	مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر ایم . جی . ایم . بلڈنگ، نیتاجی سبھاش روڈ بمبئی – ۲
۴	پبلشر کا نام	:	ڈاکٹر عبدالستار دلوی
	قومیت	.	ہندوستانی
	پتہ	:	مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر ایم . جی . ایم . بلڈنگ، نیتاجی سبھاش روڈ بمبئی – ۲
۵	ایڈیٹر کا نام	:	ڈاکٹر عبدالستار دلوی
	قومیت	:	ہندوستانی
	پتہ	:	مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر ایم . جی . ایم . بلڈنگ، نیتاجی سبھاش روڈ بمبئی – ۲
۶	اُن اشخاص کے نام اور پتے جو اِس رسالے کے حقدار ہیں یا جو اِس ملکیت کے ایک فی صدی سے زیادہ حصے دار ہیں		مینجنگ کمیٹی، ہندوستانی پرچار سبھا ایم . جی . ایم . بلڈنگ، نیتاجی سبھاش روڈ بمبئی – ۲

میں ڈاکٹر عبدالستار دلوی اِس بات کا اعلان کرتا ہوں کہ میری زیادہ سے زیادہ جانکاری و یقین کے مطابق اُوپر دی ہوئی معلومات بالکل صحیح ہیں –

پبلشر

(دستخط) ڈاکٹر عبدالستار دلوی

تاریخ : ۲۰ – ۳ – ۷۹

اپنی بات

ہندوستانی زبانوں کے لئے جو ادبی انعام دئے جاتے ہیں، ان میں گیان پیٹھ کا پرسکار بہت اہم ہے۔ خوشی کی بات ہے کہ اس سال یہ پرسکار ہندی کے مشہور شاعر اگیے کو ان کے کاویہ سنگرہ «کتنی ناووں میں کتنی بار» پر دیا گیا ہے، جو نئی کویتا کی دنیا میں ہندی ادب کے اُجول سورج کی طرح سب پر چھائے ہوئے ہیں گیان پیٹھ نے یہ پرسکار اگیے کو دے کر، ان کی اہمیت تسلیم کر کے، انہیں پشپانجلی دی ہے۔ انعام پا کر کوئی بھی لیکھک اپنے کو دھنیہ نہیں مانتا، لیکن یہ بھی صحیح ہے کہ پرسکار دینے والا، سرسوتی کے پجاری ان بیٹوں کو انعام دینے میں اپنی بڑائی محسوس کرتا ہے۔ ساہو شانتی پرساد جین اور سورگیا سریمتی رما جین ہندوستانی ادب میں وہ مقبول ہستیاں ہیں کہ جن کی کوششوں سے ہر سال ہندوستان کی کسی زبان کے چن دار شاعر یا ادیب [ساہتیہ کار] کو پرسکار دے کر، گیان پیٹھ بھارت کی ایک ملی جلی ادبی ثقافت یا ساہتیک گریما کو پھیلانے میں مددگار ثابت ہوتی رہی ہے۔ اُردو کے شاعر رگھوپتی سہائے فراق گورکھپوری کو انہوں نے «گل نغمہ» پر یہ انعام دیا تھا۔ بنگلا، گجراتی، کنڑ وغیرہ دوسری بھاشاؤں کے لیکھکوں کو بھی یہ پرسکار دیا گیا اور اس طرح بھارت کے اُتر، دکھن اور پورب، پچھم کے ساہتیہ کاروں اور اُن کے پڑھنے والوں کو ایک خوشگوار سنگم کے قریب لا کھڑا کیا۔

شری سچدانند ہیرانند واتسیاین اگیے کی زندگی کا سفر مختلف قسم کے تجربوں سے بھرا ہوا ہے لیکن کوی اور فن کار اگیے نے ان تجربوں کو خوب صورت روپ میں پیش کرکے پاٹھکوں کی چیتنا کو نرمل اور خوش گوار بنانے کی نامعمی کوشش کی ہے۔ «تارسپتک» کی ابتدا کرنے والے اس شاعر کو پریوگ وادی کہیں، پرتیک وادی [علامت نگار] کہیں یا استتو وادی [وجودیت پسند] کہیں، پرانی روایت کے گنگا جل میں نہایا ہوا کہیں یا مغرب کی ٹی۔ایس۔ایلیٹ یا سارتر سے پربھاوت کہیں، تو ان کی تصویر اور ان کے کام کا صحیح اندازہ نہیں ہوسکے گا۔ یہ سچ ہے کہ سنسکرت اور فارسی سے لے کر بنگلا، انگریزی، جاپانی وغیرہ ساہتیہ کے رس ساگر میں انہوں نے ڈبکیاں لگائی ہیں، اور پھر جو موتی نکال کر انہوں نے تمام لوگوں کو بطور تحفہ دئے ہیں، ان میں سچے موتیوں کی چمک ہے۔ ان سے پہلے ہندی ادب کے سمترا نندن پنت کو

«چندمیرا» پر اور دنکر کو «اُروشی» پر گیان پیٹھ پرسکار دیا گیا تھا۔ پنت جی چھایا وادی یگ کی تری مورتیوں [پرساد، پنت اور نرالا] میں سے ایک ہیں، جن کی بھاشا سملوں سے بھری ہوئی تھی اور سنسکرت لفظوں سے بھی پر تھی۔ دنکر کا شمار مشہور پرگتی وادی [ترقی پسند] شاعروں میں ہوتا ہے۔ اگییے کی راہ انوکھی تھی اور سرل ستاروں سے پرے تھی، ایسی سرل تلاش کرنے کے لئے انہیں نئے نئے پرتیکوں [علامتوں] اور بمبوں [محاکات] کا سہارا لینا پڑا۔ لوگوں نے انہیں شاید غلط سمجھا اور انہیں پریوگ واد کے خانے میں رکھ دیا۔ لیکن کرانتی واد [انقلاب پسندی] سے جدا کرکے اپنے جیون درشن کو ایک سہارا دینے والے اور نئی شاعری کے اولین شلپی [فن کار] اگییے نے اسی اصول سچائی کی تلاش جاری رکھی، جس کی کھوج قدیم شاعر والمیکی نے کی، حافظ، رومی، خیام اور غالب نے کی۔ زندگی کے عجیب و غریب تجربے، ان کی سماجی قدر و قیمت، لوک منگل کی بھاونا اور فن کاری [شلپ] کی خصوصیات، ان سب کا نچوڑ اگییے ہیں اور یہی ایک اعلا درجے کے شاعر کی خصوصیات ہیں۔

اگییے کی رچناؤں سے سبھی پریچت ہیں، انہیں دہرانے کی یا ان کی خوبیاں بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ میرا مقصد ہندی کے اس بڑے شاعر کو مبارک باد پیش کرنا ہے۔ میں انہیں، انہی کے شبدوں کا ہار پہنانا چاہتا ہوں۔ «کتنی ناوؤں میں کتنی بار» میں وہ لکھتے ہیں :

«کتنی دوریوں سے کتنی بار
کتنی ڈگمگ ناوؤں میں بیٹھ کر
میں تمہاری اور آیا ہوں
او میری چھوٹی سی جیوتی»

یہ پنکتیاں جتنی آسان اور سرل لگتی ہیں، ان کا گانے والا بھی اتنا ہی سادہ اور گمبھیر ہے۔ ایک اچھے کوی کی جیون دھارا اور اس کی شاعری میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔

△ △ △

"راجستھانی بارہ ماسہ"
(کلاسیکی روایت)

ڈاکٹر تنویر احمد علوی

راجستھان تاریخی و تہذیبی طور پر ہندوستان کے نہایت اہم خطوں میں سے ہے اور وسطی عہد کی تہذیبی تاریخ کا تو ہم اُسے ایک مرکزی کردار کہہ سکتے ہیں اس لئے کہ اس عہد کے ہندوستانی ادب و ثقافت کی روایتیں اگر تمام تر نہیں تو بہت کچھ اسی خطے کے ذہن اور زندگی کے گرد گھومتی ہیں۔

مدھیہ پردیش، بندیل کھنڈ، مغربی یوپی کے پہاڑی اضلاع اور پنجاب کے بعض علاقوں سے راجپوت خاندانوں کی تاریخی وابستگی بھی اگر دیکھا جائے تو راجستھان ہی کی تاریخ و روایت کی توسیع ہے۔

ان راجپوتوں نے ترکوں افغانوں اور مغلوں کے حملوں اور یلغاروں کا بڑی بے جگری سے مقابلہ کیا، رنتھمبور، چتوڑ، آمیر اور کالنجر جیسے تاریخی قلعے تعمیر کیے، اور برقوت مسلم حکمرانوں کے دور میں اپنی حوصلہ مندانہ رزم آرائیوں اور مقابلوں کی صورت میں قدیم راجپوت روایت اور اسکی آن بان کو قایم رکھا۔

ان راجاؤں اور اُن کے ہمرکاب سپاہیوں اور مہم آزماؤں سے رزم و بزم کی صدہا داستانیں وابستہ ہیں اور آج بھی جوگیوں، سنگیت کاروں، سارنگی نوازوں اور بھاٹوں کی زبانی ان داستانوں کی صدائے بازگشت سنی جا سکتی ہے۔

ان رجواڑوں اور مقامی حکمرانوں کی طرف سے اس عہد کے مروج فنون کی ترقی و توسیع کی جو کوشش عمل میں آئی اور اپنے اپنے دائرہ میں رہتے ہوئے انہوں نے تہذیب و ثقافت کی جو سرپرستی کی اس کی اپنی ایک تاریخ ہے۔ وسطی عہد میں ہندوستانی موسیقی، مصوری، سنگتراشی اور نقش گری کی بقا و تجدید اُن میں مقامی عناصر کا قرار و ثبات اور لوک ریتیوں اور روایتوں کا رنگ بہت کچھ انہیں راج درباروں کی سرپرستی اور دلچسپی کا ثمرہ ہے اگر یہ راج دربار نہ ہوتے اور اُن کے زیر اثر عوامی دلچسپی کی روایت قایم نہ رہتی تو کون کہہ سکتا ہے کہ آج ان فنون کی تاریخ کیا ہوتی اسی کے ساتھ ادب و فن کی مذہبی روایت اور اس کے تہذیبی عوامل کی کارفرمائی میں بھی اُن کے اثرات کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

صدیوں تک یہاں قدامت پرستی اور روایت پسندی کا جو رجحان رہا ہے اسکی وجہ سے یہاں کے فنون میں قدیمانہ رنگ کی جھلکیاں نمایاں حیثیت سے ملتی ہیں اور اس نے عوامی سطح پر اُتر کر لوک ریتیوں اور لوک ساھتیہ کی پرمپرا کی بقا اور تحفظ میں غیر معمولی طور پر مدد کی ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ راجپوتوں کے اس دیس میں وسطی عہد کا ھندوستان جیسے آج بھی سانس لے رہا ہے -

دیگر فنون کے ساتھ ھندوی ادبیات کی فروغ پذیری میں بھی راجستھانی بھاشا اور اسکی ہم جنس مقامی بولیوں کا بڑا حصہ ہے راجستھانی بھاشا کی سرحدیں ایک طرف گجراتی اور دوسری طرف برج بھاشا سے ملی ہوئی ہیں اور اُن میں بہت سی باتیں مشترک ہیں -

قدیم ھندوی ادبیات کا ایک بڑا حصہ راجستھانی، گجراتی ادب پاروں اور کاویہ گرنتھوں میں ملتا ہے جس میں وہ راجستھانی ساھتیہ بھی شامل ہے جو بھاٹ اور چارن کویوں کی کویتاؤں اور رچناؤں کی صورت میں سامنے آیا ہے - اس بڑی ادبی روایت میں «راس» اور «راساوئی» رنگ کی شعری تخلیقات خاص طور پر اھمیت رکھتی ہیں -

راس رچناؤں میں اور ویرگاتھاؤں میں جو روایتیں «قدر مشترک» کا درجہ رکھتی ہیں ان میں «آدی جین ساھتیہ» (आदि जैन साहित्य) کی روایت خصوصیت سے قابل ذکر ہے

قدیم راجستھانی ساھتیہ کے معروف محقق اگرچند ناھٹا صاحب نے اپنے ایک مضمون «نیم ناتھ بارہ ماسہ راس» میں قدیم راجستھانی اور گجراتی کے باھمی رشتے پر روشنی ڈالتے ہوئے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ ھندوی ادبیات کے ابتدائی دور کا «جین ساھتیہ» جتنا پرانی اپ بھرنش اور آدی راجستھانی میں ملتا ہے اتنا کہیں اور نہیں ملتا اپ بھرنش سے ہی ھندی اور راجستھانی بھاشاؤں کا وکاس ہوا ہے اس لئے قدیم ھندی اور راجستھانی میں کوئی بڑا فرق نہیں ہے اور پرانی راجستھانی اور گجراتی بھاشا میں تو کوئی انتر تھا ہی نہیں کہ دونوں کا سرچشمہ ایک ہی تھا -

جین سادھو اور ودوان گجرات اور راجستھان میں برابر آتے جاتے رہتے تھے اس لئے اُن کی رچناؤں میں تو یہ فرق اور بھی کم ہے[1]

1 ماخوذ از آف پرنٹ مرسلہ شری اگرچند ناھٹا بیکانیر -

راجستھانی زبان اور اس کے ادبی سلسلوں نے اپنی روایتیں اپ بھرنش اور اسکی علاقائی شاکھاؤں سے اخذ کی ہیں اور اس کے کویوں اور ساہتیہ کاروں نے اپنی تخلیقی کاوشوں میں اس خطہ کی بنتی بدلتی تاریخ کو پیش کرتے ہوئے «آدی لوک ساہتیہ» اور قدیم سے چلی آتی ہوئی اس کی روایتوں سے اثر قبول کیا ہے۔

اپ بھرنش کے آخری عہد کی لافانی شعری تخلیق «سندیش راسک» چونکہ ادبی حیثیت سے راس رچناؤں کی قدیم روایت کا ایک نہایت ہی دلآویز مرقع ہے [جسے شٹ رتو ورنن اور بارہ ماسہ کی ایک درمیانی کڑی کہا جاتا ہے] اس لئے یہ کہنا ممکن ہے کہ بارہ ماسائی گیتوں کی اساسی روایت راجستھانی ادب میں بہت قدیم ہے۔ ناھٹاجی نے اپنے اس مضمون میں لکھا ہے:

प्राचीन राजस्थानी साहित्य में अनेक प्रकार की रचनायें है। उनके अधिकाश रचना-प्रकारो की परम्परा अपभ्रंश साहित्य से जुडी हुई है। 'बारहमासा' लोक साहित्य का एक प्रसिद्ध एव प्रिय रचना प्रकार है--

اب تک جو حقایق اور قدیم ماخذ سامنے آئے ہیں اُن کی روشنی میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ بارہ ماسہ کی ادبی روایت اپنی باقاعدہ شکل میں جین ساہتیہ کاروں کے یہاں سامنے آتی ہے مگر بارہ ماس کی رعایت سے کچھ دوسری نوعیت کی نظموں میں بھی اس کی نشاندہی ممکن ہے شری اگرچند ناھٹا نے واسودیو شرن اگروال کے ایک تحقیقی مطالعہ سے استفادہ کے ساتھ یہ لکھا ہے:

षट्ऋतुओ एव बारहमासो में प्रकृति में होने वाले परिवर्तनो के सम्बन्ध में सर्वप्रथम प्राकृत जैन साहित्य के महत्वपूर्ण ग्रन्थ-अगविद्या में वर्णन मिलता है। डा० वासुदेव शरण अग्रवाल ने उस ग्रन्थ की भूमिका में लिखा है,—अगविद्या ५९ वे अध्याय के भू श्लोको को हम अपने साहित्य का सबसे प्राचीन बारहमासा कह सकते है --

ناھٹاجی نے اس گرنتھ کا تذکرہ اپنے ایک دوسرے مضمون میں بھی کیا ہے جس کا عنوان ہے «بارہ ماسہ سنگیت رچنائیں» (बारा मासा सगीत रचनायें) اس میں موضوع سے متعلق بعض دوسری تفصیلات بھی سامنے آئی ہیں انھوں نے لکھا ہے۔

इस ग्रन्थ का १२ वाँ पटल महत्वपूर्ण है क्योकि इसमें ६ और बारह महीनो के क्रम से प्रकृति में होने वाले वृक्ष, वनस्पति, पुष्प, सस्य, ऋतु आदि के परिवर्तन गिनाये गये हैं। उदाहरण के लिए फागुन महीने के सम्बन्ध में कहा है,—फाल्गुन मास में नर-नारियों में मिथुन मिलकर उत्सव मनाते हैं और मुदित होते है। उस समय शीत हट जाता है और कुछ उष्णभाव आ जाता है। जिस समय आम्रमजरी निकलती है और कोयल शब्द करती है उस समय गाने

बजाने वाले और हंसी खुशी के साथ स्त्री-पुरुष अचानक प्रमोद में मस्त होकर नाचने लगते हैं, झूमने लगते हैं, स्त्री पुरुषों के मिथुन मैथुन कथा प्रसंगों में लगे हुए गाथा मूर्ति से अपना मंडन करते हैं, उसका नाम फाल्गुन है। इन ४२ गाथा श्लोकों को अपने साहित्य का सबसे प्राचीन 'बारह-मासा' कहा जाता है (पृष्ठ २४३–२४४) अग्रवाल जी ने अंग विजूषा को चौथी शताब्दी की रचना माना है। इससे बारहमासा वर्णन की परम्परा चौथी शताब्दी तक पहुँच जाती है।

(ترجمہ) اس کتاب کا بارھواں پٹل بہت اہم ہے کیونکہ اس میں چھ [رتوؤں] اور بارہ مہینوں سے وابستگی کے ساتھ عالم فطرت، (پرکرتی) کے بدلتے رنگوں اور پیڑوں، پودوں، پھلوں اور پھولوں میں ہونے والی تبدیلیوں کا ذکر کیا گیا ہے — مثال کے طور پر پھاگن ماس کے بارے میں کہا گیا ہے — پھاگن ماس میں درباریاں مل کر رنگ رلیاں مناتے ہیں اور ہر گھڑی سباب کے نشہ میں چور رہتے ہیں اس سے جاڑا گذر جاتا ہے اور ہلکے ہلکے گرم دن آجاتے ہیں جس سے آموں میں بور آنے لگتا ہے اور کویل کوکنے لگتی ہے اس سے گانے بجانے والے، عورتیں اور مرد ہنسی خوشی کے گیت گاتے ہیں اور مست ہوکر ناچنے لگتے ہیں، جھوم اٹھتے ہیں — استری پرشوں کے جنسی اختلاط اور پیار کی کتھاؤں کو سن کر جیسے ایک نشہ سا چھا جاتا ہے وہ طرح طرح کی خوشبوؤں سے اپنے شریر کو مہکاتے اور سندر وستوؤں سے اپنا «مکھ منڈن» کرتے ہیں — یہی تو پھاگن ہے —

ان بیالیس گاتھا سلوکوں کو ہندی ادبیات کا سب سے پہلا بارہ ماسا کہا جا سکتا ہے — واسو دیوشرن اگروال جی نے اس رچنا کو چوتھی صدی کی تخلیق مانا ہے جس کے یہ معنی ہیں کہ بارہ ماسائی رچناؤں کا سلسلہ آگے بڑھ کر چوتھی صدی تک پہنچ جاتا ہے —

اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ روایت دراصل سٹ رتو ورن [षट्ऋतु वर्णन] ہی کی ایک موسیقی شکل ہے جس میں موسم کی رنگینیوں اور نیرنگیوں کے ساتھ سرنگار لیلاؤں کی تصویرکشی بھی کی گئی تھی — ممکن ہے ایسی ہی کوئی ادبی روایت مسعود سعد سلمان کے لئے وجہ تحریک بنی ہو وقت کے ساتھ ساتھ یہ روایت نئے جذباتی رویوں کے سانچے میں ڈھلتی چلی گئی اور غم فراق کا بیان اس کے رتو ورن [ऋतु वर्णन] اور معاشرتی ماحول کا ایک لازمی عنصر بن گیا جس کا ابتدائی نمونہ «سندیش راسک» کے شٹ رتو ورن میں بھی ملتا ہے —

جین ساہتیہ میں یہ روایت صدیوں تک چلتی رہی جن دھرم سوری کا «بارہ ناؤں» اس کے سلسلۂ ارتقا کی ایک نہایت اہم کڑی ہے ونے چند سوری کی «نیم ناتھ چتش پدکا» [नेमनाथ चतुश पद्दिका] اس کا ایک اور ارتقائی نمونہ ہے —

جین بارہ ماسوں کا ایک محبوب موضوع سوامی نیم ناتھ ہیں جو جین روایت کے مطابق اپنی منگیتر راج متی، (राजमति) سے [جسے راجل کے نام سے یاد کیا جاتا ہے] شادی کرنے کے لئے بارات لیکر گئے لیکن راج دربار کے مہمانوں کی ضیافت کے لئے ان گنت جانوروں کا ودھ (قتل) ہوتے ہوئے دیکھکر ان کا من رحم و کرم کے جذبات سے چھلک اُٹھا اور بے شمار حیوانوں اور انسانوں پر ہونے والے اتیاچار اور اُن کے شدید دکھ درد کا احساس کر کے انہوں نے دنیا اور اس کی راحتوں کا خیال چھوڑ دیا اور سنیاس لیکر گرنار پربت پر چلے گئے۔

راجل کے اِنسانی جذبات اور نسوانی احساسات کو اس سے جو ٹھیس لگی اور زندگی بھر کے لئے اس کے احساس غم جدائی نے اس کے جذبات بھرے دل پر جو قیامت ڈھائی جین سادھوؤں نے [ترک و تیاگ اور ایثار و قربانی کا جذبہ جن کی زندگی میں ایک بڑے آدرش اور آیڈیل کے طور پر کام کرتا رہا] راجل کی روح مجروح کی تڑپ کو شدت سے محسوس کیا اور اُسے بارہ ماسوں کی مقبول عوامی روایت کی شکل میں پیش کر کے ایک فراق آشنا دل کے جذبات محبت کا آئینہ دار بنا دیا اور اُس کی کسک بے شمار اِنسان اپنے سینے میں محسوس کرنے لگے۔

شری اگرچند ناہٹا نے متعدد بارہ ماسوں کا ذکر کیا ہے اور اس ضمن میں یہ اطلاع دی ہے کہ جین کویوں کے لکھے سو سے زیادہ بارہ ماسے اُن کے ذاتی ذخیرہ نوادرات کی زینت ہیں۔ انہوں نے اس بارۂ خاص میں مزید یہ معلومات فراہم کی ہیں کہ ان میں تین چوتھائی بارہ ماسے تیرتھنکر نیم ناتھ اور راجل کے ویوگ سے تعلق رکھتے ہیں۔ باقی بارہ ماسوں میں سے ایک ایک پاشروناتھ، بارہ برہا، اور مولی بائی سے دو رشبھ دیو سے پانچ ستھولی بھدر سے اور دو بارہ ماسے دوسرے جین آچاریوں سے تعلق رکھتے ہیں[1]۔

ان بارہ ماسوں میں سے کسی میں چیت کسی میں اساڑھ کسی میں بیساکھ کسی میں مگسر کسی میں ساون اور کسی میں پھاگن سے شروع کر کے بارہ مہینوں کا ورنن کیا گیا ہے بقول شری اگرچند ناہٹا «یہ اپنے آکار پرکار میں بارہ گاتھاؤں سے لیکر ۸۰ پدوں تک پھیلے ہوئے ہیں۔»[2]

اپنے اس فاضلانہ مقالے میں ناہٹاجی نے یہ بھی کہا ہے کہ جین بارہ ماسے تیرھویں صدی سے شروع ہو کر بعد کی ہر صدی میں ملتے جاتے ہیں جس کے یہ

---

1 آف پرنٹ مرسلہ اگرچند ناہٹا بہ راقم الحروف

معنی ہیں کہ ناہٹا جی کی اب تک کی کھوج کے مطابق قدیم تر ہندوی بارہ ماسے بھی تیرھویں صدی عیسوی سے آگے نہیں جاتے اور ہندوی کی اس مقبول عام ادبی روایت کا آغاز جین سادھوؤں کی شعری تخلیقات سے ہوتا ہے جس کے بعد اس کا سلسلہ برابر آگے بڑھتا رہا خود جین سادھوؤں کو شاید اس کی پریرنا لوک ساہتیہ اور بیرہ گیتوں سے ملی جنھوں نے رتوورنن، اور سٹ رتوورن کے سہارے بارہ ماسوں کو جنم دیا اس روایت کا سراغ اس سے بھی کچھ پہلے کی رچناؤں میں مل جائے یہ بالکل ممکن ہے

بارہ ماسوں کی جین روایتیں صدیوں پر پھیلی ہوئی ہیں چنانچہ ناہٹا جی نے بتلایا ہے کہ تیرھویں صدی کا ایک، چودھویں صدی کے دو، پندرھویں صدی کے دو اور سولھویں صدی کے چار بارہ ماسے ملتے ہیں – اسی کے ساتھ سترھویں، اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں اُن کی تعداد برابر بڑھتی رہی ہے جس میں شمالی ہند کی دوسری بولیوں اور زبانوں کے رچناکاروں اور کویوں نے بھی حصہ لیا –

تیرھویں صدی کے بارہ ماسے «بارہ ناؤں» کے رچناکار جن دھرم سوری ہیں اور «وے چند جنتش پدکا» جیسا کہ اس سے پیشتر اشارہ کیا جا چکا ہے وے چند سوری سے تعلق رکھتی ہے –

اس کے بعد تیرھویں صدی کے ربع آخر میں پالھن [पालहरण] کوی کی شعری تخلیق [نیم ناتھ بارہ ماسہ راس] ہے جسے اس کے محقق شری اگرچند ناہٹا نے اپنے تحقیقی سلسلہ کی ایک اہم دریافت قرار دیا ہے، جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے یہ راس رچناؤں کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے اور اس کا رشتہ راسانوئی [रासानवमी] کوتاؤں کی ایک بڑی روایت سے جڑا ہوا ہے [راس کاویہ کا ایک اہم ادبی نمونہ جو اپ بھرنش کے آخری دور کی یادگار ہے «سندیش راسک» بھی ہے] –

پالھن کی اس شعری تخلیق کا موضوع وہی نیم ناتھ سوامی کے لئے راج متی کا وہوگ ورنن ہے جو جین شعری تخلیقات کا ایک اہم موضوع ہے –

اس بارہ ماسہ کی ابتدا باگیشوری دیوی کی وندنا سے ہوئی ہے ۰

कासपीर मुख मंडन देवी, वारासरि 'माल्हणु' पणयेवी ।
पवमावतिय चकेसरि नमिउ, अंबिकदेवी हुउ बमिवउ ॥

चरिउ पयासउ नेमि जिण करेउं, कवितु मुण झम्म निवासो ।
जिय राइमइ विओगु भउ 'बारह मास' पयासउ रासो ॥

ترجمہ : ہے کیسر سے اپنے مکھ کا منڈن کرنے والی دیوی باگیسری میں تمہیں پرنام کرتا ہوں، ہے چکریشوری پدماوتی میں تمہارے آگے نمرتا سے سر جھکاتا ہوں اور ہے سرو کلیان کاری امبکا دیوی میں تم سے یہ بنتی کرتا ہوں کہ تم میرے دوارا نیمی جن کا چرتر پرکٹ کرو جو کوتا کے گن دھرم کا بھنڈار ہے، ہے دیوی جس پرکار راج متی کا ویوگ ہوا وہ اس بارہ ماسہ میں پرکاشت کرو۔[1]

اس سے اُس مذہبی اور تہذیبی فضا کا پتہ چلتا ہے جس پر ہندوئیت کے عقاید کی پرچھائیاں پڑ رہی تھیں آخر کے دو بند یہ ہیں

जीव अभउ करन दीन्हउ अँण, सत सारथि किउ ध्रम्म धुरेण ।
साहसु पुरिसु सखाइउ धरिउ, जपु तपु संजयु व्रतु अणु सरिओ ॥
दृढ़ मनु व्रतु निश्चलु धरिओ, राज रयणु परिहरिउ भंडारू ।
कुमार तजिय जिणि राय भए, ध्यानि रहिउ व्रतु नेमिकुमारो ॥

*   *   *   *

जो जादव-कुल-मंडन सारो, जिणि तिणि काडि परिहरिउ संसारो ।
कुमारि तजिय तपु लउ गिरनारे, सिधि परिणउ गउ मोख दुवारे ॥
जणु परिमलु 'पाल्हणु' भणरा, तसु पय अणु विण मति करेहु ।
मण वंछिउ फलु पाविजए, धुप समसरिसु वयणु कुडु एहु ॥

ہے میرے پران ناتھ نیمی کنور تم سدا ہی انکرپ رہو تمہارے ہردے میں سکھ اور شانتی کے سروت پھوٹتے رہیں تم چرنجیو رہو ایک ایک کر کے بارہ ماس پورے ہو گئے مگر یہ سارا سمے تمہاری جدائی میں اکارت ہوا۔ سوامی نیم ناتھ جو یادوکل کے بھوشن ہیں جنھوں نے ایک تپسوی جیون اختیار کرکے سنسار کو تیاگ دیا ہے اِستری کو چھوڑ دیا ہے اور گرنار میں جا کر تپ گرہن کیا ہے اور سدھی سے وواہ کر کے موکش کے دوار پر جا بیٹھے ہیں۔

ترک و تیاگ کے جذبہ کی یہ پرستاری اور حرص و ہوا سے نجات اور دنیا و مافیہا سے گریز کی یہ خواہش بدھ مت اور جین فلسفہ کا ایک اساسی عنصر رہی ہے اس عہد میں رفتہ رفتہ یہ بھگتی تحریک کے سانچے میں ڈھلتا چلا گیا۔

یہ زیر نظر بارہ ماسہ ماہ ساون سے شروع ہوتا ہے جو بعض دوسری بولیوں میں لکھے گئے بارہ ماسوں بالخصوص اُردو بارہ ماسوں کی ایک عام روایت ہے ہر بند چار

1 یہ اور اس بارہ ماسہ کے دوسرے چھندوں کا ترجمہ راقم الحروف کے لئے محب مکرم ترلوچن شاستری نے کیا ہے جس کے لئے میں ان کا بے حد ممنون ہوں۔

پنکتیوں پر مشتمل ہے چونکہ یہ بارہ ماسہ «راجستھانی - گجراتی» کے بہت قدیم بارہ ماسوں میں سے ہے اس لئے اس کے بعض چھندوں کو مع ترجمہ یہاں پیش کر دینا بارہ ماسہ کی روایت کے اثرات مابعد کی تفہیم میں مددگار ہو سکتا ہے —

[برہ ویدنا سے بیکل راج متی شانت دھیرج دھارن کر کے کہتی ہے کہ نا کسی دوش کے میرے سوامی نے مجھے چھوڑ دیا ہے اور گرنار پروت پر جا کر تپسوی بن گئے ہیں]—

'सावणि, सघण घुडक्कई मेहो, पावसि पतउ नेमि निछोहो ।
ददुर मोर सर्वहिं अतिमाह, बह विह बीजु खिवई चमकाह ॥
कोइल महुर वयणु चवरा, रवइ विवीहउ काह करेई ।
'सावणु' नमि जिणिन्द-विणू, भणइ कुमरि किम मयणउ जाए ॥

'भाद्दवउ' असलेस उल्हारो, अति घण वीरसई घोर अधारो ।
वापि कूव नइ भरिय तडाग, वह विह रहिय वहता माग ॥
धरणि धराहर ओयरियो, इक मइ नीरू न सूझइ पंथो ।
'नयणि' न देखउ नेमि जिणो, भरू भाद्दवउ गयउ अकयत्थो ॥

भउ 'मागसिर-तणउ पइसारो, भरत कणय तहिं करहिं सिंगारो ।
पहिरहिं मयण मजीठ चीर, ले कूकू सबलहहिं सरीर ॥
निय पिय किहि आयरू करहि, ते पेखिवि राइमइ बिसूरई ।
हा विहि को अपराधु किउ, नेमि कुमर विणु अणु विणु झूरई ॥

'पोसु' सुपतउ मतिहि सियारू, घिउ घेउर लापसिय कसारू ।
लाडू लावग मोयणु होइ, पोसउ पिउ सयलु जगु लोए ॥
आदरि गजवडि ओढण ए, रयणि विवसि मतु पडइ तुसारो ।
कु कुमरि स-दुखिय इव भणए, मइ मोल्हिवि गउ नेमि कुमारो ॥

आउ आगयु 'फागुन' तणउ, अति सिउ पवणु फरक(इ) वणउ,
गिरि तरवर फल पात झलाहिं, डालहि डाल सिखा धरि जाहिं ॥
विजि विजि जगु झकोलिअए, तिम्ब तिम्ब सालहि बहु दुख भार ॥
कुमरि भणइ किमि नीगमओ, तइ विणु सामिय नेमिकुमार ॥

मास इकारस बीता जाय, आवि 'असाढ़' पहुतउ तव ।
रवि किरणिहिं तम तातिय, अति झल लूव वाह पयपालिय ॥
अंमि अकालु असेसु थओ, सूकई कमल निरंतर जत्थ ।
तो मय रहिउ नेमि जिणु, 'बारहमासा' भया अकयत्थ ॥

ترجمہ : شراون :

آکاش پر بادل گرج رہے ہیں گھنگور گھٹا گھر آئی ہے اس پاوس رتو میں میرے لئے اپنے پتی نیمی کنور کا وچھوہ کتنا دربھاگیہ پورن ہے، مینڈک برابر ٹرا رہے ہیں، مور نرنتر بولے جارہے ہیں، گھہرے گھہرے کالے بادلوں نے دسوں دشاؤں کو گھیر لیا ہے، چاروں اور بجلیاں چمک رہی ہیں، کویل مدھر سور میں کوک رہی ہے، اس کے سد سنکو میرے من میں رہ رہ کر ہوک اٹھتی ہے — میں اس مدھماتے موسم میں اپنے سوامی نیمی کنور کو کہاں ڈھونڈوں کدھر جاؤں —

بھدراپد · بھادوں ماس لگ آیا آس لیس نکستر میں موسلادھار بارش ہورہی ہے، گھٹاٹوپ اندھیرا چھا گیا ہے، ہر طرف میگھ ہی میگھ ہیں، باولیاں کنوئیں، تالاب اور جھیلیں جیسے اُبل پڑے ہیں دسوں دشاؤں میں پانی ہی پانی ہے، دھرتی اور آکاش پرتھوی اور پہاڑ جیسے سب ایک ہوگئے ہیں چاروں اور جل تھل ہے، راستہ تک نہیں سوجھتا — اس گھور تنہائی میں نیمی کنور کی راہ تکتے تکتے افسوس ساری برکھا رت بیت گئی —

مگشیرش : مگسر ماس لگ آیا ہے اس کے آنے سے آس پاس کا سارا ماحول سندرتا سے بھر گیا ہے، یوتیوں نے سندر آبھوشنوں اور «مدن چاری» وستروں سے اپنا یووں سنگار کیا ہے، اپنے کمل انگوں کو سوارا ہے، اس سندرتا سے بھری رت میں میرے پتی کہاں رم گئے، انہیں کون بتائے کہ راج مهکی کی آنکھوں سے آنسوؤں کی ان گنت لڑیاں گرتی اور بکھرتی جاتی ہیں، میں نے ایسا کیا قصور کیا ہے کہ میں نیمی کنور کے بنا چنتا کی دیرگھ آنچ میں برابر گلتی اور پگھلتی رہتی ہوں —

پوش · پوہ ماس کا آگمن ہے سارا واتاورن بدل گیا ہے گھی، گھیور، پسی کیسروں کے پھلوں کا پاک سوحسے کے لڈو اور راوا کے بھوج تیار ہورہے ہیں نر ناری ان بھوجنوں سے اپنے شریر کا سیون کرتے ہیں، جاور اور گج وڑی کی اوڑھنیاں اوڑھتے اور بھاری بھاری وستر پہنتے ہیں رات دن پالا پڑتا ہے، راج متی کا من دکھ سے بھرا ہے وہ ڈوبے سور میں کہہ رہی ہے، ہے میرے نیمی کنور تم مجھے بھلا کر کہاں چلے گئے —

پھالگن : پھاگن ماس کا شبھ آگمن ہے جیسے اچھے دن پلٹ آئے ہوں، شیتل پون کے جھونکے اٹھکھیلیاں کر رہے ہیں، پہاڑیاں ہریالیوں سے ڈھک گئی

میں پیڑ پودے پھولوں پھلوں سے لدے پھدے نظر آتے ہیں، ڈال ڈال نئی کونپلیں پھوٹ رہی ہیں اور ہوائیں نئی نویلی ٹہنیوں پر شکھائیں دھرتی ہوی گدر رہی ہیں، ہوا کی مدماتی لہریں جیسے جیسے کمل انگوں کو چھو رہی ہیں تیوں تیوں دکھ کا آبھاس بڑھ رہا ہے راج متی کہتی ہے، ہے سوامی نیمی کمار تمہارے بنا اس گھور تپ سے میں کیسے چھٹکارا پاؤں ۔

اشاڑھ　گیارہ ماس بیتے تو اساڑھ لگ آیا سورج کس پرکار تپ رہا ہے، جھلسا دینے والی لو کے جھونکے بولائے پھر رہے ہیں یہ سمے بھی کیسا کسٹ دینے والا ہے، تالابوں میں کمل سوکھتے جارہے ہیں، پیڑ پودے کیسے روکھے سوکھے نظر آتے ہیں، ہے میرے پران پتی نیمی کمور تم سدا ہی امکرت رہو تمہارے ہردے میں سکھ اور ساتی کا سروت سدا ابلتا رہے تم چرنجیو رہو ایک ایک کرکے بارہ ماس پورے ہوگئے مگر یہ سارا سمے تمہاری جدائی میں اکارت ہوا ۔

بالقیں نے اس طرح یہ بارہ ماسہ کہا جو منس اسے پڑھیگے اور سمجھے ان کی منوکامنائیں پوری ہونگی — راج متی اور نیمی کمار کے سریشٹھ چرتر کو اس پرکار مختصر روپ میں پرگٹ کیا ۔

بارہ ماسہ کے آغاز و اختتام سے اس کے تخلیقی موثرات اور اس کی پیش کش کے مقاصد کا پتہ چل جاتا ہے۔ «راج متی کا من دکھ سے بھرا ہے» یا راج متی کہتی ہے جیسے فقرے بیان درد جدائی میں شامل کرکے شاعر نے یہ اشارہ دیدیا ہے کہ وہ کردار نگاری کر رہا ہے خود کردار کے روپ میں سامنے آنا نہیں چاہتا پرکرتی ورن پر شٹ رتو ورن کی گہری پرچھائیاں بکھری ہوئی ہیں۔

تاہنشاہی کی روایت کے مطابق پندرھویں صدی کے نصف میں ہیرانند سوری کی معری تصنیف «ستھوی بھدر بارہ ماس» سامنے آئی جو تیس بندوں پر مشتمل ہے، اس میں ستھوی بھدر کے فراق میں کوسیا نے جو دکھ سہے اور ویوگ کے دن گذارے ان کا بیان ملتا ہے ۔

یہ بارہ ماسہ مگسر ماس سے شروع ہوتا ہے تیسرے پد سے چھبیسویں پد تک بارہ مہینوں کا ورنن ہے ۔ شروع کے یہ دو بند وندنا سے تعلق رکھتے ہیں۔

सरसति रसामणि समरीईए, पामयि पामयि सगरू पसाउकि
गाईसर साल सोहामणिए, धूलि पयस्युनिवर राउकि
सरसति सामणि समरीई ए ॥ १ ॥

समरीयइ सरसति सगरूआवि धूलि भद्र वखाणीयं
सिगडाल लाछिलदेव नन्दन पाडली पुर जाणीयई
बरस बारो कौडि बारई, बेसिसु विलसी करी
मास मागसिरं संजय लीछठ कोसहीयडइ गहवरी ॥ २ ॥

اس کے بھاؤارتھ کے طور پر کہا جا سکتا ہے -

گرو پرساد پا کر میں رسامی سرسوتی کا سمرن کرتا ہوں جو منیوں میں سب سے سریشٹھ اور سب کے دلوں کے راجا ہیں میں اُن کے پوتر چرنوں کی دھول سے آتم بل حاصل کر کے یہ سہانا گیت گاتا ہوں اور سرسوتی سوامی کی وندنا کرتا ہوں -

سرسوتی کا سمرن کر کے میں ستھول بھدر کی کتھا کا بکھان کرتا ہوں - جو راچھل دیو کے سپتر ہیں اور جو اب پاڈلی پتر میں ہیں جنھوں نے بارہ برس کی عمر میں جو کھیل کود کے دن ہوتے ہیں سنسارک جیون کی ساری خوشیوں کو تیاگ دیا ہے -

مگسر ماس کے سہانے اکھشنوں میں بھلا کون ہے جو ویاکلتا کو سہن کر سکتا ہے [1]

پندرھویں صدی کے آخر یا سولھویں صدی کے آغاز کی ایک رچنا نیم ناتھ پھاگ کے نام سے دستیاب ہوئی ہے یہ بھی بارہ ماسائی انداز کی نظم ہے جس میں اساڑھ سے جیٹھ تک کا ورہ ورن ہے اس کے رچناکار کے نام میں ناھٹا جی کے بیان کے مطابق اختلاف ہے اس کی ایک قلمی پرتی جو دوی چند ڈیسائی صاحب کو ملی ہے اس میں اس کے لکھنے والے کا نام «ڈنگر» ہے ایک دوسرے مخطوطہ میں کانہہ (कान्ह) نام کے شاعر کو اس کا مصنف ظاہر کیا گیا ہے یہ ایک طرح کا گیت نما بارہ ماسہ ہے اس کے شروع کے تین بند یہ ہیں

अहे तारिणि बालम अविण, यादव कुल कैरवचंद ।
अहे पशुव वेखि रथ बालिउ, वह बसि हूंजउ यिछद ॥ १ ॥

अहे निसि अधारि एकली, मधुरे वासरे मोर ।
विरह सतावयि पापियो, बालम हिई कठोर ॥ २ ॥

अहे धरि आसाढ़ उनयु गौरि, नयणे नेह ।
गड़ंड़ गाजियुन पापिउ, छानो बरसि न मेह ॥ ३ ॥

---

1 ترلوک چند شاستری جی نے مجھے اس ترجمہ میں مدد دی ہے

ترجمہ :—

«میرا پرے پتی یادو خاندان روپی، نیل کمل کے پھولوں کے لئے چندرماں کے سمان ہے - مجھے دکھوں سے نجات دلانے والا میرا وہ بالم آیا نہیں وہ چندرما کی کرنوں کی طرح دشاؤں میں آزادی سے گھومتا پھرتا ہے رات اندھیری ہے اور میں اکیلی ہوں اور میرے اس گھر میں جو مجھے بے حد پیارا لگتا تھا آج جدائی کا بھوت مجھے ستا رہا ہے اور میرے بالم کا من کٹھور ہو گیا ہے - دھرتی پر اساڑھ جھک آیا ہے اور گوری کے نینوں میں نیر جھلکنے لگا ہے پاپی میگھ گاڑھے سروں میں گرج رہے ہیں او بادلو اتنا مت برسو» -

بارہ ماسہ کی روایت چونکہ رتو کاویہ اور برہ ورن کی قدیم سے چلی آتی ہوئی روایت سے جڑ گئی تھی اور لوک سا ہتیہ سے گہرے طور پر اس کا رشتہ قایم ہو گیا تھا اس لئے اس عہد کی تہذیبی و تاریخی فضا کی عکاسی اس میں جگہ جگہ ملتی ہے جین کویوں کے علاوہ دوسرے ہندوی شعرا نے بھی اس میں اپنے عہد کی ادبی روایت او عصری تقاضوں کو سامنے لانے کی کوشش کی ہے قدیم راجستھانی بارہ ماسوں کے قوس قزح جیسے بدلتے رنگوں میں اس کو دیکھا اور پرکھا جا سکتا ہے -

وسطی عہد کے راجستھانی شاعروں میں چند وردائی، ترپتی نالھا اور گنپتی اس «سلسلتہ الذھب» کے تین بڑے نام کہے جا سکتے ہیں -

چند وردائی کی مشہور آفاق تصنیف «پرتھوی راج راسو» راجستھانی بھاشا میں شعری تخلیقات کا ایک بیش قیمت مجموعہ ہے یہ کتاب ایک تاریخی رزمیہ کے اعتبار سے اہل علم و عقل کے لئے مخالف و موافق زاویہ ہائے نگاہ اور تنقید و بحث کا موضوع بنی رہی ہے اور اس کا سلسلہ ہنوز جاری ہے اور غالب رجحان یہ ہے کہ اصل روایت پر بہت سی غیر تاریخی تفصیلات اور اساسی حقایق پر تخیلی تصرفات کا عمل ایک لمبے عرصہ تک جاری رہا ہے جو کم و بیش صدیوں پر پھیلا ہوا ہے اس لئے یہ کہنا مشکل ہے کہ اس میں شامل بارہ ماسہ واقعتاً چند وردائی کی اپنی رچنا ہے یا بعد کا رچنا تمک اضافہ»

«چندوردائی اور اُن کا کاویہ» نامی ہندوی ادبیات کی ایک تنقیدی تصنیف میں سری جے بہاری ترویدی نے اس کی نشاندھی کی ہے کہ راسو کے سمے ۲۵ میں ورشا اور شرد رتو کا ورن چھند ۳۵ تا ۴۵ میں ملتا ہے اس میں بیان درد فراق بھی ہے - مگر یہاں ہجر و فراق کی درد آمیزیاں کسی رانی یا راجکماری کے حصہ میں نہیں آئیں جو راجا کا من برہ پیڑت ہے پرتھوی راج دیوگری کی راجکماری ششی ورتا

کے سوندریہ کا بیان ایک نٹ کی زبانی سکر موہت ہو گئے اس کو حاصل کرنے کے لئے اُن کا دل بے قرار ہو گیا اسے بہن بہاری نے «شٹ رتو بارہ ماس» کے تحت درج کیا ہے اس کا خلاصہ اس طور پر پیش کیا جا سکتا ہے ۔

«چاروں اور مور بول رہے تھے پپیہے کی رٹ سنائی پڑتی تھی ۔ پرتھوی نیل ورن ہو گئی تھی ۔ بادل گھرے تھے بولدیں گر رہی تھیں اور پرتھوی راج یادو کماری ششی ورتا کی یاد میں ڈوبے ہوئے تھے وہ کام کے تیکھے بانوں سے پیڑت تھے انھیں نیند نہیں آرہی تھی ۔

ورشا کے بعد شرد رتو آئی آکاش میں پتنگیں اُڑنے لگیں تال تلیاں سوکھ گئیں ندیوں میں پانی اُتر گیا بلریاں کمھلا گئیں بادلوں سے رہت پرتھوی ویسی ہی سونی ہو گئی جیسے پتی کے بنا استری ہو جاتی ہے ۔

نرمل آکاش سے چندر اودے ہونے لگا چمیلی کے پھولوں کی سگندھ وایو میں گھل مل گئی پھول اور پھل پرتھوی پر گرنے لگے شرد رتو کا اگمن جان کر راجا کا من اُلاس سے بھر گیا اور وہ دیوگری جانے کے لئے آتر (بےچین) ہو اُٹھے ۔ پرش ورہ کے سلسلہ میں یہ «ورنن» بقول شری بپن بہاری «رتو وشیش کے سوچک کہے جاسکتے ہیں» اس میں ماحول کی تصویرکشی اور فطرت کی عکاسی کا اپنا انداز ہے ۔ اس تخلیق کا شٹ رتو ورنن اس اعتبار سے ایک نئی تکنیک کے ساتھ سامنے آتا ہے کہ اس میں رتوؤں کے دل آویز بیان کو احساس غم فراق کے ساتھ ایک انوکھے انداز سے جوڑ دیا گیا ہے ۔ پرتھوی راج قنوج جانے کے لئے تیار ہیں روانگی سے پہلے وہ اپنی ایک رانی سے اس کی رائے معلوم کرنے کے لئے اس کے محل میں جاتے ہیں وہ ان کا دل لبھانے اور انھیں اپنے ارادہ سے باز رکھنے کے لئے موسم کی حسن آفرینیوں کا ذکر اور راجا کے چلے جانے کی صورت میں اپنے دکھ کا احساس اس طرح کراتی ہے کہ راجا اپنے ارادہ سے باز رہتے ہیں ۔

बसंत : मवरि अव फुल्लिग, कवव रमनी विध वीसं ।
मवर भाव भुल्लै, भ्रमत मकरवव सौंस ।।

वहत वात अज्जलति, मौर अति विरह अगनि किय ।
कुह कुहत कल कंठ, पत्र रावस रति अग्गिय ।।

पय लग्गि प्रानपति वीनवौं, नाह नेह मुझ चित्त धरहु ।
दिन दिन अवद्धि जुब्बन घटै, कत बसंत न गम करहु ।।

ग्रीष्म :

दीरघ दिन निस हीन, छीन जलधर बैसनर ।
चक्रवाक चित मुदित, उदित रवि थकित पंथ नर ॥
चलत पवन पावक, समान परसत सुताप मन ।
मुकत सरोवर मचत, कीच तलफंत मनि तन ॥
दीसंत दिगम्बर सम सुरत, तरु लतान गय पतझरि ।
अक्कुलं दीह सपति विपति, कत गमन ग्रीष्म न करि ॥

वर्षा :

अब्दे बद्दल मत मस्त विषया शामिन्य दामायते ।
दादुर दर मोर सोर सरिसा पापीह चीहायते ॥
सगारीय वसुधरा मलिलता लीला समुद्रायते ।
जामिन्या सम बासुरो बिसरता पावस्य पचानते ॥

शरद

पिष्प रमनन्निमलिय, फूल फूलत अमर धर ।
श्रवन सबद नहिं सुझै, हम कुरलत मान सर ॥
कमल कद्रव विगसत, तिनह हिमकर परजारै ।
तुमहि चलत परदेस, नहि कोई सरन उबारै ॥
निग्रहन रत्त भर पच्च मर, अरि अनग अगे बहै ।
जौ कत गवन सरद कहै, तौ विरहिनि शिषहवे बहै ॥

हेमत

छिन्न बासुर सति विध्ध निसया सीत जनेत बने ।
सेज मज्जर बानया बनितया आनग आलिंगनं ॥
यो बाला तरुनी वियोग पतन नलिनी हिंमते हिय ।
मा मुक्के हिमवत मन्त गमने प्रमदा निरालम्बन ॥

शिशिर :

रोमाली बन नार निद्ध चरयो गिरिवग नारायने ।
पल्लय पान कुचानि जानि मलया फुकार झुकाए ॥
सिसिरं सर्वरि वारुनि च विरहा माहद्ध मुच्चारए ।
मा कते भ्रिगबद्ध मध्य गमने किं दैव उच्चारए ॥
आगम फाग अवत, कत सुनि मित्त सनेही ।
सीत अन्त तप तुच्छ, होइ आनन्द सब ग्रेही ॥
नरनारी दिन रैनि, मैन मदमाते डुल्लै ।
सकुच न हिय छिन एक, वचन मनमाने बुल्लै ॥
सुनौ कत सुर्भचित करि, रमनि गवन किम कीजइय ।
कहि नारि पीय बिन कामिनी, रिति ससिहर किम बीजइय ॥

(पृष्ठ नबर १०६ एव १०७)

ترجمہ - بسنت رتو :

آموں کے پیڑوں میں بور آ گیا ہے ہوا کے جھونکے اس کی مست خوشبو سے مہک رہے ہیں کدمب کی چھتنار شاخیں ستاروں کی طرح ہنستے ہوئے پھولوں سے بھر گئی ہیں - مدماتے بھونرے تازہ کھلے پھولوں کی ڈالیوں پر ڈولتے پھر رہے ہیں اور تت کھلی کلیوں کی مکرند لے رہے ہیں - ہوا کے جھونکے مستانہ وار گذر رہے ہیں موروں کا شور گونج رہا ہے کویل بول رہی ہے - اس کے سندر بول جدائی کے احساس کو کچھ اور بڑھا دیتے ہیں -

اے میرے پران پتی میں تمہارے پیروں پڑتی ہوں اور تم سے بنتی کرتی ہوں کہ میرے پریم کی لاج رکھو میرے پیار کو اپنے من میں جگہ دو دیکھو یووں دن دن گھٹتا جاتا ہے اس کا ایک چھن بھی برباد نہ کرو بسنت رتو کے ان سندرتا سے بھرے دنوں میں یاترا کا خیال دل سے نکال دو -

گریشم رتو : اس رت میں دن کتنے لمبے اور راتیں کتنی چھوٹی ہو گئی ہیں ان سمبد نالوں میں پانی کی ایک بوند بھی نہیں لوگ اب آگ بھی نہیں جلاتے گرمی سے تنگ ہو آ گئے ہیں ! سورج کو ہر گھڑی اپنے سامنے دیکھ کر چکوا چکوی کتنے خوش ہوئے ہیں کہ اب جدائی نہیں ہو گی وچھوہ کی رین نہیں آئیگی شوبھی راستہ چلنے میں کتنی جلدی تھک جاتے ہیں لو کے جھونکے پاوک کے سمان جھلستے ہوئے چلتے ہیں - گرمی کی تیز لہریں کس کس کو بجلی کی طرح چھو رہی ہیں تال تلیوں میں پانی سوکھ گیا ہے پوکھروں میں جل کی جگہ اب کیچڑ بھرا ہوا ہے ان گست مچھلیاں پانی کے بنا کیسی تڑپ رہی ہیں چاروں اور جیسے اجاڑ دکھائی دیتا ہے ترور ٹنڈ منڈ کھڑے ہیں ڈالیوں کے سب پھول پات جھڑ گئے ہیں سکھ اور دکھ دونوں کے احساس کا ان دنوں میں جیسے کوئی اور چھور نہیں رہتا - ہے مرے پران پتی گریشم رتو میں سفر نہ کرو اور مجھے اکیلی چھوڑ کر جانے کا نام نہ لو -

پاوس رتو : دیکھو تو اس پاوس رتو میں بادل کیسے متوالے ہو رہے ہیں اور کس طرح اُدمناد بھری بجلیاں چمک رہی ہیں - مینڈک کیسے ٹرا رہے ہیں کہ رکنے کا نام نہیں لیتے مور کی وانی سے چاروں دشائیں گونج رہی ہیں پپیہا کس بیقراری کے ساتھ اپنے « پی » کو پکار رہا ہے - وسندھرا (دھرتی) سر

سے پاؤں تک شرنگار میں ڈوبی ہوئی ہے، جوھی چمیلی کی ستائیں چار طرف اپنا جادو پھیلا رھی ہیں - ان کالے کالے بادلوں اور گھنگھور گھٹاؤں کی وجہ سے اس موسم میں دن بھی راتوں جیسے ہو جاتے ہیں - ہے میرے سوامی میرے کنت تم اس رت میں میرے پیار کو اکیلا کر کے کہیں نہ جاؤ -

شرد رتو دیکھو تو سہی رات اور دن کیسے نرمل ہوگئے ہیں دیوتاؤں کے پھول دھرتی پر اپنی مدھر اور پوتر سگندھ پھیلا رہے ہیں - سارس اس پرکار کرلاتے اور ھنس اپنی دھوبی کرتے ہیں نہ اور کوئی آواز کان میں نہیں پڑتی کمل کیسی سندرتا کے ساتھ کھل رہے ہیں تالابوں کا سوچھ جل کیسے دھیرے دھیرے ھلکورے لے رہا ہے بھینی بھینی جشنوئیں اُڑ رھی ہیں - دشمن روپی کام دیو اپنے پانچوں تیکھے بانوں کے ساتھ مجھ پر آکرمن کر رہا ہے ہے میرے پی تم بھلی بھانتی جانتے ہو کہ ایسا کوئی نہیں میں جس کا شرن لوں اور جو میرے پرانوں کی رکشا کر سکے تم اس سندر رکھشوں والی رتو میں مجھے چھوڑ کر نہ جاؤ -

ھیمنت دھیرے دھیرے دن چھوٹے اور راتیں بڑی ہو گئی ہیں اور بستیوں اور جنگلوں کے واتاورن میں ٹھنڈک سی پھیل گئی ہے - ہے راجن - ناری ابھرن سول سنگار لیے ایک سندر ناری کا کام آلنگن کے سمے سجی ہوئی سیج پر اکیلا ہونا اور کسی یوون میں بھری بالا کا وبوگ میں پڑنا ایسا ھی ہے جیسے اتیپ سندر اور نازک کملنی کا ھم پات اور پالے کے اثر سے جل جانا - ہے پریتم مجھے سب ھوا کے ان جھونکوں کے درمیان سوئے آنگن میں چھوڑ کر سفر اختیار نہ کرو - جس طرح جاڑوں کے چاند کی ٹھنڈی کرنیں کملوں کو جلا دیتی ہیں اسی طرح یہ حسین رت مجھے اپنی سندر اور کانتی سے نرم کرنوں سے جلا دیگی

ششر رتو ناراین پروت کے انگ انگ پر روماوں کی طرح ھریالی شوبھا دینے لگی ہے اور جاڑوں کی سندر ڈھلانوں والی چوٹیاں اُبھرے پستانوں کی طرح اپنا جوبن دکھارھی ہیں جیسے ملے پروب پر سانپوں کے کنڈلی مارے ہوئے جوڑے اپنے پھن تانے ہوئے ھوں ششر کی حسین راتیں ورہ کی سندرا کے سماں مجھے بھور میں ڈال رھی ہیں، ہے کنت تم مجھے اس سنجدھار سے اُبارو اور ششر رتو میں پردیس گمن کی بات نہ کرو -

دیکھو اب پھاگ کھیلنے کے دن آ رہے ہیں پریتم تم جانتے ہو ششر رتو کا انت ہوئے پر جاڑے کا پرکوپ کم ہوجاتا ہے اور سبھی لوگ نرناری آنند کا انوبھو کرتے ہیں بدلتی رت کے پربھاؤ سے موہت ہوکر کام آمود میں ڈولتے ہیں ان کی سانسوں میں رتی سگندھ مہکتی اور نینوں میں پیار چھلکتا ہے ۔

ہے کنت میری بات سو رات میں گمن کرنا یوں بھی ڈر کا وشے ہوتا ہے اور پھر یہ تو سوچو کہ اپنے پتی کے بنا کوئی کامنی کیسے بے چین ہو اٹھتی ہے ورہ کے بنا بھی جس کا من کیسے مچلتا رہتا ہے وہ ورہ کے دن اور راتیں کیسے کاٹیگی یاترا کے اس خیال اور پردیس گمن کے اس ارادہ سے باز آجاؤ ۔

اس رتو ورنن پر تبصرہ کرتے ہوئے وپن بہاری جی نے لکھا ہے ۔

कथा के इस प्रसग में षट् ऋतुओ का रोचक वर्णन पढने को मिलता है। यद्यपि उद्दीपन (भाव-नाव के चित्र चित्रण) को लेकर ही इसकी रचना हुई है (फिर भी) यह रासो काल के ऋतु विषयक अनुभव-निरीक्षण और वर्णन के कौशल का परिचय देता है।[1]

سٹ رتو ورنن میں بارہ ماسائی روایت کی برہ وید نا ما یہ سما ویش اپ بھرنش پر میرا کے واضح اثرات کی نشان دہی کرتا ہے [حسن کی ایک دلکش مثال، سندیش راسک میں شامل شٹ رتو ورنن میں بھی سامنے آتی ہے] اگرچہ اس کا اسلوب، فن کاری کا ایک بہت ہی خوبصورت نمونہ ہے جس کی کوئی دوسری مثال شاید شٹ رتو ورنن کے سلسلہ میں نہیں ملتی ۔

راجستھانی پربندھ کاویہ میں بارہ ماسہ نگاری کی جو مثالیں ملتی ہیں ان میں بیل دیوراسو میں شامل بارہ ماسہ بطور خاص اہمیت رکھتا ہے اس کا مصنف نرپتی ناتھ ہے ۔ اس رچنا کو بعض اہل تحقیق راجستھانی کے قدیم دور سے وابستہ کرتے ہیں اور بعض اس کی زبان کی صفائی اور ستھرائی کو دیکھتے ہوئے اُسے سترھویں صدی عیسوی کے درمیانی عہد کی تصنیف قرار دیتے ہیں ۔ یہ ویرگاتھا کال کی روایت سے تعلق رکھنے والی ایک بزمیہ مثنوی ہے اور اُس عہد میں مقبول عشق و تمنا کی دل آویز کہانیوں سے وابستہ ہے ۔

اس کا نایک بیل دیو اپنی پتنی راج متی کو چھوڑ کر کالنگا دیس (اُڑیسہ) چلا جاتا ہے جہاں وہ سال کے بارہ مہینے نہیں پورے بارہ برس رہتا ہے اس لمبی مدت

1۔ ملاحظہ ہو: ۱۰۶ (چند وردائی اور کاویہ)

کے دن رات (جس کی ایک ایک گھڑی پہاڑ معلوم ہوتی تھی راج متی نے اپنے شباب اپنے لہو کی آگ میں جلتے ہوئے گذارے – اس کے وپوگ ورنن میں کوی نے بارہ ماسہ شیلی کا بھی سہارا لیا ہے اور اس خاص انداز سے اس ذکر کو چھیڑا ہے کہ راج متی کی سات سہیلیاں آکر بیٹھتی ہیں اور اُسے روتے روتے ہلکان ہوتے ہوئے دیکھ کر سمجھاتی ہیں -- «ہے بھولی بھالی رانی! دمیتی تم سے بھی بھلی تھی پھر بھی اُسے راجہ نل چھوڑ کر چلے گئے اس کے جواب میں راج متی اپنے غم جدائی کی داستان دہراتی ہے – دوسرے لفظوں میں نیل دیوراسو میں شامل بارہ ماسہ شروع ہوتا ہے – سب سے پہلے اس میں کارتک ماس کا بیان آتا ہے – [یہ بارہ ماسہ راجستھانی شاعری بالخصوص بارہ ماسہ کاویہ کی ایک نہایت حسین تخلیق ہے، جس کے مختلف بندوں کا یہاں خوف طوالت صرف ترجمہ پیش کیا جاتا ہے –]

کارتک ماس: نیل دیو کارتک میں اپنی چوکھنڈی اپنا سجا سجایا محل چھوڑ کر چلا گیا تب سے اس کی راہ تکتے اور آنسو بہاتے ہوئے میں نے اپنے دن گنوا دیے میری بھوک جاتی رہی پیاسا جسم ہو گئی پھر اے سکھی تم ہی بتاؤ مجھے نیند کیسے آئے –

مگسر ماس: مارگ شیرس میں دن چھوٹا ہونے لگا ہے، ہے سکھی میرے پتی نے کوئی سندیش بھی نہیں بھیجا مانو سندیش پر بجرپات ہو گیا ہے مارگ میں اونچے پربت اور گہرے ندی نالے پڑے ہیں – میرا پتی پردیس گیا ہے وہاں سے نہ چٹھی ہی آتی ہے نہ کوئی وہاں جاتا ہے –

پوش ماس: ہے سکھی اب پوس گذر گیا ہے مجھ مرتی ہوئی استری کو دوش مت دینا میں اس دکھ میں مبتلا ہوکر ہڈیوں کی مالا بن گئی ہوں مجھے کھانا پینا اچھا نہیں لگتا میں نے سر کا سنگار چھوڑ دیا ہے – حد تو یہ ہے کہ مجھے دھوپ چھاؤں کا احساس نہیں رہا دیکھتے دیکھتے راج بھون اُجاڑ ہوگیا –

ماگھ ماس. ماگھ ماس میں ایسی سردی پڑتی ہے کہ شریر ٹھٹھر کر رہ جاتا ہے – بن کھنڈ پالے سے جل کر جیسے راکھ ہو گئے ہیں – سنسار بھی بھسم ہوا معلوم ہوتا ہے – ہر چیز بے جان سی لگتی ہے میری چولی کے اندر پھنسی ہوئی کچیں دوبل ہو چلی ہیں – ہے میرے سوامی تم شتر سوار ہوکر جلد آؤ کہ ہوا کا یہ چڑھاؤ اتر نہ جائے – میری سونا سی جان میں اس ملیں ہوتے ہوئے روپ میں تم اپنی چمک دمک سے نئی جھلکار پیدا کردو –

پھاگن ماس: پھاگن ماس کی ہوا سرسرا رہی ہے جس سے پیڑ پودے کانپنے لگتے ہیں میرا من چونک چونک اُٹھتا ہے میرے دنوں کا سکھ نہ جانے کہاں چلا گیا اور میری راتوں کی نیند کیسے اُڑ گئی ہے – دن سندر ہونے لگا ہے اور رات پلٹ گئی ہے مگر میرا مورکھ راجا ابھی پلٹ کر نہیں آیا – جیسی بھی رہی تو یوون کا سکھ پھر کہاں – چاروں دشاؤں میں ہوا کے جھونکے لہرا رہے ہیں اور جب وہ پیڑوں کی ڈالیوں اور پتوں سے ہو کر گذرتے ہیں تو بے اختیار دھونی پیدا کرتے ہیں تالیاں سی بج اُٹھتی ہیں –

چیت ماس: چیت ماس میں ناریاں رنگ برنگے وستروں سے سج کر چورنگی ہو گئی ہیں میرا پتی پردیس میں ہے میں کس کے سہارے جیوں میری چولی آنسوؤں سے بھیگ چلی ہے لوگ مجھ پر ہنستے ہیں، میری سکھیاں میرے پاس بیٹھی ہوئی ہیں ان کے دانت سفید کوڑیوں کی طرح چمک رہے ہیں اور ناچ پھول کی پنکھڑیوں کی طرح رنگیں ہیں وہ مجھے کہتی ہیں، ہے سکھی ہولی کھیلنے چلو، جو دنیا آج دکھائی پڑ رہی ہے وہ مکمل نہیں ہوگی – میں کیسے ہولی کھیلوں میں تو ایک ایسے راجا کی بیوی ہوں جو دولت حاصل کرنے کی غرض سے چاکری کرنے بدیس گیا ہوا ہے –

بیساکھ ماس۔ ویشاکھ میں دھان کاٹا جاتا ہے پانی میں ٹھنڈک آتی ہے اور پان پکتے ہیں – سونے کی کایا روپی ورکش کو جل کے گھڑوں سے سینچتے ہیں جس سے وہ تروتازہ ہوتا ہے – میرا مورکھ راجا میرا ساد نہیں جانتا وہ ہاتھ میں گھوڑے کی لگام پکڑے ہوئے راج دربار کی سیوا کر رہا ہے –

جیٹھ ماس: ہے جیٹھانی دیکھو یہ جیٹھ ماس لگ گیا ہے میرا مکھ کمہلا گیا اور لب سوکھ گئے ہیں – اس ماہ میں دن بے طرح تپتے ہیں میرے پیر زمین پر نہیں پڑ سکتے پھول میں جلتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں مگر میری کایا میرا یوون تو میری اپنی آگ میں جل رہا ہے – ہنس جھیلوں اور تالابوں کو پانی سوکھ جانے پر چھوڑ کر چلے گئے ہیں –

اشاڑھ ماس: اساڑھ ماس میں میگھ لوٹ آئے ہیں پانی سے بھرے تال اور گولیں کھل مل کر بہہ رہی ہیں دھول بیٹھ گئی ہے اگرچہ اساڑھ کا مہینہ آ گیا ہے مگر میرا سوامی ابھی تک نہیں لوٹا گھمیرا بادل مست ہاتھی کی طرح آکاش میں چڑھتا آتا ہے اور اِدھر اُدھر ڈول رہا ہے معلوم نہیں میرا پتی جو چاکری کرنے گیا ہے وہ اس سمے کیا کر رہا ہوگا –

ساون ماس : شراون ماس کا میگھ چھوٹی چھوٹی دھاروں میں برستا ہے ایسے رم جھم کرتے سمے میں اپنے پیارے پتی کے بغیر میں کیسے رہوں ٹیڑی آس لگائے ہوئے ہے پپیہا «پیھو پیھو» کر رہا ہے مجھ اکیلی استری کو ساون ماس روسا ہوا دکھائی دیتا ہے –

بھادوں ماس : بھادوں کا مہینہ گہری گمبھیر ورشا کر رہا ہے چاروں اور جل تھل ہو رہا ہے جیسے ساگر اُمڈ پڑا ہو رات اندھیروں سے بھری ہے گھنگھور بادلوں میں بجلی رہ رہ کر چمک اُٹھتی ہے میگھ اپنے جل کے بوجھ کے کارن نیچے آگئے ہیں جیسے دھرتی سے ملے ملے چل رہے ہوں ایسے میں بھی وہ مورکھ راجا میری سدھ نہیں لیتا – ہے میرے سوامی ایک تو میں استری ہوں اور اسیر اکیلی ہوں اب تم ہی بتاؤ میں یہ دکھ کیسے سہوں –

اسوج ماس : اسیوں میں راج متی نے آشا لگائی اس نے راج بھون اور اپنی سیج کو سجایا اس نے چوپال چوکھنڈی ڈیوڑھی اور پرکوٹا کو بھی بھلی پرکار سپائی پتائی سے سجایا سنوارا وہ گورکھشوں اور منڈیروں پر خوشی خوشی پھر رہی تھی کہ اس کا مورکھ مگر مدھ ماتا شوہر کہیں سے آجائیگا –[1]

اس ترجمہ سے بھی اس دل آویز حقیقت نگاری اورحسن بیان کا پتہ چل سکتا ہے جس سے کوی نرپتی ناتھ (नरपतिनाथ) نے اس لوک کتھا کو آراستہ کیا ہے آخیر کا بند جس میں راج متی ایک خاموش مگر حسین تصویر کی طرح منظر کے سامنے آتی ہے راس نگاری کے اثرات کا اظہار ہے سچ یہ ہے کہ یہ بارہ ماسہ بھی پالنی کی طرح کا بارہ ماسہ ہے جس میں خاموشی سے کوی کا اپنا بیان بھی شامل ہو جاتا ہے –

اس کے بعض بند ایسے ہیں جن میں صرف غم جدائی کا بیان ملتا ہے کچھ میں رتو ورن کی پرچھائیاں بھی دل و نگاہ پر اپنا عکس ڈالتی نظر آتی ہیں کہیں کہیں سٹ رتو ورن کی جھلک بھی مل جاتی ہے لیکن اس کی داخلی فضا اس سے بہ مراتب الگ ہے آخیر کا بند مقامی ماحول کی ایک سچی تصویر ہے یہ ایک چھوٹے سے راجا کی چوکھنڈی ہے اسوج کا مہینہ آنے پر جس کی سجاوٹ اور لپائی پتائی ہو رہی ہے – راج متی اس گڈھی میں اپنے پتی کا انتظار کر رہی ہے اب وہ آیا ہی چاہتا ہے –

---

1 ملاحظہ ہو بیل دیو راسو : ۷۸ تا ۶۷

ترجمہ : اس سمے راج متی ایسی لگ رہی ہے جیسے سونے کی کپی ہو جسمیں موم کی تہہ چڑھا دی گئی ہے وہ مست ہستی کی چال چلتی ہوئی اوپر اوپر پھر رہی تھی اس کے کیس ہوا میں لہرا رہے تھے اور چہرہ خوشی سے تمتما رہا تھا جیسے اندھیری رات میں اکیلا جیون بھرپور چاند ۔

ایک دوسری کہانی جس میں رتو ورنن اور بارہ ماسائی روایت کے ایک سے زیادہ نمونے ملتے ہیں مادھونل کام کندلا ہے جسے « راجستھانی بھاشا اور ساہتیہ» کے مصنف ڈاکٹر مہیشوری نے اکبری دور کی تصنیف قرار دیا ہے اس تصنیف پر اس عہد کی پریم کتھاؤں کا [جن میں جائسی اور ان کے پیش رووں کی شعری تخلیقات بھی شامل ہیں] گہرا اثر نظر آتا ہے اسی کے زیر اثر اس میں شٹ رتو ورن کو جائسی کی طرح ویوگ ورن کے بجائے سمبھوگ کے بیان کے لئے پیش کیا گیا ہے ایسا اودھی کے کوی ملا داؤد اور قطبن کے یہاں بھی ملتا ہے بہر نوع اس میں اس عہد کی فضا کا بقول ڈاکٹر مہیشوری عکس موجود ہے ۔

तत्कालीन लोकरुचि का पर्याप्त परिचय मिलता है।

یہ بارہ ماسہ پھاگن ماس سے شروع ہوتا ہے ۔ ان میں سے مادھونل برہ ماس کے کچھ نمونے دیئے جاتے ہیں ۔

फाल्गुन मास

फरकत फोक टनु फिरइ, फागुण फूफकार ।
फूनी मक्ष फणगर जिसिउ, जउ जमली नहींदार ॥
चंग वज्जावइ केतला, पीला रग पलाश ।
ओइइ ते जमली नहीं, ज्यंह असारी आस ॥
काम कंदला तू रही, हाड हियाना मांही ।
वारापणि! वाम्रइ रखे, होलो धीकइ त्यांहीं ॥

ज्येष्ठ मास :

अंबर तापई क्षिति तपइ, जलण जलइ पग-हेवि ।
तइ घट माहि घूंघट करिउ, आवत एणइ जेठि ॥
हूं लूकिउ रे लाडको, विहाडी वूरि पीयाण ।
माहरू भमइ तुह्मारडा, पंजर पूठइ प्राण ॥
अंतरि बारइ रवि तपइ, विशा प्रति दि छाह ।
शीतल तुझ संभावर वंउ, अवर न एकू ठाह ॥

भाद्रपव मास :

भाइ बडइ सरोवर भरिया, नीर निरंतर होय ।
रिवयां-भीतंरि हूं रडुं, नीर निवारि न कोइ ॥

बापी अइ 'पीउ' 'पीउ' करइ, कामकवला अेम।
तिम तिम तन म्हारा तजूं, छीणु थाइ क्षेम॥
भाद्रवडइ भागी मणा, उतपति अन्न-सगाल।
काम कवला! तूं पखइ, माहरइ वहइ दुकाल॥

پھاوارتھہ- پھاگن ماس: پھاگن کی ہوا اس پرکار سنساتی ہوئی گذر رہی ہے جیسے کوئی ناگ بیند سے جاگ کر پھنکار رہا ہو- سویم میرے بھیتر برہ کا جو کالا ناگ بیٹھا ہوا ہے اور چپکے ہی چپکے میرے من کو ڈس رہا ہے اس سے بچنے کی کوئی صورت نہیں- لوگ خوش ہو ہو کر جھوم رہے ہیں چنگ بجا رہے ہیں اور ٹیسو کے رنگ کھیل رہے ہیں- جو ناریاں اپنے پتی کے ساتھ سکھ کر رہی ہیں ان کے من میں رتو بسنت کی ساری خوشیاں سمٹ آئی ہیں- لیکن کام کندلا کے من میں خوشی کہاں وہ پرتم کے آنگن میں کس کے ساتھ ہولی کھیلتی کس پر رنگ ڈالتی وہ تو اپنے من کے بھیتر ہی سمٹی رہی- اے کام کندلا تیرے اندر چھپی ہوئی عورت کو تو برہ کی یہ گھڑی ہولی کی طرح راکھ کئے دے رہی ہے-

جیٹھہ ماس: آسمان سے جیسے آگ برس رہی ہے زمین توے کی طرح جل رہی ہے- دھرتی پر پیر رکھنا مشکل ہے- جیٹھہ (ماس) کو آتے ہوئے دیکھ کر «دھرا» نے دھول سے اپنے گھونگھٹ کا پٹ ڈال لیا ہے- میں تھوڑی عمر کی بالا ہوں میرا پریے پتی مجھے چھوڑ کر دنوں کے فاصلے پر چلا گیا ہے- یہ گرمی کے دن مجھ پر کتنے بھاری ہو گئے ہیں- پھر بھی میرے پران میرے پیحر میں اس کی آس میں اُلجھے ہوئے ہیں- ہے میرے پران پتی سوریہ آکاش میں جل رہا ہے اور چاروں اور جوالا ہی جوالا ہے ایسے رکھشنوں میں تجھے یاد کرنا بھی میرے من کو شیتل کرتا ہے-

بھادوں ماس: بھادوں میں تال تلیاں بھر جاتے ہیں پھر بھی لگاتار پانی برستا رہتا ہے جیسے میرے آنسوؤں کی دھارا بہتی رہتی ہے- میں ہردے کے بھیتر روتی رہتی ہوں ہر گھڑی آنسو بہاتی رہتی ہوں مگر کون ہے جو میرے آنسو پونچھے پپیہا «پیہو پیہو» کرتا ہے جیسے کام کندلا اپنے پتی کی یاد میں تڑپتی ہے- میرا شریر برابر گھٹ رہا ہے میرے جینے کی آس ٹوٹ رہی ہے تو منہ سورتی ہے آنسو برساتی ہے اور ورشا کال میں برہا کے اسھن دکھ تجھے سہنے پڑ رہے ہیں[1] -

---

1 اس کے لفظی ترجمہ کے لئے میں ترلوچن شاستری کا آبھاری ہوں -

جیسا کہ ڈاکٹر مہیشوری نے لکھا ہے- یہ «مدھیہ ورگیہ جیوں کی پریم کتھا ہے» جس میں آدرش پریم کو پیش کیا گیا ہے- اس کے بین السطور میں معاشرتی ماحول اس یگ کے ریت رواج دھرم وشواس رہن سہن گھریلو ساروسامان کی بڑی خوبصورتی سے تصریرکشی کی گئی ہے بالخصوص راجستھانی اور گجراتی گھرانوں میں رتو میں جوجو سکھہ سامگریاں ہوتی تھیں اُنکا ایک سچا اور بہت سندر چتر چترن کیا گیا ہے-

دونوں کے ملن اور سمبھوگ کا بیان تو گویا جائسی کے شٹ رتو ورنن کی یاد دلاتا ہے-

بارہ ماسہ جیسی مقبول عام اور لوک ساہتیہ کی روایت سے گہرے طورپر جڑی ہوئی کسی شعری صنف کے چند نمونے خواہ وہ کتنے ہی اہم کیوں نہ ہوں اس کے مختلف رنگوں اور آہنگوں کی تمام تہوں اور سطحوں کو پیش نہیں کر سکتے - یہ روایت پریم کاویہ اور ویرگاتھاؤں میں پرانی راس رچناؤں سے ہوتی ہوئی آگے بڑھکر عوامی گیتوں میں شامل ہوگئی- راجستھانی ہندی میں اس کے بہت سے نمونے لوک گیتوں میں ملتے ہیں- میرا کا بارہ ماسہ جو برج اور راجستھانی کی مشترک روایت سے تعلق رکھتا ہے- وہ بھی ایک گیت ہی کے روپ میں ہے- جسے یہاں پیش کیا ہے- (یہ راگ دیس میں ہے)

"राग देस"

पिया मोहि दरसण दीजै हो।
बेर बेर मैं टेरहुँ, अहे क्रिया कीजै हो॥ टेक॥

जेठ महीने जन्म बिणां पंछी दुख होई हो ।
मोर आसाढ़ाँ कुरलहे, घनचागण सोई, हो ।

सावन मैं झड़ लागियो, सखि तीजाँ खेलै, हो ।
भादवँ नदिया बहैं, दूरि जिन मेलै हो ।

सीप स्वाति ही झेलती, असोजाँ सोई हो ।
देव काती में पूजहे, मेरे तुम होई, हो ।

मगसर ठंड बहोती पड़ै, मोहि बेगि सम्हालो, हो ।
पोस मही पाला घणा, अबही तुम न्हालो, हो ।

महा मही बसंत पचमी, कागा सब गावैं हो ।
फागुण फागा खेलहैं, बणराई जरावैं हो ।

चैत चित्त में ऊपजी, दरसण तुम दीजे हो ।
बैसाख बणराई फूलवै, कोइल कुरलीजै हो ।
काग उड़ावत दिन गया, बूझूं पिंडत, जोसी हो ।
मीरा बिरहिणि ब्याकुली, दरसण कब होसी हो ।।[1]

ترجمہ : ہے میرے پریتم میں باربار تمھیں (ٹیٹری کی طرح) پکارتی ہوں حیٹھ کے مہینہ پانی کے ابھاؤ میں رکھشیں ہو رہی ہیں۔ مہربانی کر کے مجھے درس دکھا جاؤ۔

اساڑھ کے مہینہ میں مور بادلوں کے لئے کروں شبد کر رہے ہیں اور یہی صورت چاتک پکشیوں کی بھی ہے۔ ساون کے مہینہ میں ورشا کی جھڑی لگ جاتی ہے اور سکھیاں تیج کا تہوار مناتی ہیں۔ بھادوں مہینے میں بہت پانی برس جانے کے کارن ندی نالے بہہ نکلتے ہیں۔ ہے میرے پریتم تم مجھ سے دور مت رہو۔

کوار ماس میں سب سوامتی نکشتر (کیا وای مینہ) کی بوند کو دھارن کر لیتی ہے۔ کارتک ماس میں استریاں دیو پوجن کرتی ہیں مگر ہے پریتم میرے دیوتا تو تم ہو، میں تمھارے بن کس کی پوجا کروں۔ اگھن ماس میں بہت ٹھنڈ پڑتی ہے۔ ہے میرے پریتم میری اور شیگھر ھی دھیان دو دیر نہ کرو۔ پوس کے مہینے میں زمین پر بے طرح پالا پڑتا ہے تم سویم ھی آ کر دیکھہ لو کہ یہ پالا میرے لئے کتنے کشٹ پیدا کر رہا ہے۔ مجھے کتنا دکھ دے رہا ہے۔

ماگھہ کے مہینے میں بسنت پنچمی آتی ہے اور سب لوگ ملکر ہولی کا گیت گاتے ہیں۔ پھاگن میں سب مل جل کر پھاگ کھیلتے ہیں۔ بسنت رتو کا یہ آگمن میری پیڑا کو کچھہ اور بڑھا دیتا ہے میرے من میں برہا کی آگ بھڑک اُٹھتی ہے۔ چیت ماس میں میرے من میں پیا ملن کی لالسا کیسے جاگ اُٹھتی ہے۔ ہے میرے پریتم تم اس ماس میں ضرور درس دینا۔ بیساکھ میں اِدھر سے اُدھر تک بسنت کی شوبھا بکھر جاتی ہے۔ ہے میرے پریتم میں دن رات ویاکل رہتی ہوں اور بیقرار ہوکر تمھیں پکارتی ہوں۔

بارہ ماسہ کا یہ انداز ایک طرف اس کا رشتہ راگ رنگ سے جوڑ دیتا ہے دوسری طرف یہ مدھ بھری آواز آگے بڑھکر خود کو عوامی گیتوں کی لے میں تحلیل کر دیتی ہے۔

←—▣—→

---

1 ملاحظہ ہو میراں پداولی، ڈاکٹر کرشن دیو شرما : ص ۱۰۲ [مطبوعہ ایگل بک ڈپو نئی دھلی]

دیوان غالب مرتبہ سید ہاشمی کا اجمالی تعارف

ڈاکٹر احمر لاری

غالب اُردو کا تنہا شاعر ہے جس کے دیوان کی پانچ اِشاعتیں خود اس کی زندگی میں شائع ہوئیں اور اس کی وفات کے بعد اس کے دیوان کے سو سے زیادہ اڈیشن نکل چکے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ اس نے جس کلام پر خطِ تنسیخ کھینچ دیا تھا اور یہ اعلان کر دیا تھا کہ متداول دیوان سے باہر کے کلام کو اس سے منسوب نہ کیا جائے، اس منسوخ کلام کو بھی اہلِ نظر نے ڈھونڈ کر نکالا اور آنکھوں سے لگایا۔

سب سے پہلے مولانا حسرت موہانی نے غیر متداول کلام کو دیوانِ غالب میں شامل کیا۔ انھوں نے اپنے مرتبہ «دیوانِ غالب مع شرح» (اشاعتِ اول : ۱۹۰۵ء) میں بطور ضمیمہ غالب کی ایک مکمل غزل (۷ شعر) اور مختلف غزلوں کے ۲۹ - اشعار ایسے دیئے ہیں جو متداول دیوان میں نہیں ملتے۔ ان میں سے ۲۵ اشعار «گلِ رعنا» سے اور باقی ۱۱ اشعار دیگر ماخذ سے لئے گئے ہیں۔ اس کے بعد یہ روایت عام ہوگئی اور مولانا نظامی بدایونی نے جب ۱۹۱۵ء میں نظامی پریس بدایوں سے دیوانِ غالب کا ایک نفیس اور خوبصورت اڈیشن شائع کیا تو اس میں بطور ضمیمہ غالب کے ۱۳ غیر متداول اشعار بھی شامل کیے۔ یہ سارے اشعار حسرت کے مرتبہ دیوان کے ضمیمے میں موجود ہیں، اس لئے یہ قیاس کرنا بے جا نہ ہوگا کہ مولانا نظامی نے وہیں سے یہ اشعار لئے ہیں۔ لیکن ان دونوں اصحاب کے یہاں غالب کے غیر متداول کلام کو اکٹھا کرنے کی پوری کوشش نہیں ملتی۔ انھیں جو کلام آسانی سے دستیاب ہو گیا اسے ضمیمہ کی شکل میں دیوان کے آخر میں بطور نمونہ شامل کر دیا اور اس پر مطمئن ہوگئے جس شخص نے غالب کے غیر متداول کلام کو اِکٹھا کرنے کی بھرپور کوشش کی اور اسے دیوان کے متن میں جگہ دی یا بطور ضمیمہ شامل دیوان کیا، وہ سید ہاشمی فرید آبادی ہیں۔

۱۹۱۳ء میں انجمن ترقی اُردو نے دیوانِ غالب کا ایک نیا اڈیشن اہتمام کے ساتھ شائع کرنے کا فیصلہ کیا۔ مولوی عبدالحق انجمن کی مختصر رپورٹ میں لکھتے ہیں:

> «انجمن نے یہ بھی ارادہ کیا ہے کہ مرزا غالب کے دیوان کا ایک نفیس اور صحیح اڈیشن طبع کیا جائے، اور اس میں یہ جدت ملحوظ رکھی

جائے گی کہ موجودہ نامور انشاپردازوں سے مرزا کی شاعری کی بعض خصوصیات پر مضامین لکھوا کر دیوان کے شروع میں درج کئے جائیں»–[1]

آل انڈیا محمڈن اینگلو اورینٹل ایجوکیشنل کانفرنس کے اِجلاس منعقدہ راولپنڈی [آخر ۱۹۱۳ء] میں انجمن ترقی اُردو کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے مولوی عبدالحق نے دیوان غالب کی اشاعت کے سلسلے میں انجمن کی کوششوں پر اِن الفاظ میں روشنی ڈالی ہے:

«مرزا غالب اُردو کے ایسے باکمال شاعر گذرے ہیں جن کا شمار دنیا کے اعلیٰ شاعروں میں ہوسکتا ہے، اور جوں جوں زمانہ گذرتا جاتا ہے اُن کے کلام کی روز بروز قدر بڑھتی جاتی ہے – لیکن افسوس ہے کہ ان کا کلام ایسا غلط اور خراب چھپا ہے، جسے دیکھ کر سخت افسوس ہوتا ہے – انجمن نے ایک صحیح اور عمدہ اڈیشن چھاپنے کا اِرادہ کیا ہے اور اس خیال کو اکثر اصحاب نے پسند فرمایا ہے، اور اس کے ساتھ یہ جدت بھی کرنی چاہی ہے کہ اُردو زبان کے نامور اہل قلم سے مرزا صاحب کی خصوصیات شاعری پر مضامین لکھوا کر ان کے کلام کے ساتھ شائع کئے جائیں – چنانچہ ملک کے مستند اور مشہور اِنشاپردازوں سے یہ استدعا کی گئی ہے، لیکن سوائے عبدالحلیم شرر اور مولوی رضا علی وحشت کے کسی نے حامی نہ بھری – لیکن اب تک ان صاحبوں سے بھی مضامین حاصل نہیں ہوئے – خوش قسمتی سے مرزا صاحب کے دیوان کا ایک صحیح قلمی نسخہ بھی دستیاب ہوگیا ہے – یہ نسخہ نواب ضیاءالدین صاحب نیر نے لکھوایا تھا اور مرزا صاحب کی نظر سے گذر چکا ہے – جناب نواب احمد سعید خان صاحب[2] نے بکمال عنایت و لطف، وہ نسخہ انجمن کو مستعار عنایت فرمایا اور انجمن نے اس پر سے ایک نسخہ تیار کیا ہے – لیکن چونکہ مرزا کا کلام مشکل و دقیق ہے، اس لئے یہ خیال کیا گیا کہ بعض بعض مقامات پر ضروری حواشی اور شرح لکھ دی جائے – یہ اڈیشن تیار ہو رہا ہے اور آئندہ سال طبع ہو جائے گا –»[3]

---

1 الناظر، مئی ۱۹۱۳ء، صفحہ ۔

2 نواب سعیدالدین احمدخان عرف احمد سعید خان، طالب دهلوی، نواب ضیاء الدین احمد خان نیر و رخشاں کے بیٹے تھے –

3 رپورٹ متعلق بست و ہشتم آل انڈیا محمڈن اینگلو اورینٹل ایجوکیشنل کانفرنس مطبوعہ انسٹیٹیوٹ پریس، ص ۱۳۸ - ۱۳۹ –

دیوان غالب کے اس نئے اڈیشن کی ترتیب و تدوین کا کام سید ہاشمی کے سپرد کیا گیا تھا - انھوں نے ۱۹۱۰ء تک اس کا مبیضہ تیار کر لیا - متداول کلام کے علاوہ انھوں نے «دیوان غالب اُردو مع شرح» مرتبہ حسرت موہانی کے ضمیمہ، دیوان غالب کے قلمی نسخہ مملوکہ نواب احمد سعید خاں طالب اور دوسرے ذرائع سے کافی غیر متداول کلام بھی حاصل کر کے شامل دیوان کیا - اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں :

«انجمن ترقی اُردو نے اول ہی اول ۱۹۱۳ء یا ۱۹۱۴ء میں دیوان غالب کا ایک نسخہ چھاپنے کا ارادہ کیا تھا - تجویز یہ تھی کہ دیوان غالب کو عمدہ کاغذ پر خوش خط اور صحیح طبع کرایا جائے اور جہاں تک ممکن ہو مرزا صاحب کا غیر مطبوعہ اور گمشدہ کلام بھی تلاش کیا جائے - اس کے ساتھ چند مشہور ادیبوں سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ کلام غالب کے مختلف پہلوؤں پر مضامین تحریر فرمائیں، تاکہ انجمن کے نسخے میں ایک علمی شان پیدا ہو جائے - تجویز کے اسی آخری حصے کی بدولت کتاب کی تیاری میں بہت دیر ہوئی - صرف جناب رضا علی صاحب وحشت (کلکتہ) نے انجمن کی درخواست پر ایک دلچسپ مضمون ارسال فرمایا - لیکن دیگر حضرات نے یا تو یہ درخواست قبول ہی نہ کی، اور یا قبول کی تو ایفائے وعدہ نہ کرسکے - دیوان کو صحیح اور جدید اصول تحریر کے مطابق لکھوانے اور غیر مطبوعہ کلام کو جمع کرنے کی خدمت راقم الحروف کے سپرد ہوئی اور ۱۹۱۰ء تک کتاب کا مبیضہ تیار ہوگیا - نیز مختلف ذرائع سے جو کچھ غیر مطبوعہ کلام مل سکا، اسے حسب مواقع داخل دیوان کر لیا گیا -» [1]

ابھی انجمن کی تجویز اسی منزل میں تھی کہ مولانا نظامی بدایونی نے ۱۹۱۵ء میں نظامی پریس بدایوں سے دیوان غالب کا ایک نیا اڈیشن شائع کر دیا - [2] اس سے انجمن کے ارادوں پر اوس پڑگئی - اتفاق سے اسی زمانے میں ڈاکٹر عبدالرحمان بجنوری یورپ سے وطن واپس آئے [3]، اور اب دیوان غالب کی ترتیب نو کا کام ان کے سپرد کیا گیا اور سید ہاشمی نے جو دیوان مرتب کیا تھا اسے ان کے حوالے کر دیا گیا - ڈاکٹر بجنوری نے بڑی محنت سے اس پر نظر ثانی کی اور اس کی کتابت بھی

---

1 سید ہاشمی، تبصرہ بر دیوان غالب (نسخۂ حمیدیہ) مشمولہ سہ ماہی اُردو، اکتوبر ۱۹۲۲ء ص ۷۰۳ -

2 اس دیوان کے خاتمے کی عبارت کے نیچے تاریخ ۲۲ مارچ ۱۹۱۵ء درج ہے -

3 ڈاکٹر بجنوری ۱۹۱۵ء کے اواخر یا ۱۹۱۶ء کے شروع میں ہندوستان واپس آئے -

شروع کرادی۔ وہ اسے بڑے اہتمام سے چھپوانا چاہتے تھے۔ اس کے لئے وہ ہندوستان کے بہترین مطبعوں سے مراسلت کر رہے تھے اسی دوران میں حمیدیہ لائبریری بھوپال میں دیوان غالب کا وہ قلمی نسخہ مل گیا جو «نسخۂ بھوپال» کے نام سے مشہور ہے۔ «نسخۂ بھوپال» کے ملتے ہی ڈاکٹر بجنوری «نسخۂ ہاشمی» کو فراموش کر کے اس کی ترتیب و تدوین میں مصروف ہوگئے۔ اس کے متعلق سید ہاشمی لکھتے ہیں:

«ڈاکٹر بجنوری مرحوم اس غیر مطبوعہ نسخے کو قدیم دیوان کے ساتھ اس طرح طبع کرنا چاہتے تھے کہ کتاب کے ایک صفحے پر قلمی نسخے کے اشعار ہوں اور مقابل صفحے پر متداول دیوان کی وہی غزلیں جن کے اشعار حاکا سے مرزا صاحب نے خارج کر دئے تھے، مگر اس قلمی نسخے میں محفوظ رہ گئے تھے۔ اور مطبوعہ یا قلمی نسخے کی وہ غزلیں جو ایک ہی میں پائی جاتی ہیں ان کے سامنے کا صفحہ سادہ چھوڑ دیا جاتا کہ دیکھنے والے کو بلا دقت قدیم و جدید کلام کا فرق اور بعد کی اصلاح و نسخ کا حال معلوم ہوجاتا۔

یہ بھی اُمید تھی کہ ڈاکٹر عبدالرحمان اس نئے کلام کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار اور پہلے تبصرے میں بہت کچھ اضافہ فرمائیں گے۔ لیکن دیوان کی کتابت کا ابھی آغاز ہی ہوا تھا کہ ان کا ب وبائی میں انتقال ہوگیا اور وہ سب اُمیدیں جو مرحوم کی ذات سے وابستہ تھیں خاک میں مل گئیں»[1]

مندرجہ بالا اقتباس سے یہ بات بھی ظاہر ہوتی ہے کہ ڈاکٹر بجنوری کا وہ مقالہ جو پہلے نسخہ حمیدیہ میں بطور مقدمہ اور بعد میں کتابی شکل میں محاسن کلام غالب کے نام سے شائع ہوا، اصلاً نسخہ ہاشمی کے ساتھ بطور مقدمہ شامل کرنے کی غرض سے لکھا گیا تھا۔ اس کا مزید ثبوت یہ ہے کہ اس مقالے میں ایک شعر بھی ایسا نہیں ملتا جو نسخۂ ہاشمی میں موجود نہ ہو۔

نسخۂ بھوپال کی بازیافت کے چند ماہ کے اندر ہی ۷ نومبر ۱۹۱۸ء کو ڈاکٹر بجنوری کا انتقال ہوگیا۔ ان کی وفات کے بعد مختلف اصحاب کے درمیان نسخۂ بھوپال کو حاصل کرنے کے لئے کشمکش شروع ہوگئی، جس میں بالآخر مفتی انوارالحق کامیاب ہوئے۔ مگر اس کشمکش میں ڈاکٹر بجنوری کے نسخۂ ہاشمی

1 سہ ماہی اُردو، اکتوبر ۱۹۲۲ء (محولہ بالا تبصرہ)، ص ۷۰۴-۷۰۵۔

پر نظر ثانی اور نسخۂ بھوپال کی ترتیب و تدوین کے سلسلے میں جو کام کیا تھا وہ ضائع ہوگیا ۔ البتہ خوش قسمتی سے دیوان غالب کا وہ نسخہ دستبرد زمانہ سے محفوظ رہا جسے سید ہاشمی نے ترتیب دیا تھا ۔ یہاں اسی نسخے کا تعارف مقصود ہے ۔

یہ دیوان بادامی رنگ کے اعلیٰ قسم کے ولایتی کاغذ پر خوش خط لکھا ہے ۔ اوراق کی تعداد ۷۰ ہے اور سائز ۱۳٫۱×۸٫۱ ہے ۔ جلد بندی بہت بعد کی ہے ۔ دیوان کے شروع اور آخر میں چند سفید اور سادہ اوراق ہیں جو غالباً جلد بندی کے وقت لگائے گئے ہیں ۔ شروع اور آخر کے آٹھ آٹھ اوراق اور ورق ۵۲ کے حاشیے پر سفید کاغذ لگا کر شیرازہ بندی کی گئی ہے ۔ ابتدائی چند اوراق جگہ جگہ سے پھٹ بھی گئے ہیں ۔ جنھیں عکسی کاغذ لگا کر جوڑا گیا ہے ۔ مسطر اٹھارہ سطری ہے ، لیکن ہر صفحے پر اس کی پابندی نہیں کی گئی ہے ۔ شروع کے چند صفحات نیلی روشنائی سے لکھے گئے ہیں ، باقی سارا دیوان سیاہ روشنائی سے لکھا ہے ۔ متن کا بیشتر حصہ کسی کاتب کا تحریرکردہ ہے ، لیکن حواشی سید ہاشمی کی تحریر میں ہیں ۔

دیوان کے ورق ۱ (الف) پر سب سے پہلے یہ عبارت ہے : «مسودۂ نسخۂ دیوان غالب مرتبہ سید ہاشمی فریدآبادی» ۔ اس کے بعد غزلیں شروع ہو جاتی ہیں ، جو ورق ۵۰ (الف) پر ختم ہوتی ہیں ۔ ردیف «ی» کی آخری تین غزلیں سید ہاشمی کے خط میں ہیں ۔ ورق ۵۱ (الف) و (ب) پر «افراد» کے عنوان کے تحت مفرد اشعار ہیں کچھ نئے اشعار کے علاوہ وہ مفرد اشعار بھی جو متداول دیوان کے متن میں شامل تھے ، یہاں درج کیے گئے ہیں ۔ ورق ۵۲ (الف) و (ب) سادہ ہے ۔ ورق ۵۳ (الف) سے قصائد شروع ہوتے ہیں جو ورق ۵۷ (ب) پر ختم ہوتے ہیں ۔ اسی صفحے سے مثنوی «در صفت انبہ» شروع ہوتی ہے اور ورق ۵۸ (ب) پر ختم ہوتی ہے ۔ ورق ۵۸ (ب) ہی سے قطعات شروع ہو جاتے ہیں جو ورق ۶۲ (ب) پر ختم ہوتے ہیں ۔ قطعہ «مسطور ہے گذارش احوال واقعی» کے بعد وہ سہرا بھی درج ہے ، جس کی معذرت کے طور پر یہ قطعہ لکھا گیا تھا ۔ ورق ۶۲ (ب) سے رباعیات شروع ہوکر ورق ۶۴ (الف) پر ختم ہوتی ہیں ۔ ورق ۶۴ (ب) سادہ ہے ۔ ورق ۶۵ (الف) سے ورق ۷۰ (الف) تک کچھ غیر مطبوعہ کلام ہے[1] ۔ یہ غیر مطبوعہ کلام ہر ورق کے صفحہ (الف) پر لکھا گیا ہے ، ان اوراق کے صفحات (ب) سادہ ہیں ۔

متداول دیوان کی حد تک اس دیوان کا ماخذ بڑی حد تک «دیوان غالب اُردو مع شرح» مرتبہ حسرت موہانی ہے ۔ حسرت کے مرتبہ دیوان کا متن دیوان غالب

---

1 اب یہ کلام غیر مطبوعہ نہیں رہا ، نسخۂ عرشی اور نسخۂ مالک رام میں شائع ہو چکا ہے ۔

کے تیسرے اڈیشن پر مبنی ہے۔ اس طرح بالواسطہ یہ دیوان مطبع احمدی کے اڈیشن کے مطابق ہے۔ لیکن سید ہاشمی نے اکثر جگہ متداول کلام کے متن میں نواب احمد سعید خاں کے قلمی نسخے کے مطابق ترمیم بھی کی ہے اور اس کی وضاحت حاشیے میں کر دی ہے۔

اس دیوان کی پہلی غزل یہ ہے:

نہ رہی شرم ہے نا وصف سوختی اہتمام اس کا
نگیں میں جو شرار سنگ ناپیدا ہے نام اس کا

مسی آلودہ ہے مہر نوازش نامہ ظاہر ہے
کہ داغ آرزوئے بوسہ دیتا ہے پیام اس کا

نہ امید نگاہ خاص ہوں محمل کش حسرت
مبادا ہو عنان گیر تغافل، لطف عام اس کا

اور دوسری غزل یہ ہے:

دود کو آج اس کے ماتم میں سیہ پوشی ہوئی
وہ دل سوزاں کہ کل تک شمع ماتم خانہ تھا

شکوۂ یاراں غبار دل میں پنہاں کر دیا
غالب ایسے گنج کو شایاں یہی ویرانہ تھا

یہ دونوں غزلیں متداول دیوان میں نہیں ملتیں۔ ان کے بعد «نقش فریادی ہے» والی غزل ہے۔ مذکورہ بالا غزلوں کے متعلق سید ہاشمی نے مندرجہ ذیل حاشیہ لکھا ہے:

«اول کے یہ پانچوں شعر مولانا فضل الحسن صاحب حسرت موہانی نے گل رعنا سے لیے ہیں اور اپنے مشرح دیوان غالب کے آخر میں انھیں بحوالہ مذکور درج کیا ہے۔ ہم نے یہ اور دیگر اشعار، جو متداول دواوین میں موجود نہیں، اپنے اپنے موقع سے نقل کیے ہیں اور ان کے بارے میں کسی قدر تفصیل سے دوسری جگہ بحث کی ہے۔ غزل نمبر ۲ کے خارج شدہ اور دو شعر بھی یادگار غالب صفحہ ۱۱ پر مولانا حالی مرحوم نے تحریر کیے ہیں لیکن نہ وہ موجودہ دیوان میں موجود ہیں نہ گل رعنا میں۔ لہذا انھیں داخل دیوان کرنا درست نہ ہوگا۔ وہ شعر یہ ہیں:

موسم گل میں مئے گلگوں حلال میکشاں
عقد وصل دختر رز انگور کا ہر دانہ تھا

ساتھ جنبش کے بہ یک بر خواستن طے ہو گیا
گوئیا صحرا غبار دامن دیوانہ تھا» [1]

المختصر بہت سا غیر متداول کلام اس دیوان میں شامل ہے جو بیشتر حسرت موہانی کے مرتبہ دیوان کے ضمیمے اور نواب احمد سعید خان کے قلمی نسخے سے ماخوذ ہے -

اختلاف متن کے سلسلے میں نسخۂ ہاشمی خصوصی اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ اس کے ماخذ میں نواب احمد سعید خان کا مملوکہ نسخہ بھی شامل رہا ہے، جسے بقول مولوی عبدالحق نواب ضیاء الدین احمد خان نیر و رخشاں نے لکھوایا تھا اور جو غالب کی نظر سے بھی گزرا تھا - مولانا ابوالکلام آزاد نے بھی نواب احمد سعید خان کے نسخے سے استفادہ کیا تھا - اس کے متعلق وہ ۱۷ جون ۱۹۱۳ء کے الہلال میں «مرزا غالب مرحوم کا غیر مطبوعہ کلام» کے عنوان کے تحت لکھتے ہیں:

«اس قسم کے غیر مطبوعہ کلام میں سے دو اور رباعیاں جن نے اس مطبوعہ نسخے کے حاشیے پر خود مرزا صاحب کے ہاتھ کی لکھی ہوئی دیکھی ہیں، جو انھوں نے خواجہ فخرالدین حسین مصنف سروش سخن کو دیا تھا - اور دو قصیدے، دو قطعے، ایک قطعۂ تاریخ اور تین غزلیں اس قلمی نسخے میں ہیں، جو نواب سعیدالدین خان صاحب طالب رئیس دہلی کے پاس موجود ہے - اس مرتبہ دہلی میں وہ نسخہ چند دنوں تک میرے پاس رہا اور میں نے تمام غیر مطبوعہ کلام کی نقل لے لی ہے - اس کے لیے میں نواب صاحب موصوف کا شکرگزار ہوں -» [2]

مولانا آزاد اس نسخے کی صرف دو غزلیں اور دو قصیدے الہلال اور البلاغ میں شائع کر سکے - باقی چیزیں ضائع ہو گئیں - لیکن سید ہاشمی کے مرتبہ دیوان میں نواب احمد سعید خان کے نسخے کا سارا غیر متداول کلام شامل ہے اور بعض متداول اشعار کے متن میں بھی اس نسخے کے مطابق ترمیم کی گئی ہے - بحالت موجودہ جب کہ نواب احمد سعید خان کا نسخہ ناپید ہو چکا ہے، نسخۂ ہاشمی کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے -

---

1 دیوان غالب (قلمی) مرتبہ سید ہاشمی، ورق ۱ (الف) -
2 بحوالہ عتیق صدیقی، غالب اور ابوالکلام، ص ۴۵ -

’جیسا‘ ’ایسا‘ ’سا‘ وغیرہ کا اِستعمال
بطور لفظ تشبیہ

سونیا چرنیکووا

مفرد جملے کے اندر بے جان اور جاندار چیزوں کی تشبیہ کے لئے مندرجہ ذیل ساخت مستعمل ہے :- وہ لفظ جس سے تشبیہ دی جاتی ہے + لفظ تشبیہ + وہ لفظ جس کی تشبیہ دی جاتی ہے - تشبیہ دکھانے والے الفاظ کے طور پر ’ایسا‘ ’جیسا‘ ’سا‘ اور ’کی طرح کا‘ ’کی مانند‘ وغیرہ آتے ہیں - یہ سب اس لفظ کے بعد استعمال ہوتے ہیں جس سے تشبیہ دی جاتی ہے اور ان کے جنس و عدد (عدد صرف مذکر میں دکھانا مقصود ہوتا ہے) اس لفظ کے مطابق ہوتے ہیں جس کی تشبیہ دی جاتی ہے - جس لفظ سے تشبیہ دی جاتی ہے اس کی حالت غیر فاعلی ہوتی ہے - جس لفظ کی تشبیہ دی جاتی ہے وہ بطور فاعل یا مفعول آتا ہے -

«بڑے بڑے آنسو ان کے سنگ مرمر کی چٹان جیسے گالوں پر بہہ رہے تھے» (عصمت چغتائی، چھوئی موئی ’دو ہاتھ‘ صفحہ ۵۹) -

«پہلے ایسا حوصلہ پیدا کرے جب کوئی اکبر سا بادشاہ کہلائے» (محمد حسین آزاد، دربار اکبری، صفحہ ۲۸) -

«آگرے جیسا مقام » (محمد حسین آزاد، دربار اکبری، صفحہ ۱۵) -

«کیا مسلمانوں کی فوج کا انحصار تم ہی جیسے بچوں کی شجاعت پر ہے جن کے ابھی دودھ کے دانت بھی نہیں ٹوٹے» (راشد الخیری، آفتاب دمشق، صفحہ ۵۶)

«مجھ سے آدمی کے منہ پر چڑھنا اور منہ لگنا کیا دل لگی ہے کچھ» (سرشار سیر کہسار، جلد اول، صفحہ ۴۲۲) -

«آپ ایسے آدمی کھاتے ہونگے باسی خمیری روٹیاں اور بیلا شوربہ» (مرزا رسوا، امراؤ جان ادا، صفحہ ۲۴۳) -

«تمہاری طرح کے لوگوں کا کوئی دین و ایمان نہیں ہے» (رفیق زکریا، رضیہ سلطانہ، ’گفتگو‘ ۴، ۱۹۶۸، صفحہ ۱۵۹) -

«بالکل زاہد صاحب کی طرح کی شکل کا» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۵۵)

جس لفظ کی تشبیہ دی جاتی ہے اس کے ساتھ نسبتی لفظ آسکتا ہے جس سے اس چیز کی خصوصیت ایک دوسری چیز کی بن جاتی ہے جیسے :-

«تجھ جیسا مغرور آدمی ہرگز یہ حق نہیں رکھتا کہ زندہ سلامت واپس جائے»
(راشدالخیری – آفتاب دمشق – صفحہ ۱۰۷)

«مجھ سی جوان جہان عورت پرائے مردوں میں کیونکر بےدھڑک چلی جائے»
(سرشار، فسانۂ آزاد، جلد سوم، صفحہ ۹۷)

«اس زندگی میں مجھ ایسا دلچسپ آدمی نہ ملیگا» (قرۃالعین حیدر، آگ کا دریا، صفحہ ۱٦۸)

اُردو قواعد کی کتابوں میں اس مسئلے پر خاص توجہ نہیں دی گئی ہے – اب تک یہ سوال نہیں حل کیا گیا ہے کہ 'جیسا'، 'ایسا'، 'سا'، 'کی طرح کا' (اور اُن کے صیغے) معنی اور اِستعمال دونوں لحاظ سے برابر ہیں یا نہیں اس حقیقت کو پیش نظر رکھ کر میں نے یہ مضمون لکھا ہے – اس مضمون کا ایک مقصد یہ بتانا بھی ہے کہ وہ لفظ جس کو تشبیہ دی جاتی ہے اور تشبیہ دکھانے والا لفظ دونوں مرکب لفظ، مرکب صیغے ہیں یا محض دو مختلف لفظوں کی ملاوٹ ہے – میرے خیال میں یہ ساخت اکثر لفظوں کی ملاوٹ ہوتی ہے – ان میں سے ہر ایک – معنی اور اِستعمال دونوں لحاظ سے الگ لفظ کہا جا سکتا ہے – تشبیہ کے معنی 'کی طرح کا'، 'ایسا'، 'جیسا'، 'سا' کے ذریعے سے ظاہر ہوتے ہیں – جس چیز سے تشبیہ دی جاتی ہے وہ ایک الگ لفظ سے بتایا جاتا ہے – ان دو لفظوں کی ملاوٹ سے جو معنی نکلتے ہیں وہ محاورے والے نہیں ہیں –

'کی طرح کا'، 'ایسا'، 'جیسا'، 'سا' اِسم اور فعل کے ساتھ آکر ہمیشہ وہی معنی دیتے ہیں جو تشبیہ کی ساختوں میں پائے جاتے ہیں –

جیسے :– «ایسے کاموں کے لئے اب تو ایک سے ایک نیا طریقہ نکل آیا ہے»
(شوکت صدیقی، خدا کی بستی، صفحہ ۱۰۵)

«کیا مرد ایسا نہیں کرتے» (مرزا رسوا، امراؤ جان ادا صفحہ ۱۰۹)–

فعل کے ساتھ استعمال ہونے سے 'ایسا' کی صورت نہیں بدلتی ہے –

'جیسے' کے معنی ہیں گویا–

افعال اور اِسم و افعال کی ملاوٹوں کے ساتھ آنے پر اس کا یہی صیغہ ہوتا ہے–

«اس نے پہلے لینا چاہا پھر آشا کا منہ دیکھ کر جیسے چڑھ گیا» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۴۵) –

«بڑھیا میں جیسے تھوڑی دیر کے لئے دم آگیا» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۱۲) –

«چمکی جیسے شراب پئے تھی» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۹۳) –

'سا' لفظ اسم اور ضمیر کی غیر فاعلی حالت کے ساتھ استعمال ہوکر تشبیہ کے معنی پیدا کرتا ہے –

'سا' کے ایسے ہی معنی فعل اور حالیہ کے ساتھ آنے میں پائے جاتے ہیں – مثلاً – «اس کے پاؤں فرش پر جم سے گئے» (قرۃالعین حیدر، آخر شب کے ہم سفر، 'گفتگو' ۴، ۱۹۶۸، صفحہ ۶۸)

Synthetic فعل کے ساتھ آنے سے 'سا' کی جگہ فعل کے مادہ کے بعد ہوتی ہے اور فعل مرکب ہو جاتا ہے –

«پورن کو زور کا بخار چڑھا کہ بالکل کئی دن بے ہوش سا رہا» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۴۵) –

«بڑھیا راضی سی تھی» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۱۰)

«اسے اپنے لڑکھڑاتے پاؤں دفعتاً سنبھلتے ہوئے سے محسوس ہوئے» (راشد امجد، ٹوٹا ہوا ساس، 'فنون'، فروری، مارچ ۱۹۷۱، صفحہ ۱۱۲) –

«وہ شرمائی ہوئی سی اس سے ذرا ہٹ کر وہیں دری پر بیٹھ گئی» (شوکت صدیقی، خدا کی بستی، صفحہ ۹۴)

مگر 'سا' کے معنی نہ صرف تشبیہ کے ہوتے ہیں بلکہ نسبت کے ساتھ استعمال ہوکر وہ نسبت سے ظاہر ہونے والی خصوصیت کو زیادہ کم یا زیادہ بڑا کر سکتا ہے – مثلاً :–

«اور باپ بےکار نکھٹو سا تھا» (عصمت چغتائی، ضدی ص ۷) –

«ذرا سی بات پر روٹھ جاتی» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۱۵۰) –

مندرجہ بالا ساختیں چیزوں کی نسبتی خصوصیت بڑھائی ہوئی بتاتی ہیں – ان جملوں کا مندرجہ ذیل جملوں سے مقابلہ کیجئے جہاں چیزوں کی نسبتی خصوصیت کم کی ہوئی یا شروع کی ہوئی دکھائی جاتی ہے – مثلاً

«وہ دبلا پتلا مریل سا آدمی تھا» (شوکت صدیقی، خدا کی بستی، صفحہ ۱۲۸) –

«دیکھنے میں وہ بالکل سیدھا سادا سا لگ رہا تھا» (شوکت صدیقی، خدا کی بستی، صفحہ ۳۴) –

نسبتی خصوصیت کو کم کرنے یا اس کے شروع ہونے کے یہ معنی زیادہ واضح طور پر تب ظاہر ہوتے ہیں جب نسبت کے ساتھ غیر متعین ضمائر آتے ہیں – مثلاً

«اور میری بھی نظر میں ایک بہت سندر سی ہے» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۴۰)

« رات گئے ایک جوان سا آدمی ... » (مرزا رسوا، امراؤ جان ادا، صفحہ ۲۷۸)

« سلطانہ کے لئے نیاز کی یہ تمام حرکتیں کچھ عجیب سی تھیں » (شوکت صدیقی خدا کی بستی، صفحہ ۵۰)

چیزوں کی قدرتی خصوصیت بتانے والے الفاظ کے ساتھ 'سا' کے استعمال سے نسبت کے معنی بدل جاتے ہیں جیسے :— نیلا اور نیلا سا - اس معنی کی بدولت کبھی کبھی یہ ملاوٹیں لفظ بن جاتی ہیں جیسے :—

(۱) کون + سا = کونسا (۲) بہت + سا = بہت سا - ان ملاوٹوں میں سا لفظ نہیں بلکہ لاحقہ (Suffix) ہے جیسے :- « ہاں کوئی تو بتا دے کہ آخر یہ مرض کون سا ہے » (شوکت صدیقی، خدا کی بستی، صفحہ ۲۶۰) -

« مجنوں خان کو بھی بہت سا روپیہ دیا » (محمد حسین آزاد، دربار اکبری، صفحہ ۲۳۴) -

« اور دونوں بہت سی باتوں میں ہم خیال تھے » (رفیق زکریا، رضیہ سلطانہ، گفتگو ۳، ۱۹۶۷، صفحہ ۱۱۰)

« ... بہت سے پیچیدہ مسائل تھے جو روز بروز زیادہ پیچیدہ ہوتے جا رہے تھے » (رفیق زکریا، رضیہ سلطانہ، صفحہ ۱۲۰) -

مندرجہ بالا مثالوں میں 'بہت' حرف تمیز، 'کون' ضمیر اور 'سا' کے صیغے مل کر ایک لفظ بناتے ہیں - اس بات کی تصدیق یہ ہے کہ ان مثالوں میں 'بہت' اور 'کون' میں معنی اور استعمال دونوں کے لحاظ سے فرق پایا جاتا ہے - جہاں تک Accent Stress کا تعلق ہے تو وہ بھی ملاوٹ کے ہر حصے پر برابر نہیں بلکہ صرف بامعنی لفظ پر پڑتا ہے یعنی 'بہت' اور 'کون' پر -

'بہت سا' قسم کی ساختیں صرف اسم کے ساتھ آتی ہیں - لفظ 'بہت' حرف تمیز کے طور پر استعمال ہوتا ہے - ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ 'بہت سا' اور 'بہت' میں معنی کے لحاظ سے کوئی فرق نہ پایا جائے - مثلاً :-

« اس لئے بخارا اور سمرقند اور فرغانہ کے بہت لوگ آن موجود ہوئے تھے » (محمد حسین آزاد، دربار اکبری، صفحہ ۱۸۰)

« تاریخ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ہمایوں کے عہد میں بہت ایرانی ہندوستان میں آگئے تھے » (محمد حسین آزاد، دربار اکبری، صفحہ ۳۸۲) -

ضمیر 'کون' جس کے کبھی 'کون' اور 'کونسا' دونوں معنی تھے اب 'کون' کے معنی زیادہ اور 'کونسا' کے معنی کم دینے لگی ہے -

«درباری رقیب جانتے تھے کہ بابر اور ہمایوں کے وقت میں پرانے خدمت گذار کہاں کہاں ہیں اور کون اشخاص ہیں جن کے دل میں خان خاناں کی رقابت یا مخالفت کی آگ سلگ سکتی ہے» (محمد حسین آزاد، دربار اکبری، صفحہ ۱۹۰) -

«ان دونوں میں سے کون بات ہے» (شرر، رومۃ الکبرا صفحہ ۸۸) -

یہاں مولوی عبدالحق کی ایک مثال بہت دلچسپ معلوم ہوتی ہے جیسے ''ان میں سے کون سی چاہئے' (قواعد اُردو، صفحہ ۱۱۳)، عبدالحق کے خیال میں اس جملے میں 'کونسی' کی جگہ 'کون' نہیں لے سکتا کیونکہ ضمیر 'کون' کے استعمال کاتقاضہ یہ ہے کہ جواب میں کئی چیزوں میں سے کسی ایک کا اِنتخاب مقصود ہو -

«حالات سنوں تو بتاؤں کہ وہ کیسے اور کون سے جس تھے» (شرر، اَسرار دربار حرامپور، نمبر۱، صفحہ ۲۶)

«وہ کون سا واقعہ ہے جس سے آپ اس قدر برہم ہیں» (شرر، اسرار دربار حرامپور، نمبر۲، ص ۵) -

«دریا راوی سے اترتے ہوئے کسی مصاحب سے پوچھا کہ یہ بیت شاعر نے کون سے گنجے کے حق میں کہی تھی» (م. ح. آزاد، دربار اکبری، صفحہ ۱۳۶) -

«کون سے بادشاہ نے سوت کا دعویٰ کیا ہے» (م. ح. آزاد، دربار اکبری، صفحہ ۳۰۳)

عبدالحق قواعد اُردو میں 'سا' کے معنوں میں فرق بتاتے ہوئے فرماتے ہیں :-

'سا' صفت کی زیادتی کے معنوں میں «سنسکرت کے شش سے نکلا ہے جس کے معنی گت کے ہیں» (برج بھاشا، سو) - 'سا' جس کے معنی مشابہت کے ہیں وہ سنسکرت کے لفظ سا (مانند) سے آیا ہے (برج بھاشا، شوں) صفحہ ۲۰۰ -

عبدالحق کی یہ رائے ہمیں صحیح معلوم ہوتی ہے - 'سا' کے ساتھ آنے والی ساختوں پر سرسری نظر ڈالنے سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان میں معنی کے لحاظ سے یکسانیت نہیں ہے - اس لئے اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ قواعد نویس اسے کبھی لفظ، کبھی Particle (حرف) تو کبھی Affix (اضافہ) کہتے ہیں - ہمارے خیال میں صفت کے ساتھ آنے والا 'سا' Particle ہے - اِسم، ضمیر، حالیہ اور فعل کے ساتھ آنے والا 'سا' لفظ ہوتا ہے اور 'کون' اور 'بہت' کے ساتھ آنے سے وہ Affix (اضافہ) بن جاتا ہے -

سوویٹ لسانیات کے ایک ممتاز اکادیمیشین دیکتور وینوگرادوف نے اپنی «روسی زبان» میں مختلف Grammatical categories کے اس اظہار کو اپنی توجہ کا مرکز بنایا ہے جو Analytical (مرکب) ساختوں سے ہوتا ہے کیونکہ مرکب ساختوں کے Grammaticalization کا درجہ ایک سا نہیں ہوتا ایک نامور سوویٹ ماہر لسانیات پروفیسر ژموسکی مرکب صیغے کو Grammaticalization کی آخری منزل قرار دیتے ہیں۔ اور اس بات پر کافی توجہ دیتے ہیں کہ ہر زبان میں بہت سی ایسی مثالیں ہونگی جن میں Grammaticalization کا کام پورا نہیں ہوا ہے اور جن کے بارے میں کوئی ایک رائے قائم کرنا مشکل ہے۔

تشبیہ کے طور پر استعمال ہونے والے الفاظ کی ملاوٹ (مجھ سا، مجھ جیسا وغیرہ) گویا صیغہ بنتے بنتے رہ گئی ہے اس کا ثبوت یہ ہے کہ تشبیہ دکھانے والے الفاظ کا اثر ان سے پہلے آنے والے لفظوں کے صیغوں پر پڑتا ہے جن کی حالت فاعلی نہیں بلکہ غیر فاعلی ہوتی ہے مگر تشبیہ دکھانے والے الفاظ کے اپنے لفظی معنی ہیں جو انکے ہر استعمال میں ایک مستقل حیثیت رکھتے ہیں اور ان کا ہر استعمال ان کے ان لفظی معنوں سے براہ‌راست تعلق رکھتا ہے۔ یہ وہ باتیں ہیں جن کی وجہ سے یہ ساختیں صیغہ نہیں کہی جا سکتی ہیں۔

اُردو افعال کی تاریخ میں ایسی مثالیں کم نہیں ہیں کہ جب الفاظ کی ملاوٹیں مرکب صیغہ بنی ہیں۔ مگر یہ ماننا ہوگا کہ اکثر اوقات ملاوٹ کا دوسرا فعل اپنے لفظی معنی تھوڑا بہت رکھتا ہے۔ اس وجہ سے افعال کے کچھ مرکب صیغے ایک گروپ کے ہوکر بھی آپس میں کچھ اختلافات رکھتے ہیں جیسے نکلتا جاتا ہے، نکلتا آتا ہے (کام کے ترقی پذیر ہونے کے معنوں میں) نکلتا رہتا ہے اور نکلتا آتا ہے (کام کے طویل ہونے کے معنوں میں)

جب تشبیہ فعل کے ساتھ وابستہ ہو تو اس کا اظہار اِسم یا ضمیر یا 'کی طرح' کے مثل، کے برابر، یا ایسا، جیسے، سا (جیسے پہلے بتایا جا چکا ہے) کے ذریعے سے کرتے ہیں:۔

«میں اُن کی طرح بڑے گھر کی بیٹی تھی» (حدیجہ مستور، آنگن، صفحہ ۱۶)

«اور اس کا نیزہ بجلی کے مثل ان کے ہجوم میں چمکتا رہا» (شرر، منصور موہنا، صفحہ ۱۰)

«عورتیں مثل مردوں کے کام کرتی ہیں» (فسانۂ آزاد، جلد سوم، ص ۲۲۷)

«تم میری اولاد کے برابر ہو (راشدالخیری، آفتاب دمشق، صفحہ ۳۳)

تشبیہ کے دو معنی ہوتے ہیں جیسے :-

[۱] چیزوں کی پوری مشابہت ،

[۲] چیزوں کا ایک دوسرے کے ساتھ میل کھانا ، یہ باتیں تشبیہ دکھانے والے الگ الفاظ سے ظاہر ہوتی ہیں- 'کی طرح کا' اور 'سا' کے ذریعے سے چیزوں کی پوری مشابہت بتائی جاتی ہے -

« ہم نے اِبن الوقت صاحب کو اپنے ساتھ کھانا کھلایا کیونکہ وہ ہماری طرح کے آدمی ہیں» (نذیر احمد ، اِبن الوقت، صفحہ ۱۶۳)

« چاند سی بہوی پائی » (سرشار ، فسانۂ آزاد ، جلد سوم ، صفحہ ۱۰۰۲)

'ایسا' اور 'جیسا' کے استعمال سے جو تشبیہ دی جاتی ہے وہ مقابلے کی قسم کی ہوتی ہے :-

« مجھ ایسے کو اپنے بس اور قابو میں کر لیا » (سرشار ، سیر کہسار ، جلد اول ، صفحہ ۱۲۴)

« بیگم صاحب جیسا مغرور لفظ کچھ عجیب سا لگا » (شوکت صدیقی ، خدا کی بستی ، صفحہ ۹۰)

'ایسا' کے قریبی معنوں میں 'اِتنا' اور 'جیسا' کے قریبی معنوں میں 'جتنا' اور 'برابر' مستعمل ہیں - 'اتنا' 'جتنا' اور 'برابر' تشبیہ کی حد دکھاتے ہیں یعنی یہ کہ ایک چیز کی خصوصیت دوسری میں کس قدر پائی جاتی ہے -

« اپنے یہی ہمارا اِتنا سن ہوگا، سولہ، سترہ برس کا » (سرشار ، سیر کہسار ، جلد اول . صفحہ ۲۷۸)

« مگر ہم تو جب مانیں جب روپ جتنا روپیہ بھی لائے » (عصمت چغتائی ، ضدی ، صفحہ ۷۰)

« صبح پورن بھائی کو مینڈکی سے ڈرا رہا تھا کوئی چیز برابر ہوگی یا ذرا بڑی شائد سیم کے بیج جتنی » (عصمت چغتائی ، ضدی ، صفحہ ۶۱)

« ٹانگ برابر لڑکی اس سے ذرا سے پھول پر لڑتی ہے » (سرشار، فسانۂ آزاد ، جلد سوم - صفحہ ۴۷)

« میاں سویا مرا برابر ہوتا ہے » (شوکت صدیقی ، خدا کی بستی - صفحہ ۳۶)

اُردو کی ادبی زبان کے بننے پر دھلی کی کتابی اُردو کا زیادہ اثر ہوا جس سے تشبیہ دکھانے والے الفاظ میں 'کی طرح کا' 'ایسا' اور 'اتنا' کا استعمال کم ہونے

لگا۔ ھندی کے قواعد نویس کامتا پرساد گرو نے لکھا ہے :۔ مگر 'ایسا' اور 'کی طرح کا' اب بھی بول چال کی زبان میں کافی مستعمل ھیں۔ 'جیسا' اور 'سا' کتابی زبان کے لئے زیادہ مخصوص ھیں۔

مواد دیکھ کر ہم اس نتیجے پر پہنچے ھیں کہ 'جیسا' 'سا' کی جگہ اور 'سا' 'جیسا' کی جگہ مستعمل ھو سکتا ہے۔

«طوطے کی چونچ جیسی ناک ...» (مضامین فرحت، حصہ اول صفحہ ۱۹۳)

«مگر پیر سی بھی بدنودار شئے کبھی نہیں دیکھی» (سرشار، سیر کہسار، جلد اول۔ صفحہ ۲۰۲)۔

«وہ پورن کا کھلے پھول جیسا چہرہ» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۱۱۹)

«لیکن وہ چاند سی صورت نظر نہ آئی» (راشدالخیری، شام زندگی، صفحہ ۵۰)

مندرجہ ذیل جملے میں تشبیہ دکھانے والے الفاظ کے طور پر 'ایسا' 'جیسا' 'کی طرح کا' ایک ھی معنی میں آسکتے ھیں۔

«ایسی باتوں کی فکر اگر ھو تو حکیم صاحب ایسوں کو ھو (مرزا رسوا، ذات شریف، صفحہ ۱۰۶)

اس جملے میں حکیم صاحب ایسوں کو، کے معنوں میں (حکیم صاحب جیسوں کو) اور (حکیم صاحب کی طرح کے لوگوں کو) آسکتے ھیں۔

کبھی کبھی تشبیہ دکھانے والے ایک لفظ کی جگہ دو الفاظ استعمال ھوتے ھیں جس کے بارے میں کچھ بتانا مشکل معلوم ھوتا ہے۔

«منصور سا ایسا شریف‌النسل نوجوان جانثار ملنا دشوار ہے» (شرر، منصور موھنا۔ صفحہ ۱۰)

تشبیہ دکھانے والی ساختوں میں ادھورے جملے بھی شامل ھیں

«آپ جیسے تو اس میں سے دس بارہ بن سکتے ھیں اتنی بڑی توند جیسے مٹکا» (خواجہ احمد عباس، بچوں کا خط مہاتما گاندھی کے نام، صفحہ ۵۷)

«بھائی صاحب، وہ کھانا کھایا کہ عمر بھر نہ بھولیں گے واھی واہ اور پھر واھی واہ۔ ترکاریاں سب سڑی ھوئی، پوریاں سخت جیسے پتھر» (سرشار، سیر کہسار جلد اول، صفحہ ۴۸۲)

«سب سے پہلے میاں جاڑے آئے۔ گوری گوری رنگت، گلے ایسے جیسے انار کا دانا» (مضامین فرحت، حصہ دوم، صفحہ ۱۳۰)

«فرمایا کہ رنگت ایسی دی ہے کہ اگر زرد ہے تو بالکل پت جھڑ کی پتیاں اور سفید ہے تو جیسے مبروص اور بھورا ہے تو بالکل جیسے پرانی دیوار کا پلہ اور لال ہے تو بالکل جیسے تمہارے گالوں کا رنگ اور سیاہ ہے تو سمجھئے جیسے ہمارے سر کے بال» (سرشار، سیر کہسار، جلد اول ۔ صفحہ ۱۷۳)

یہ ادھورا جملہ جو تشبیہ کے معنی دیتا ہے ۔ جملے کا صرف ایک حصہ اسلئے سمجھنا چاہئے کہ اس میں کوئی توثیق نہیں ہے ۔ یہ بات 'ہونا' فعل کے صیغے کی غیر موجودگی سے صاف ظاہر ہوتی ہے ۔ 'جیسے' کا استعمال تشبیہ کے ان ادھورے جملوں کے لئے عام ہوگیا ہے ۔ ایسی ساختوں میں لفظوں کا ایک دوسرے سے الگ ہونا صاف ظاہر ہوتا ہے ۔

تشبیہ نہ صرف دو چیزوں کی ہو سکتی ہے بلکہ چیزوں کی چیزوں سے بھی ہوتی ہے مثلاً ایک آدمی کی ناک کی تشبیہ دوسرے آدمی کی ناک سے دی جا سکتی ہے ۔ ان حالات میں تشبیہ دکھانے والے الفاظ سے پہلے 'کا' آتا ہے ۔ « آپ کا ہی سا مکھڑا ہے» (سرشار، فسانۂ آزاد، جلد دوم، صفحہ ۲۱)

«نوشا تم یہ ایکٹرسوں کے سے بال مت رکھا کرو» (شوکت صدیقی، خدا کی بستی، صفحہ ۳۷۳)

«بہت دیر بعد جب محلے پر قبرستان کی سی خاموشی چھا گئی تو راجہ اٹھ کر دروازے پر آیا» (شوکت صدیقی، خدا کی بستی، صفحہ ۱۷۸)

کامتا پرساد گرو اور مولوی عبدالحق نے 'کا' کے 'سا' سے پہلے آنے کے بارے میں یہ لکھا ہے کہ 'سا' سے پہلے وہ لفظ گرایا گیا جس سے تشبیہ دی جاتی ہے ۔

«آدمی کی (بولی) سی بولی»، «بکرے کی (ڈاڑھی) سی ڈاڑھی» (مولوی عبدالحق، قواعد اُردو، صفحہ ۲۳۱ ۔)

«بل ہاتھی کا (بل) سا ہے» (گرو، ہندی ویاکرن ۔ صفحہ ۶۳)

ہمارے خیال میں 'ایسا' اور 'جیسا' سے پہلے 'کا' کا آنا اسی پر مبنی ہے ۔

«کیسی بچوں کی ایسی باتیں کرتے ہو»(شرر، دلکش، حصہ دوم، صفحہ ۳۲)

«لب و لہجہ قصباتیوں کا ایسا تھا» (مرزا رسوا، امراؤ جان ادا، صفحہ ۲۲۱)

«ناحق کہتیں، عورت کی خاصیت بلی کی ایسی ہوتی ہے» (قرۃالعین حیدر، ڈالن والا، صفحہ ۱۱)

«تمہارا شریر ہمارے جیسا ہی ہے» (یشپال، اترد ھی کاری، صفحہ ۲۷)

«کاش اس کی حالت بھی میری جیسی ہو جاتی تب مزا معلوم ہوتا» (شرر، قیس و لبنیٰ، صفحہ ۱۰۳)

چیزوں کی چیزوں سے تشبیہ کے لئے جو ساختیں مستعمل ہیں ان میں 'سا' کا استعمال زیادہ ہے اور 'ایسا' اور 'جیسا' کا کم۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ 'سا' چیزوں کا مقابلہ کم اور ان کی مشابہت زیادہ دکھاتا ہے

اُردو میں شروع سے لیکر اب تک 'ایسا' 'جیسا' 'سا' کی جگہ 'کا ایسا' 'کا جیسا' اور 'کا سا' کی جگہ 'ایسا' 'جیسا' 'سا' آتے ہیں۔ اس طرح کی ساختیں بے قاعدہ ہونے پر بھی کافی تعداد میں پائی جاتی ہیں۔

«اس کی آنکھیں بادام کی ایسی تھیں» (قرۃ العین حیدر، آگ کا دریا، ص ۲۰۱

«میں اس کا سا بدمعاش نہیں ہوں» (شرر اسرار دربار حرامپور، نمبر۲ صفحہ ۴)

«ہاتھی کی سونڈ کی سی ناک تھی اُس کی» (شوکت صدیقی، خدا کی بستی، صفحہ ۳۱۰)

«میرے جیسی ہزاروں عورتیں آپ کو ملیں گی» (پریم چند، وفا کی دیوی، صفحہ ۲۲)

«تمہارے جیسا سندر چاہئے نہ ہو» (پریم چند، وفا کی دیوی، صفحہ ۱)

«موت کے جیسا خاموش بھیانک سکون» (عصمت چغتائی، ضدی، صفحہ ۱۰۳)

«جوجی اور مہاراج بلی کے ایسے بے تکے لوگوں کی تخلیق ان کی فطرت کے موافق ٹھہری» (محمد احسن فاروقی، اُردو ناول کی تنقیدی تاریخ، صفحہ ۸۸)

«حسنا کی ایسی دو ہزار لڑکیاں تمہارے لئے ابھی موجود ہو سکتی ہیں» (دل کش، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۷)

«میں نے تمہارے ایسا لمبا چوڑا احمق دنیا میں نہیں دیکھا» (کرشن چندر، پیاس، صفحہ ۱۰۸)

مثال کے طور پر کہا جا سکتا ہے کہ 'کے برابر' مرکب حرف ربط میں 'کا' کے بجائے 'کے' اس لئے آتا ہے کہ 'برابر' کبھی اسم تھا۔ اس کے بعد 'میں' استعمال ہوتا تھا۔ آج کل کی اُردو میں 'کے برابر میں' کی جگہ صرف 'کے برابر' رہ گیا ہے۔ یہی باتیں ان تمام مرکب حروف ربط کے بارے میں کہی جا سکتی ہیں جن میں اسم کی جنس مذکر تھی یا اب بھی ہے۔ جب مرکب حروف ربط میں شامل ہونے والے اسم کی جنس مونث ہوتی ہے تو اس سے پہلے ہمیشہ 'کی' آتی ہے (کی طرح) لیکن اگر کبھی 'جیسی' سے پہلے 'کے' آجائے تو یہ زبان کے معیار کے خلاف ہوگا۔

کامتا پرساد گرو نے ایک دوسرے سے تشبیہ دی جانے والی چیزوں کی صورت میں تشبیہ بتانے والے الفاظ کے ساتھ 'کا' کا آنا غلط بتایا ہے – مگر اس بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ زبان میں اس طرح کی چیزیں پہلے بھی تھیں اور اب بھی ہیں –

راشدالخیری، عصمت چغتائی، شوکت صدیقی، قرۃالعین حیدر، رضیہ سجاد ظہیر وغیرہ کی کتابوں میں اس قسم کی مثالیں کم نہیں ہیں–

مندرجہ ذیل مثالوں میں ایک چیز کی تشبیہ دوسری چیز سے نہیں بلکہ خود اسی چیز سے دی گئی ہے اور یہ قواعد کے خلاف ہے :–

«سینہ تھا بھی چار عورتوں جتنا» (عصمت چغتائی، بچھو پھوپی، دو ہاتھ، صفحہ ۵۴)

«ایسا دولھا پایا کہ لاکھوں میں انتخاب ہے – ہرن سی آنکھیں، شیر کا سا سینہ، چیتے کی سی کمر» (سرشار، فسانۂ آزاد، جلد سوم، صفحہ ۹۸۳)

«گرتے گرتے ان کی پوزیشن نوکروں جیسی ہوگئی تھی» (عصمت چغتائی، کلو کی ماں، 'دو ہاتھ' صفحہ ۶۴)

«بھابھی کا قد سا سا، گڑیا سا تھا» (عصمت چغتائی، ضدی – صفحہ ۴۱)

«دھمی طور پر ابھی تک گھوڑوں پر سوار سرلیں مار رہے تھے – خون میں لاوا دھک رہا تھا – کھڑے کھڑے تلوار جیسے نقوش، لال مرنگیوں جیسے سر، گرلوں جیسی قد و قدامت، شیروں جیسی گرجدار آوازیں، شہتیر جیسے ہاتھ پاؤں» (عصمت چغتائی، بچھو پھوپھی، صفحہ ۵۲)

جب جاندار اور بےجان چیزوں کی چیزوں سے تشبیہ دینا مقصود ہو تو 'سا' اور 'ایسا' سے پہلے آنے والے 'کا' کی جنس و عدد 'سا' اور 'ایسا' کی جنس و عدد کی طرح اس لفظ کے مطابق ہوتی ہے جس کی تشبیہ دی جاتی ہے – مگر 'جیسا' اور کبھی کبھی 'ایسا' سے پہلے آنے والے 'کا' کی صورت 'کے' میں بدل جاتی ہے – اور صرف جیسا بطور فاعل یا مفعول آتا ہے – ہمارے خیال میں 'سا' اور 'ایسا' سے پہلے آنے والے 'کا' کے بجائے بھی 'کے' استعمال ہوتا تو زیادہ ٹھیک رہتا – اس کی پہلی وجہ یہ ہے کہ حروف ربط کے بعد آنے والا وہی لفظ گرایا جاتا ہے جس کی تشبیہ ہوتی ہے – دوسری وجہ یہ ہے کہ تشبیہ ظاہر کرنے والے الفاظ حروف ربط کی طرح ان سے پہلے آنے والے اسم کی حالت کو غیر فاعلی بنا دیتے ہیں –

کبھی کبھی قاعدے کے خلاف لفظ 'سے' سے پہلے حرف ربط 'کے' اس لئے لگایا جاتا ہے کہ تشبیہی لفظ 'سا' اور حرف ربط 'سے' کا فرق جملے کے معنوں میں تبدیلی نہ لائے:—

«آپ کے صاحب زادے آپ کے سے خوبصورت اور خوش قطع نہیں ہیں» (سرشار فسانۂ آزاد، جلد سوم، صفحہ ۶۳۰)

اس صورت میں 'کے سے' کے بجائے صرف 'سے' کے آنے سے بھی یہ معنی نکلتے ہیں کہ آپ کے صاحب زادے آپ سے (زیادہ) خوبصورت اور خوش قطع نہیں ہیں۔

بعض اوقات حروف ربط کی کمی کے لئے تشبیہی لفظ سے پہلے آنے والا 'کا' گرایا جا سکتا ہے:—

«نسیم جیسی طبیعت کی عورت ..» (راشدالخیری، شام زندگی، ص ۳۳)

«کیا سب کہ بیربل کے برابر کسی کے مرنے کا رنج نہیں ہوا» (م. ح. آزاد دربار اکبری، صفحہ ۳۴۸)

پہلے جملے میں جیسی سے پہلے 'کے' اور دوسرے جملے میں برابر کے بعد 'کا' گرائے گئے ہیں۔

مختصر نتائج

تشبیہ کے معنی اسم ذات یا ضمیر کی غیر فاعلی حالت اور 'سا' 'جیسا' 'ایسا' 'کی طرح کا' جیسے تشبیہی الفاظ مل کر ظاہر کرتے ہیں۔ اس صورت میں اسم ذات یا ضمیر وہ لفظ ہوتے ہیں جن کی تشبیہ دی جاتی ہے۔

تشبیہی الفاظ اسم ذات یا ضمیر کے صیغوں کے ساتھ مل کر مرکب لفظ نہیں بناتے۔

'ایسا' 'جیسا' 'سا' اور 'کی طرح کا' کے یہاں وہی معنی ہوتے ہیں جو انکی دوسری صورتوں میں پائے جاتے ہیں یعنی وہ سب 'کی طرح' 'کے مثل' 'کے برابر' جیسے حروف ربط کے ہم معنی لفظ مانے جا سکتے ہیں ان دو حصوں کی ملاوٹ سے کوئی ایسا مطلب نہیں نکلتا جو ان کے ہر حصے سے کچھ الگ ہو اور محاورے کی سی حیثیت رکھتا ہو۔

اسم ذات یا ضمیر کی غیر فاعلی حالت اور 'سا' 'جیسا' 'ایسا' اور 'کی طرح کا' کی ملاوٹ کو ایک مرکب صیغہ سمجھنا بھی ٹھیک نہیں ہے۔ مرکب صیغے کے لئے یہ ضروری ہے کہ دو لفظوں میں سے کوئی ایک اپنے معنی کسی حد تک کھو کر

نحو کا رول ادا کرتا ہو۔ جو سا، جیسا وغیرہ کے بارے میں کہا نہیں جا سکتا۔ یہ ساختیں اپنے معنوی اعتبار سے لفظوں کی ملاوٹیں ہیں۔

لفظوں کی ملاوٹ کی سب سے اہم پہچان یہ ہے کہ ان کے دو الفاظ کے الگ معنی ہوتے ہیں۔ مگر ساتھ ساتھ نحو میں بھی اس ملاوٹ کے ہر حصے کا اپنا ایک الگ مطلب ہوتا ہے۔ اس صورت میں سا، جیسا وغیرہ حروف ربط کا سا کام دیتے ہیں۔

تشبیہ بتانے والے الفاظ تشبیہ کی خاصیت کے مطابق دو الگ گروہوں میں منقسم ہوتے ہیں:—

(۱) سا، کی طرح کا (۲) ایسا، جیسا، اتنا، کے برابر

تشبیہی لفظوں کا پہلا گروپ اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب تشبیہ کا مقصد دو چیزوں کی پوری برابری دکھانا ہو۔

لفظ 'سا' اور حرف ربط 'کی طرح کا' کے استعمال سے اس کے ساتھ آنے والے لفظ اور چیزوں کا ایک دوسرے کے ساتھ میل کھانا دکھایا جاتا ہے۔

ضمیر 'ایسا' اور مرکب حرف ربط 'کی طرح کا' بول چال کی زبان میں زیادہ مستعمل ہیں جب کہ جیسا کتابی زبان کے لئے مخصوص ہے۔

حروف ربط 'کی طرح' اور 'کی طرح کا' میں نحو کے لحاظ سے فرق ہے۔ 'کی طرح'، 'کے مثل'، 'کے برابر' فعل کے ساتھ آتے ہیں۔ 'کی طرح کا' صفت کا کام دیتا ہے۔

جہاں تک دو گروہوں کے تشبیہی لفظوں کے استعمال کا تعلق ہے یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان کے معنوں میں باقاعدگی کے ساتھ کوئی فرق نہیں کیا جاتا ہے۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ ہو سکتا ہے کہ 'جیسا' اور 'سا' میں زیادہ بڑا فرق نہیں ہے۔ اور ان کا استعمال بولنے والے اور لکھنے والے کی زبانی خصوصیت پر منحصر ہے۔

جب ایک لفظ کی تشبیہ دوسرے لفظ سے براہ راست دی جاتی ہے تو لفظ 'سے' جو کہ یہاں 'سا' کی صورتوں میں سے ایک ہے اور حرف ربط 'سے' کے معنوں میں فرق بتانے کے لئے 'سا' کی جگہ 'جیسے' یا 'کے سے' کا استعمال کرتے ہیں۔ اس سے اور اس طرح کی دوسری صورتوں سے دو چیزوں کی براہ راست تشبیہ اور چیزوں کی چیزوں سے تشبیہ کے اظہار کے لئے زبان میں جو الگ الگ طریقے ہیں وہ ایک دوسرے کا کام دے سکتے ہیں۔

دلی کالج کا علمی و ادبی ماحول

رفعت جمال

۱۸۰۰ء سے پہلے اُردو ادب خاص طور سے نثر تکلف و تصنع کی زنجیروں میں مقید تھی - نثر کی موجودہ شکل جو آج ہمارے سامنے ہے اس کے ضامن دراصل انگریز ہیں جن کے ہاتھوں فورٹ ولیم کالج کی بنیاد پڑی - اُردو نثر کی باقاعدہ اِبتدا اسی کالج سے ہوئی - فورٹ ولیم کالج کی پالیسی نے قدیم اسلوب بیان میں ایک اِنقلاب عظیم پیدا کیا - جبکہ اس وقت کی فضاؤں میں فارسی عالمگیر اثر رکھتی تھی - ایسے ماحول میں فورٹ ولیم کالج نے سلیس و سادہ نثر نگاری کا پودا لگایا - اس پودے کو تناور درخت بنے میں جو تھوڑی سی رکاوٹ پیش آئی وہ یہی تھی کہ لوگ اس وقت فارسی کے دلدادہ تھے ظہوری اور بیدل کی نثر کو پسندیدگی کی نگاہوں سے دیکھتے تھے اور اپنے پرائیوٹ خطوط میں بھی «محمد شاہی روش» اختیار کرنے میں فخر محسوس کرتے تھے - لیکن یہ قدیم روایات بھی کب تک ساتھ دیتیں - زندگی کی نئی تبدیلیوں اور نئے تقاضوں نے تکلفات کے طلسم کو توڑ ہی ڈالا - اور ادب کے پجاری سچائی وسادگی کی شاہراہ پر گامزن ہونے پر کمر بستہ ہوئے - سلیس و سادہ نثر نگاری کا جو پودا فورٹ ولیم کالج کے اہل قلم نے لگایا تھا، اس کی آبیاری میں دہلی کالج کے اہل قلم نے بڑا اہم رول ادا کیا -

اب دیکھنا یہ ہے کہ سچائی و سادگی کی شاہراہ پر گامزن ہونے سے پہلے اُردو نثر کس حالت میں تھی اور اس کی کیا شکل تھی - اُردو نے زبان کی حیثیت سے سب سے پہلے شمالی ہند میں آنکھ کھولی مگر تاریخی حالات نے اس کا اِبتدائی دائرہ عمل دکن کو قرار دیا - اور اُردو نثر میں تصنیف و تالیف کا آغاز بھی دکن میں ہوا - یہاں آٹھویں صدی ہجری سے پہلے کی بھی تصانیف ملتی ہیں - مگر یہاں مرتب ہونے والی تصانیف کی نوعیت مذہبی ہے - چونکہ یہ خاص طور سے تعلیم و تبلیغ کے لئے لکھی گئی تھیں - مذہبی رنگ میں ہونے کے سبب ان کی عبارتیں مذہبی اصطلاحات سے معمور ہیں - کچھ عربی و فارسی کتابوں کے ترجمے بھی ہیں لیکن دسویں صدی ہجری کے بعد جو تصانیف یہاں مرتب ہوئیں ان میں ادبیت کے اولین نقش ملتے ہیں - ملا وجہی کی سب رس ۱۰۴۵ھ میں منظر عام پر آئی جس کی ادبی حیثیت بھی مسلم ہے -

شمالی ہند میں نثر کی طرف توجہ ذرا دیر سے ہوئی یہاں سب سے پہلے بارھویں

صدی ہجری میں مولانا فضل علی فضلی کی «دہ مجلس» یا «کربل کتھا» مرتب ہوئی۔ کچھ تصانیف مذہبی اور قصے کہانیوں سے متعلق مرتب ہوئیں۔ حضرت شاہ عبدالقادر دہلوی نے قرآن شریف کا ترجمہ کیا۔ اس میں بھی وہی ابتدائی نقش ہیں۔ کوئی خاص تبدیلی نظر نہیں آتی۔ البتہ دکنی تصانیف کے مقابلے میں سادگی اور بے لطفی میں کچھ کمی ضرور آگئی ہے۔ بعض تصانیف میں قوافی کا التزام بھی ہے۔ دکنی نثر کی کچھ ترقی کے بعد شمالی ہند اور دکن میں جو بھی لکھا گیا اس کی حیثیت ایسی نہ تھی کہ اردو زبان کو دنیا کی تہذیب یافتہ اور شائستہ زبانوں کی صف میں لا کھڑا کرتی۔ بلکہ اردو نثر کی ترقی فورٹ ولیم کالج کے دست فیض کا عطیہ ہے جس کے مربی انگریز تھے۔ ان کا مقصد اولین یہ تھا کہ ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے ارکان کو اردو کی تعلیم اس طرح دی جا سکے تاکہ وہ باشندگان ہند سے نجی و سرکاری معاملات میں بہ خوبی گفتگو کر سکیں۔ یہ کالج انگریزوں نے اپنی ضروریات کی تکمیل کے لئے قائم کیا تھا لیکن غیر ارادی طور پر اس سے اردو نثر کو فائدہ پہنچا۔ «اس کالج کی بنیاد اہل ہند کے فائدے پر نہیں رکھی گئی تھی۔ بلکہ صرف کمپنی کی ضروریات کی تکمیل نے اس کو بالواسطہ اردو لٹریچر کے لئے ممد و معاون بنا دیا» [1] اور اس کی مساعی نے چمن اردو میں ایسے شگفتہ گل بوٹے کھلائے جن کی خوشبو سے آج بھی نثر معطر ہے۔ یہاں مرتب ہونے والی تصانیف میں زبان کی سادگی، سلاست اور صفائی پر زیادہ دھیان دیا گیا۔ کیونکہ بول چال میں رنگینی و تصنع ممکن نہ تھی۔ اس کالج کا تمام ذخیرہ داستانوں پر مشتمل ہے جو افسانوی ادب ہے۔ حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ یہاں کے تراجم کا دائرہ عربی و فارسی تک محدود رہا۔ ان میں تاریخ و مذہب کو چھوڑ کر زیادہ توجہ قصص و حقائق پر رہی۔ اردو ادب کی ترقی و ترویج یہاں کے کارکنوں کا اصل مقصد نہ تھا۔ پھر بھی اس حقیقت سے گریز نہیں کیا جا سکتا کہ ان کی اشاعت سے اردو کو فروغ ہوا۔ اردو زبان نے ترقی کی طرف ایک قدم اور آگے بڑھنا سیکھا۔

«دہلی کالج» انگریزوں کے دست کرم کا دوسرا نادر تحفہ ہے فورٹ ولیم کالج کے بالعکس «دہلی کالج» کا اہم مقصد یہ تھا کہ دیسی طلبہ کو انگریزی اور اگر ممکن نہ ہو تو ان کی اپنی زبان کے ذریعے مغربی علوم و فنون سے واقفیت بہم پہنچائی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں سے جو کتابیں شائع ہوئیں ان میں «موضوع» کو سب سے زیادہ اہمیت دی گئی۔ اس زمانے میں نہ صرف عربی فارسی بلکہ مغربی زبانوں سے بھی اردو میں تراجم ہوئے۔ وہ تحریک جو بعد میں مغربی زبان اور علوم کی سرپرستی اس کی ابتدا دہلی کالج ہی سے ہوتی ہے۔ «دہلی کالج» کو فورٹ ولیم کالج اور تحریک

1 سید محمد، ارباب نثر اردو، تیسرا ایڈیشن ۱۹۵۰ء، ص ۵۸

علیگڑھ کے درمیان کی ایک کڑی کہا جا سکتا ہے چونکہ فورٹ ولیم کالج نے جس سادہ نثر نگاری کی ابتدا کی تھی اس کو مستحکم کرنے، عالم شباب تک پہنچانے یعنی تحریک علیگڑھ کی شکل اختیار کرنے تک دھلی کالج نے بڑے بڑے علمی و ادبی مراحل طے کئے۔ فورٹ ولیم کالج کے بعد ادبی فضاؤں پر جمود طاری ہونے کے بجائے دھلی کالج کے اہل قلم کے زیراثر چند اعلیٰ ادبی روایات کی داغ بیل پڑی۔ انگریزی تہذیب کے زیر اثر بنگال میں جس بیداری کا احساس ہوا تھا اس کی فضائیں بڑی حد تک ادبی تھیں۔ لیکن دھلی کالج نے موجودہ زمانے کی مروجہ روایات سے ھٹ کر جو منفرد قدم اٹھایا اس کی نوعیت سائنسی کہی جاتی ہے بقول اینڈرور —— «قدیم دھلی کالج میں تعلیم کا ہر دلعزیز پہلو وہ تھا جس کا تعلق سائنس سے تھا»[1] کیونکہ اس کالج نے رواجی تصورات سے نجات دلا کر نئی آب و ہوا پیدا کی، اُردو میں متنوع علمی مضامین کا بیش بہا خزانہ فراہم کیا۔ اور اُردو داں طبقہ کو یورپی ادب و فلسفہ سے آشنا کرایا۔

دھلی کالج کا آغاز مدرسہ غازی‌الدین حیدر میں ۱۸۲۵ء میں ہوا۔ چونکہ مسٹر ٹیلر کی تعلیمی رپورٹ ۱۸۲۳ء میں مدرسہ غازی‌الدین کا خاص طور پر ذکر کیا گیا تھا۔ لہذا سب سے پہلے اس کی مرمت کا حکم ہوا۔ «غازی‌الدین خان کے مدرسے کی مرمت کے لئے ۵۱۱۷ روپیہ کی رقم خرچ کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔ اس عمارت میں ایک کالج کھولا جائے جہاں شرفا کی اعلیٰ تعلیم کا انتظام کیا جائے۔»[2] اسی حکم کی تعمیل میں یہاں ۱۸۲۵ء میں 'دھلی کالج' قائم ہوا۔ اس تبدیلی سے پہلے مدرسہ کی حالت یہ تھی کہ ۱۸۲۳ء میں مولوی عبداللہ تعلیم دیتے تھے اور صرف نو (۹) طالب علم پڑھتے تھے۔ عام رواج کے مطابق ابتدا میں یہاں بھی عربی و فارسی کی تعلیم دی جاتی تھی۔ طلبہ کا زیادہ وقت قرآن شریف پڑھنے، حفظ کرنے اور تعلیم فقہ حاصل کرنے میں گزرتا تھا۔ ۱۸۲۵ء میں اس کی تعمیر ازسرنو ہو جانے کے بعد اس کا مقصد حقیقی یورپی علوم کی تعلیم ہوگیا۔ ابھی تین سال کا عرصہ گذرا تھا کہ سرچالس مٹکاف کی تجویز پر ایک انگریزی جماعت کھولنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اور ۱۸۲۸ء میں ایک انگریزی شعبہ اس کالج میں کھولا گیا۔ دھلی میں پہلی بار انگریزی زبان اور مغربی علوم کی ترقی کی طرف توجہ کی گئی۔ دھلی کالج کی تاریخ میں نئے باب کا اضافہ ہوا۔ ابتدا میں لوگوں نے انگریزی پڑھنے سے گریز کیا۔ کیونکہ عام خیال تھا کہ انگریزی تعلیم دے کر سامراجی ہندوستانیوں کو عیسائی بنانا چاہتے ہیں۔ لیکن جلد ھی

---

1 سی۔ ایف۔ اینڈروز، ذکاءاللہ آف دھلی، کیمبرج ۱۹۲۹، ص ۳۲

2 Analysis of Fisher Memoir, Educational Records, P P 189

لوگوں کے خیالات میں تبدیلی آئی اور انگریزی کی مخالفت کا بھوت ان کے ذہن سے اُترنے لگا۔ انگریزی جماعت میں طلبہ کی تعداد برابر بڑھتی رہی۔ تقریباً تین سال بعد ۱۸۳۱ء میں یہ تعداد ۳۰۰ تک پہنچ گئی۔ اس اضافے سے انگریز بہت خوش ہوئے اور اپنی خاص توجہ کا مرکز اس کو بنایا۔

دہلی کالج ہندوستان کی وہ پہلی درسگاہ ہے جہاں سب سے پہلے مشرق و مغرب کا سنگم ہوا۔ ابتدا میں مشرقی و مغربی شعبے کئی سال تک نصاب تعلیم میں ہر پہلو سے جدا رہے۔ جب مسٹر بتروس بہ حیثیت پرنسپل یہاں آئے تو ان کی رہنمائی میں کچھ تبدیلیوں کا اعلان ہوا۔ سب سے اہم کام یہ ہوا کہ ان کی تجویز پر اُن دونوں شعبوں کو ملا کر ایک کر دیا گیا۔ تاکہ دونوں کی تعلیم یکساں ہو۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے ۱۸۴۳ء میں دونوں شعبوں کا باقاعدہ امتحان ایک ہی مضمون میں یکساں سوالات دے کر لیا گیا۔ نتیجتاً مشرقی شعبہ مغربی شعبہ سے کسی طرح پیچھے نہ رہا لہذا دونوں شعبوں کو ایک ہی مکان کی چھت کے نیچے تعلیم دینے کا انتظام کر دیا گیا۔ ۱۸۴۴ء میں باقاعدہ دونوں شعبوں کا انضمام ہوگیا دونوں شعبوں کو ایک کرنے کا سب سے اہم مقصد یہ تھا کہ دونوں شعبوں کے طلبہ کو تاریخی، اخلاقی اور سائنٹیفک مضامین کی تعلیم یکساں طور پر دی جا سکے۔ تاکہ مشرقی و مغربی طبقہ ایک دوسرے کے قریب ہو دونوں ایک دوسرے کو سمجھیں اور آپسی میل ملاپ سے استفادہ کریں اس اقدام سے سب سے اہم کام یہ ہوا کہ مشرق و مغرب کا سنگم ہو گیا۔ جس نے خیالات کے بدلنے اور اصلاح ذوق میں جادو کا کام کیا۔ اور معلومات میں اضافہ ہوا۔ نصاب تعلیم یکساں ہو جانے کے بعد سب سے مبارک کام یہ ہوا کہ «اُردو زبان» کی تعلیم و تکمیل کی طرف توجہ بڑھ گئی۔ ساتھ ہی ساتھ انگریزی کی طرف طلبہ کے بڑھتے ہوئے رجحان نے پرانی بدگمانیاں دور کیں۔ جس کا اثر یہ ہوا کہ ریاضی، طبعیات، نیچرل فلاسفی، سائنس، تھیالوجی اور سیاست و مدن کے پرچے مشرقی و مغربی شعبوں کے طلبہ کی ذہنی صلاحیتوں کا جائزہ لینے کے لئے یکساں تجویز کیے جانے لگے۔ جس کے ذریعے مشرق و مغرب کی کھائی پاٹنے میں بڑی مدد ملی۔

دہلی کالج کی سب سے اہم خصوصیت یہ تھی کہ یہاں ذریعۂ تعلیم «اُردو» تھا۔ اسی میں دراصل اس کی کامیابی کا راز مضمر ہے۔ عربی، فارسی اور سنسکرت کی تعلیم تو خیر اُردو کے ذریعے دی ہی جاتی تھی۔ علاوہ اس کے دوسرے علوم بھی (جو نصاب میں شامل تھے) یعنی مغربی سائنس، ہیئت، ریاضی، نیچرل فلاسفی وغیرہ کی تعلیم بھی اُردو کے ذریعے دی جاتی تھی۔ لہذا یہاں کے طلبہ اپنی قابلیت و استعداد کے سبب سائنس کے میدان میں بہت آگے ہوگئے۔ جس کی تعریف جان مواٹ نے بھی

کی ۔ اور گورنمنٹ ممالک متحدہ مغربی شمالی نے جنرل تعلیم عامہ کی رپورٹ بابت ۵۴-۱۸۵۳ء میں لکھا ہے ۔ «اُردو کے ذریعے سے دہلی کالج میں جو سائنس کی تعلیم دی جاتی ہے اس کی مسٹر مواٹ نے بہت تعریف کی ہے ہرآنر ایسی تعلیم کو جو اس ذریعے سے دی جاتی ہے اور خاص کر سائنس کی تعلیم کی بہت قدر کرتے ہیں» [1] یہ ساری برکت ذریعۂ تعلیم اُردو کی تھی کیونکہ یہاں تمام مضامین اُردو کے ذریعے پڑھائے جاتے تھے ۔ غرض شمالی ہند میں دہلی کالج نے مشرق و مغرب کے صحت مند عناصر کو سمونے کی پہلی بھرپور اور کامیاب کوشش کی ۔ اس کالج نے نہ صرف اُردو زبان میں تعلیم کی شاندار روایات ہی قائم کیں بلکہ ایک نئی فضا تیار کر دی اور مادری زبان میں تعلیم کی اہمیت سے روشناس کرایا ۔ آج جو ہم نئے زمانے میں اپنی زندگی کی تشکیل مشرق و مغرب کے اِمتزاج اور سائنسی سیکولر نقطۂ نظر پر زور دے کر کرنا چاہتے ہیں اس بات کا احساس سبھی سب سے پہلے اسی ادارے نے کرایا تھا ۔ اس ادارے کی دو اہم خصوصیتیں یہ بھی رہی ہیں کہ یہاں کے سرکاری اور غیر سرکاری مدارس میں مشرقی السنہ اور علوم عربی، فارسی اور سنسکرت سب کی تعلیم ہوتی تھی ۔ سارا رنگ مشرقی تھا ۔ اُردو کی ترقی اپنے شباب پر تھی ۔ اس ادارے نے صرف زبان میں اضافہ ہی نہیں کیا بلکہ زبان کو عصری تقاضوں کی راہ پر لا کھڑا کیا اور وہ لوچ و دلکشی پیدا کی کہ اُردو کا حسن دوبالا ہوگیا ۔

دہلی کالج کے پرنسپل ایم. بتروس ذریعۂ تعلیم دیسی زبان کے سرگرم مؤید تھے ۔ لیکن نصاب کی کتابیں ناپید تھیں اس قلت کے سبب تاریخ وجغرافیہ، سیاسیات، معاشیات، فلسفہ اور سائنس سے متعلق انگریزی کی مختلف اور اہم کتابوں کو اُردو کا لباس پہنانے کی ضرورت محسوس ہوئی تو انھوں نے اپنے بعض ہم خیال اساتذہ کے ساتھ مل کر ایک ٹرانسلیشن سوسائٹی قائم کی ۔

The Society for the promotion of Knowledge in India through the medium of vernacular languages

لیکن یہ بڑا نام ذوق پر گراں گذرا ۔ چونکہ مشکل سے یاد ہوتا تھا لہذا اس کو دلی کالج ورنیکولر ٹرانسلیشن سوسائٹی، دلی ٹرانسلیشن سوسائٹی، اور «ورنیکولر سوسائٹی» کے نام سے یاد رکھا گیا ۔ یہ سوسائٹی کالج کے لئے انگریزی سے اُردو زبان میں درسی کتابوں کے ترجمے کا کام انجام دیتی تھی ۔ یہ ترجمے اس کالج کے اساتذہ

---

1 ڈاکٹر عبدالحق، مرحوم دہلی کالج، انجمن ترقی اُردو دہلی، دوسرا ایڈیشن ۱۹۴۵ء، ص ۲۶

اور طلبہ کی مساعی جمیلہ سے ہوئے تھے جس کی کیفیت یہ تھی کہ «تین طالب علم جن میں ماسٹر رامچندر پیش پیش تھے کالج کے کام کے بعد فلسفہ، ریاضی وغیرہ کی کتابوں کا ایک ایک صفحہ اُردو میں ترجمہ کرتے اور پرنسپل بتروس ترجمہ پڑھ کر اِصلاح دیتے۔ اس طرح جب کتاب ختم ہو جاتی تو چھاپے کو دے دی جاتی اور بیچے کی جماعتوں کے نصاب میں شریک کر دی جاتی۔»[1] ۱۸۴۵ء میں مسٹر بتروس کے یورپ چلے جانے کے بعد ان کے جانشین ڈاکٹر اسپرنگر نے بھی اس کام کو جاری رکھا۔ جس کی وجہ سے کالج کے مشرقی شعبہ میں طلبہ کے اندر یورپی علوم و ادب کا جو ذوق پیدا ہوا تھا وہ برابر بڑھتا رہا۔ جس میں اس سوسائٹی کا بھی بڑا ہاتھ ہے۔ اس سوسائٹی کے متعلق گارساں دتاسی رطب‌اللسان ہے کہ «ایک قابل تعریف جماعت ہے جس نے ادبی معلومات اور ایتھوگرافی کی اشاعت میں بہت بڑا کام کیا ہے اس انجمن کا پہلا سیکریٹری ہمارا ہم‌وطن موسیو بوتر (M. Boutros) تھا جو اس وقت دھلی کالج کا پرنسپل تھا۔ اس انجمن نے سنسکرت، عربی، فارسی کے اعلیٰ درجہ کی تصانیف نیز انگریزی کی مفید کتب کے دیسی زبان میں عمدہ ترجمے کر کے اہل ھند کی بڑی خدمت کی ہے»[2] اس سوسائٹی کے ترجمے و تالیف کی تعداد سوا سو کے قریب ہے جو تاریخ و جغرافیہ، اُصول قانون، ریاضیات اور اس کی مختلف شاخوں، کیمسٹری، فلسفہ، طب و جراحی، نباتیات، معاشیات وغیرہ علوم و فنون نیز ادبیات پر مشتمل ہے۔ ان تراجم کے ذریعے جو نئے نئے الفاظ اُردو میں شامل ہوئے اس سے اُردو کو علمی زبان بننے میں مدد ملی۔

لیکن ۱۸۵۷ء کا ھنگامہ جہاں سیاسی، سماجی اور معاشی زندگی میں تبدیلی کا باعث ہوا۔ وہاں اس نے پرانے تعلیمی نظام کو بھی درھم برھم کر دیا۔ انگریزی کی اہمیت تو ۱۸۳۵ء ھی میں لارڈ ہسٹنگز کا رزولیوشن پاس ہو جانے کے بعد تسلیم کی جا چکی تھی۔ سنسکرت، عربی و فارسی کی تعلیم بھی بذریعے انگریزی دی جانے لگی تھی۔ لیکن حسن اتفاق سے کچھ سیاسی مصلحتوں کے تحت «دھلی کالج» کا نظام پرانی طرز پر رہنے دیا گیا اور یہاں پہلے کی طرح ھیئت، ریاضیات، فلسفہ وغیرہ کی تعلیم بھی اُردو کے ذریعے دی جاتی رہی۔ یہاں عربی، فارسی کی جماعتوں کے علاوہ سائنس کی جماعتیں بھی تھیں جن میں بڑی احتیاط کے ساتھ مغربی سائنس اُردو زبان کے ذریعے پڑھائی جاتی تھی۔ دھلی کالج تنہا ادارہ تھا جو ناموافق حالات میں بھی کام کرتا

---

1 ڈاکٹر عبدالحق، مرحوم دھلی کالج، ص ۱۳۲

2 گارساں دتاسی، ابتدائی خطبات گارساں دتاسی ۱۸۵۰، انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد دکن، ۱۹۳۵، ص ۱۷۹

رہا – لیکن ۱۸۵۷ء کے ہنگامہ میں اس کو بڑی زک پہنچی – بقول ذکاءاللہ «۱۸۵۷ء میں اس کی حالت سراغ کی سی تھی کہ غدر نے اس کی خاتمہ خیر پڑھ کے پردہ پوشی کر دی»[1] اس کالج کے بعض اساتذہ کو قتل کر دیا گیا – اور اس کے بیش بہا خزانۂ کتب کو لوٹ کر نذر آتش کر دیا – غدر کا شعلہ سرد پڑنے کے بعد ۱۸۶۴ء میں ایک بار پھر اس کو سنوارنے کی کوشش کی گئی – مگر اب فضائیں مسلمانوں کے مخالف تھیں – سامراجی خاص طور سے مسلمانوں سے بدظن تھے – لہذا ان کا قہر مسلمانوں کے اس تعلیمی ادارے پر بھی ٹوٹا – اور اس پر زوال کے بادل منڈلانے لگے «غدر کے بعد زمانہ دوسرا آچکا تھا – انتظام تعلیم میں نیا ورق اُلٹ چکا تھا – ہر چیز کی تنظیم و ترتیب بالکل نئے سرے سے کی گئی دلی کالج کی وہ خصوصیتیں، جن پر اس کالج کے اساتذہ اور اس کے خیراندیشوں کو ناز تھا باقی نہ رہیں – اُردو زبان اور اُردو تالیف کا چرچہ رفتہ رفتہ اُٹھ گیا اور زیادہ زور انگریزی پر دیا جانے لگا»[2] ۱۸۷۷ء میں اس کالج کو لاہور کالج میں ضم کر دیا گیا اس کی اِنفرادیت ختم ہوگئی – کالج نہ رہا مگر اس کی روشن کی ہوئی شمعیں آج بھی آنکھوں کو خیرہ کر رہی ہیں ان کی چمک سے ہماری بزم اُردو بقعۂ نور بنی ہے چونکہ اس کالج نے جو اثرات چھوڑے وہ دیرپا ثابت ہوئے اور ان سے ایسے امکانات اُبھرے جو آگے چل کر نئے تقاضوں کی تکمیل میں معاون بنے –

★

1 شمس العلما مولوی محمد ذکاءاللہ، تنویرالشرق، اگست ۱۹۰۸ء، ص ۲

2 ڈاکٹر عبدالحق، مرحوم دہلی کالج، ص ۱۷

سورداس جی کا جمالیاتی نظریہ

ڈاکٹر مو. دی. پراڈکر

فن اور شاعری کے سبھی ماہروں نے بلاشبہ شاعری کی تہ میں جمالیاتی جذبہ کا وجود تسلیم کیا ہے - لیکن اس 'جمال' کو بنی تلی پیمائش میں باندھنا مشکل ہے - حسن کا معیار اور مقدار وقت اور قوم کی اجتماعی آرزوؤں کے ساتھ ساتھ فرد کے اپنے ذاتی تجربوں اور ذوق کے مطابق بدلا کرتا ہے - ہر عہد کے افراد اپنے وقت کے جمالیاتی تصورات سابقہ زمانے کے مقابلے میں زیادہ اعلیٰ اور ترقی یافتہ ماننے پر مصر ہوتے ہیں - نتیجہ یہ ہوا کہ حسن کے تصورات بہت موٹے اور بہت مہین نکات کے بیچ کئی انیک رنگتوں میں دکھائی دیتے ہیں - ایک طرف وہ خالص حقیقت پرست ہیں جو حسن کو مادی عناصر کے مرقعوں کی ذاتی صفت خیال کرتے ہوئے یہ سوال پوچھتے ہیں « اُس کا دل، روح یا شعور وغیرہ سے کیا لینا دینا ہے ؟» دوسری طرف کروسے جیسے خالص فن اور جمال کے حامی اُسے منطق، جذباتی تصورات اور زندگی کی حرکات سے بالکل الگ رکھ کر خیالی دنیا میں پہنچانے کا بیڑا اُٹھائے ہوئے نظر آتے ہیں - اُن کے خیال میں فن کی حدود کے باہر لفظ « جمال » کا استعمال بھی غیر علمی اور غیر ضروری ہے - ٹالسٹائے نے اپنے مقالے « What is Art » میں بعض ایسے نقادوں کا ذکر کیا ہے جو ہاں ہیں جیسے عام تجربہ کو جمالیاتی تجربے میں شامل کرتے ہیں - آج تو حسن کا تصور نہایت ناپائدار اور دھندلا سا بن گیا ہے - حسن کے مقررہ نظریہ کو تسلیم کر کے بھلے ہی ہم چلیں، اُس کی تعریف میں آج کی « پریشان حال دنیا » کے حزیں افراد کو کوئی بھی سعادت نہیں ہے ؟ ایسی حالت میں میرے سامنے یہ سوال ہے کہ کہاں کھڑے ہو کر ذہن دبایا جائے تاکہ ۵۰۰ سال پرانے بھگت کوی سورداس کے جمالیاتی نظریہ کی ہو بہو تصویر پیش کی جا سکے -

میری اپنی رائے میں ہماری اپنی جمالیاتی بھاونا کو سور پر لادنے کے بجائے سورداس کے مزاج کو اور سور ساگر کو مدنظر رکھ کر سور کے جمالیاتی تصور پر وچار کرنا بہتر ہوگا کہ سور کے « سوندریہ » (حسن) کے متعلق خیالات اُن کی جمالیاتی تخلیق یعنی سور ساگر کے پدوں میں دودھ اور چینی کی طرح گھلے ملے ہیں -

یہ ایک حقیقت ہے کہ سورداس کو مہا پربھو ولبھ آچاریہ نے شری ناتھ جی کے مندر میں بھگوان کی لیلا کا کیرتن کرنے کے لئے مقرر کیا تھا اور سورداس آخری

ولبھ سمپردائے والے مندروں میں استھاپت تمام مورتیوں کا احترام کرتے تھے ۔ لیکن انکو حکم تھا کہ عرض حاجت صرف اپنے اِسٹ دیو کے سامنے کرنا چاہئے ۔ جیسے ولبھ آچاریہ کے اسٹ دیو « بال کرشن » تھے ۔ پھر اس میں مزید تخصیص یہ تھی کہ اشٹ دیو کی بھی اُسی مورتی کے سامنے عرض حاجت کرو جو تمھیں گرو نے دی ہے اور جو تمھارے گھر کے ذاتی مندر میں استھاپت ہے ۔ بال کرشن کی اس مورتی کو پیار سے سارا خاندان « لال » کہتا تھا اور لال کو حاضر و ناظر جان کر اپنے سکھ دکھ اُن سے اس طرح بیان کئے جاتے تھے جیسے لال پوری توجہ سے سب کچھ سن رہے ہیں ۔ گھر میں جو کھانا پکتا وہ پہلے لال کے سامنے پرسا جاتا ۔ اس کے بعد گھر والے کھاتے ۔ فصل کے نئے پھل یا غلہ وغیرہ جو گھر میں آتا وہ بھی پہلے لال کو اَرپت کیا جاتا ۔ سردی یا گرمی آنے پر جو جڑاول یا گرمی کے کپڑے خاندان کیلئے بنتے وہ پہلے لال کے لئے بنائے جاتے ۔ اس طرح ایک بھگت کے خاندان میں لال پیار، پاکیزگی اور اِتحاد کا مرکز بن جاتے تھے ۔

ولبھ سمپردائے کی اِس انفرادیت اور ذاتیت کے باوجود سور نے رام اور کرشن میں کوئی فرق نہیں کیا ۔ شاید اس کا سبب یہ ہوکہ سور خاندانی زندگی سے محروم تھے ۔ ان کی حیثیت کم و بیش ایک ایسے مندر کے پجاری کی ہو گئی جہاں مختلف بھاؤ رکھنے والے مختلف خاندان جمع ہوتے تھے ۔

سور کی کرشن وندنا دیکھئے :

मेरो मन अनत कहाँ सुख पावै।
जैसे उड़ि जहाज को पछी फिर जहाज पर आवै॥

[(سوائے کرشن کے چرنوں کے) میرے من کو اور کہیں سکھ نہیں مل سکتا ۔ یہ جہاز کے پنچھی کی طرح اُڑتا ہے اور پھر جہاز ہی پر آتا ہے]

یہی مضمون سور نے ایک دوسرے طریقے پر پھر کہا ہے ۔

अब मन भयो सिन्धु के खग ज्यो
फिर फिर सरत जहाजन।

[میرا من سمندر کا کوا بن گیا ہے جو پھر پھر کر جہاز ہی پر آتا ہے]

پھر سور کہتے ہیں :

भटकि रह्यो बोहित के खग ज्यो

تلسی نے بھی اس مضمون کو اس طرح ادا کیا ہے ۔

जैसे काग जहाज को सूझत और न ठौर।

[جیسے جہاز کا کوا جسے دوسری جگہ دکھائی نہیں دیتی]

حقیقت یہ ہے کہ آمد میں سور نے جو پہلا پد کہہ دیا ہے اس کا جواب نہ خود ان سے ہو سکا نہ تلسی سے ۔

کتنی سادی وندنا لیکن کتنی پراثر :

चरन कमल बंदौ हरिराई।
जाको कृपा पगू गिर लघं,
अधे को सब कछू दरसाई॥

میں ہری کے چرن کمل کی بندنا کرتا ہوں
جن کی کرپا سے لنج پہاڑ لانگھ سکتا ہے
اور اندھے کو سب کچھ دکھائی دیتا ہے

اس وندنا میں بھی کتنا بھرپور اثر ہے :

जो हम भले बुरे तौ तेरे।
तुमही हमारी लाज बड़ाइ
बिनती सुनि प्रभू मेरे॥

[اے کرشن ہم بھلے برے جیسے بھی ہیں تیرے ہی ہیں ۔ تجھ ہی سے ہماری عزت اور بڑائی ہے ہماری التجا سن لے]

سور کی شاعری کا دوسرا موضوع بال کرشن ان کی شاعری کا سب سے عظیم موضوع ہے ـ ایک تو وشوست میں واتسلیہ بھاؤ یوں ہی بہت اہم ہے اسکے علاوہ خود سور کے گرو ولبھ آچاریہ کے اِشٹ دیو بال کرشن تھے ـ اس میں شک نہیں کہ سور نے کرشن کی بال لیلائیں اتنی خوبصورت رچی ہیں جن کا جواب عالمی ادب میں بھی بمشکل مل سکے گا ـ

جسودھا یہ کہکر کرشن کو خوب دودھ پلاتی تھیں کہ کسحری گائے کا دودھ پینے سے تیری چوٹی بڑی ہو جائیگی ـ آج کرشن ماں سے پوچھ رہے ہیں ۔

मैया कबहि बढ़ैगी चोटी।
किती बार मोहि दूध पियत भई, यह अजहुं है छोटी॥

[میا میری کب تک چوٹی بڑھے گی ـ دودھ پیتے مجھے کتنا وقت ہو گیا ـ لیکن یہ اب تک چھوٹی کی چھوٹی ہے]

काचो दूध पियावत "पचि-पचि," देत न माखन रोटी

[کچا دودھ «پچ پچ» پلاتی ہے ـ مکھن روٹی نہیں دیتی]

بلرام کرشن کو چڑھاتے ہیں کہ تم جسودھا کے بیٹے نہیں ہو تمھیں تو مول لیا گیا ہے ـ کرشن ماں سے شکایت کر رہے ہیں :

मैया मोहि दाऊ बहुत खिझायो।
मोसों कहत मोल को लीनो, तोहि जसुमति कब जायो॥

[میا مجھے داؤ بہت ستاتے ہیں ـ مجھے کہتے ہیں تو مول لیا گیا ہے ـ جسومت تیری ماں نہیں ہیں]

गोरे नन्द जसोदा गोरी, तुम कत स्याम सरीर।
चुटकी दै दै हसत ग्वाल सब, सिखै देत बलबीर॥

[نند گورے، جسودا گوری، تم کیسے کالے ہو ـ گوالے چٹکی دے دے کر ہنستے ہیں ان کو بلبیر سکھاتے ہیں]

مکھن کی چوری کرتے ہوئے کرشن پکڑے گئے ہیں ـ ان کے منہ میں مکھن لگا ہے ـ ماں لکڑی لئے کھڑی ہے اور کرشن ماں کو بہلا رہے ہیں ـ

मैया मोरी मैं नहीं माखन खायो।

[میری میا میں نے مکھن نہیں کھایا ہے]

भोर भयो गैयन के पाछे, मधुबन मोहि पठायो।
चार पहर बंसीबट भटक्यो, साँझ परे घर आयो॥

[سویرے ھی سویرے تو نے گئوؤں کے پیچھے مجھے مدھبن بھیجدیا
چار پہر «بنسی بٹ» کے پاس رہا شام کو گھر آیا]

मैं बालक बहियन को छोटो, छीकों किहिबिधि पायो।

[میں چھوٹی چھوٹی باھوں والا بالک ھوں اونچے چھیکے تک میرا ھاتھ کیسے پہونچا]

ग्वाल बाल सब बैर परे हैं, बरबस मुख लपटायो॥

[(اور یہ جو منہ میں لگا مکھن تو دیکھ رھی ھے) بات یہ ھے کہ گوالوں کے لڑکوں سے میری دشمنی ھوگئی ھے ـ زبردستی انھوں نے منہ میں لگا دیا ھے]

तू मैया मनकी अति भोरी, इनके कहे पति आयो।

[میا تو بڑی بھولی ھے ـ ان لوگوں کے کہنے میں لگ گئی]

जिय तेरे कुछ भेद उपजि है, जान परायो जायो॥

[اگر تیرے دل میں پرایا لڑکا سمجھ کر کچھ بھید پیدا ھوتا ھے]

यह लै अपनी लकुटि कमरिया, बहुतहि नाच नचायो।

[تو یہ لے اپنی لکڑی اور کملی ـ بس بہت ناچ نچا چکی]

सूरदास तब बिहँस जसोदा, लैउर कठ लगायो॥

[سورداس، تب ھنس کر جسودا نے گود میں لیکر گلے لگا لیا]

کچھ اور جھلکیاں دیکھئے :—

चले बन धेनू चरावन कान्ह।
गोप बालक कछु सयाने, नंद के सुत नान्ह॥

[(بال کنھیا) گائیں چرانے جنگل کو چلے ـ گوالوں کے لڑکے کچھ سیانے ھیں ـ نند کا بیٹا چھوٹا ھے]

द्रुम चढ़ि काहे न टेरो कान्हो, गैयाँ दूर गईं।
धाई जात सबन के आगेजे बस मान दई॥

[کنھیا درخت پر چڑھ کر دیکھ گائیں دور بھاگ گئی ھیں ـ وہ برس بھان والی سب کے آگے بھاگی جا رھی ھے]

मेरी माई ऐसो हठी बाल गोविंद।
अपने कर गहि गगन बतावत, खेलन को माँगे चंद

[بال گوبند ایسا ضدی ہے کہ ہاتھ اٹھا کر آسمان کو بتاتا ہے اور چاند کھیلنے کے لئے مانگتا ہے]

मैं दुहिहौं मोहि दुहन सिखावहु।
कैसे धार दूध की बाजत, सोई सोई बिधि तुम मोहिं बतावहु ।।

[ماں سے بال کرشن کہہ رہے ہیں کہ مجھے دوہنا سکھاؤ ۔ دودھ کی دھار سے آواز کیسے پیدا ہوتی ہے وہ طریقے بتاؤ]

روپ مادھریہ بھی سور کی شاعری کا بڑا پرکشش موضوع ہے ۔ بھگتی کی شاعری میں کبیر نے غالباً اسلامی سنسکاروں کی وجہ سے روپ اکرشن کو بالکل رد کر دیا ہے ۔

«پاہن پوجے جو ہری ملے تو میں پوجوں پہاڑ»

تلسی داس کے یہاں روپ اکرشن کو مانا گیا ہے ۔ لیکن اسے بھگتی کے ابتدائی منازل کی چیز بتایا ہے ۔

ولبھ سمپردائے اور سور کی شاعری میں روپ اکرشن کو سب سے بلند مقام حاصل ہے ۔ عجیب بات ہے کہ سامی مذاہب میں بائبل سے لیکر قرآن تک مظاہر ماہی اور قادرس مذہب میں جلال اور دبدبہ کو زیادہ اہمیت دی ہے ۔ ان کے یہاں رب جمیل سے بھی خوف کی تاکید کی گئی ہے ۔ اس کے برخلاف ہندوستانی بھگتی میں پریم اور صرف پریم کو ابھارا گیا ہے ۔ سور کا روپ مادھریہ بھی پریم کی مٹھاس اور شرنگار کے رس میں نہایا ہوا ہے :

सुन्दर मुख को बलि बलि जाऊ।
लावनिनिधि गुननिधि, सोमानिधि
निरखि निरखि जीवन सब गाऊँ॥

[حسین چہرے کے بل بل جاؤں ۔ اس حسن کے سمندر، خوبیوں کے سمندر، خوبصورتی کے سمندر کو دیکھ دیکھ کر تمام زندگی گاتا رہوں]

अंग अंग प्रति अमित माधुरी,
प्रगटति रसरूचि ठावँ ठाऊँ।

[ہر انگ میں امرت کی مٹھاس، جگہ جگہ سے پسند کے رس نکلتے ہوئے]

तापै मृदु मुसकानि मनोहर
न्याय कहत कवि मोहन नाऊँ ॥
[اس پر ہلکی دلکش مسکراہٹ، شاعر نے موہن نام ٹھیک بتایا ہے]

सैन दे दे जब हेरत तापै,
हौं बिन मोल बिकाऊँ ॥
[جو آنکھ اشارے دے دے کر ڈھونڈ رہی ہے اس کے لئے میں بن مول بک جاؤں]

सूरदास प्रभु मन मोहन छबि,
यह सोभा उपमा नहिं पाऊँ ॥
[سورداس اس من موہنے والی شوبھا کے لئے تشبیہ نہیں ملتی ہے]

नटवर भेस धरे ब्रज आवत।
मोर मुकुट मकराकृत कुंडल,
कुटिल अलक मुख पर छबि पावत ॥
[نٹور بھیس دھرے برج میں آرہے ہیں ۔ مور مکٹ، مچھلی کی شکل کا کنڈل، بل کھاتے ہوئے بال منہ پر زیب دے رہے ہیں]

देखिरी हरि के चंचल नैन।
खंजन, मीन, मृगज चपलाई,
नहीं पटतर एक सैन ॥
[ہر کے چنچل نین دیکھ ۔ کھنجن (چڑیا)، مچھلی، ہرن کے بچے کی خوبصورت آنکھیں یہ کوئی ان کی برابری نہیں کر سکیں گی]

مرلی مادھریہ بھی سور کی شاعری کا ایک دلکش موضوع ہے ۔ کرشن کے کردار میں مرلی کی بڑی اہمیت ہے ۔ یہی مرلی ورندا بن میں «بنسی بٹ» کے پاس بجتی تھی ۔ اس مرلی کی آواز سے منتشر گائیں مست ہوکر کرشن کے پاس جمع ہو جاتی تھیں ۔ جمنا تٹ پر یہی مرلی رادھا اور گوپیوں کا دل موہ لیتی تھی ۔ یہی مرلی برج کے گوالوں کے دل پریم سے بھر دیتی تھی ۔ یہی مرلی آج تک بھگتوں کے دل میں پریم سدھا برساتی ہے ۔ سور نے اسی مرلی مادھریہ کو طرح طرح سے اپنے یہاں پیش کیا ہے ۔

کچھ جھلکیاں دیکھئے :

स्याम कर मुरली अतिहिं बिराजत।
परसत अधर सुधारस प्रगटति, मधुर मधुर सुर बाजत ॥
[شیام کے ہاتھ میں مرلی بڑی اچھی لگتی ہے ۔ مرلی بیچ کے ہونٹ پر رکھکر سدھارس نکلتا ہے ۔ میٹھے میٹھے سر بجتے ہیں]

सखी री मुरली लीजै चोर।
जिन गोपाल कीन्हे अपने बस, प्रीत सबन की तोर॥

[سکھی وہ مرلی چرا لیجئے۔ جس کی وجہ سے گوپال نے سب کی پریت توڑ کر ہم کو اپنے بس میں کر لیا ہے]

کرشن برج چھوڑ کر چلے گئے۔ وہ راج کاج میں لگ گئے۔ لیکن ان کو برابر خبریں ملتی تھیں کہ گوپیاں ان کے فراق میں تڑپ رہی ہیں۔ کرشن نے اپنے وزیر اور دوست اُودھو کو گوپیوں کو سمجھانے کے لئے بھیجا۔ اودھو اتنے بڑے برہم گیانی تھے کہ ان کو پورا یقین تھا کہ اِن گنوارن گوپیوں کو دو باتوں میں موہ اور پریم سے آزاد کر دوں گا۔ لیکن برج میں اودھو کے پورن گیان کا گوپیوں کے پورن پریم سے بھرپور ٹکراؤ ہوا۔ گیان ہارا پریم جیتا۔ اور اودھو بھی رس لین ہوکر واپس آئے۔

اُودھو اور گوپیوں میں جو باتیں ہوتیں۔ انھیں بھرمر گیت (بھونروں کے گیت) کہا جاتا ہے سری مد بھاگوت اور سورساگر دونوں میں بھرمر گیتوں کا انوکھا ادب روح کو مالیدہ کر دیتا ہے، یہاں صرف چند جھلکیاں پیش کی جا سکتی ہیں۔ دیکھئے۔—

اودھو نے اپنے فلسفیانہ دلائل سے گنوار گوپیوں کو سمجھانا چاہا کہ ایشور کی آرادھنا کرو موہ کا روگ جاتا رہے گا۔ ایک گوپی جواب دیتی ہے—

उधो मन नाहीं दस बीस।
एक हुतो सो गयो स्याम संग, को आराधं ईस॥

[اے اودھو من دس بیس نہیں ہوتے۔ ایک تھا وہ تو شیام کے ساتھ گیا، ایشور کی ارادھنا کون کرے]

دوسری گوپی روکر کہتی ہے:

निस दिन बरसत नैन हमारे।
सदा रहत पावस ऋतु हम पै, जबसे स्याम सिधारे॥

[ہر روز ہماری آنکھیں برستی رہتی ہیں۔ ہمارے یہاں تو جب سے شیام سدھارے ہیں سدا برسات ہی رہتی ہے]

تیسری گوپی کہتی ہے :

गोकुल सबै गोपाल उपासी।
जोग अंग साधन जे ऊधो, ते सब बसत ईसपुर कासी॥

[اے اودھو یہ گوکل ہے یہاں سب گوپال کے پوجاری رہتے ہیں، جن کو یوگ کرنا ہے اُن کی جگہ یہاں نہیں ایسپور اور کاشی میں ہے]

چوتھی گوپی نے طعنہ دیا :

जोग ठगोरी ब्रजन बिकैहै।
यह ब्यौपार तिहारो ऊधो, ऐसो ही फिरिजैहै॥

[اے اُودھو جوگ کا نقلی مال برج میں نہیں بک سکتا، یہ دوکان ایسے ہی واپس جائیگی]

سور کی شاعری کا یہ سرسری جائزہ پیش کر دیا گیا۔ اتنے عظیم شاعر پرسیر حاصل مضمون لکھنے کے لئے یہ چند ورق قطعاً ناکافی ہیں۔ وہ نابینا شاعر جس کی دی ہوئی بصیرت ہمیں آج تک حسن اور محبت کا تماشہ دکھا رہی ہے۔ اُس کے مرتبے کا تعین آسان نہیں۔

★

قرون وسطیٰ کی نشاۃ ثانیہ اور سورداس

ڈاکٹر ورجیشور ورما

گیارھویں بارھویں صدی میں مذہب اور فلسفے (خدا شناسی) کی نئی شرح سے شروع ہوکر ہندوستان کے قرون وسطیٰ کی بیداری سولھویں صدی میں اپنے عروج پر پہنچ چکی تھی۔ سیاسی تاریخ نے یہ افتخار مغل اعظم شہنشاہ اکبر کو بخشا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اکبر نے ملک کو سیاسی پائے داری دے کر معاشرتی اور تہذیبی ترقی کے لئے اس دور کے لحاظ سے مثالی حالات پیدا کر دیئے تھے۔ مذہب، فلسفہ، فنون لطیفہ، موسیقی اور ادب میں بذات خود اکبر کو گہری دلچسپی تھی اور وہ انہیں مکمل سرپرستی دینے کے لئے کوشاں تھے۔ مگر یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ اپنے دور کے دو سب سے عظیم بھگت شاعروں۔ سورداس (۱۴۷۸-۱۵۸۰ء) اور تلسی داس (۱۵۲۳-۱۶۲۳ء) سے ان کا کوئی راست تعلق نہیں تھا اور جب ہم دیکھتے ہیں کہ جن شعرا کو مغل دربار کی سرپرستی حاصل تھی وہ ان بھگت شاعروں کے مقابلے میں کسی معمولی تھے تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ قرون وسطیٰ کی نشاۃ ثانیہ کا یہ سنہری دور اصل میں سیاست کی پیداوار نہیں تھا۔ اس کی جڑیں وہیں تھیں جہاں سے بھگت شاعروں کو تحریک اور تقویت ملی تھی۔ جیسا کہ اوپر کہہ چکے ہیں کہ قرون وسطیٰ کی نشاۃ ثانیہ کی ابتدا مذہب اور فلسفے کی نئی شرحوں سے ہوئی تھی اور اس کی ترقی اس دور میں ہوتی رہی جب سیاسی حالات، سرپرستی تو دور، نت نئی چوٹیاں دے رہے تھے۔

گیارھویں بارھویں صدی میں دکن کے تمل پردیش کے رامانجاچاریا (۱۰۳۷-۱۱۳۷ء) سے شروع ہوکر مذہب اور فلسفے کو عوامی محسوسات کے قریب لانے کی محرک تدابیر شمالی ہند میں ولبھاچاریہ (۱۴۷۸-۱۵۳۰ء) کے دور تک ہوتی رہیں۔ یہ روحانی رہنما (آچاریہ) فلسفے کے مفکر، مصلح مذہب اور فرقوں کے موسس تو تھے مگر عوام کو پوری طرح متحرک رکھنے کے لئے انہیں عالموں کی نہیں، عوام سے ہی نکلے ہونہار لوگوں کی مدد درکار تھی۔ آچاریوں کو یہ بہت بڑا افتخار حاصل ہے کہ انہوں نے مذہب اور فلسفے کی ایسی شرحیں کیں جن کے سبب انہیں پنڈتوں اور عالموں کی حدود سے نکال کر نہایت سہولت سے عوام تک پہنچایا جاسکا۔ ظاہر ہے یہ کام شاستر کے عالم نہیں، ایسے ہم درد، شاعر دل اشخاص ہی انجام دے سکتے تھے

جو عوام کی منشا کو پہچانتے اور اس میں حرارت پیدا کر سکنے کی اہلیت رکھتے تھے۔ اس طرح قرون وسطیٰ کی نشاۃ ثانیہ کی پیشوائی ایسے اشخاص کے ذریعے ہوئی جو بہت معمولی درجے کے تھے۔ ان میں کئی تو معاشرتی حیثیت سے نچلے اور پچھڑے ہوئے گروہوں کے تھے۔ ان لوگوں کا براہ راست تعلق مذہبی پیشواؤں سے ناممکن نہیں تھا۔ ان کے اور مذہبی پیشواؤں کے درمیان یقیناً کچھ عوامی لیڈر بھی جنھوں نے مذہب کا پیغام عوام تک پہنچایا تھا۔ شمالی ہند میں اس طرح کے سب سے زیادہ بااثر رہنما سوامی رامانند (۱۲۹۹–۱۴۱۰ء) ہوئے جو بھگت شاعر کبیر (۱۳۹۹–۱۵۱۸ء) کے گرو مشہور ہوگئے۔ کبیر نے ان سے تربیت نہ پا کر بھی، انہیں اپنا گرو تسلیم کیا تھا۔ خود رامانند کے بھی عوامی بولی میں محبت الٰہی کے چند بند ملتے ہیں۔ رامانند شمالی ہند میں بھگتی (عشق حقیقی) کو عوامی تحریک کی صورت دینے والے اتنے زبردست رہنما تھے کہ انہیں نہ صرف کبیر، بلکہ کبیر کے ایک سو سے بھی زیادہ برسوں بعد اور کبیر کے معاشرتی افکار کے کافی مخالف تلسی داس (۱۵۳۲–۱۶۲۳ء) تک کا انہیں محرک و موئد تسلیم کیا جاتا ہے۔

کبیر اور ان کے سلسلے کے سب شاعروں میں مذہب اور فلسفے کو عوام تک پہنچانے کی کوشش میں ویدک برہمن سلسلے (روایت) کی ایسی تیکھی مخالفت تھی کہ انھوں نے ویشنو بھگتی عقیدے کی روح کو تو اپنایا، لیکن اس کے اظہار کے ذرائع اور سہولیات کی یک لخت ناقدری کردی۔ سنسکرت کے اندھیرے کنویں سے نکال کر زبان کے آب رواں میں ملے ہوئے جذبۂ بھگتی کے ان کے پیغام میں رام اور کرشن کے نام تو ہیں، لیکن ان کی مقبول عام کتھاؤں (واقعات) کو بالکل نظرانداز کردیا ہے۔ ایسی صورت میں عوام میں جوش اور حوصلہ پیدا کرنے کے لئے وہ عوام میں مقبول علامات کا بھی سہارا لے سکے ہیں۔

سنتوں (درویشوں) کے محبت بھرے مذہبی پیغام میں بڑی وسعت ہے۔ کسی بھی طرح کا اِمتیاز اس میں نہیں ہے۔ وہ نہ صرف انسان اور جاندار کو اپنے دامن میں پناہ دیے ہوئے ہے، بلکہ غیر متحرک اور غیر ذی روح کائنات بھی اس کے دائرے سے باہر نہیں ہے۔ پھر بھی نام اور صورت کی بے ثبات، خیالی اور فطری تبدیلی کے سبب جو حقیقتاً ان کے دروغ کی روشن دلیل ہے، محبت کے ادراک میں ان سنت شاعروں کو خاطر خواہ کامیابی نہیں مل سکی۔ اسی باعث ان شاعروں کی بانی (آواز) کا منفی پہلو ہی زیادہ اُبھر کر سامنے آیا اور انہیں 'نرگیا جوگی' (بے صفات عابد) ہی زیادہ سمجھا گیا۔ پریم بھگتی کی تبلیغ کی ان کی اِبتدائی اور پہلے سے تیار کردہ تمہید بہت کچھ دبی سی رہ گئی۔

ایسی حالت میں سورداس مطلع پر نمودار ہوتے ہیں۔ قرون وسطیٰ کی بیداری نو کی تکمیل کے لئے، اس کی ممنوع، مخالف، تلخ اور تیز آواز کو مثبت انداز سے بلند کرکے، مخالف اور بعض کے شبہات سے دور رکھتے ہوئے، خالص روحانی سطح پر پہنچانے کے لئے۔ اس مقصد کی تکمیل قربھاؤں سے عوام میں موجود حسن کی شبیہ کو اور زیادہ پرکشش اور جاذب نظر بنانے سے ہی ہو سکتی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ سورداس، ولبھا چاریا سے صرف دس دن چھوٹے تھے اور جب ۳۱۔۳۲ برس کی عمر میں آگرے کے پاس جمنا کے کنارے گئو گھاٹ نامی مقام پر دونوں کی ملاقات ہوئی، تب ویدوں کے علم کے ماہر اور فاضل مہاپربھو ولبھ نے بھگتی کے جذبے سے پر پدوں کے گانے والے اور تارک دنیا (مذہبی زندگی کے سبب) مشہور شاعر سورداس سے مسکینی اور حقارت سے پر، دل کو اداس بنانے والے احساسات ترک کرنے پر اصرار کیا اور انہیں سری کرشن کی پر مسرت زندگی کے بیان کرنے کا حوصلہ دیا۔ اس خبر کو سورداس کی سوانح میں جو اہمیت ملی ہے اُس سے کہیں زیادہ ملنا چاہئے عصری ضرورت کی تعمیر کے لئے اس کے ایثار کو۔ کیوں کہ یہ سور کا 'کرشن لیلا گاین' ہی ہے جس میں سولہویں صدی کے سنہرے دور کے ضمیر کی صدائے بازگشت سنی جا سکتی ہے۔

معمول عام اٹوٹ محبت کی نغمہ سرائی کبیر نے بھی کی تھی، لیکن اپنے روحانی خداشناس وقار کے سبب وہ اسے ویسا عام قبولیت کے لائق نہ بنا سکے، جیسا آگے چل کر سور نے کیا۔ سورداس کی محبت کے تصور کے تین سرچشمے ہیں: بھاگوت پران، بھگوت گیتا اور خصوصاً ولبھاچاریا کا پشٹی مارگ اور عموماً دوسرے کرشن بھگتی فرقوں میں معمول برہم (واحد الوجود) کی شرح اور اس کے مطابق مقررہ کرشن لیلا کا اعلا پر مسرت روپ۔ بھاگوت پران میں روایتی کرشن کے اوتار کی لیلا کو عام انسان کی معمولی زندگی کی طرح ڈھال کر اسے حیرت و استعجاب، خوشی و سرور، عنصر لطیف اور محبت و مسرت کی اعلا اقدار کی صفات سے پر کرکے لیلا کی حکایات کا جو سلسلہ پیش کیا تھا، سورداس نے اسے لے کر کرشن لیلا کا ایک ایسا روپ گڑھا، جس میں حکایات کی گرہ بندی کے ساتھ ساتھ مکمل کرشن لیلا کی تصویر سامنے آگئی اور وہ جذباتی کا ایک انوکھا مجسمہ نامہ بن گیا۔ سورداس نے اپنی اس محنت نامے کے ذریعے گیتا کو بھگتی کے استعمال کے لائق ثابت کرنے کے مقصد سے اسے سچے شاعر کی لیاقت کے زور پر عام فہم صفات سے مزین کردیا۔ اس طرز میں یقیناً ہی انہوں نے پشٹی مارگ کے فلسفے اور بھگتی کے جذبے کے ساتھ ساتھ دوسرے فرقوں کے افکار سے بھی فائدہ اٹھایا اور اس طرح اپنی شاعری میں سب کے لئے عجیب کشش پیدا کردی۔ زندگی میں عشق

حقیقی، حوصلہ اور مسرت کے ساتھ اسے پر معنی اور بامقصد بنانے میں سورداس کے تصور کی کرشن لیلا نے جو عوامی مقبولیت حاصل کی اس نے قرون وسطیٰ کی نشاۃ ثانیہ کے جذبے کو جو عروج بخشا ہے، اس کی معجزانہ کشش آج تک ختم نہیں ہوئی ہے اور کرشن لیلا آج بھی اسی کی بارگشت کے روپ میں عوام کو قلبی مسرت کا سامان فراہم کر رہی ہے۔

محبت کے انسانی جذبے کے ساتھ مذہب، روحانی فلسفے اور زندگی کی قدروں کو ملانا غالباً کرشن لیلا کے ذریعے ہی ممکن تھا اور یہ بھی یقین ہوتا ہے کہ یہ عمل سورداس جیسی لیاقت و صلاحیت والا شاعر ہی انجام دے سکتا تھا۔ سورداس نے دور نشاۃ ثانیہ کے جذبۂ نغمہ سرائی کے نئے حسین تصور کو حوصلہ دینے والی لذت سے روشناس کیا، جس کا استعمال موجودہ دور تک ہوتا رہا ہے۔ انھوں نے انسان کے فطری حسن پرستی کے رجحان کو کرشن، رادھا اور گوپیوں کی تمثیل دے کر اسے روحانی بلندی پر پہنچا دیا۔

شری کرشن لیلا ہی کے ذریعے یہ ممکن تھا کہ محبت کو زندگی بخش نغموں سے سجا کر اس میں عوام الناس کے لئے روحانی کشش پیدا کی جائے۔ سری کرشن کی لیلا کو انسان کے لئے کتنا جاذب نظر اور مرغوب بنایا جاسکتا ہے اور اس میں کتنی احتیاط کے ساتھ اولاد کے لئے، دوست احباب کے لئے اور حسن ملیح سے مدھوش ہو جانے والے محبوب محبوبہ کے لئے مسالا ملایا جاسکتا ہے، سورداس کو بغیر پڑھے اس کا اندازہ بھی نہیں ہوسکتا۔ محبت کے ان تین اقسام کے تعلقات کا اظہار کرنے میں سورداس نے انسان کے ان سبھی دلی جذبات اور رجحانات کو مکمل کر دیا، جن کے سبب زندگی سے اس کا لگاو ہوتا ہے، وہ متحرک ہوتا، عامل ہوتا اور مختلف ردعمل کا باعث بنتا ہے۔ اکثر سورداس کی تعریف بچوں کی نفسیات کے بے مثال نقش و نگار کے روپ میں کی جاتی ہے۔ یہ صحیح ہے، لیکن سورداس کے لئے یہ خوب بڑی بات نہیں ہے۔ یہ بھی کوئی بڑی بات نہیں ہے کہ انھیں صرف عالم طفولیت کی فطرت کا ہی نہیں، بلکہ انسان کی سن رسیدگی، عورت مرد کی فطرت، مختلف حالتوں میں ان کے طرز عمل، عادت خصلت کا بھی کافی تجربہ تھا اور اسے پر اثر طرز میں پیش کرنے کی اعلیٰ قابلیت تھی اگر سورداس میں اتنی ہی لیاقت ہوتی تو بھی ان کی شاعرانہ شان غیر معمولی اور محبوب عام تسلیم کی جاتی لیکن سورداس کی نظر میں شاعرانہ شان فرومایہ ہے اگر شاعری کا مقصد شاعرانہ رہ کر روحانی زمین پر ثبت نہیں ہوتا۔

ہم اس سے قبل کہہ چکے ہیں کہ شاعری کو مذہب اور فلسفے سے جوڑنے کی روایت تو، کبیر سے ہی شروع ہوگئی تھی۔ یہی کیوں؟ بہت کم شاعر ہوں گے

جن میں کسی نہ کسی صورت میں مذہب اور فلسفے کا ظاہر یا باطن میں استعمال نہ ہوتا ہو۔ ہندی کے بھگت شاعروں کی اس خصوصیت میں کہ ان کا شعری عمل مذہب اور فلسفے سے شروع ہی ہوتا ہے، سورداس اس سلسلے میں سب سے علاحدہ اور بلند ہیں کہ ان کی شاعری میں مذہب اور فلسفے کی ایسی آمیزش ہے کہ اس اختلاط سے محروم کسی نظم کو ان کی نظم کہا ہی نہیں جا سکتا۔ اس کا فخر حاصل ہے ان کی اس فکر کو جو شری مد بھگوت گیتا کے فکری فلسفے کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ شری کرشن لیلا کے توسط سے محبت کے جن گوناگوں انسانی جذبات کو منعکس کیا ان میں ضبط استعمال اور معنویت پیدا کرنا ممکن ہی نہ ہوتا، اگر وہ انہیں گیتا میں منضبط روحانی فکر سے نہ جوڑتے۔ شری مد بھاگوت اور بھگوت گیتا دونوں میں اصولی طور سے بھاو بھید سے محروم بھگتی کے رجحان کی عظمت کا جو اہتمام کیا ہے اور واضح کیا ہے کہ کسی بھی جذبے سے، بھلے ہی وہ جذبۂ مخالف کیوں نہ ہو، تنہا صورت میں شائق ہوئے پر وہ یقیناً ہی خواہش کی تکمیل پر کاملیت حاصل کرتا ہے، یہی سورداس نے شاعری کی وساطت سے ظاہر کر دیا۔ شری کرشن لیلا کے سبھی جذبے طرح طرح کے جذبات سے مغلوب ہوکر مکمل سپردگی کی وہ کیفیت پیدا کرتے ہیں جس کی تعلیم گیتا نے دی ہے۔ لیکن سور کی شاعری میں تعلیم دینے کا کوئی سوال ہی نہیں ہے۔ شعریت سے وہ کہیں نہیں گرتا۔ اسی کی وساطت سے وہ انا کے چھوڑنے کے جذبہ کو آخری انجام پر پہنچا کر ایک طرف محبت کی سچی مثال پیش کر دیتا ہے، تو دوسری طرف عشق حقیقی کی اس منزل پر پہنچا دیتا ہے جہاں معرفت اور ترک دنیا سے کامل واقفیت ہو جاتی ہے۔

محبت کے فطری طریقے سے مذہبی تعلیم اور معرفت میں اس کا جھکاؤ سورداس اس لئے ممکن بنا سکے کہ ان کے احساس کے شری کرشن نہایت افضل سروردات حقیقی ہیں۔ گیتا نے یوگی کرشن کو شری مد بھاگوت میں «مظہر پر اروحدانیت» کہہ کر ان کے عارف ہونے کا جو اشارہ دیا ہے اور اسے لے کر ولبھاچاریا نے روحانیت کا جو تصور پیش کیا اسی کے بہ موجب سورداس نے ان کی آنند لیلا (سرور بالذات) کا تفصیل سے ذکر کیا۔ *ان کی بہشت 'نتیہ ورنداون لیلا کو'* (नित्य वृन्दावन लीला को) زمین پر اتار کر انہوں نے *آنند کریڑا* (سرور رقص) میں محو کرشن کو انسان کی خصلت کے ساتھ ساتھ واجب الوجود کی پوشیدگی سے ہمیشہ محیط رکھا۔ یہاں پر انہیں مہارت شعری کے سب سے بڑے چیلنج کا سامنا کرنا پڑا۔ بشر اور واجب الوجود کے بالترتیب حواس خمسہ ظاہری و باطنی، رقص و سرور میں استغراق، انسانی کاروبار میں فطری دلچسپی اور ان کے تئیں مکمل بے تعلقی، ان لازم و ملزوم مخالف صفات کو سورداس نے کرشن کے کردار میں ایسے دل چسپ طریقے سے شامل کیا ہے کہ ان کی محبت کے متوالے برج

واسی متحیر تو ہوتے رہتے ہیں لیکن ان کے دل میں عبادت کا عملی جذبہ کبھی پیدا نہیں ہوتا، البتہ اُن کا جذبۂ محبت، چاہے وہ کسی نوع کا ہو، زیادہ پختہ ہوتا جاتا ہے ۔ تحیر کا احساس ان کے جذبۂ محبت کو بلند ضرور کرتا ہے، انہیں ایسا اعتقاد ضرور دیتا ہے کہ یہ جذبۂ محبت کرشن کو چھوڑ کر کسی دوسرے کے لئے نہیں ہے، لیکن وہ اپنی اِنسانی فطرت کو چھوڑ کر ان کے اور کرشن کے درمیان رواقف پیدا کرنے کا باعث کبھی نہیں بنا ۔ یہاں تک کہ برج سے متھرا چلے جانے کے بعد بھی جب کرشن کی لیلا کا ظاہری روپ عیاں ہو جاتا ہے اور وہ سرور بالذات کے بجائے بربادی اور نجات کی لیلا (ماری) میں لگ جاتے ہیں اور خود نند سے کہہ دیتے ہیں کہ ہمارا باپ بیٹے کا تعلق اب ختم ہوگیا ہے تب کوئی برج واسی ۔ نند، گوپ، یشودا گوپی ۔ اپنے جذبۂ محبت سے ذرا بھی نہیں ڈگمگاتا، بلکہ اس کی محبت مزید بڑھتی جاتی ہے ۔ شری کرشن کا بدلا ہوا روپ ان کے برج وربداوں کے باہر کے عمل اور ان کے دو ٹوک اقوال کو برج واسی صحیح جانتے ہی نہیں ۔ دراصل سورداس بھی انہیں صحیح نہیں سمجھتے ۔ ان کے لئے صحیح تو وہ روحانی خوشی ہے، جسکے مظہر سری کرشن ہیں ۔

اسی روحانی سرور کو سورداس نے عوام میں پھیلا دیا اور کرشن لیلا کی حقیقت کو عوام الناس میں بھر دیا ۔ قرون وسطیٰ کے سنہری دور کو مفید بنانے میں سورداس کی صلاحیت کو بے مثال ماننے کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ انہوں نے سری کرشن لیلا کی حقیقت کو بشری اَحساسات سے اس طرح بھر دیا کہ وہ عوام الناس کی زندگی کے بے حد قریب آ کر ان کے حسن فطرت کے رجحان کو بیدار کر سکا اور ان میں حرکت پیدا کر سکا ۔ اسی سے تحریک پا کر شاعروں، موسیقاروں، عوامی ناٹک کاروں اور مصوروں کا ایسا سلسلہ قائم ہوا جو مثبت اور منفی انداز میں ہی سہی، آج تک قائم ہے ۔ ہزاروں شاعر، موسیقار، راس لیلا کے فن کار (اداکار) اور مصور زبان کے اِمتیاز کے بغیر تمام شمالی ہند میں چار سو برس تک پیدا ہوتے رہے ۔ ان کے فنی شہ پارے عوام سے لے کر محلوں تک عزت حاصل کرتے رہے ۔ ہندی کی بھگتی شاعری اور اس میں بھی 'شری کرشن کاویہ' کی خصوصیت یہ ہے کہ اسے اعلیٰ درجے کا یا معیاری کاویہ نہیں کہا جا سکتا ۔ راج درباروں میں جا کر بھی اس کی اپیل عوام کے اَحساسات سے علاحدہ نہیں ہوئی ۔ بھارت کی ادبی و تمدنی تاریخ میں پہلے ایسا کبھی نہیں دیکھا گیا ۔

خداداد شعری صلاحیت سے پر سورداس کی سب سے زیادہ عظمت اس بات میں ہے کہ بے ارادہ اور بغیر کوشش ہی ان کے ذریعے ایک عظیم دور کی تعمیر ہو گئی اور وہ خود اس دور کی عوامی زندگی میں رچ بس کر اس طرح کھو گئے گویا ان کا کسی زمان و مکان سے تعلق ہی نہ ہو ۔ ان کے کوئی ماں باپ ہی نہ رہے ہوں ۔ خود سپردگی (ترک ذات) کی

اس ہندوستانی یا کسی صنف میں مقبول شعری روایت میں قرونِ وسطیٰ کے شعرا بہت آگے بڑھے ہوئے ہیں اور ان میں سب سے پہلے سورداس ہیں، جن کا نام اور جن کی مقبول عام شخصیت زبان زد عام ہوکر، بکھر گئی۔ یہاں تک کہ اس اصل شاعر سورداس کو تلاش کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ یہی حال ان کے کارنامے کا ہوگیا ہوتا، اگر اس کی زبان دانی کا تشخص نہ ہوتا۔ یہ زبان دانی ہی ہے ان کے سر سے کافی گئی شری کرشن لیلا، جسے مزید واضح کرنے کے لئے کہنا چاہئے رادھا کرشن لیلا۔ اسی لیلا کی نغمہ سرائی کے اندر سے سورداس کی شخصیت کی تصویر ابھرتی ہے اور بہت کچھ وہ غبار ہٹ جاتا ہے جو ان کے کارنامے کی مقبولیت کے نتیجے میں اس میں شامل ہوتا رہا ہے اس ملاوٹ میں سورداس کے نام سے منسوب مشہور عام سنی سنائی کہانیاں بھی شامل ہیں۔

سورداس کے عمل کا سب سے زیادہ فائدہ بھجا مہا پربھو ولبھاچاریا کو، جو ان کے گرو کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ ان کے قائم کردہ وشنو فرقے کے پشٹی مارگ نے سورداس کو جس طرح اپنایا اور ان کی شاعری کو جس وسیع پیمانے پر استعمال کیا، اس کی کوئی مثال نہیں مل سکتی۔ مگر قابل ذکر بات یہ ہے کہ سورداس کی شاعری میں نہ تو بانی فرقہ ولبھ کا نام آتا ہے اور نہ ان کے فرقے کا یا اس کے اُصولوں کی وضاحت۔ پشٹی مارگ ہی کیا، کسی دوسرے فرقے یا عقیدے کو ان کی شاعری میں کوئی مقام حاصل نہیں۔ فلسفۂ مذہب سے اس طرح جڑے ہوئے شاعر کی مثال نہیں ملتی۔

سورداس کی کرشن لیلا گانے کی روایت کی ابتدا کرنے والے پشٹی مارگ کے خاندانی معبود مطبوع شری ناتھ جی کی خدمت میں انہیں کی طرح نذرانۂ عقیدت پیش کرنے والے ان کے کئی سادھی بھگت شاعر تھے، جن کی مجموعی تعداد آٹھ تھی اور جو 'اشٹ چھاپ' (ہشت س) کے لقب سے مشہور ہیں۔ لیکن ان میں یا ان کے علاوہ کرشن بھگتی کے متعدد فرقوں سے منسلک یا غیر منسلک ایک بھی ایسا شاعر نہیں ہوا، جس نے سورداس کی طرح کرشن لیلا کا باقاعدہ گاین کیا ہو۔ ان کی شاعری کی اپنی پسند کے مطابق تقلید کرنے والے شعرا کی کمی نہیں۔ ان کا سلسلہ تو زمان و مکاں کی وسعت میں برابر چلا آرہا ہے، مگر اس مکمل کرشن لیلا کو حکیمانہ انداز میں نظم کرنے میں بیشتر شعرا معذور رہے ہیں ان کے ہم عصر اور پیشرو سیکڑوں شاعروں میں کوئی ایسا نہیں ہوا جو ان کی تقلید کرتے ہوئے لیلا کی جامعیت اور اس کے توسط سے معکوس شری جذبات کو علامتی انداز میں بھی پیش کر سکتا۔

انسان کے خیالات، احساسات، ادراک اور عمیق روحانی محسوسات کو مرصع حاشیہ آرائی سے مثبت انداز میں معکوس کر کے سورداس کو عوام الناس کے ساتھ

قربت حاصل کرنے میں جو کامیابی ملی، وہی اصل میں ان کے دور کو سنہری دور بنانے کا بنیادی سبب ہے - انسان کو سادہ لوحی سے نکال کر بلند کرنا، تمام راحت اور لذت کو، حسن، محبت اور سرور کے پتلے شری کرشن کو پیش کرتے ہوئے زندگی کے مختلف کاموں میں مصروف ہونا اور اس طرح ادب، موسیقی اور فنون لطیفہ میں حظ اٹھانے اور اعلیٰ مرتبہ پانے کی سعی کرنا، یہی سور کی کرشن لیلا کے گاین کا دائمی پیغام تھا - اپنے اس مقصد کی تکمیل کے لئے ہی انہوں نے شری کرشن کی شکل میں بشری حسن کو حیرت انگیز مرتبہ دیا - بشری محبت کے گوناگوں متعلقات کو مختلف النوع موضوع دیا، ذات پات، مذہب وملت، عورت مرد وغیرہ کے امتیازات سے بے زاری کا اظہار کرکے بھگتی کی راہ میں بنی نوع انسان کو مساوات کی عملی مثالوں کے ذریعے تعلیم دی - قریبا قرن سے بے قدر اور کار ثواب سے محروم عورت ذات کے حقوق اور اہمیت کو واضح کیا اور اس طرح اعلیٰ انسانی مذہب کی تبلیغ کی - یقیناً وشنو بھگتی تحریک نے اصولوں کے قیام کے لئے موافق حالات پیدا کر لئے تھے - خود پشٹی مارگ کے جذبۂ بھگتی میں کچھ ایسے ہی جذباتی بھگت دل افراد کو اپنے حلقے میں لینے کی وسعت تھی، جو بنیادی طور پر مذہب اسلام کے پیرو تھے - وشنو بھگتی کی مسلمہ کشش اور پراثر ماحول کا یہ ثمرہ تھا کہ رسکھان اور تاج جیسے سب کچھ قربان کر دینے والے اعلیٰ مرتبے کے مسلمان کرشن بھگت اور شاعر پیدا ہوگئے تھے -

نشاۃ ثانیہ کے جذبے کے یہ بالکل موافق تھا کہ اس دور میں زندگی کے ظاہری پہلو کی بہ نسبت باطنی پہلو پر زیادہ زور دیا گیا - بھگت شعرا کے کلام میں خوش خلقی، سچائی، عدم تشدد، پرہیزگاری، حسن سلوک وغیرہ کو اہم ضرور گردانا گیا تھا، لیکن ان کا اصرار مشروع وممنوع (امروہی) کے برخلاف محبت پر کہیں زیادہ تھا - اس محبت پر حسن میں مکمل خود سپردگی ناگزیر ہے، کامل اعتماد حسن کی پہلی شرط ہے، محبت کا پیغام دینے والے پہلے بھگت شاعر کبیر تھے - لیکن ان کی محبت زیادہ تر عاشق کی مسکینی وناداری، خدمت گزاری، رحم دلی اور محبت کے مستحق کی محبت وعنایت پر منحصر تھی - اس میں قلبی گرم جوشی، فطری بہاؤ اور روحانی اعتقاد خال خال ہی ظاہر ہوا تھا - یہ خوش قسمتی سورداس کے حصے میں ہی آئی کہ انہوں نے محبت کے مکمل بشری احساسات کا استعمال کیا اور سولھویں صدی کو حسن، محبت اور موسیقی سے مرصع کرکے اسے نشاۃ ثانیہ کے عروج پر پہنچا دیا - انسان کا تخلیقی اور تعمیری رجحان فطری اور اسی کے سبب مکمل طور پر تب ہی تسکین پاتا ہے جب اس پر ممنوعات کی پابندی نہ ہو اور وہ بلا حیل وحجت عمل نیک کرسکے - اسی وقت انسانی قدریں پہچانی جاتی ہیں اور انسان اپنے ذہنی و فطری ماحول کے ساتھ سچی دوستی اور مشابہت کی آزمائش کر سکتا ہے - سورداس کی شاعری اس مشاہدے کا اعلیٰ ترین ثبوت ہے -

اگرچہ شہنشاہ اکبر اور سورداس میں کوئی ربط و ضبط نہیں تھا، کیوں کہ شہنشاہوں کے جاہ و جلال کے ساتھ بھگت شاعر کا کوئی سمجھوتا ممکن ہی نہ تھا، پھر بھی اس دور کے احساسات سے شہنشاہ کو بلاشبہ فائدہ پہنچا، جس کی تعمیر میں سورداس کی اعلیٰ صلاحیت کام آئی تھی ۔ شہنشاہ کے پس پشت کرشن بھگتی کے مبلغ فرقوں کو، جس میں پشٹی مارگ کا مقام خاص اہمیت کا حامل ہے، پوری سرپرستی حاصل رہی اور یقیناً اس کا فائدہ سورداس کی تخلیقی صلاحیتوں کو ملا ۔ لیکن تعمیر دور کا حقیقی افتخار عوام الناس کو متحرک کر کے اسے فعالیت کی طرف گامزن کرنے والے ہی کو حاصل ہونا چاہیے ۔

لیکن تاریخ کے پہیے کی گردش رکتی نہیں ۔ پریم، روماس کے شیریں جذبات کو مدہوش کرنے والے مطلق العنان نشاۂ ثانیہ کے بعد، اصلاح پسندی کے دور کا آغاز ہوتا ہی ہے ۔ روحانیت کا مشاہدہ دائمی نہیں ہو سکتا، اس کا فطری احساس جب کم ہونے لگتا ہے اور اس کی غیر مجرب تقلید ہونے لگتی ہے، تب اس میں پہیے کے لئے یکسانیت پیدا ہو جاتی ہے، اس کا طبعی سرور زمانۂ ماضی کی شے بن جاتا ہے ۔ سورداس کی کرشن لیلا گاین کے ذریعے فلسفۂ مذہب اور پریم بھگتی سے منظم مطلق العنانیت کے جذبے کا فطری زور جب کم ہونے لگا تو ایک طرف اس کی تقلید پر آمادہ کرنے والا سیلاب آ گیا تو دوسری طرف اس میں فرقہ وارانہ اصول پرستی پیدا ہوگئی، تو یہ فطری امر تھا کہ اس کا سحری پہلو اور مذہبی فلسفیانہ پہلو آپس میں ایک دوسرے سے الگ الگ ہو جائے اور ایک طرف فلسفۂ مذہب کے تاریک پردے کے پیچھے کرشن رادھا کو نایک نایکا (ہیرو، ہیروئن) بن جانا پڑا اور دوسری طرف روکھے پھیکے مذہبی درس نظم ہونے لگے ۔ ایسی حالت میں سورداس کی ایک ہی نسل کے بعد تلسی داس کو پھر سے شاعری اور فلسفۂ مذہب کے ملاپ کی تدابیر کرنی پڑیں ۔ لیکن شاعراعظم تلسی داس کے ذریعے کیا گیا ملاپ شاعرانہ صفات سے مزین ہوتے ہوئے بھی بھگتی دھرم اور اخلاقی نیکی کی تعلیم پر زور دینے والا ثابت ہوا اور اس نے تلسی داس کو ایک زبردست سماجی مصلح اور قائد کے روپ میں مامور کیا ۔ تلسی داس نے پریم بھگتی کی عظمت کو اعلیٰ ثابت کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی اور ارفع درجے کی بھگتی کے زندہ نمونے پیش کئے، لیکن ان کی پریم بھگتی مجموعی حیثیت سے جذبۂ عجز اور جذبۂ بندگی سے مانع رہی ۔ سیتا اور رام کے رشتۂ محبت نے بھی رن وشو کا وہ نمونہ پیش کیا جس میں ایک طرف مرد عورت کا محافظ ہے، اس کا آقا ہے اور اس کی جدائی میں دکھی ہوکر بھی مرد کی شان سے گر جانے پر شرم کا احساس کرتا ہے ۔ تو دوسری طرف عورت مرد کی بے مثال خادمہ بھی ہے وہ سرتاپا مرد پر قربان اور اس کی مہربانی کی طالب ہے ۔ لہذا تلسی داس کو کرشن کی مترنم پریم بھگتی کے

خطروں سے آگاہ کرنے کی فکر زیادہ تھی ـ اسی لئے انہیں ابھی 'کرشن گیتاولی' میں کرشن کی صفات کی ترجمانی کرتے ہوئے بھی آزاد اور مطلق العنان محبت کی عکاسی کرنے میں پس و پیش ہوا، جس پر سورداس پاکئ باطنی سے بلا کسی شک، رکاوٹ یا تفاوت کے جان و دل، فہم و ادراک اور روح کی گہرائی سے قربان ہو رہے تھے ـ سورداس نے مکمل جذبۂ بھکتی سے محبت میں، محبت کے سوائے کسی بیرونی فکر سے امتیاز کی تقسیم کو یک لخت ناقابل قبول ٹھہرایا اور بلا جھجک کے عورت مرد کی مساویانہ محبت کے گہرے تعلقات کی زندہ تصویریں پیش کیں ـ یہ کام غیر معمولی نوعیت کی ذمے داری کا تھا ـ ایسی ذمے داری حقیقی شاہ ثانیہ کے جذبے سے معمور شاعر ہی پوری کر سکتا ہے ـ لیکن شاہ ثانیہ کے جذبے سے پر کیا کسی دوسرے شاعر کی مثال ملے گی جس کی مطلق العنان محبت کی ایسی لامحدود، آزاد اُمنگ ہو اور وہ مذہب اور روحانیت کی اس مرعوب زمین پر بھی ظاہر ہو، جس کی وجہ سے سورداس کی شاعری اپنے شعری صفات سے ہی مذہبی بن گئی ـ مذہب اور شاعری کا کہیں منہ نہ موڑ کر کارثواب سمجھتے ہوئے پریم مارگ کا اختلاط سورداس جیسا شاعر ہی انجام دے سکتا تھا ـ ایسا شاعر عوام کے دلوں میں روحانی جذبے کی عظمت پیدا کرتا ہے ـ نعرے بازی کا اعتقاد نہیں، جو بلاشبہ تکلیف دہ ہوتا ہے ـ یہی سبب ہے کہ سورداس اپنے دور کے اپنے ہی حسن، محبت اور مٹھاس کے جذبے میں گھل مل کر کھو گئے ـ باہر آ کر معبود سے کی خواہش کا ان میں شائبہ تک نہیں ملتا ـ

مترجم : التماس صابر مارہروی

سورداس اور اُن کا لیلاگان
("کالی دمن لیلا")

ڈاکٹر وسنت رام کرشن دیو

'چوراسی ویشنوؤں کی وارتا' سے پتہ چلتا ہے کہ سریمد ولبھاچاریہ کے ترغیب دلانے پر سورداس نے گھگھیانا چھوڑ کر بھگوت لیلا کے گیت گانا سروع کئے — حود ولبھاچاریہ نے سریمد بھاگوت کے تیسرے باب کی سرح میں بھگوان کی لیلا کی یہ تعریف کی ہے کہ ان کے حظ اٹھانے کی حواھش کا نام ھی لیلا ہے — یہ ایک ایسا عمل ہے حو قابل تعریف بھی ہے اور بلا حوف بھی — یہ دل کی باطنی مسرت کا احساس دلاتا ہے —

لیلا کے حدبے کی باطنی کسش کی بنیاد پر ہم سری کرسن کی ان لیلاؤں کو تو آسانی سے قبول کر لیتے ہیں حو دنیاوی درحھد مسائل سے مبرا ھیں اور اسی باعث حصوصاً حداگانہ ھیں، جیسے راس لیلا، دان لیلا وغیرہ لیکن شری کرسن نے برج میں رہ کر متعدد ظالموں کو قتل کیا تھا اور چونکہ یہ فعل مفاد عامہ کے تحت کیا گیا عمل ہے اور 'لیلا' کے عام مفہوم سے میل نہیں کھاتا، اس لئے اقدام قتل کو 'لیلا' کہنے میں تکلف ھوتا ہے — لہذا اسی تردد کو دور کرنے کے مقصد سے کہا گیا ہے کہ بھگوان کا ایک روپ وہ بھی ہے حو 'معراج انسانی' کہلاتا ہے — حس میں بھگوان وید دھرم کی سرپرستی کرتے ہوئے حدود کو قائم کرتے ھیں — مطلب یہ ہے کہ لیلائیں دو قسم کی ھیں:

(۱) انفرادی اور
(۲) احتماعی

آحر عالم علوی میں بھگوان کب تک اندی مسرت کی لیلا کرتے رھیں — وہ بھی اُکتا جاتے ھوں گے اور تمس طبع کی حاطر اُس مہابھارت میں حصہ لینے کے لئے آجاتے ھوں گے، حو ھماری آپ کی تحلیق ہے اور وراثت بھی — پھر بھی ایک سبہ باقی رہتا ہے — لیلا حواھش نفس ہے، قتل میں حدبۂ نفس کیسا؟ لیکن عوام میں 'لیلا' سے حو 'لیلیا' لفظ زبان زد ھوگیا ہے، وہ بتاتا ہے کہ قتل بھی کھیل کھیل میں کیا جاتا ہے —

سورداس اس اصل بحث کا عیب نہیں پکڑتے۔ دانش وری کے دعوے کا لحاظ کرتے ہوئے انہوں نے شری کرشن کو 'مکمل انسان' ضرور تسلیم کیا ہے۔ لیکن انفرادی اور اجتماعی لیلاؤں میں امتیاز نہیں رکھا ہے۔ امتیاز نہیں کیا، مگر غیر متسعرق کا عنوان بھی قائم کر دیا اور شعری تصنیف میں ایسے مثالاً بھی پیش کیا۔ نتیجتاً ان کے لیلا گان میں ایک گہری مدبرانہ مقصدیت ہوتی ہے، جو ایک ہی سطح پر قائم رہ کر معانی و مفاہیم کے قوس قزح کے سے رنگ جھلکاتی ہے۔ یہی تمہید ایک اور ضمن میں سورداس نے اس طرح پیش کی ہے:

سب بدھی اگم بچارھیں تاتیں سور سگن پد گاوے (۱-۲)
(सब बिधि अगम बिचारहिं ताते सूर सगुन-पद गावै ॥१/२॥)

سگن پد کی وساطت سے انہوں نے جو لیلا گان کیا، وہ خود لیلا گان کا نمونہ بن گیا ہے۔ یہی سبب ہے کہ سورداس کے ہم عصر اور ماقبل شعرا کا لیلا گان روکھا پھیکا معلوم ہوتا ہے۔

واجب الوجود کی حدود کا تعین کر لینے پر سورداس نے آخری نقطے تک اُسے نبھایا۔ یہ حقیقت سورداس کی شاعری کو عوامی مقبولیت بخشتی ہے۔ میرے خیال میں ایسا کرکے سورداس نے خالص شاعرانہ انداز سے بھگتی (محبت الٰہی) کی بے مقصد تحریک کی ہے۔ ان کی شاعری، خصوصاً لیلا گان، پیش رو عوامی شاعری بھی سی رہتی ہے اور دوسری طرف اُسی پل مافوق الفطرت گان بھی۔ اسی لئے مناسب ہوگا کہ ہم سورداس کے واجب الوجود کی ہیئت کا اعادہ کریں اور اگر ممکن ہو تو قدر و قیمت کی ایک اور نظر کا بھی تعین کریں۔

اگر غور کریں تو یہ بات سب سے پہلے سامنے آتی ہے کہ لیلا 'بے مقصد تصنیف' بھلے ہی کہی جائے، لیکن حقیقتاً یہ ایک بامقصد تصنیف ہے۔ کم سے کم دنیاوی معنوں میں تو ہے ہی۔ یہ تصنیف مجھے وہی چیز معلوم ہوتی ہے، جسے ناٹک (ڈراما) کی زبان میں 'ایکشن' کہتے ہیں۔ تھوڑی دیر کے لئے ایسے مان لیں تو یہ سلسلہ بن جاتا ہے:

(Action ⟶ Charactor ⟶ Incident ⟶ Story
Action inclusive of Charactors, leading
to an Incident and making of a Story.)

دوسرے لفظوں میں لیلا ایک کہانی ہے اور کہانی کہی جاتی ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ سورداس نے کرشن کی کہانی 'کہی' نہیں ہے، 'دکھائی' ہے۔ 'کہنے' کا ایک

انداز ہوتا ہے، 'دکھانے' کا دوسرا ۔ لیکن ایسے نہیں۔ بہتر ہوگا کہ ہم سورداس کی تصنیف لیلا اٹھا لیں اور اس کا اعادہ کریں ۔

ایک لیلا ہے 'کالی دمن لیلا' ۔ میں نے یہ لیلا اس لئے نہیں لی کہ آج کل 'بین الاقوامی سال اطفال' منایا جارہا ہے، بلکہ اس لئے لی ہے کہ یہ چھوٹی لیلا ہے اور عام طور پر متعارف بھی ہے ۔ یہ لیلا ناگری پرچارنی سبھا کی طرف سے شائع شدہ 'سورساگر' کے پہلے حصے کے دسویں باب کے پد نمبر ۵۲۱ سے ۵۸۸ تک یعنی ۶۸ پدوں میں مذکور کی گئی ہے ۔ اس کے دو عنوان دیے گئے ہیں :

(۱) کنول پشپ منگانا
(۲) کالی دمن لیلا

دو عنوان عجیب معلوم ہوں گے، کیوں کہ وہ دل کی دوئی کو ظاہر کرتے ہیں ۔ یہ طے نہیں ہوسکتا کہ یہ 'کنول پشپ آدان لیلا' ہے یا 'کالی دمن لیلا' ۔ مگر اصل میں وہ ہے 'کالی دمن لیلا' ہی ۔ اسی لئے اس کی ابتدا پد نمبر ۵۱۰ سے ماننا چاہئے ۔ تب پوری لیلا ۷۹ پدوں میں مکمل نظر آتی ہے ۔ اکھل بھارتی وکرم پریشد کے ذریعے شائع کی گئی 'سور گرنتھاولی' کے دوسرے حصے میں یہی لیلا پد نمبر ۸۵۸ سے شروع کی گئی ہے اور دو عنوان دئے گئے ہیں ۔ یہاں بھی اس کی ابتدا پد نمبر ۸۵۳ سے ماننا چاہیے، کیونکہ تب ہی گوناگوں لیلاؤں کی طرح، یہ بھی مکمل ہوتی ہے ۔ 'کالی دمن لیلا' شریمد بھاگوت کے علاوہ، دوسرے پرانوں میں بھی آئی ہے ۔

اس لیلا کا واقعہ مختصراً اس طرح ہے ۔

کرشن کو زندہ دیکھ کر کنس کو جان کا خوف ستاتا ہے ۔ وہ ناردجی سے شیام بل رام کو ختم کرنے کی ترکیب پوچھتا ہے ۔ نارد بتاتے ہیں کہ جمنا میں ایک سانپ رہتا ہے :

تہاں تے کنول منگاوھو
دوت پٹھای دیھو برج اوپر، نندھیں اتی ڈرپاوھو
پہپ لین جے ھیں نند ڈھوٹا، ارگ کرے تہاں گھات (۵۲۲-۱۰)

(तहँ तें कमल मँगावहु ।
दूत पठाइ देहू ब्रज ऊपर नन्दहिं अति डरपावहु ।
पुहुप लेन जैहू नन्द-ढोटा, उरग करै तहँ घात ॥१०/५२२॥)

کنس نے اسی وقت قاصد کے ذریعے حکم نامہ بھیجا ۔ نند یشودا سمیت برج واسیوں نے یہ حکم سنا تو اداس ہوگئے ۔ ادھر سری کرشن اپنے ساتھیوں کے ساتھ گیند کھیلنے

ہوئے جمنا کے کنارے پہنچے، اتفاقاً گیند ان کے ہاتھ سے پانی میں گر پڑی۔ گیند شری داما لائے تھے۔ انہوں نے شری کرشن سے گیند کا مطالبہ کیا۔ کرشن ندی میں کود پڑے۔ مقابلہ ہوا کالی (سانپ) سے، لڑائی ہوئی گھمسان اور آخرکار سانپ کو شکست دے کر اس کے پھنوں پر رقص کرتے ہوئے وہ ظاہر ہوئے۔ سانپ نے کوئی ایک ہزار گاڑی بھر کنول کے پھول دیے۔ نند نے پھولوں کے ساتھ دوسری سوغات بھی بھیجیں اور اپنی جان چھڑائی۔ ادھر 'کالی دمن' بھی ہوگیا، ادھر کنس کو اتنا صدمہ لاحق ہوا کہ سونا بھی محال ہوگیا۔

روایت ہے کہ سری کرشن گیند لانے کے لئے ہی جمنا میں کودے تھے۔ سانپ سے مڈبھیڑ ہوگئی تو انہوں نے اسے بھی سبق پڑھا دیا۔ کنول پشپ (کنول کے پھول) منگانے کا ذکر کہیں نہیں ملتا۔ لہذا پہلی بات تو یہ کہ کنول پشپ کی حکایت سور کی اپنی اپج ہے۔ کیونکہ سانپ کو شکست دینے سے پہلے اور بعد میں بھی کرشن گیند کی بات ہی نہیں کرتے۔ بلکہ یہ کہتے ہیں کہ مجھے کنس نے بھیجا ہے اور سوچتے ہیں کہ کنول بھی اسی کالی (سانپ) سے تڑواؤں گا۔ اگر وہ گیند مانگتے تو شاید سانپ ڈانٹتا پھٹکارتا ڈراتا اور گیند دے بھی دیتا۔ نہیں دیتا تو کرشن اسے توڑ مروڑ کر رکھ دیتے اور گیند لے کر چلے آتے، تو صرف کالی کا دمن (معلوم نہیں) ہوتا۔ کنس کا کیا ہوتا؟ یہاں تب ایک مزید کہانی جڑ جاتی۔ کنس کی ہلاکت کی طرف آگے بڑھتی کہانی کا سلسلہ ٹوٹ جاتا۔ اس سب کو سامنے رکھ کر سورداس نے کنول پشپ کی حکایت کا اضافہ کیا۔ تب بات بنی کہ پھول لاتے لاتے سری کرشن کی راہ میں ایک سانپ آگیا تھا، جسے انہوں نے ہلاک کر ڈالا اور گھر واپسی ہوئی۔ ایک قابل غور بات اور بھی ہے۔ کنس نے ترناورت کو بھیجا، کاگاسر کو بھیجا، ان سے پہلے پوتنا بھیجی گئی تھی۔ اور کوئی واپس نہیں آیا۔ سانپ کنس کا نمایندہ نہیں تھا۔ احسان فراموشی کے سبب جان کے خوف سے وہ رمنک دیپ سے فرار ہوکر جمنا میں آکر روپوش ہوگیا تھا، کیونکہ رسی سوبھری کی بددعا کے باعث گروڈ (عقاب) جمنا کے پانی کو چھو تک نہیں سکتا تھا اور اسی لئے سانپ حفاظت میں تھا۔ سورداس نے سیر حاصل فکری قوت کے زور پر کالی دمن کے موضوع کو کنس کی ہلاکت کے واقعے کے ساتھ جوڑ دیا ہے۔ کنس کو آگاہ کر کے کہ چاہے تمہارا نمایندہ ہو یا اور کوئی دوسرا جو زہر گھولتا ہو، وہ سب جو شیطانی طاقت کے زور پر زندہ ہیں، وہ فنا ہی کئے جائیں گے۔ اس طرح بے مقصد لیلا کو سورداس نے بامقصد لیلا بنا دیا ہے، لیکن یہ بھی نیم حقیقی ہی ہے۔

مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ 'کالی دمن لیلا' کا خاص مقصد خوف کا دبدبہ دکھا کر دلیری کی اہمیت ثابت کرنا ہے اور دلیری بھی اسی وقت پیدا ہوتی ہے جب

خدا مہربان ہوتا ہے، اسی مقصد کے لئے سورداس نے سانپ کا استعمال خوف کی علامت کے طور پر کیا ہے۔ خوف اوجھل ہوتا ہے۔ متعدد ذرائع سے اپنی جھلک دکھاتا ہے اور اس کا رنگ کالا ہے۔ وہ سانپ بن کر ہمارے دل کی جمنا کے اندر چھپا رہتا ہے اور اس کی ہر پھنکار ہمیں دہشت زدہ اور ساکت و جامد کر دیتی ہے۔ سور کے ذریعے خوف کی وسعت کا مظاہرہ نہایت کشادگی کے ساتھ ہمارے سامنے آیا ہے۔ اس کی بنائی کئی رنگوں کے دھاگوں سے کی گئی ہے اور ابتدا ہی انہوں نے رات کے اندھیرے سے کی ہے۔ یہی نہیں، خوف کا پہلا حملہ کہانی کے ہیرو سری کرشن پر ہی ہوتا نظر آتا ہے۔

ہوا یوں کہ ایک رات شری کرشن سوتے سے اچانک جاگ جاتے ہیں، اور یشودا سے کہتے ہیں:

سپنے کودی پریو جمنادیہہ، کاہو دیو گرای (۱۰-۵۱۷)

(सपने कूदि पन्यौ जमुना-वह, काहू दियौ गिराइ ॥१० / ५१७॥)

نند یشودا کے سمجھانے پر سری کرشن تو پھر ماں باپ کے درمیان سو جاتے ہیں، لیکن اب نند یشودا پر خوف اپنا سایہ ڈالنا شروع کر دیتا ہے۔ سب سے پہلے

'سپنو سنی جننی اکولانی' (۱۰-۵۱۹)

(सपनौ सुनि जननी अकुलानी १० / ५१९)

یہ گمان ہے جو خوف کا پہلا زینہ ہے۔ اور گمان کو ہم ہنس کر ٹال دیتے ہیں۔ نند سے یشودا کہتی ہیں:

یا برج کو جیون یہ ڈھوٹا، کہہ دیکھو اہیں آجو؟
گای چراون جان نہ دیجیے، یاکو ہے کہہ کاجو؟
سور سیام بن جات چراون، ہنسی کرت سب لوگ (۱۰-۵۱۹)

(या ब्रज कौ जीवन यह ढोटा, कह देख्यौ इहि आजु ?
गाइ चरावन जान न दीजै, याकौ हैं कह काजु ?
सूर स्याम बन जात चरावन, हँसी करत सब लोग ॥१० / ५१९॥)

لیکن خواب صبح کا ہے، جس کی تعبیر سچ ہی ہوگی:

اہیں انتر بھنوسار بھیو (۱۰-۵۲۰)

(इहिं अन्तर भिनुसार भयौ १० / ५२०)

نسی کو سب دکھ بھولی (۱۰-۵۲۰)

(निसि कौ सब दुख भूलि १० / ५२०)

سب لوگ اپنے اپنے کام میں لگ گئے ۔ سند جمنا میں جا کے واپس ہوئے تو گھر میں گھستے گھستے چھینک آئی اور

'سور نند کہت مہری سوں، کہا آجو بچار !' (۱۰-۵۲۴)
(सूर नन्द कहत महरि सौं, कहा आजु बिचार ! (१०/५२४)

دائیں طرف سے کسی کی کلبلا سنائی دیتی ہے، دروازے پر کتا کان پھٹ پھٹانا دکھائی دیتا ہے اور

'ماتھے پر ہوے کاگ اڑایو' (۱۰-۵۲۱)
(माथे पर ह्वै काग उड़ान्यौ १०/५२१)

یشودا کا راستہ کاٹ جاتی ہے مجاری (بلی)، سن پڑتا ہے کھرکھر (۱۰-۵۲۰) 'کبھی بھیتر، کبھی باہر آوتی، کبھی انگن ماہیں بھاوی' (۱۰ - ۵۲) جوف کیکڑے کی چال چلتا ہے !

ادھر کنس بھی خوف زدہ ہے ۔ اتنا خوف زدہ کہ نارد کا کہنا ایک دم مان لیتا ہے ۔ نارد نے کہا تھا کہ نند کو ل کے پھول لانے کے لئے کرشن بل رام کو بھیجیں گے، جنھیں سانپ آناً فاناً میں چٹ کر جائے گا ۔ عقل کا مارا کنس یہ بھی نہیں پوچھتا کہ نارد جی ! اگر نند کرشن بل رام کی جگہ کسی دوسرے کو بھیج کر پھول منگا لیں، تو ؟ خوف اور عمل و دانش میں تین اور چھے کی نسبت ہے ۔

جمنا میں کودتے ہی کرشن کو سب سے پہلے نظر آتی ہیں سانپ عورتیں ۔ بھجنگ ناتھ (ادھمی) کی بیویاں ہیں، چوبیس گھنٹے خوف میں ڈوبی اچھلتی ۔ کیوں کہ سانپ بیدار ہوتے ہی جو جماہی لیتا ہے تو دس پانچ کو تو یوں ہی نگل لیتا ہے ۔ اس کے بعد نظر آتا ہے کالی (سانپ) ۔ جیوں ہی سری کرشن کی لات کھا کر آنکھ کھلتی ہے تو یہ سوچ کر 'اٹھیو اکولای' کہ آ گیا میرا دشمن عقاب ! لیکن ایک بچے کو دیکھ کر بے یقینی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے ۔ لڑائی کے دوران سانپ نے سری کرشن کو جکڑ لیا اور اچھلنا شروع کیا ۔ اس کی وجہ ایک دوسرے قسم کا خوف ہے ۔ کرشن نے اس کی دم دبا رکھی ہے، اسے وہ چھپائے ہوئے ہے ۔ کہیں ناگنیں، اس کی بیویاں دیکھ لیں تو ؟ (۱۰-۵۵۵)

ایک کروڑ کی جگہ پر تین کروڑ کنول کے پھول، دھی اور مکھن لدوا کر جب نند کے گوالے کنس کے یہاں پہنچتے ہیں تو :

سنت یہ بات، اتورات او ڈرت من، محل تیں نکسی نرتپ آیو آئے (۱۰-۵۸۴)
(सुनत यह बात अतुरात औ डरत मन, महल तें निकसि नृप आयु आए ॥१०/५८४॥)

کنس سوچنے لگا :

لالی تیں یے کیوں بچی پائے ؟
تاھی پر دھری کنول لدائے، سہس سکٹ بھری سیال پٹھائے
ایک بیال میں انہیں بتائے، کوٹی بیال مم سدن چلائے
گوالنی دیکھی من ھیں رس کاپیے، پنی من میں بھے انکر تھاپے
آپوھیں آپ نرپتی تھل تیاگیو، سور دیکھی کملنی اٹھی بھاگیو (۱۰–۵۸۰)

(लाली तैं ये क्यौं बचि पाए ?
ताही पर धरि कमल लदाए। सहस सकट भरि ब्याल पठाए ।।
एक ब्याल मैं उनहिं बिताए। कोटि ब्याल मम सदन चलाए ।।
ग्वालनि देखि मनहिं रिस कांपं। पुनि मन मैं भय अंकुर थापं ।।
आपुहिं आप नृपति थल त्याग्यौ। सूर देखि कमलनि उठि भाग्यौ ।।१० / ५८५।।)

کنس کو کنولوں کے بجائے سانپ نظر آنے لگے اور وہ بے ہوش ہونے کے قریب پہنچ گیا۔

آپ نے محسوس کیا ہوگا کہ سورداس نے خوف کا جو تانا بانا بنا ہے، اس میں شری کرشن سے لیکر کنس تک سبھی کرداروں کا احاطہ کر لیا ہے۔ یہ چکر شری کرشن کے خواب دیکھ کر دھشت زدہ ہونے سے شروع ہوتا ہے اور کنس کے اٹھ بھاگنے میں پورا ہوتا ہے۔ شعری تصانیف میں ایسے بوجھل ماحول کا ہونا ناگزیر ہے۔ اور وسیع و لطیف روپ میں اس کے وجود کا اظہار گہری شاعرانہ نظر کا مظہر ہے۔

میرے خیال میں تعمیر ماحول کی ایک بیرونی نظر ہوتی ہے اور دوسری اندرونی۔ بیرونی نظر میں شامل تعمیر ماحول مشت طرز پر کیا جاتا ہے، یہ بڑی معتدل نظر ہے۔ فنکارانہ نظر اندرونی وسعت میں ھی دیکھی جا سکتی ہے۔ اس کے اظہار کے کئی طریقے ہو سکتے ہیں۔ ایک قسم دھوپ چھانو کے رنگ کی ہو سکتی ہے۔ جس میں چھوٹے موٹے موضوع موروایت کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں، ان کے متعلقات مخفی رہتے ہیں، اور واقعے کے اختتام پر ھی ظاھر ہوتے ہیں۔ دوسری قسم کرداروں کی کج روی میں پوشیدہ ہے۔ پہلی قسم موضوع کی مدد سے واقعے کے گھماو تیار کرتی ہے، دوسری قسم ڈرامائی رنگ بھری ہوئی واقعے کو پرکشش بناتی ہے۔ ایک پر تجسس ہوتی ہے، تو دوسری ترنم ریزی سے پر۔ سورداس کے لیلا گان میں دونوں شیر و شکر کی مانند ہیں۔

اس لیلا کی ابتدا ملاحظہ فرمائیے : چھوٹی چھوٹی حکایتیں ہیں، ان میں کیسی وسعت ہے۔ کرشن خواب دیکھتے ہیں، نارد اور کنس تبادلۂ خیال کرتے ہیں، نند

جمنا میں جا کر آتے ہیں، کرشن کھیلنے جاتے ہیں، گیند نکالنے کی خاطر ندی میں چھلانگ لگا دیتے ہیں ـ ان موضوعات میں باہمی ربط بھلے ہی ہو، مگر وہ ایک دم کھل کر سامنے نہیں آتا ـ یہ تو بعد میں سمجھ میں آتا ہے کہ خواب، بدشگونی اور سرکاری حکم وغیرہ کی پیش بندیاں ایک کشمکش پیدا کرنے والے عناصر ہیں ـ ان عناصر کو نمایاں کرنے کے لئے ساوتی ڈرامائی انداز پیدا کرنے کے فن میں سورداس یکتا ہیں ـ کنس کا قاصد آکر سرکاری حکم سناتا ہے ـ کنس نے اتنا ہی کہا تھا کہ پھول منگوائے ہیں، فوراً بھیج دیں، کل ہی ـ قاصد جا کر کہتا ہے کہ مہاراج کنس کا حکم ہے :

جو موکوں نہیں پھول پٹھاوھو، تو برج دیہوں اجاری
مہر گوپ اپ نند نہ راکھوں، سب ہی ڈاروں ماری
پہپ دیھو تو بنے تمہاری، واترو گئے بلائی
سور سیام بل رام جہارے، مانگوں ان ہیں دھرائی (۱۰-۵۲۶)

(जो मौकों नहिं फूल पठावहु, तौ ब्रज देहुँ उजारी।
महर गोप उपनन्द न राखौं, सबहिनि डारौं मारी।।
पुहुप देहु तौ बनै तुम्हारी, वासर गए बिलाई।
सूर स्याम-बलराम तिहारे, माँगौं उनहिं धराई ।।१० / ५२६।।)

وہی بات ہے کہ بڑے میاں تو بڑے میاں، چھوٹے میاں سبحان اللہ !

ساوتی ادا ایک دوسرا عمل بھی ہے ـ سب کچھ جان کر بھی انجان بن جانا ایک پرلطف کیفیت ہے ـ کنس کا حکم سن کر نند مغموم ہو جاتے ہیں ـ کرشن یشودا سے پوچھتے ہیں : ماں کیا بات ہے؟ یسودا جواب دیتی ہیں : جا ! اپنے باپ سے پوچھ ـ کرشن باپ سے کہتے ہیں :

موسوں کہو بات بابا یہ، بہت کرت تم سوچ بچار (۱۰-۵۳۰)
(मोसौं कहौ बात बाबा यह, बहुत करत तुम सोच बिचार ।।१० / ५३० ।।)

نند کہتے ہیں :

جب تیں جنم بھیو ہے تمہرو، کیتے کربر ٹرے کنہائی
سور سیام کلدیوں تم کوں، جہاں تہاں کری لیو سہائی (۱۰-۵۳۰)
(जब तें जनम भयौ है तुम्हरौ, केते करबर टरे कन्हाई।
सूर स्याम कुलदेवनि तुमकौं, जहां-तहां करि लियौ सहाई ।।१० / ५३०।।)

اب کرشن کا جواب ہے :

تمہیں کہت کوؤ کرے سہای
سو دیوتا سنگ ہیں میریں، برج تیں انت کہوں نہیں جای
وہ دیوتا کنس مارے گو، کیس دھرے دھرنی گھسیای
وہ دیوتا مناوھو سب ملی، ترت کنول جو دیی پٹھای (۱۰-۵۳۱)

(तुमहिं कहत कोउ करै सहाइ।
सो देवता संगहिं मेरैं, ब्रज तें अनत कहूँ नहिं जाइ।
वह देवता कंस मारैगौ, केस धर धरनि घिसियाई।
वह देवता मनावहु सब मिलि, तुरत कमल जो देइ पठाइ ॥१० / ५३१ ॥)

آپ نے غور کیا ہوگا کہ سورداس کرشن کی زبان سے ہی ان کی مافوق الفطرتی کا تذکرہ کرا رہے ہیں، لیکن معمولی طریقے سے نہیں، کیونکہ نند کا دل کہیں اور ہے اور کرشن بچے ہی تو ہیں، وہ ہوتے ہی ہیں چرب زبان! کون توجہ کرتا ہے ـ ڈرامے کے سے انداز پر وہ ایک دوسرا ہی رنگ جما رہے ہیں ـ

موقع محل کی مناسبت سے ڈرامائی انداز پیدا کرنے کے مواقع سورداس کبھی نہیں جانے دیتے ـ اس کے لئے وہ خلاف واقعہ منظر نگاری کا سہارا لیتے ہیں ـ خواب دیکھ کر ڈر جانے والے کرشن آخرکار ماں باپ کے درمیان اطمینان سے سو جاتے ہیں اور نند یشودا ابھی پریشانی کے غور و فکر میں ڈوب جاتے ہیں ـ ایک صبح آخر ایک ہیبت ناک سانپ کو ہلاک کر دیتا ہے مگر نند سرکاری حکم سن کر ہی سر پکڑ کر بیٹھ جاتے ہیں، برج واسیوں کو بلاتے ہیں اور کہتے ہیں :

موھیں نہیں جی کو ڈر نیکو ہوں، دوؤسُت کوں ڈر پاؤں
گاؤں تجوں کہوں جاؤں نکسی لے، اس ہی کاج پراؤں (۱۰-۵۲۸)

(मोहिं नहीं जियकौ डर नंकुहूँ, दोउ सुत कौं डर पाउँ।
गाउँ तजौं, कहूँ जाउँ निकसि लै, इनहीं काज पराउँ ॥१०/५२८॥)

اور یشودا ؟

سور سیام کوں برجتی ماتا، باھر جان نہ دیئی (۱۰-۵۲۸)

(सूर स्याम कौं बरजति माता, बाहिर जान न देइ ॥१० / ५२८ ॥)

وہی نند یشودا اور برج باسی کرشن کے پھول تڑوا کر لانے کے بعد یہی سوچتے ہیں :

بڑی بات بھئی کنول پٹھائے، مان ہوں آپن جل تیں لیائے (۱۰-۵۸۸)

(बड़ी बात भइ कमल पठाए, मान हुँ जल तैं ल्याए ॥१० / ५८८ ॥)

میں نے ابھی مافوق الفطرت کا ذکر کیا تھا ۔ مافوق الفطرت کا مظاہرہ سورداس کے لیلاگان کا ایک دلچسپ جز ہے ۔ اس کا استعمال وہ ناموروں جگہ پر بھی کرتے ہیں، اور اپنا مدعا بیان کر جاتے ہیں ۔ سوئے ہوئے سانپ کو جگانا، موت کو دعوت دینے کے مترادف ہے ۔ لیکن شری کرشن 'پونچھ پر لات دے، ابھی جگایو' (۱۰-۵۵۲) مصیبت کا مقابلہ کریں، یہ بھی مردانگی ہے ۔ لیکن وہ قسمت کا دھنی مرد ہے جو مصیبت کی دشواری محسوس کرلے، اس کے گھر پہنچے، اس کے بیوی بچوں کے سامنے اس کی دم پکڑ کر ریڑھ کی ہڈی توڑ دے ۔ سورداس روشنی میں لاتے ہیں کہ ایسا مرد 'خدائی نور' ہے ۔

شری کرشن سانپ کے ہر ایک پھن پر رقص کرتے ہوئے برآمد ہوتے ہیں ۔ ان کی نظر کرشن کے قدموں کی طرف جاتی ہے اور اس کا لیلاگان تھم جاتا ہے، کہانی پیچھے رہ جاتی ہے ۔ (خدا کی) تعریف کے پدوں میں ایک مشہور پد ہے ۔

چرن کمول بندوں ہری رای
سورداس سوامی کرونامے، بار بار بندوں تیہیں پای (۱ — ۱)

(चरन-कमल बन्दौं हरि राइ।
सूरदास स्वामी करुनामय, बार-बार बन्दौं तिहिं पाइ ॥१/१॥)

سورداس اسی کی تکرار کرتے ہوئے گاتے ہیں :

کالی ناگ کے پھن پر نرت، سنکرشن کو بیر
لاگ مان تھیئی تھیئی کری اگھٹ، تال مردنگ گمبھیر (۱۰ - ۵۷۰)

(कालिनाग के फन पर निरतत, सकर्षन कौ बीर !
लाग मान थेइ-थेइ करि उघटत, ताल मृदंग गँभीर ॥१०/५७५॥)

یہ گھگھیانا نہیں ہے ۔ اندرونی خوشی ہے جو دل سے پھوٹ رہی ہے ۔ یہ وہ شیرینی ہے جسے چکھ کر گونگا بولنے لگا ہے ۔

سورداس کی لیلاؤں میں تخلیقی سوجھ بوجھ یہ ہے کہ شاعر موضوع کا ڈھانچا ترتیب دیتے وقت بڑی عرق ریزی سے کام لیتا ہے ۔ نتیجتاً نافہم سہل انگاری قائم رہتی ہے ۔ یہی نہیں، ہیرو کرشن کے تئیں ایک روح مرا عقیدہ پیدا ہوتا ہے ۔ سورداس کی بھگتی عقیدت کی یہ اولین شرط ہے ۔ اس کی بڑی ہی دل کش مثال وہ موضوع ہے جب سری کرشن فکر کے اتھاہ سمندر میں مستغرق، ماں باپ کو چھوڑ کر کھیلن چلے کسور کنہائی' (۱۰-۵۳۲) ساتھیوں کو جمع کرکے، جیسے ہاتھوں میں گرمی پیدا کرنے کے لئے کہتے ہیں :

گیند کھیلت بہت بنی ہے، آنو کوؤ جای (۱۰-۵۳۲)
(गेंद खेलत बहुत बनिहै, आनौ कोऊ जाइ॥१०/५३२॥)

اور سب لوگ کھیلتے کھیلتے جمنا کے کنارے پہنچتے ہیں۔ یہ عمل قابل دید ہے:
گیند شری داما کی ہے۔ کرشن کی اس لئے نہیں ہے کہ وہ چھپ چھپا کر آئے ہیں۔
دوسرے گیند شری کرشن کی ہوتی تو کبھی جمنا میں نہ گرتی۔ دوسرے کی چیز
ہمیشہ گرائی، توڑی، کھوئی جاتی ہے۔ گیند شری داما کی نہ ہوتی تو پانی میں
گرجانے پر وہ کرشن کی کولیا بھر کر نہ کھینچتا اور نہ یہی کہ سکتا:

سبھو سیام! تمہوں سری ناہیں، ایسے گئے بلای
ہم سوں سر ہوت سورج پربھو، کمول دیہو اب آی (۱۰-۵۳۷)
(सुबह स्याम! तुमहूँ सरि नाहीं, ऐसे गए बिलाइ।
हमतौं सतर होत सूरज-प्रभु, कमल देहु अब आइ॥१०/५३७॥)

نہ کرشن کولیا چھڑا کر کدمب کے درخت پر چڑھتے اور نہ ساتھیوں کے چڑانے پر
'پتیابر کاچھے کودی پرے وہ میں بھہرای' (۱۰-۵۳۹) — اس ڈھانچے کی تعمیر
صرف کرشن کو ناگ تک پہنچانے کے لئے کی گئی ہے۔

سور کی لیلاؤں کا منظر نامہ اپنے طرز کا واحد ہے۔ اس میں موزونیت ہے،
اسی لئے وہ زمانۂ حال کے فلم کی تکنیک کی طرح ہے، جس میں ہر فریم میں، اس کے
کمپوزیشن کی اہمیت ہے۔ ہر فریم میں کیمرے کا زاویہ بدل جاتا ہے تو ہر شاٹ
ہی نیا ہوکر آتا ہے۔

ڈرے ہوئے کرشن کو سلانے کے بعد فیڈ آوٹ۔ پھر صبح کا فیڈ اِن۔ یشودا
تمام دن کام میں مصروف۔ کٹ ٹو ناردکس مکالمے۔ ڈرا ہوا کنس اور لطف لیتے
نارد۔ قاصد کی روانگی۔ کٹ ٹو شری کرشن، سوچتے ہوئے۔ کھیلنے جانا۔ پھر
کٹ ٹو نند۔ گھر میں قدم رکھتے ہی چھینک۔ قاصد کا نمک مرچ لگا کر کنس کا
حکم سنانا۔ نند کے دہشت زدہ چہرے کا کلوزاپ۔ اُدھر یشودا بے حال۔ کٹ ٹو
گیند کا کھیل۔

اک مارت اک روکت گیندھی، اک بھاگت کری نانا رنگ
ماری بھجت جو جاھی، تاھی سو مارت، لیت آپو داؤں (۱۰-۵۳۳)
(इक मारत, इक रोकत गेंदहिं, इक भागत करि नाना रंग।
मारि भजत जो जाहि, ताहि सो मारत लेत आपनो दावँ॥१०/५३३॥)

ان دو سطروں میں چھوٹے چھوٹے سطر ایک دوسرے سے جڑے ہیں۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ سورداس نے الفاظ کو تصویر کی صورت دے دی ہے۔ الفاظ کے بیان میں جامعیت بھی ہے اور یہی جامعیت تصویر کی صورت میں براثر بن جاتی ہے۔ منظر نہیں ہے، مگر ہمارے دیکھنے کی جگہ بدل جاتی ہے۔ تصویر کی نظر سے اس وقت سب کچھ تبدیل ہو جاتا ہے۔

'ہندی ساہتیہ کی بھومکا' میں پنڈت ہزاری پرساد دویدی نے سورداس کے بارے میں بڑے معرکے کی بات بیان کی ہے: 'سورداس بالغ بچے تھے۔' (ص: ۱۸، آٹھواں اڈیشن)۔ سور کا 'بچپنا' ہمیشہ قائم رہا اور شگفتگی بکھیرتا رہا۔ وہ 'بچپنا' تھا، اس لیے اس لیلا کے خاتمے کے لمحے میں یسودا کی ڈانٹ سن کر کرشن کہتے ہیں:

کس کنول منگاری پٹھئے تاتوں گے یوں ڈرای
میں کہیو نسی سپن توسوں پرگٹ بھیو سو آئی

(कस कमल मँगाइ पठए तातौं गयउँ डराइ।
मैं कह्यो निसि सुपन तोसौं प्रगट भयौ सु आइ।)

گوالوں کے ساتھ کھیلتا ہوا میں آیا جمنا تیر۔ کسی نے ڈھکیل کر 'ڈاری دیہو کالیادیہہ نیر'۔ جب سانپ نے ڈانٹ کر پوچھا: 'کن پٹھایو تو ھی؟ تو میں ڈر گیا اور 'میں کہی درپ کنس پٹھیو، کمل کارن موھیں۔' بس، اس نے ڈر کر کنول دے دیے، مجھے پیٹھ پر چڑھا لیا اور باقی تم نے دیکھا ھی ہے، مجھ سے کیوں پوچھتی ہو؟ (۱۰-۵۸۰)

اس کے بعد کا ماسٹر اسٹروک یہ:

برج باسی نسوں کہت کنہائی
جمنا تیر آجو سکھ کیجے، یہ میریں من آئی (۱۰-۵۸۱)

(ब्रज बासिनिसौं कहत कन्हाई।
जमुना-तीर आजु सुख कीजै, यह मेरैं मन आइ ॥१०/५८१॥)

پھر گھر گھر سے پکوان منگایا گیا، دودھ مکھن لایا گیا۔ عرض یہ کہ جمنا کے کنارے پکنک کا سماں بندھ گیا۔ کاش! اس پکنک میں، میں بھی ہوتا۔

یہاں تک میں نے تجربے کے طور پر سورداس کی ایک لیلا لیکر اس کی بناوٹ کو پرکھنے کی کوشش کی۔ ڈر کے مارے کئی ایک پہلوؤں پر غور نہیں کیا، جو ان لیلاؤں کی اوڈو وپزول شان کو ظاہر کرتے ہیں۔ جن میں راگ تالا شرت سنگیت خاص الخاص ہے۔ ان لیلاؤں کی بناوٹ کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ یہ متعلق پدوں کا مجموعہ نہیں ہے۔ بلکہ ڈرامے کے لوازمات موسیقی، مکالمے اور اداکاری ہیں اور اسی لیے عوامی علوم متعارفہ کے تصنیفی ضابطے کے تحت آتے ہیں۔ جس کی ترقی واشاعت کا سلسلہ ٹھیک سمجھ میں نہیں آتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گوناگوں لیلاؤں کی بناوٹ کا طرز 'کالی دمن لیلا' جیسا نظر آتے ہوئے بھی بہت کچھ جدا ہے۔ اگر تصنیف میں الفاظ کے وسیع استعمال کا تجزیہ کیا جائے تو ممکن ہے، بہت کچھ حاصل ہو جائے جو افکار کے ظاہری دکھاوے کے اس زمانے میں نامعلوم ہو گیا ہے یا بھگت شاعروں کی روحانی فکر میں گم ہو گیا ہے۔ یہی سبب ہے کہ سورداس کا تصنیفی عمل محققین کے لئے ایک چیلنج ہے۔ سور ساگر کے مطالعے کے بعد اگر تحقیق کا موقع ملے کہ بھگتی شاعری کی ابتدائی تحریک ہے یا شاعری ہی بھگتی کا نمونہ پیش کرتی ہے۔ تو یہ بڑی بات ہوگی۔

مترجم: التماس صابر مارہروی

سورداس کی ہندی ادب کو دین

ڈاکٹر سو۔ دی۔ پراڑکر

ہندی ادب میں سورداس کے نام سے مشہور شاعروں میں اشٹ چھاپی سورداس، سورداس مدن موہن اور سورداس بلومنگل تینوں معروف ہیں۔ سچ بات تو یہ ہے کہ 'سور' لفظ ہندی میں اندھے آدمی کے لئے مخصوص ہوچکا ہے اور اگر وہ شخص شاعر ہو تو فوراً شاعر سورداس کہلاتا ہے۔ یہ خصوصیت جس عظیم شاعر کی ترغیب دینے والی شاعری کے بل پر رواج پائی، جس نے ہندی ادب میں اتھاہ حسن کا ساگر بھر دیا اور جس کے سبب 'سور' سور، تلسی ششی، والا فقرہ ادب کے عالموں تک پہنچا، وہ اشٹ چھاپی سورداس ہی ہے، اِس میں کوئی شک نہیں ہے۔

یہ بات یقینی ہے کہ وہ سورداس بہلول لودی کے زمانے میں پیدا ہوئے تھے اور اکبر کے زمانے تک زندہ رہے۔ اِن کی زندگی کے حالات کے بارے میں معلومات کا صرف ایک ذریعہ ہے: پشٹی فرقے کا روایتی ادب، جسے پورے طور سے غیر مصدقہ نہیں کہا جا سکتا۔ اِس کی بنیاد پر کہا جاسکتا ہے کہ اِن کی پیدائش سیہی (ہریانا) نام کے گاؤں میں ایک غریب گھرانے میں ہوئی تھی۔ سورداس کے گرو کے پوتے یدوناتھ جی کے الفاظ 'تتو ورجس ماگے ہے سارسوت سورداسو برہمیٹ' کی بنیاد پر اِنہیں سارسوت برہمن ہی مانا جانا چاہیے۔ اِن کی تاریخ پیدائش کے بارے میں پشٹی فرقے کے 'سوشری آچاریاجی سو دس دن چھوٹے ہتے'[1] کو ناقابل اعتبار ماننے کا کوئی سبب نہیں دکھائی دیتا۔ یہاں آچاریہ کا مطلب پشٹی مارگ کے بانی شری والبھ آچاریاجی سے ہے، جن کی مصدقہ تاریخ پیدائش ویشاکھ کرشن ۱۱ سموت ۱۵۳۰ یعنی ۱۴۷۳ء ہے۔ لہذا سورداس کی، جو آچاریا کے زیرتربیت رہ کر پنتھ میں شامل ہوئے تھے، تاریخ پیدائش ویشاکھ شکل ۵ سموت ۱۵۳۰ (۱۴۷۳ء) ہی ثابت ہوتی ہے۔ شروع سے ہی کم مایگی میں پلے ہوئے سورداس پیدائشی اندھے بھی تھے۔ اس کے لئے ہم عصر شری ناتھ بھٹ جیسے شخص کے قول[2] کے ساتھ ساتھ 'جنم اندھ کیوں'، 'کرم ہیں جنم کو اندھوں کو موتے کون نکارو' جیسے شاعر کے کئی اقوال ثبوت کے طور پر پیش کیے جاسکتے ہیں۔ اس کے سبب وہ گھریلو ذمہ داریوں سے بھی بچے

1 'نج وارتا' شری گوکل ناتھ

2 'جنمادھو سورداسو بھوت'، سنسکرت مارگ مالا

رہے ـ اُن پر بچپن میں ہی گھر چھوڑنے کی نوبت آئی اور گھومتے گھومتے وہ متھرا میں بھگوان کرشن کی جائے پیدائش کے قریب گوگھاٹ رنکتا آئے اور وہیں بس گئے ـ شروع ہی سے وہ دنیا سے متنفر اور پرماتما کی طرف لو لگائے رہے اور عمر کے اٹھارھویں سال سے ہی ان کے سریلے گلے سے کویتا (شاعری) کا چشمہ پھوٹ پڑا تھا، جس نے لوگوں کے دل میں اُن کے لئے عقیدت کا جذبہ پیدا کیا تھا ـ 'چرن کمل بندو ہری رائی ـ جاکی کرپا پنگو گری لنگھے اندھے کو سب کچھ درسائی' اور 'ہمارے نردھن کے دھن رام' جیسے حمد کے پدوں کی رچنا ہوئی تھی ـ اتفاق سے اَڈیل سے گوکل جاتے ہوئے پشٹی مارگ کے بانی ولبھ آچاریہ جی گوگھاٹ پر اترے اور ایک عالم بھگت کا اندھے اور دیہاتی بھگت سے ملن ہوا ـ اِس نے سورداس کی زندگی کو بدل ڈالا ـ ولبھ آچاریہ جی نے بھاگوت کے 'پوشن تذکرہ' کی بنیاد پر سورداس کو بالک کرشن کی لیلا دیکھنے کی روحانی نظر عطا کی ـ 'سور ہے کہ وگھیات کا ہے کو ہے کچھ بھگوان لیلا ورن کرو' کہہ کر سورداس کے احساس کمتری کے جذبے کو ختم کردیا ـ تب سورداس نے آچاریہ ولبھ کے کنھیا کو بھگتی کی لگن کے ساتھ ساتھ متکلمانہ انداز میں اِس طرح باندھا کہ برج والوں کے آنگن میں قرن ہا قرن پیشتر ناچنے والا گوپال عوام کے دلوں میں ناچنے پر مجبور ہوا ـ یہ رقص ابھی تک چل رہا ہے اور چلتا رہے گا ـ یہ واقعہ سورداس کی عمر کے اکتیسویں سال میں رونما ہوا ـ

بعد میں گری راج پربت پر ولبھ آچاریہ جی کی ایما پر جو مندر بنوایا گیا، اس میں پشٹی فرقے کے پرمکھ ٹھاکر کے روپ میں شری ناتھ جی کی تنصیب ہوئی اور اُن کی سیوا کے لئے سورداس ایک پرمکھ کیرتنیا کے روپ میں مقرر ہوئے ـ فطری طور پر کیرتن کا یہ سلسلہ ہی سورداس کی رچنا کا منبع بنا ـ خود شری ولبھ آچاریہ سورداس کی بھگتی اور شاعرانہ صلاحیت سے متاثر تھے ـ وہ اس کو «سورساگر» ہی کہنے لگے ـ ممکن ہے کہ اِسی بنا پر سورداس کی عظیم تخلیق کو «سورساگر» کے نام سے موسوم کیا گیا ہو ـ

شری ولبھ آچاریہ کے بعد پشٹی فرقے کی سربراہی ان کے سب سے چھوٹے بیٹے گسائیں وٹھل ناتھ کے ہاتھ میں آئی ـ اِنہوں نے شری ناتھ جی کی خدمت گزاری کو فوقیت دی ـ شری ناتھ جی کی شان کو مزید ٹھاٹ باٹ سے سنوارا ـ مندر میں بھگوان کے آٹھ وقتوں کی آٹھ جھانکیوں کو قائم کیا اور آٹھ کیرتنیوں کی 'اشٹ چھاپ' کو مقرر کیا ـ اِس میں اُنھوں نے اپنے باپ کے چار شاگردوں سورداس، کنبھن داس، پرمانند داس اور کرشن داس کے ساتھ ساتھ اپنے شاگردوں گووند سوامی، چھیت سوامی، چتربھج داس اور نند داس کی روحانی تربیت کی ـ یہ سبھی مکمل شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ موسیقی کے ماہر تھے ـ فرقے میں یہ 'اشٹ سکھا' کے نام سے مشہور ہیں ـ

شری ناتھ جی کا کیرتن کرتے ہوئے سورداس نے سیکڑوں پد نظم کئے، جس سے اُن کی شہرت چاروں طرف پھیل گئی۔ اُسی زمانے میں بھارت سمراٹ اکبر نے اپنے درباری گایک تان سین سے سورداس کا پد سنا اور سورداس سے ملنا چاہا، متھرا میں ملاقات ہوئی، جس کا بیان 'اشٹ سکھاں کی وارتا' میں ملتا ہے۔ چوں کہ اکبر کا سوت ۱۶۲۳ یعنی ۱۵۶۶ء میں متھرا جانا ثابت ہے۔ ماننا پڑے گا کہ یہ ملاقات سورداس کی ضعیف العمری میں ہوئی۔ اِس وقت اُن کی زبان سے «مںارے تو، کر مادھوسوں پریت» یہ مترنم پد سن کر سمراٹ اکبر اُن کے قائل ہوئے۔ بعد میں اُنھوں نے اپنے بارے میں کچھ سنانے کو کہا۔[1] مگر سورداس ٹھہرے اُونچے مرتبے کے بھگت، جو 'پراکرت جن گن گانا' کو خطا مانتے تھے۔ 'سنتن کہاں سیکری سوکام' میں یقین رکھتے تھے۔ اکبر کے سوال کے جواب میں اُنھوں نے —

نا ھن رھیو من میں ٹھور
نند نندن اچھت کیسے آنیئے اُر اور
سیام گات سروج آنن للت آتی مرد ھاس
سور ایسے روپ کارن، مرت لوچن پیاس

یہ پد گاکر نند نندن کے تئیں اپنی شاعرانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا اور سوا اُن کے اِن کے من میں کسی اور کی جگہ ہی نہیں ہے۔ یہی بات سچے بھگت شاعر کے لہجے میں کہی، سمراٹ اکبر اُن کا لوھا مان گئے۔

سورداس اور تلسی داس کی ملاقات ہوئی تھی، اِس بارے میں اگرچہ اِختلاف نہیں ہے، پھر بھی وقت اور مقام کے سلسلے میں بڑا اِختلاف رائے ہے۔ بابا مادھوداس کے اصل نسخے 'گسائی چرت'[2] میں بتلایا گیا ہے کہ یہ ملاقات گوسوامی وٹھل ناتھ کی جگن ناتھ پوری کی مسافرت میں کامتاناتھ پربت پر سوت ۱۶۱۶ میں ہوئی تھی۔ تاہم عالموں کی رائے میں ھندی کے اِن دو عظیم شاعروں کا ملن، سورداس جہاں قیام کرتے تھے، اُس پاراسولی گاؤں میں سوت ۱۶۲۶ یعنی ۱۵۶۹ء میں ہوا، جب تلسی داس برج تشریف لائے تھے۔

بھگت سورداس نے بڑی طویل عمر پائی تھی۔ پشٹی فرقے کے پیروؤں کے کہنے کے مطابق وہ وٹھل ناتھ جی کے تمام ٹھاکروں کے چھپن بھوگ کے جشن تک

---

1 'اشٹ چھاپ' (سورداس کی وارتا) کے مرتب دھیریندر ورما۔
2 سولہ سوسولہ تگے کا مد گری ڈھگ بات ; شچی ایکانت پردیش مہ آئے سور سداس

(سنوت ۱۶۴۰ یعنی ۱۵۸۳ء تک) حیات تھے، جس سے اُن کی عمر ایک سو دس برس کی ثابت ہوتی ہے۔ شری مد بھاگوت کے اَنو بھاشیے کے دیباچے سے پتا چلتا ہے کہ سنوت ۱۶۲۸ میں اکبر اور سورداس کی ملاقات متھرا میں ہوئی تھی اور بعد میں سورداس چل بسے۔ 'سور نرنے' میں اُنہیں سنوت ۱۶۶۰ تک زندہ مانا گیا۔ پھر بھی یہ طے ہے کہ پشٹی مارگ میں جو تن دھن اور من سے تین طرح کی کرشن کی سیوا ناگزیر ہے، اُس میں سے من کی سیوا کے باب میں سورداس نے حیرت انگیز حق پایا تھا اور اُن کے آخر وقت، گوسوامی وٹھل داس نے 'پشٹی مارگ کو جہاج جات ہے سو جاکوں کچھو لےنو ہوئے سو لیئیو' کہہ کر اُن کی سراہنا کی تھی۔ بتایا جاتا ہے کہ اِس موقع پر اُن کے معاون چتربھج داس نے اُن کے ذریعے مہاپربھو ولبھ آچاریہ کی عقیدت میں نہ گائے جانے کی بات اُٹھائی تھی۔ اِس کے جواب میں «میں نے بھگوان اور مہاپربھو میں کوئی فرق نہیں سمجھا»۔ اِس جذبے کا اظہار کرنے والا یہ پد:

بھروسو اِن درڑھ چرنن کیرو
شری ولبھ نکھ چندر چھٹا بنو سب جگ ماہی اندھیرو
سادھن اور نہیں یا کلمیں جاسوں ہوت نبیرو
سور کہا کہی دبدھ آندھرو بنا مول کو چیرو

یہ پد گایا اور اپنے استاد سے عقیدت کا اظہار الفاظ میں کردیا۔ آخری پد 'کھنجن نین روپ رس ماتے' میں بھی اپنی آنکھوں کے 'ابھی گتی' میں اٹکے رہنے اور 'اُتر آئے اُڑی جاتے' کہتے کہتے اِس بھگت کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔

اِس طرح سورداس پشٹی مارگ میں ترتیب یافتہ تھے اور بعد میں 'پشٹی مارگ کے جہاجیے' کہلائے۔ یہ بھی صحیح ہے کہ 'جا پر دینا ناتھ ڈھرے، ہری کی کرپا جا پر ہوئی' جیسے پدوں میں پشٹی مارگ کے رواج کے مطابق 'اَنوگرہ' (مہربانی) کو سب سے اونچا مقام دیا گیا ہے اور سور کی گوپیوں کی شخصیت پشٹی مارگ کی بھگتی کے جذبے کی بنیاد پر متحد ہوئی ہے، کیونکہ گوپیوں نے خود کو مکمل طور پر بھگوان کے حوالے کر دیا تھا اور اُنھوں نے اپنے یکجائی پریم کی قوت بازو پر بھگوان کو بس میں کرلیا۔ 'نِگَم اَگم نگم' جس کو حاصل نہیں کر سکتے 'تاہی جسودا گود کھلاوے' جیسے فقرے بھی پشٹی مارگ کا تعارف کراتے ہیں۔ لیکن یہ بھولنا نامناسب ہوگا کہ سورداس متکبر نہیں تھے، وہ ایک سچے بھگت تھے۔ اُن کی تخلیقات میں نہ 'پشٹی' لفظ پایا جاتا ہے، نہ ولبھ آچاریہ کی اُستاد کا جوں کا توں ترجمہ۔ 'اچھر اَچیت اَوکار ہے، نراکار ہے جوئی۔ آدی انت نہیں جانیت، آدی

انت پربھو سوئی، جیسی لاوحدانیت کا عکس بھی سور میں دیکھا جاسکتا ہے ۔ 'مادھو جو، یہ میری اکب گائے' اور 'ہری تم مایا کو نگدیو' جیسے پدوں میں شنکر درشن کی طرح مایا کا بھی سور نے تذکرہ کیا ہے ۔ 'ہمو نمو ہے کرپا ندھان' ٹیک سے شروع ہونے والے پد میں اُنھوں نے علم کی دولت کا بھی بیان کیا ہے ۔ 'یہ سنسار سواسمبر جیوں سندر دیکھی لبھایو' کہنے والے سورداس دنیا کو 'نادرچھاہ' کی طرح فانی مانتے ہوئے بھی نظر آتے ہیں ۔

سب سے بڑی بات ہے سور کے ذریعے قائم شدہ رادھا کی عظمت، جو بھاگوت میں نہیں تھی ۔ ولبھ فرقے میں 'رادھا' کا دخل وٹھل ناتھ جی کے زمانے میں ہوا ۔ رادھا کو بھگوان کی لازوال قوت ماننے کی روایت چیتنیا مہاپربھو سے متاثر جے دیو، ودیاپتی اور چنڈی داس کی ہے، بھاگوت کی نہیں ۔ یہ وہ روایت ہے جس میں جے دیو کے 'ولاس کلاسو کتو ہلم' کی اہمیت ہے ۔ ہری کی سمرن (عبادت) کے ساتھ اُس کی اظہار کی علامتیں بھی ناگزیر ہیں ۔ یہاں اظہار کی علامت کا مطلب ہے، وہ توسل جس کے ذریعے 'لیپتے پرمانندے'[1] کی صورت پیدا ہوتی ہے ۔ جس کی مدد سے متوسل کے دل میں ہری کے مظہر سے قرب پانے کی چاہ ہوتی ہے ۔ دل میں 'سورو پارو ہتو' ممکن ہے ۔ 'سور سکل لیلا پد گاوے' میں لیلا سے مراد اُن مظاہر سے ہے ۔ یہیں جے دیو کے سور پر اثر کی بات آتی ہے ۔ جے دیو نے اگر شری کرشن کے ذریعے رادھا کو دل میں جگہ دینے اور دوسری برج ناریوں کو چھوڑنے کی بات اٹھائی ہے، تو سور بھی کہہ اٹھتے ہیں:

رادھا پیاری سنگ ایسے بھئے انتر دھانا
گوپی ہری دیکھیو نہیں، تب سب اکولائی

سورداس نے بھگتی کی بحث میں جے دیو، چنڈی داس اور ودیاپتی سے بہت کچھ پایا ۔ جے دیو کے 'چندن چرچ نیل کلیور پیت دس دن مالی' جس طرح بسنت میں راس کھیلتے ہیں، اُسی طرح سور کے شیام 'بنتیادھام ورنداون' میں سدا بستے ہیں، وہاں «سدا ہرش ہے »، 'نو پلو ہے'، 'نوکوکل ہے'، 'نوکمل مہانوجس رسال' بھی ہے ۔ بھاگوت کی راس لیلا موسم سرما میں ہوئی تھی، اِسے اگر یاد رکھیں تو روایت کا اختلاف واضح ہوگا ۔ آچاریہ ہزاری پرساد دویدی نے ٹھیک ہی کہا «بھاگوت روایت کی راس لیلا شرد پورنیما کو ہوئی تھی، گیت گووند روایت کا راس موسم بسنت میں ۔» پھر بھی سورداس جے دیو کے ترجمان نہیں مانے جا سکتے ۔

---

1 وشرانتر مسیا سنبھوگے ساکلا ہر کلاسا، لیپتے پرمانندے یاتما ساہراکلا، چھپیشور کا کلا ولاس

'میگھور میدو رم رں ون بھو شیاما ستما لدرم' کا اثر سورداس کے گوڑ ملار راگ میں گائے گئے 'گگن گھہرائی جری گھٹا کاری' پد پر ضرور ہے - لیکن 'پون جھک جھور، چپلا چمکی چھوں اور' کا ماحول سور کا اپنا ہے - جیے دیو سیدھے 'رادھا مادھو یور جیانتی یماکلے رہم کیلے' کہہ دیتے ہیں، سورداس

گئے بن گھں اور نول نند کسور نول رادھا، نئے کنج بھاری
انگ پلکت بھئے، مدن تن بن جئے

میں اسی روایت پر اکتفا کرتے ہیں، ایکن سور 'بربھو سیاما سیام بھاری' میں اسے مکمل کر کے اس کے اعتقاد کو ختم بھی نہیں ہونے دیتے - یعنی سورداس نے دونوں روایتوں سے جو کچھ اخذ کیا اسے سنوارا اور اسے عوام کے ذہنوں میں ثبت کیا - یہ فقرہ سورداس پر پوری طرح صادق آتا ہے -

There is nothing that he did touch and did not adorn

سورداس کے نام پر اب تک ۲۵ کتابوں کا پتا چلا ہے، لیکن «سورساراولی» «ساہتیے لہری» اور «سورساگر» یہ تین ہی سو فیصدی مستند مانی جاسکتی ہیں- سورساراولی نہ تو سورساگر کا مقدمہ ہے، نہ اس کی تلخیص - اس میں بھاگوت کی کتھا کا نباہ سورساگر سے بھی زیادہ احتیاط سے کیا گیا ہے - اس کا ماخذ ہے پروسوتم سہتر نام - مکلاچرن کے شروع کے 'کھیلت یہ ودھی ہری ہوری ہو ہوری ہو وید ودت یہ بات' لفظوں سے پتا چلتا ہے کہ یہ کتاب ہولی گان کے روپ میں لکھی گئی، جو آگے چل کر 'آگیا کری بات ہی جو راس کرو سرسٹی - ہوری کھیلن کی ودھی نیکی رچن رچے اپار» میں ظاہر ہوتی ہے - «گروپرساد ہوت یہ درسن سرسٹھ برس پروین» کی بنا پر کہا جاتا ہے کہ اس کی تصنیف سمبت ۱۶۰۲ میں ہوئی تھی - واضح رہے کہ اسی سال «اشٹ چھاپ» کا قیام عمل میں آیا تھا، جس کی خدمت انجام دینے میں اس کتاب کی خاص اہمیت ہے -

«ساہتیے لہری» سورداس کے نظریات پر مبنی ۱۱۸ پدوں کا مجموعہ ہے - اِن پدوں کا اِنتخاب سورداس کی زندگی میں ہی ہوا تھا - اس کی رچنا سورداس نے سنسکرت کی ریتی کاویہ (قصیدہ گوئی) کی استعاراتی شاعری کی طرز میں کی ہے، جس سے سورداس کی شاعرانہ مہارت کی تصدیق ہوتی ہے - سنسکرت میں کالی داس نے شو پاروتی کی پریم لیلاؤں کو اور جے دیو نے رادھا مادھو کی پریم کریڑاؤں کو جس منظم طرز سے منعکس کیا ہے، وہی طرز یہاں اپنایا گیا ہے - پھر بھی سورداس نے اِس بیان میں ایک عابد کی شان کو نمایاں رکھنے میں کامیابی حاصل کی ہے - جس سے مبالغہ آرائی کا ملمع اور شاندار روپ دکھائی دیتا ہے - رادھا ہی اس کی نایکا

(هیروئن) ہے، حسن کے حسن کا سراپا بیان سورداس نے 'اَدبھت ایک انوپم باگ' میں مبالغے سے کیا ہے - مبالغہ آرائی میں ما فوق الفطرت باتوں کا ہونا ضروری ہے- عاشق و معشوق کی تنہائی میں کسی کو مخل ہونے کی اجازت نہیں دی جا سکتی - چند عزیز ترین لوگ ہی دخل انداز ہوسکتے ہیں- وہ ہی اِس سے حظ اٹھانے کا حق رکھتے ہیں- اسی لئے اِس شے کو لوگوں سے چھپانا پڑتا ہے تاکہ ایرا غیرا اس میں دخل نہ دے - 'ادبھت ایک انوپم باگ' میں حسن کی توصیف ایک چمتکار سے کم نہیں ہے، تو 'سارنگ سارنگ گہر ہیں ملا وہو' میں لفظ 'سارنگ' بالترتیب : سکھی، کرشن، آکاش، وشنو، کام دیو، راتری، چندر، کمل، بھرمر، ہرن، کرنگ، آلی وغیرہ معنوں میں آیا ہے - اسی طرح 'ایک سور میں' چندما کے لئے ودھی سب یعنی او ودھی سب چھی کے لئے استعمال کیا گیا ہے - مبالغے کو معنی خیز بنانے کے لئے لفظ آرائی کی جاتی ہے - مثال کے طور پر، ودھی سب، 'سب پتنی نہ نکاسب'- اِس میں ودھی کو صوتی اعتبار سے اودھی سمجھا جاتا ہے - اُس کا سب ہوا کمل اور اُس کا سب یعنی برھما - اُن کی پتنی سے مراد سرسوتی ہے - اِس کا مطلب ہوا بانی، بولی یا بات - مختصراً مبالغہ آرائی کی روایات کا نباہ سورداس نے بڑی خوبی سے کیا ہے -

'سورساگر' سورداس کی شہرت کی بنیاد ہے - سورساگر کے پدوں نے بھگتی کو شاندار اور پرکشش روپ دیا - حقیقت میں سورداس نے جس دور میں شاعری کا آغاز کیا وہ پندرھویں اور سولہویں صدی عیسوی کا دور تھا - اگرچہ سیاسی اعتبار سے یہ زمانہ مغلوں کے دور حکومت کا ہے لیکن ہندو عوام اُن دنوں نا اُمید، مایوس اور بے بس تھے - مذہبی نقطۂ نگاہ سے بھی اُن کا کوئی مقام نہ رہا تھا - مندروں کی حفاظت کی بات چھوڑ دیجئے، اپنی مورتیوں کی حفاظت کرنے میں بھی ناچاری محسوس ہو رہی تھی - یہی بے بسی 'اب کے راکھی لیہو بھگوان'، 'ناتھ انا تھی کے سنگی' جیسے سور کے پدوں سے ظاہر ہوتی ہے - اِس میں اُس زمانے کے خوددار ہندو سماج کا دل چیخ رہا ہے - بھگوان کی کرپا کے علاوہ اور کیا سہارا تھا؟ سور نے عوام کو پرماتما کا بھگت بننے کی ہدایت کی، کیوں کہ اُسی کی کرپا سے لنگڑے بھی پہاڑ لانگ سکتے ہیں اور گونگے بول سکتے ہیں- بھگوان کے دربار میں پہنچ کر اُونچ نیچ کے فرق کو ختم کیا جاسکتا ہے - 'جاتی گوت، کچھو نام گنت نہیں رنگ ہوئی کے راسو' کی مساوات بھگتی کے سایے میں قائم ہوسکتی تھی - اُسی کام میں سور مصروف رہے - وہ گیانی بھگت تھے - دنیا کو بھگوان کی حقیقت کا روپ مانتے تھے - اُن کی نظروں میں کل کائنات بھگوان کرشن کی لیلا تھی - 'ہری ریو جگت، جگت دیو ہری' یہی اُن کا تجربہ تھا - اِس بھگوان کو قابو میں

کرنے کا اُن کے دل میں یہی نسخہ تھا۔ اُن سے بے پناہ محبت کرنا اُن کی عادتیں تھیں۔ مکھن چور اور گوپیوں کا عزیز کرشن۔ اِن کی بھکتی کے شوق میں جا کر، ان کی تئیں محبت کا اِظہار کر کے وہ گایا کرتے تھے۔

ویسے سورساگر میں شری بھاگوت کی کتھا کا سلسلہ رکھا گیا ہے۔ مگر دسویں فصل کی لیلا کے بیان میں ان کے دلی جذبات کی رو میں زیادہ جوش و خروش ہے اور کرشن کی پیدائش سے لے کر متھرا جانے کے واقعے تک کا بیان تفصیل سے کیا گیا ہے۔ جیسا کہ پہلے ہی بتایا گیا ہے سور کاویے میں محبت کا عنصر غالب ہے محبت کی کئی اَقسام ہیں۔ چھوٹے بڑوں سے، نوکر مالک سے، سیوک سوامی سے محبت کرتے ہیں۔ یہ وہ محبت ہے جو ہم اپنے ماں باپ سے کرتے ہیں، بھگت بھگوان سے کرتے ہیں۔ اِسی کا نام ہے عبادت، جس کا مطلب ہے مخصوص طریقے سے جھکنا۔ اس طرح کے جھکنے (عبادت) سے آدمی ترقی کرتا ہے۔ سنسکرت میں کہا گیا ہے 'پرنمتی اُستی ہو نو'، سلوک میں بھی اس سے نفع ہوتا ہے۔ اُردو شاعر نے کہا تھا 'عاجزی جھکاتی ہے سرکش کی گردن کو'۔ بھگت کی نظروں میں بھگوان تو تمام طاقتوں کا مالک ہوتا ہے، اُس کے سامنے «سر جھکا کر ناک رگڑنے» میں بھلا کون سی خوبی ہے۔ اسی لئے بھگت کاویے میں حمد کی بڑی اہمیت ہے۔ حمد کو اِنسان اور پرماتما کے درمیان 'ٹیلی فون' کہا جاتا ہے اور یہ صحیح بھی ہے۔ وِشنو پُران کے مطابق حمد میں خود کو ناچیز اور ذرہ سمجھنا، ذرا بھی تکبر اور غرور نہ رکھنا، دیوتا کی صفات میں اعتقاد رکھنا وغیرہ جذبات کا اِظہار ہوتا ہے۔ اِشٹ دیوتا کے نہ موجب صفات کو ترقی دینا، برائیوں کو دور کرنا، دیوتا محافظ ہیں اس کا یقین رکھنا، اِسٹ دیوتا نے دوسروں کی حفاظت کی اُس کی ثنا خوانی کرنا، اُس کے سامنے اپنے گناہوں کا اَعتراف کرنا اور خود کو اُس کے سہارے چھوڑنا یعنی تن من دھن سے اپنے کو پیش کرنا، ان چھے باتوں کو 'سٹروِدیا شرناگتی' میں شامل کیا گیا ہے۔ سور کے حمد کے پدوں میں ان سبھی کا روحانی جذبہ موجود ہے۔ 'بھگتی بنو سو کر کو کر جیسے' اور 'سورداس بھگونت بھجن بنو جیسے اُونٹ کھر بھیسے' کہہ کر سورداس نے 'پرتی کولسیے' کی مثال قائم کی ہے۔ 'جا کو ہری انگی کار کیو۔ تا کو کوٹی وگھن ہری کے ابھے پرتاپ دیو' میں 'رکششیے تی تی وشواش' بیان ہوا ہے۔ اور 'جا کو من موہن انگ کرے تا کو کیس کھسے نہیں سرتیں جگت بیر پرے' میں بھگوان کے 'گوپتر تو ورن' کو نظم کیا گیا ہے۔ «گروپ گووند ہی بھاوت نا ہیں، 'چھانڈی من ہری ومکھن کو سنگ» میں 'انو کولسیے اور پرتی کولسیے ورجنم' کا اِظہار ہوتا ہے۔ بھگت کی عقیدت اور اُس کی بندگی 'موسم کون کٹل کھل کامی' جیسے مشہور پدوں میں پراثر ہوجاتی ہے۔ اِشٹ دیو کی

صفات میں عقیدت تو جگہ جگہ پر 'اپسے پربھو اناتھ کے سوامی، سرن گیو کو نہ آناریو' جیسے مصرعوں سے عیاں ہے - خود سپردگی تو پشٹی مارگ کی اپنی خصوصیت رہی، جو نہ صرف سورساگر کے حمد کے پدوں میں عموماً 'اُتر تتر سروتر' کے روپ میں بیان ہوئی ہے - سور کی گوپیاں تو 'آتم نک شیپ' کا جیتا جاگتا نمونہ ہیں۔ سور کے جیسے سچے ویراگی کے من سے نکلے ہوئے حمد کے پد 'سیوے سیوک بھاؤ' کا یا 'واسیے بھگتی' کی شکل ظاہر کرتے ہیں۔ حمد کے سور کے نظم کئے ہوئے پدوں میں بڑی ہی سہانی تمثیلیں پائی جاتی ہیں جو سور کی مشاق کی دلیل ہیں - 'اب ہاں ناچیو بہت گوپال'، 'کام کرودھ کو پہیری چولنا'، کنٹھ و سے کی مال' 'تر سنا ناد کرتی گھٹ بھیتر نانا ودھی دے لال' اور 'بھو اسمو بدھی من کرپا سندھو مراری' والے روپک (تمثیل) میں 'سر اسب گمبھیر مایا لوبھ لہری ترنگ لیے جات اگادھ جل میں گہے گراہ انگ' میں سور نے درشن (فلسفے) اور کویتا (شاعری) کا انوکھا مظاہرہ کیا ہے -

'وے' (حمد) کے پدوں کے بعد 'بال کرشن' کے پدوں میں بھی سورداس کے بے مثال شاعر ہونے کا ثبوت ملتا ہے - بالک کرشن کی عکاسی میں سور نے جو کمال دکھایا ہے، اُس کے سبب ہندی ادب صحیح معنوں میں مکمل ہوا ہے - بال چرتر حقیقت میں سور کی شاعری کی روح ہے - یہ وہ محبت ہے جو بڑے چھوٹوں سے کرتے ہیں، اِسی کو شفقت کہا جاتا ہے - محبت کو بندگی کے درجے تک پہنچانے کا کام ادب میں سورداس نے کیا ہے - اِس میدان میں نہ تلسی اُن سے مقابلہ کر سکتے ہیں، نہ ہندی کا کوئی بھی دوسرا شاعر اُن کے مدمقابل رکھا جا سکتا ہے - شری کرشن تھے وسودیو دیوکی کے فرزند لیکن پرورش ہوئی نند یسودا کے گھر، گوالوں کے ساتھ اھیروں کی بستی میں پلا ہوا یہ راجکمار تمام گاؤں کی مسرت تھا - کوئی اُنہیں کنہیا کہتا تھا تو کوئی مادھو - کسی کے لئے وہ تھے نند نندن، تو کسی کے لئے گوپال یا موہن - کوئی تعجب نہیں کہ گوکل کے سب لوگ 'سندرتا کو رنگ - چھن چھن مانہہ پرتی چھوئی اور کمل دین کے انگ' میں محو رہتے تھے - لڑکے کی پیدایش کے وقت خوشی کی تقاریب منعقد کرنا، بدھاوے بجانا، اُس کا کن چھیدن جیسی لوک رسموں کا بیان کرکے سور نے فطری تقاضوں کی خوبصورتی سے تکمیل کی ہے - کوئی حیرت نہیں کہ یشودا 'کہاں لو برنوں سندرتائی' کہتے کہتے تھکتی نہیں تھی - یشودا کی

ددھ دب دتی کبھی نہ جاتی اتی ادبھت ایک اُپمائی
کلکت ھست درب پرکٹت منو د دھر سے جو، چھپائی

یہ حقیقت کیا تاریخ بنی نوع انسان میں کبھی پرانی ہوگی؟ یشودا کرشن کو 'میرے لال کو آو ندریا' کہہ کر پالنے میں جھلاتی ہوئی نظر آتی ہے - کرشن آنکھ موند

لیتے ہیں۔ 'کبوں پلک ہری موند لیں ہے، کبھوں اُدھر پھرکاوے' اِمی اُنترا اکولائی اُٹھے ہری جسومتی مدھورے گاوے' کی چاہت کیا کم ہو سکتی ہے؟ جسومتی کے دل کی تمنا سنیے:

کب میرو لال گھٹروون رینگے کب دھرنی پگ ودے دھرے
کب ودے دنت دودھ کے دیکھوں کب تترے مکھ بین جھرے

پھر یہ تمنا پوری ہوتی ہے اور ان کی کلکاریوں سے گھر میں خوشی کیسے چھا جاتی ہے، دیکھیے:

چلکت کاہ گھٹروں آوت
منی مے کنک کے آنگن مکھ پرتی بمب پکرے گھاوت
کبھوں نردکھی ہری آپو چھاہ کو پکرن کو چت چاہت

آہستہ آہستہ 'سو بھت کر نوپت لیے۔ گھٹروں چلت رینوں منڈت مکھ ودھی لیت کیے' جیسی خوبصورت تصویر سور پیش کرتے ہیں۔ آگے چل کر

سکھوتی چلن جسودا میا
اَرِبرائی کرپانی گھاوت ڈگمگائی دھرنی دھرے پیا

کی تصویر بھی قارئین کے سامنے آتی ہے اور 'کہن لگے موہن میا میا' 'پتا نند سو بابا اور ہل دھر سو بھیا' سے 'اُمر مسر درامھ' جوشی کیا آج بھی گھر گھر میں نہیں ہوتی؟ یہاں مصور فطرت سور نے یہ بھی پیش نظر رکھا ہے کہ جیسے پہلے پہل حروف تہجی سے بولنے کی ابتدا کرتے ہیں۔ کیوں کہ یہ ہونٹوں سے نکلتے ہیں۔ بچپن کی عادت کے عین مطابق کنہیا کبھی کبھی دور ٹھمکتے چلے جاتے ہیں تب بےجسی سے ماں پکار اٹھتی ہے 'دری کھیلن جن جاہو للارے مارے گی کاہو کی میا' زبان میں اتنی مٹھاس صرف سور کے اور کہیں ملتی ہے؟ 'ساجھ بھئی گھر آوہو پیارے' کہنے والی یشودا رفتہ رفتہ حوصلے کے جذبے کو جگا کر کرشن کو دودھ پلانے کے لئے 'کجری کو پے پوہو لالا تیری چوٹی بڑھے' کہتی ہے، کانہہ اُسے مان لیتے ہیں، مگر چند دنوں کے بعد 'میا کبہیں بڑھے گی چوٹی' یہ پوچھ بھی لیتے ہیں۔ اُن کی شکایت ہے 'بل بھدر کی چوٹی، ناگن سی بھوئی لوٹی'۔ اِسی لئے 'کیتی بار موہی دودھ پیوت بھئی یہ اجہوں ہے چھوٹی' کی دیر انہیں پسند نہیں۔ آگے چل کر وہ داؤ (بڑا بھائی بل رام) کے بارے میں دوسری شکایت پیش کرتے ہیں۔ 'موسو کہت مول کو لینو تو ہی جسومتی کب جایو' اِس کے لئے دلیل بھی ہے 'گورے نند جسودا گوری تم کت سیام سریر'۔ بڑا عمدہ طنز ہے، چھپا مذاق ہے۔ موہن کا چہرہ غصے سے لال ہو جاتا ہے،

وہ رونے لگتا ہے اور ماں کو 'ھاں ماتا تو پوت' کہہ کر یہ یقین دھانی کرانی پڑتی ہے۔ کنہیا بڑے ضدی واقع ہوئے، پرلے سرے کے مکھن چور ہیں، یہ بھی فطرت کے تقاضوں کے موافق ہی ہے۔ 'پرتھم کری ہری ماکھن چوری' سے گوالن نے بالک کی سراہنا کی۔ پھر کیا تھا! 'ھری گوالن کے سنگ وچار' کرکے احتیاط سے مکھن چرانے لگے۔ 'واسں بھوری کے ماکھن کھائی ہاری سب گورس میں کی' بات دھرائی جانے لگی۔ پہلے پہل گوپیاں مکھن کھاتے ہوئے شیام کو دیکھنے کے لیے ترستی تھیں، لیکن 'چلی برج گھرگھراہی یہ بات' کی نوبت آئی۔ ایک بار ایک گوپی نے کرشن کو اپنے گھر میں مکھن چوری کرتے ہوئے پکڑ لیا، تب اس چالاک بہادر نے صفائی پیش کی:

میں جانیو یہ گھر اپنو ہے یا دھو کے میں آیو
دیکھتو ہاں گورس میں چینٹی کاڑھبے کو کر نایو

اب اس پر کیسے بھروسا کریں؟ معاملہ یسودا کی 'اجلاسے' میں پہنچا، وھاں کرشن کا بیان ملاحظہ کیجیے۔

'میا میں ناھیں ددھی کھایو'،
'یہ سبے سکھاملی مبرے مکھہ لپٹایو'، 'میں بالک بہی اُن کو چھوٹو

چھینکو کس بدھہ پایو' اس نے دو بڑے بڑے وکیلوں کے کان کاٹ ڈالے۔ مدعی مقدمہ ھار گیا، مجرم دوش سے بری ہوگیا۔ یشودا نے ہنس کر ہاتھ میں لاٹھی لی تھی، لیکن 'ڈاری سانٹ مسوکائی تب ھیں گہی سب کو کنٹھہ لگایو' یشودا بھلا اور کیا کرتی؟

یہ ھیں سور کی 'شفقت مادری' کی چند تصویریں۔ اپنی شاعری میں سور نے ایسے مناظر کی عکاسی کرکے شاعری کو بام عروج پر پہنچا دیا ہے۔ اکور جب کرشن کو لینے گوکل جاتے ھیں، تب یسودا کا دل شبہات سے دھڑکنے لگا، انہیں 'سپھلک ست میرے پران ھرن کو کال روپ لے آیو' کا وہم ہوا۔ وہ چاہتی تھیں:

'بس یہ گودھن ھروکس سب موھی بندی لے میلو' لیکن 'اِتنوئی سکھہ کمل نین میری آنکھیں آگے کھیلو'۔ لیکن 'سارے سپھلک ست' کرشن کو لے کر چلے گئے۔ تب یشودا کی کیا حالت ہوئی، اس کا ذکر کرتے ہوئے سور 'بھوئی نہ گئی تمہاری چارو کیسے مارگ سوجھے' اور 'یہ چھتیا میرے کانہہ کنور بسو پھٹی نہ گئی دے ٹوک' کے ساتھ ساتھ 'دھک تم دھک یہ چرن اھوتی ادھہ بول اٹھی

دھاے' یشودا کے اِن لفظوں میں مادرانہ شفقت کے ساتھ اپنے اضطراب کا سندر روپ ظاہر کرکے سور نے ہندی میں ماں کی محبت اور اس کی بےچینی کی تصویروں کو نئی زندگی بخشی۔ 'سدیسو دیوکی سوں کہیو' میں یشودا کے اندیشے، فکر وغیرہ کے خوبصورت سنگم کے لئے سور کی مشاقی کی تعریف کیے بغیر نہیں رہا جاتا۔ مادرانہ محبت کا یہ جذبہ ہندی ادب میں بلاشبہ پہلی بار سامنے آیا۔

ماں کی محبت کے ساتھ ساتھ عشاق کی عکاسی میں بھی سورداس نے کمال حاصل کیا۔ مادھرے یا مشاس بھی پریم سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ تیسرے طرح کا پریم ہے، جس میں دوستی اور عورت اور مرد کی محبت کا اختلاط ہوتا ہے۔ اس میں بھی رن و شو کی محبت کا انسان کے دل سے گہرا تعلق ہوتا ہے۔ جس کی عکاسی کو ادب میں "شرنگار" (سنگھار/سنگار) کا نام دیا گیا ہے۔ اس کے بھی دو رخ ہوتے ہیں: وصل اور فراق۔ کلاسیکی ادب کی تعریف میں انہیں ملاپ یا صحبت اور جدائی یا دوری کہا جاتا ہے۔ مشاس کے جذبے کی یہ روایت سورداس نے جے دیو، چنڈی داس اور ودیاپتی سے حاصل کی، یہ پہلے ہی واضح کیا جاچکا ہے۔ وصال کے بیان کی ابتدا روپ مادھوری (حسن، خوبصورتی) سے ہونی چاہئے۔ روپ (حسن)، آنکھوں کا موضوع ہے۔ حسین شخص وہ ہے جس کی شکل و ساخت میں کشش ہو۔ اسی کو حسن کہتے ہیں۔ سچی خوبصورتی وہ ہے جس میں بناوٹ کا نام و نشان نہیں ہوتا اور جس کی دید سے مبالغے کا جذبہ کہاں گم ہو جاتا ہے، اور اُس کی پرکشش قوت کا احساس ہوتا ہے۔ کوئی تعجب نہیں کہ سورداس نے اپنے معبود (دیو) بال کرشن کے حسن کا دیدار اپنے دل کی آنکھوں سے کیا ہو۔ تعجب کی بات تو یہ ہے 'چلت چتوں دوس جاگت سپن سوت راتی، جس نند نندن مورت میں اُن کا دھیان جما رہتا تھا، اس کے حسن کی تصویرکشی کرنے میں اس اندھے شاعر نے آنکھوں والوں کو بھی مات کر دیا تھا۔ 'دیکھو، بھائی سندرتا کو ساگر' میں اُنھوں نے کرشن کے حسن کو سمندر سے بڑی اچھی تشبیہ دی ہے۔ محض دو آنکھوں سے کرشن کے بے مثال حسن کو دیکھ کر اطمینان نہ ہونے کے سبب ایک گوپی نے کہا کہ اگر خالق 'روم روم پرتی لوچن دے تو دیکھت بنت گوپال' اس نے راست کہہ ڈالا دو آنکھیں دے کر 'ودھاتا ہی چوک پری میں جانی'۔ کوئی تعجب نہیں کہ سور کے شیام گوپیوں کے لئے 'جوتی من موہن' ثابت ہوئے اور اُن کے حسن کے بیان میں اُنہیں 'چھن چھن ماھن پرت چھبی اور کمل نین کے انگ' کہنا پڑا۔ 'چھبے چھبے بنو تامپتی تد یو روپن رمبی بتایا' یہی حقیقی حسن کی تعریف ہے۔ شری کرشن کے سرتاپا حسن کا بیان کرتے ہوئے قارئین بھی سورداس کی آواز میں آواز ملا کر کہہ اُٹھیں گے 'کچھو کہت نہ آوے گرا بھئی آتی پنگ'؟

'سور کاویے' کے 'سیوگ شرنگار' میں 'مرلی مادھری' کا اپنا مقام ہے ـ سور کے مرلی دھر کی مرلی تمام ورنداوں کو مجسم تصویر بناتی تھی 'جب بنسی بن کانہہ بجاوے' تب گوپیوں کو 'انگ کی سدھی بھولی گئی'، 'سکھہ دکھہ کچھو نہ جانی کی' کا مشاهده هوتا تھا اور وہ بے جان تصویرسی بن جاتی تھیں ـ 'درشن' کے لہجے کو اگر اپنانا ہو تو کہا جاسکتا ہے کہ «شری کرشن روپ پرماتما» اپنے «مرلی روپ» علم کے سرمایے کے ذریعے گوپیوں کو یعنی جانداروں کے دلوں کو ٹٹولتے تھے اور اُنہیں اپنی جانب متوجہ کر لیتے تھے ـ 'موهن مرلی' کے سنگیت کا جادو سب پر چھا جاتا تھا اور سور کے قول کے مطابق 'جمنا نیر پرداہ تھکت بھیوپون رهو مرجھائی'، میں ادھیں بھیے سب اپنی گتی بسرائی' کی حالت پیدا هوتی تھی ـ همیشہ موهن کے هونٹوں میں دبی رهنے والی مرلی سے گوپیوں کو حسد کیوں نہیں ؟ نند نندن کو 'بابا بھاونی' بجانے والی مرلی کو ہی چرا لے جانے کی تجویز گوپیوں نے منظور کی 'سکھی ری، مرلی لیجے چوری' ـ تاکہ ان کے راستے کی رکاوٹ ہی دور هو ـ نہ رہے گا بانس، نہ بجے گی بانسری ـ لیکن سوال تھا تجویز کو عمل میں لائیں کیسے ؟ 'مرلی سب بھئی سب بوری' کا حال هوا اور سبھی برج واسیں مل کر سری کرسن کی طرف دوڑیں ـ کانہہ کی یہ بنسی آگے چل کر یوگیشور کرشن کے پانچ جنیہ میں تبدیل هوئی ـ

سور کے 'سیوگ شرنگار' کے کردار هیں : سری کرسن، رادھا اور گوپیاں ـ گوپیوں کو رادھا سے کوئی حسد نہیں ہے ـ انہیں جوان کنوارے کرسن اور جوان کنواری رادھا کے ملن میں لطف محسوس هوتا ہے ـ کرسن اور رادھا کا پہلا ملن ڈرامائی انداز سے پیش کرکے سور نے 'بن ہی بن ملی ٹھگوری' کی دهائی دی ہے ـ یہ لڑکپن کی الجھن ہے، جس میں جھجک نہیں ہے ـ آگے چل کر دونوں ناگر سے اور 'ناگر ناگری سوکرت پریم کی گھاتیں' چلتی رهی ـ نند نے برپ بھانو کی کنواری سے کہا 'رادھیکا کانہہ گھر لیے جاری' ـ تب کیا تھا ؟ 'ددو گھر جا هو سنگ بھگت بھیو سیام رنگ کنور کر گیو' وش بھانو ناری' 'اب بول نند کشور نول رادھا نیئے کنج بھاری' تھے ـ لہذا 'انگ پلک بھیے' اور 'نیئے پریم رس پاگے' هوگئے جس کا انجام

اپنی بھجا سیام بھج اُپری سیام بھجا اپنے اُردھریا
یوں لپٹائی رہے اُر اُرجیوں مرکت منی کنچن میں جریا

میں هوا ـ یہاں واقعتاً سورداس، ودیاپتی اور چنڈی داس کے مانند زمیں پر آئے ـ لیکن اِس کے بعد کی رادھا سورداس کی اپنی ہے، وہ نہ گوالن ہے نہ حسینہ ـ اُددھو

کی صحبت میں اِس کے من کی خوبصورتی نے آب پائی ہے ۔ یہ یقینی ہے، اس نے اودھو سے کچھ نہیں کہا ۔ 'کنٹھہ وچن نہ بولی آوے ہردے پری ھس بھیں' صرف 'نین جل بھری روئی' ۔ رادھا نے جو پیغام دیا وہ حقیقت میں ایک محبوبہ کی دلی پکار ہے ۔ اُس نے کہا

اتسی ہنتی سہو ہماری دارکت ھو پتیا لکھہ دیجیے
چرن کمل درسن تو نوکا کروبا سدھو حگت حس لیجیے

اور بتایا 'آس مان کی ایک بار آون برج کیجیے' ۔ گوپیوں نے کرشن کو قصوروار ٹھہرایا، لیکن برج کی اِس حسینہ نے کہا 'سکھی ری، ھری ھیں دوش حیہیے دیہہ' ۔ بعد میں رکمنی کے ساتھہ کرشن آئے ۔ رکمنی نے پوچھا 'پربھو' اِن میں کون چندے آفتاب چندے ماہتاب حسینہ ہے؟ کرشن نے اشارہ کیا 'دیکھو جنتی ورند میں ٹھاڑی نیل وسن تنو گوری' 'سورداس میروس نا کی چھون دیکھی ھیوری' ۔ اِس ناری چھون کی مہربانی کا مطلب رکمنی نے سمجھا ۔ اِسی لئے 'رکمنی رادھا ایسے بھیٹی' جیسے بہت دن کی بچھڑی ایک باپ کی بیٹی ۔ بعد میں 'رادھا مادھو بھینٹ بھئی' اور مادھو نے کہا 'ھم تم نہیں انتر' اور یہ کہی کے اُن برج پٹھئی ۔ رادھا کچھ بھی کہہ نہ پائی ۔ محبوب کے جانے پر پچھتا کر کہہ گئی 'کرت کچھو نہیں آجو بنی' ۔ سور کے ساتھہ اِس پد کے پڑھنے والے بھی کہہ اٹھیں گے کہ رادھا کی 'یہ جڑتا منگل ما ھیں گنی' ۔ جدائی کی آگ میں جلنے والی یہ حسینہ حقیقتاً بے مثال ہے ۔

'وپوگ سرنگار' کی عکاسی کرنے والا 'سورساگر' کا 'بھرمرگیت' والا حصہ سور کی مہارت کی مثال ہے ۔ مانا کہ بھاگوت ھی اِس کا ماخذ ہے لیکن سور کے اِس موضوع کی تصویرکشی کے معاملے میں اُسے صرف ہڈیوں کا ڈھانچا کہنا صحیح ہوگا ۔ کرشن کو کنس کا بلاوا آیا ۔ وہ اکور کے ہمراہ گوکل سے متھرا چلے گئے اور وہاں کنس کو مار کر متھرا پوری میں ھی رہنے لگے ۔ اُدھر برج کے باشندے بے چین تھے، اُنھوں نے پیغام بھیجے، لیکن متھرا سے کوئی جواب نہیں آیا ۔ بات یہ بھی کہ کرشن کے جیون کی دھارا ھی بدل گئی تھی ۔ اب وہ زیادہ گہری اور زیادہ صاف ستھری سی تھی ۔ اب اُسے گوپ گوپیوں کے ساتھہ ہنسی مذاق اور کھیلنے کودنے کا موقع کہاں تھا؟ لیکن برج واسیوں کی زندگی نہیں بدلی تھی ۔ کرشن مہاراج بنے تھے ضرور، لیکن یشودا کے لئے وہ 'کنور کنھیا' ھی تھے، گوپ گوپیاں اُنھیں 'برناگر' ھی سمجھتی تھیں ۔ یہ بھی صحیح ہے کہ کرشن اُن کی محبت کو، اُن کے امڈتے ہوئے احساسات کو کیسے بھول سکتے تھے ۔ وہ فکر میں غرق تھے ۔ اُودھو نامی کرشن کے ساتھی ایک دانشور تھے، وہ محبت کو حقیر سمجھتے تھے ۔ اُنھیں کرشن نے گوپیوں

کے پاس اُن کی تسلی کے لئے روانہ کیا ـ اُدھو برج آئے ـ گوپیوں نے کرشن کی خیریت دریافت کی اور اُودھو نے اپنے علم کی قابلیت نکھارنا شروع کردی ـ گوپیوں کو اِس میں دلچسپی نہیں تھی ـ وہ اپنے حالوں کی طرح کرشن کو مانتی تھیں ـ کیا وصل کیا جدائی دونوں حالتوں میں وہ کرشن کی تھیں ـ کوئی لاکھ نصیحت کرے ـ اُنہیں بھولنا اُن کے لئے ممکن نہیں تھا ـ اُسی وقت ایک بھونرا اُڑتا ہوا آیا ـ گوپیوں نے دونوں میں (اُودھو اور بھونرا) شیام دیکھا ـ دونوں 'کارے' (کالے) تھے ـ اُنھوں نے کبھی اودھو سے راست اور کبھی بھونرے کے توسط سے اپنی لازوال محبت کا اظہار کچھ ایسے پُراثر انداز سے شروع کیا کہ اُدھو کو نصیحت کا موقع ھی نہیں ملا ـ وہ گوپیوں کی محبت کے بہاو میں خود بہ گئے ـ 'بھرمر گیت' کا قصہ یہی ہے ـ سورداس نے اِس انوکھی جدائی کو شعری تخلیق کا روپ دیا ـ اکثر کہا جاتا ہے کہ سورداس نے اُودھو اور گوپیوں کی گفتگو کے توسط سے نرگن کا خاتمہ اور بھکتی کی ترغیب دی ہے ـ لیکن سور 'نرگن' میں رنگنے والے انسان نہیں تھے ـ گوپیوں کی ایک بڑی تعداد نے 'نرگن' کے بارے میں 'کہا کرو نرگن لے کے ھو، جیوہ کاہہ ہمارے بتا'، 'جہاں یہ اُپدیس دیجے جہاں نرگن گیان' اِتنا ھی کہا ـ 'یہ نیان سنی روکھی ہم کیا کریں گی' یہی اُن کا سوال ہے ـ نرگن سے نفرت بھی اُنہوں نے نہیں کی، چھوڑنے کی بات تو دور رہی ـ یہ کام آگے چل کر نند داس کی گوپیوں نے کیا اِس میں کوئی شبہ نہیں 'جو اُن کے گن ناہیں اور بہیے گن کہاتے ـ بیج بنا ترو جمیں سوھیں تم کہو کہاں تے' اِس طرح کا جواب دینا سور کی گوپیوں کی بس کی بات نہیں ـ وہ جاسیہ آرائی نہیں جانتیں، وہ کہتی ھیں:

اودھو جی ہم ھیں نہ جوگ سکھیئے
جے ھی اُپدیس ھری ملے ہم کو سو ورت نم لیجئے'

اُن کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس 'دس بیس' دل تو نہیں ھیں 'ایک ہتو سو گیو شیام سنگ'، اب کس دل سے عبادت (خدمت) کریں ـ ھاں یہ ماننا پڑے گا کہ سورداس کی گوپیاں سبھی ایک جیسی نہیں ھیں ـ کچھ ایسی حسینائیں بھی ھیں جو ہنسی مذاق پسند کرتی ھیں اور سوال کرتی ھیں 'اُدھو یہ نرگن کون دیس کو واسی' ایک منہ زور گوپی نے صاف صاف کہا 'اُدھو بھلی کری تم آئے' کیوں کہ یہ اُلٹے سیدھے علم کی باتیں 'کہی کہی یا دکھ میں برج لوگ ہنسائے' ـ حسیناؤں کو علم سکھانے کی 'اُلٹی ریتی' دکھانے والے اُدھو کو دیکھ کر اس گوپی نے تو یہ بھی کہہ ڈالا 'یہ متھرا کاجر کی کوٹھری' ہے جو وھاں سے جاتا ہے کالا ہوتا ہے ـ بات صحیح بھی ہے، اکرور کالے تھے، اُدھو بھی کالے تھے، بھونرے بھی اُسی رنگ کے ٹھہرے ـ کِسی گوپی نے اُنہیں 'آیو گھوش بڑو بیوپاری' کہہ کر ان پر

طنز کیا، کسی نے 'تم سکھے پڑھائے کبحا کے' اس شبہے کا اظہار کیا ۔ لیکن سبھی کا مقصد رہا 'لوچن چارو چپل کھنجن من رعن ہردے ہمارے' کے درشن پانا ۔ کیوں کہ ان کی 'آنکھیاں ہری درشن کی بھوکی' تھیں ۔ 'اب تک سیام نہیں مانو' تب تک 'سدا رہت پاو سکتو ہم پے' کا مشاہدہ کر رہی تھیں ۔ 'ننو گوپال آ ہیں' 'سیتل لتا'، 'وشم جوال کی پنچ چھوی' لگتی تھی ۔ 'ورتھا ہوتی جما' 'کھگ بولت ورتھا ۔ ورتھا کمول پھولے الی گونجے' معلوم ہو رہا تھا ۔ حقیقت میں سور کی گوپیاں 'درہ ساگر میں مگن بھئی' تھیں ۔ انہیں 'کا ہو کی سدھی نہ رہی' اور 'اس نے پورن پریم دیکھی' مدھوکر یعنی اودھو کو خاموشی اختیار کرنا پڑی ۔ 'سبی گوپی کو پریم نیم اُدھو کو بھولیو' اور وہ بھی 'دھنی گوپ دھنیے سر بھی بنواری' کہنے پر مجبور ہوا ۔ اُس نے اعتراف کیا کہ 'اُپدیس آیو ہتو، موہیں بھیو اپدیس' ۔ اتنا ہی نہیں 'کیسے گوپ کو نہیں' اودھو، یدوپتی کے پاس پہنچے اور انہوں نے کہا 'ایک بار برج آھودیکھو گوپی دکھرائے ۔ گوکل کو سکھ چھانڈی کے کہاں سے ہو نا بھر' ۔ یہی بھکتی کا اثر ہے جسے سریمد بھاگوت میں

نہ پریں نا بھر مکند سے نہ ورتن نہ بھو جما
نہ دانی نہ پتو نہ چیجیا نہ سوچن نہ ورتانج
پری یتے ڈملیا بھگتیا ہری رنید وذم سم

میں بتایا گیا ہے جو پشٹی مارگ کے بالکل موافق ہے ۔ سورداس اسی محبت کی راہ کے راہی ہیں ۔ گوپیوں کی محبت کی انمٹ کہانی سن کر سور کے شری کرشن بھی 'رہے نین جل چھائے'، اور وہ کہنے لگے :

اودھو موھیں برج بسرت ناہیں
ہمسستا کی سندر گگری ارو کنجن کی چھاہیں
وے سربھی، وے بچھر، دوھنی، کھرک دھاوں جاہیں

'یہ متھرا کنچن کی نگری منی مکتا ھل جاھی' انہیں منظور تھا لیکن 'جب ہی سرتی آوت واسکھ کی جیسے امگ تنو ناہیں' کے تجربے سے وہ خاموش رہے ہیں اور 'کبھی کبھی پچھتاھی' کی اُن پر نوبت آتی تھی ۔ بھکت اور بھگوان کے اِس خوبصورت تعلق کا ہی تذکرہ 'سورکاویہ' میں ہوا ہے اور یہی سورکاویہ کا خاص نکتہ ہے ۔

مانا کہ سور نے بھگوان کرشن کی تمام زندگی کے بارے میں نہیں بتایا ۔ بھگوان کی 'بال لیلا' (لڑکپن) اور 'یووں لیلا' (دور شباب) تک وہ محدود رہے لیکن یہ کمی انہوں نے اپنی گہرائی سے پوری کرلی ۔ مکری پرواز کی قوت پر اُن کے پد ہندی نظم کے جگمگاتے ہیرے بنے ۔ سنگیت کے گیت، باجے اور رقص اِن تینوں

پدوں کو سور نے پیش کیا ہے ـ 'سور ساراولی' کے ایک پد میں اُنھوں نے چھتیس مخصوص راگنیوں کے نام خوبصورتی سے پیش کیے ہیں ـ «شری نند نندن پت سگھنگ» جیسے پد میں آلاپ، مردنگ کے بول، ناچوں کے نام اور رقص کے ٹکڑے بڑے فطری انداز میں نظم کیے گئے ہیں ـ سورساگر کے مصدقہ نسخے میں سور کے پدوں پر وقت اور بھاو کے مطابق راگوں کے نام تحریر ہیں ـ سور کی 'برسے میہا مند مند' نام کے پد پر 'ملہار راگنی' نام دیا گیا ہے ـ اور آج بھی برج کے علاقے میں ملہار راگنی کے صاف ستھرے روپ کو ظاہر کرتا ہوا یہ پد سنا جاسکتا ہے ـ ادب اور موسیقی کے خوبصورت سنگم کے سبب آج بھی سور کی تخلیق بڑے بڑے ماہران موسیقی ٹھمری، خیال دھرپد اور گھمار کے روپ میں گاتے نظر آتے ہیں ـ حقیقت میں سور کے علم موسیقی کے بارے میں ایک شاعر نے بے مناسب کہا ہے :

ہاپھن ستارو سور کسو، مکھہ میں مدھرا بول
(کاہرا) کاہورے کے رنگ میں سورداس کو جول

سور کے طرز بیان کی خوبی بہت ہی معمولی بات کو کئی طرح سے کہنے میں ہے ـ بال کرشن کا کھانا پینا سونا کھیلنا جیسی معمولی باتوں کو بڑی تفصیل سے اور کئی بار جوں کا توں بھی سور نے کہا، لیکن ان کے بیان کا ڈھنگ ہی کچھ ایسا ہے، جس سے قاری اُکتاتا نہیں ـ 'سیام بھجا کی سندرتائی' وہ پد ہے جو پورا سیام کی بھجاؤں (بازوؤں) کے بیان میں ختم ہوا، لیکن 'سو بھجنگ'، 'گنگن میں اُترت ادھر مکھہ رہیو جھلائی' جیسے خوب صورت تصور سے اُس کے حسن میں چارچاند لگ گئے ہیں ـ اُن کے طرز بیان کی دوسری خوبی یہ ہے کہ تصور غیر فطری ہوتے ہوئے بھی قاری کے دل ودماغ پر بہت گہرا اثر چھوڑتا ہے ـ کرشن کے حسین روپ کو دل سے نکالنے کی بات اُودھو نے گوپیوں سے کہی ـ اِس کا جواب دیتے ہوئے گوپی نے کہا :

اُر میں ماکھن چور گڑے
اب کیسے ہو نکست ناہیں اودھو، ترچھے ہیں جو اڑے

یعنی : کرشن ہم لوگوں کے دل میں ترچھے ہوکر اڑ گئے، اب اُنہیں نکالیں کیسے ؟ بڑا عجیب تصور ہے، پھر بھی غیر فطری نہیں ـ کوئی لمبی چیز کسی تنگ منہہ والے برتن کے اندر جا کر ترچھی ہو جائے تو اُس کا نکالنا سچ مچ مشکل ہو جاتا ہے ـ کرشن کے بارے میں اِس کا استعمال کرنا سور کی اپنی فہم و فراست پر مبنی ہے ـ تیسری خوبی ہے تشبیہات کا سور کا تصنیفی استعمال ـ اصل میں سور تشبیہات کے عاشق نہیں ـ اُن کی شاعری کا خاص موضوع بھکتی ہے، شاعری دوسرے درجے کی

چیز ہے – لیکن سور کے پدوں میں تشبیہات کا علم اُن کے پیچھے دست بستہ چلتا ہوا نظر آتا ہے –

پھر بھی 'سیا میں ناہیں نا کھی کھایو' جیسے پدوں میں نظر آنے والی فطرت سور کی فنی مہارت کا ثبوت ہے –

سور کی بھاشا سرزمین برج کی عوامی زبان تھی لیکن عوامی زبان کو اُنھوں نے میٹھی آسان مترنم اور اتنا ترقی یافتہ بنایا کہ سور کی جوسو کے ساتھ برج بھاشا کی وسیع خیالی سب جگہ پھیلی – حقیقت میں سور کو 'برج بھاشا کا والمیکی' کہا گیا ہے – پہلی بات تو یہ ہے کہ سور نے عام بول چال کے لفظ اور محاورے جوں کے توں رکھے ہیں – جس سے زبان کی زندہ دلی کے بھاو کو ترغیب ملتی ہے – 'آئی چھاک بلائے سیام' اور 'تم بن اور نہ کوو کو پاندھی'، 'پاوے ہیر پرائی' 'اجامیل گنی کھاھی' 'پیری گھیو پیلو' وغیرہ جیسی متعدد مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں – 'تم باندھتی آکاس بات جھوٹھی تو سہے' میں آکاس باندھنا – 'دوے کوڑی کے کاگد مسی کو لاگت ہے بہومول' میں دو کوڑی کا محاورہ عام فہم ہے – صرف آنکھ سے شروع ہونے والے محاوروں میں آنکھی اُدھاری، آنکھی گڑی لاگت، آنکھی نہیں مارت' آنکھی دکھاوت جیسے کئی محاوروں کا استعمال سورداس نے کیا ہے – 'بھرمر گیت' میں تو 'لے آئے ہو نفا جان کے سیسے وستو اکری' مور سورا کور لے گئے وباج سرت اودھو جیسی کئی عوامی کہاوتوں نے زبان کے حسن میں چار چاند لگائے ہیں – اوچٹ، چٹیا، دھکت دھکی جیسے دیہی لفظوں کا استعمال کرکے سور نے عوامی زبان کا حسن قائم رکھا ہے –

جذبات سے پر زبان کا استعمال سور کے اہل زبان ہونے کا ثبوت فراہم کرتا ہے – 'آج جوھری ھی نہ گھاؤں – تو لاجو گنگا جنی کو، 'سادھو سوتنو پتر نہ کہاؤں' میں ویر رس کے مطابق اگیے والی برج بھاشا 'اودھو جاھو تم ہیں ہم نے – سیام تم ہیں یہاں ناہیں پٹھایو تم ہو بیچ بھلائے' استعارے کے لئے موافق روپ اپناتی ہے اور 'انگ انگ رنگ بھری آئے ہو – رنگ بھری پاگ، بھال رنگ سوبھا، رنگ رنگ رین جگائے ہو' میں وصل کے لئے پرکشش تصور ہے – 'بھہرات پھہرات دوانل آیو' میں داوانل کی ہیئت بیان کرنے کے لئے 'جھٹتی جھٹت، اُچٹتی انگار جھنکار چھایو' جیسے لفظوں اور دلیلوں کا استعمال داوانل کے افعال کو منعکس کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں – 'جھلک' سے ہی جھلک، جھلکتی، جھلکوی، جھلکاوے، جھلملتے، جھلملات جیسے الفاظ کا استعمال ایک عام شاعر کے بس کی بات نہیں ہے –
صرف انگریزی میں 'دیکھنا' فعل کے لئے Obse- Perceive, Look, Behold, See,
Take notice, Watch, rve, وغیرہ لفظ استعمال ہوتے ہیں – اسی طرح سور نے

اِسی کے لئے پیکھی، ولوکی، مرکھی، چتوی، دیکھیو، جھانکتی، درسن، جھکتی، پلک جھلوں، درشٹی رھی، نیں بھلاے، اِن الفاظ کا استعمال کیا ہے – ہاں یہ ماننا پڑے گا کہ تک بندی کے لئے سور کہیں نہ کہیں گیں، لیٹیے جیسی توڑ مروڑ بھی کرتے ہیں – ठु، ह्नु کا خوب استعمال کرتے ہیں – سور ساگر کی کئی لہروں میں بھاشا کی روانی اعتدال پر نہیں ہے – لیکن مجموعی اعتبار سے سور نے زبان کا جادب نظر، پرکشش اور مترنم روپ قائم رکھا ہے – اور اُسے نا اُمیدی، یاسیت، جنوں اور دکھ وغیرہ جذبات و احساسات کے موافق رکھا ہے – یہی اُن کی عظیم کامیابی ہے – عربی اور فارسی کے الفاظ کو بھی سورداس نے برج بھاشا میں نبھایا ہے – مسقت کو سور نے 'مسکت' کہکر اسے برج بھاشا کا ایک لفظ بنا دیا – 'کچھو ھوس سکھے جن میری' میں 'ھوس' اور 'سور پاپ کو گٹ درڈ کیو محکم لاتی کوارے' میں 'محکم' لفظ کا استعمال اسی فن کی دلیل ہے – تقریباً ڈیڑھ سو عربی اور فارسی کے لفظوں کو سورداس نے برج بھاشا میں سمو لیا ہے – اِس میں سور کی یکٹ سوئی تلسی سے زیادہ ہے –

کوئی تعجب نہیں کہ ایسے عظیم شاعر کا اثر تلسی کے ساتھ ساتھ پہلے کے شاعروں پر بھی پڑا ہو – سور کے 'رام چرتر' کی بنیاد واضح طور پر بھاگوت ہی ہے لیکن ہندی میں 'رام کاویہ' کے شہنشاہ تلسی داس بھی سور کی شاعری سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہے – 'پات بھری سہری سکلسب بارے بارے' یہ 'کویتاولی' کی مشہور سطریں ہیں – اِن کی اصل سورداس کے 'نو کا ھوبا ھیں لے آؤں' میں پایا جاتا ہے – بن میں گانو کی عورتوں نے سیتا سے اُن کے شوہر کے بارے میں پوچھا: 'کون برن تم دیور سکھی ری، کون تہارو ناتھ' – سیتا نے جواب دیا 'گورن برن میرے دیور سکھی، پیے مم سیام سریر' – ایک مقام پر سور کی سیتا بھی 'راجو ین میں کی مورتی سیسی دیو بتائی' کا سہارا لیتی ہے – 'مانس' میں تلسی اِسی کو بہت ہی خوبصورت شکل عطا کرتے ہیں اور لکھتے ہیں: 'کھجن مجو تری چھے سینی نجاتی تنہی کرے اوپیے سیسی' تلسی کی گیتاولی پر سور کے کاویہ کا خاصا اثر ہے اور وہ فطری بھی ہے –

کہنے کا مطلب ہے کہ مشاہدے و تجربے کے میدان میں سور کی صلاحیت و لیاقت اُن کی گہرائی میں ہے – وسعت میں نہیں – 'راس لیلا' میں جہاں پریم کے ملن سکھ کی خوبصورت تصویریں انہوں نے پیش کیں، وہاں 'بھرمر گیت' میں فراق کے مشاہدے کو سنجیدہ اور وسیع روپ دینے میں کامیابی حاصل کی – سور کا پریم سرنگار سے نرے پہنچ کر مدھر رس میں تکمیل پاتا ہے – یہ جذبہ سور کی شاعری کی انوکھی کشش ہے – مختصر یہ کہ تو سور حقیقتاً بادشاہ ہیں اور اِس میں تلسی بھی اُن کے مقابلے میں

کمزور ہی ثابت ہوں گے ۔ عام بول چال کی زبان برج بھاشا کو ادبی شکل دینے کا سہرا سور کے سر بندھتا ہے ۔ انہوں نے برج بھاشا میں پنہاں صوتی ومعنوی حسن کو وسعت دی اور اُس کے حسن کو مزید نکھار دیا، سنوار دیا ۔ کیا سنسکرت، کیا بدیسی زبانیں، کیا ملکی زبانیں، سب ہی سے کہاوتوں، محاوروں اور الفاظ کو لے کر برج بھاشا کو ترقی دینا سور کا ہی حصہ ہے، اُن کے اِس قرض سے چھٹکارا پانا ممکن نہیں ۔ آچاریہ ہزاری پرساد دویدی جی نے اپنے 'سور ساہتیہ' میں مناسب ہی کہا ہے کہ 'اُنہوں نے اِس نظم میں مذکور زبان کو اِتنی حسین، میٹھی اور پرکشش بنا دیا کہ لگ بھگ چار سو برس تک شمال مغربی ہندوستان کی شعر و شاعری کا سارا دارومدار اِسی زبان پر منحصر رہا'۔ دوراوسط کے عام لوگ سیاسی کش مکش سے ہراساں تھے ۔ یہی یاسیت سورداس جیسے عوامی شاعر میں منقلب ہوئی ۔ اِسی دور میں فنون لطیفہ بام عروج پر پہنچا ۔ سورداس نے اِن فنون کی خصوصیات کو مکمل کیا ۔ تانسین نے موسیقی کو حیات جاوید بخشی اور سورداس نے اُسے شعر میں ڈھال کر شاعری اور موسیقی کا مترنم ملاپ کیا اور اپنے دور کی تصویرکشی کے رواج کے ساتھ انوکھے الفاظ و محاورات سے شاعری کو بھی وقت کے مطابق سانچے میں ڈھالا ۔ مستقل قائم رہنے والے ادب کی کسوٹی پر بھی سورداس کھرے اترتے ہیں ۔ کیونکہ یشودا اور گوپ گوپیوں کا دکھ سکھ دراصل بنی نوع اِنسان کے دکھ سکھ کے احساسات کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے ۔ اِسی لیے سورداس کی شاعری کو ملک تک محدود نہیں کیا جا سکتا ۔ وقت کے احساس کی نمایندگی کرتے ہوئے بھی اِس عوامی شاعر نے شاعری میں بین الاقوامی مٹھاس اور محبت کا راگ چھیڑا ہے ۔ لہذا ان کے بارے میں کہا جا سکتا ہے ۔

کدھاں سور کو سرلگیو، کدھا سور کوں پیر
کدھاں سور کو پرلگیو، تن من گھمت سر پر

مترجم : التماس صابر مارہروی

سورداس کی رادھا-کردار اور شخصیت

ڈاکٹر حمیلہ عالی جعفری

سورداس کی تصنیف 'سورساگر' رادھا کرشن کی گوناگوں لیلاؤں کا اظہار کرنے والی عظیم شعری تخلیق ہے ۔ رادھا اس شعری تصنیف کی ہیروئن ہے ۔ یہی رادھا کرشن کے کردار اور شخصیت کی وسعت کی محور ہے ۔ یہی رادھا ایک طرف روحانی طور پر کرشن کی نصف بہتر اور احساس مسرت کی شکل میں منعکس ہے تو دوسری طرف پہلی بار مرد کی دیرینہ محبوبہ اور خانگی عورت کا لباس پہن کر عوام الناس کے درمیان سر زمین عالم پر نازل ہوتی ہے ۔ اس کی شخصیت کی چھوٹی چھوٹی علامتیں لطیف خم اور اندرونی پیچیدگیاں 'سورساگر' کی دسویں فصل میں بڑے باریک موئے قلم سے منضبط ہیں ۔ یہی سبب ہے کہ رادھا کے کردار کی سبک بیچی کاری قاری کو مسحور کر دیتی ہے ۔ «سورداس کی رادھا ایک مکمل عورت ہے، حسن کی مثال معقود ہے، وہ ورنداون کے سبزہ زار پر گھومنے پھرنے والی محبت سے آشنا گوپی (گوالن) ہے، حسن کی زندگی برج بدن پر مرکوز ہے ۔ ان کی سعادت مندی میں، ان کی مسرت و انبساط میں اور ان کے حسن کی گرویدگی میں ۔ سور کی رادھا دنیا اور مافوق الفطرت کی، محبت اور سپاس کی، عشق کی پاکیزگی کی اور دوستی کی اُمید کی ایک صاف شفاف تصویر ہے ۔»[1]

رادھا کرشن کی پہلی ملاقات 'برج کی کھوری' میں بھورا، چکب، ڈوری کھیلتے وقت ہوئی ۔ یہ ملاقات اتفاقی امر نہیں بلکہ ماقبل کا واقعہ ہے ۔ اس واقعے میں نمایاں ہے، حسن کی تازگی ہے اور پاک محبت کی تحریک ہے ۔ نیک سیرت، خوب صورت نوجوان حسینہ پر کرشن فریفتہ ہوگئے ۔ نظروں سے نظریں ملیں اور محبت کی پاکیزہ موجیں مضطرب ہوگئیں ۔[2] ان موجوں کے زور نے برج کی تمام مصیبتوں کو منتشر کردیا، بزرگوں کو متحرک کیا اور نوجوانوں کو جینا سکھا دیا ۔ ہوشیار ہیرو کرشن نے رادھا کو باتوں ہی باتوں میں اپنا گرویدہ بنا لیا اور اپنی پوشیدہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے روزانہ ملاقات کرنے کی تدبیر بھی ذہن نشیں کرا دی ۔

1 بھارتی وانمیے میں شری رادھا، پنڈت بل دیو اپادھیائے، ص ۲۲۱

2 سورساگر، پہلا حصہ، دسویں فصل، پد ۱۲۹۰

ابتدا میں رادھا سادگی کا مجسم نظر آتی ہے - رادھا کی سادگی اور معصومیت پر ہی کرشن فریفتہ ہوئے تھے :

سودھی نپٹ دیکھیت تم کوں ، تاتیں کریت ساتھ [1]
(सूधी निपट देखियत तुमकौं, तातैं करियत साथ।)

یہ معصوم حسینہ دیکھتے ہی دیکھتے چالاک اور چنچل ہوگئی - اس کی زندگی میں غیرمعمولی چاہت ، بے چینی اور انتظار کی کیفیت شامل ہو گئی - کرشن کی پرکشش شخصیت رادھا کو گھر کی چار دیواری سے نکال کر، برج کی گلیوں سے دور کھرک اور ساحل جمنا کے سبزہ زار میں بلانے لگی - موقع پاتے ہی ناگری رادھا ناگر کرشن کو اپنی چالاکی اور خوش طبعی سے بہلانے لگی - ایک دن نند، کرشن کو رادھا کی حفاظت میں چھوڑ گئے - بس پھر کیا تھا - رادھا کو اپنے طور پر رعب داب کا موقع مل گیا :

نند بابا کی بات سنو ہری
موہیں چھانڑی جو کہو جاہوگے ، لیاؤں گی تمکوں گھری
بھلی بھئی تمہیں سونپی گئے موہیں، جان نہ دے ہوں تمکوں
بانہہ تمہاری نیکو نہ چھانڑوں ، مہر کھیجی ہیں ہمکوں
میری بانہہ چھانڑی دے رادھا، کرت اُپر پھٹ بات تیں
سور سیام ناگر، ناگری سوں، کرت پریم کی گھاتیں [2]

(नंद बबा की बात सुनौ हरि।
मोहिं छाँड़ि जौ कहूँ जाहुगे, ल्याऊँगी तुमकौं घरि।।
भली भई तुम्हें सौंपि गए मोहिं, जान न दैहौं तुमकौं।
बाँह तुम्हारी नैंकु न छाँड़ौं, महर हैं खीझि हैं हमकौं।।
मेरी बाँह छाँड़ि दै राधा, करत उपर फट बातें।
सूर स्याम नागर, नागरि सौं, करत प्रेम की घातें।।)

شب تنہائی کے طول نے رادھا کرشن کو قربت کا موقع فراہم کیا، اس کے بعد جب رادھا گھر واپس لوٹی تو اس کے حد و حال میں عجیب تبدیلی دیکھ کر اس کی ماں بہت بے چین ہوئیں - انہیں شبہ ہوا کہ خداخواستہ میری 'کنواری' کو کسی کی نظر بد لگ گئی - مگر چالاک رادھا نے ماں کو طول طویل تمہید کے ساتھ، اپنی پختہ اداکاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے یقین دلایا - میری ایک

1 سورساگر، پہلا حصہ، دسویں فصل، پد ۱۲۹۲
2 ایضاً پد ۱۲۹۹

سہیلی کو 'کالے' (سانپ) نے ڈس لیا ۔ اس کی حالت دیکھ کر مجھے بہت خوف معلوم ہوا ۔ اتنے میں نہ جانے کون کالے رنگ کا ایک 'ٹھوٹا' (عامل) آیا ۔ معلوم ہوا وہ نند کا بیٹا ہے ۔ اس نے جھاڑ پھونک کرکے اس لڑکی کو اس تکلیف سے نجات دلائی ۔ اسی وقت سے میرا دل بے چین اور طبیعت خاموش ہے ۔ [1] نوجوان حسینہ اپنی ماں کی ایک اکیلی اولاد ہے ۔ اس نے اپنی بھولی بھالی قنائل مبہم تیر باتوں سے دردمند ماں کو مغالطہ دے کر ان کی ہمدردی اور نطر عنایت حاصل کرلی ۔ بے چاری ماں رادھا کی ومر آمیری، تلون مزاجی اور چالاکی کیا جانے؟

رادھا اپنی ماں کی دلاری تو ہے ہی، اب اس نے یشودا ماں کو بھی گرویدہ بنا لیا ہے ۔ رادھا کی ہونے والی ساس یشودا نے اس کی چوٹی گوستھی اور اسے نئی اوڑھنی پیش کی ۔ آنچل میں میوے ڈالے ۔ رادھا کی ماں کو بیٹی کے سامنے گالی دے کر مزاحاً کہا ۔ پھر اس نے سورج کی طرف آنچل پھیلا کر روحین کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا :

نین بسال، بدن اتی سندر، دیکھت نیکی چھوٹی
سور مہری سبیتا سوں بن وتی، بھلی شیام کی جوٹی [2]

(नैन बिसाल, बदन अति सुंदर, देखत नीकी छोटी ।
सूर-महरि सविता सौं बिनवति, भली श्याम की जोटी ॥)

طنز و مزاح میں رادھا نے یشودا کو بھی مات دے دی ۔ یشودا نے مذاق کرتے ہوئے کہا ۔ میں تیرے باپ سے واقف ہوں، وہ بڑا بے ادب ہے ۔ اس پر رادھا دل ہی دل میں بگڑی ۔ اسے ذرا بھی اچھا نہیں لگا کہ اس کے ماں باپ کو کوئی کچھ کہے ۔ رادھا سے ضبط نہ ہو سکا، کہنے لگی — بابا نے تم سے کیا بے ادبی کی ہے ؟

رادھا انتہائی صاف گو ہے ۔ یشودا ماں رادھا کو چھیڑتی اور قصوروار ٹھہراتی ہیں کہ تو یہاں بن ٹھن کر آتی ہے، کرشن تیرے تصور میں ڈوبے رہنے سے الٹے سیدھے کام کرتے ہیں ۔ تیری نگاہوں میں نہ جانے کون سا جادو ہے حسن کی کشش کرشن

---

1 سورساگر پہلا حصہ، دسویں فصل، پد ۱۳۱۵
2 ایضاً پد ۱۳۲۰

کو خوش فہمی میں مبتلا کر دیتی ہے ۔ اس وقت رادھا کا جواب بڑا ہی مدلل اور بامعنی ہے ۔ وہ کہتی ہے :

میں کہہ کروں ، ست ہیں نہیں برجتی ، گھرتیں موھیں بلاوے
موسوں کہن توھیں بن دیکھیں ، رھن نہ میرو پران
چھوہ لگتی موکوں سنی بانی ، مہری تمہاری آن [1]

(मं कहा करौं, सुतहि नहिं बरजति, घर ते मोहिं बुलावं ॥
मोसौं कहत तोहिं बिनु देखे, रहत न मेरो प्रान।
छोह लगति मौकौं सुनि बानी, महरि तुम्हारी आन ॥)

رادھا کی چالاکی سانپ کے کاٹنے والی اداکاری میں پوری مہارت سے نمایاں ہوتی ہے ۔ اس باب میں رادھا کی اداکاری دیکھنے کی چیز ہے ۔ ایک طرف رادھا کرشن کی محبت کا رنگ روز بہ روز گہرا ہوتا جاتا ہے ۔ دوسری طرف وصال کرشن میں دقتیں بڑھتی ہی جاتی ہیں ۔ پھر بہ یقین بھی نہیں کہ محبت کو ہمیشہ موافق حالات ہی نصیب ہوں ۔ راہ محبت سکون قلب کا باعث ہوتے ہوئے بھی خاردار ہے ۔ شاعر کے قلم سے متضاد کیفیات کا ذکر رادھا کرشن کی محبت کو اور بھی زیادہ گہرا سا دیتا ہے ۔ ہر حال میں چالاک رادھا بھگوان کی عنایت سے کوئی نہ کوئی راستہ نکال ہی لیتی ہے ۔ رادھا سکھیوں کے ساتھ رہتی ہے ، تب بھی اشاروں کنایوں میں بات چیت ہو جاتی ہے ۔ اتنا ہونے پر بھی رادھا ناجیا ہے ، اپنی عصمت و عفت اور خاندان کے وقار کا لحاظ ہمیشہ رہتا ہے ۔ کرشن کی چالاکی اور تلون مزاجی کی باتیں سن کر وہ انہیں ایسا کرنے سے روکتی ہے ۔ رفتہ رفتہ رادھا کی محبت کا بسم سرور سے جدا ہوکر شک اور ناموافقت کا احاطہ کر لیتا ہے ۔

ایک دفعہ کرشن رادھا کو لے کر غائب ہوگئے ۔ ایسی صورت میں گوپیاں پریشان ہوگئیں ۔ [2] پھر کیا تھا ؟ رادھا پر شبہہ کیا جانے لگا ۔ [3] رادھا بھولی نہیں ، چھوٹی اور ناسمجھ بھی نہیں ہے ۔ ہمیشہ سکھیوں کو مغالطے میں رکھتی ہے اور خود کرشن کی محبت میں ڈوبی رہتی ہے ۔ کرشن کا اپنی طرف بے مثال لگاو دیکھکر رادھا کا دل فخر سے بھر گیا ، جو ایک فطری تقاضا تھا ۔ [4] ناگری رادھا سوچنے لگی کہ میرے برابر نہ تو کوئی حسین ہے اور نہ چالاک ۔ یہی سبب ہے کہ کرشن میرے بس

1 سور ساگر ، پہلا حصہ ، دسویں فصل ، پد ۱۳۴۱
2 ایضاً پد ۱۷۱۳
3 ایضاً پد ۱۷۱۶
4 ایضاً پد ۱۷۱۸

میں ہیں۔[1] اس کے بعد رادھا کی خود پسندی نے عورت کی جڑیں اکھاڑ پھینکیں۔[2] اس عورت کے مشاہدے کی تصویر کتنی لطیف اور پرکشش ہے:

سکھی موہیں موہن لال ملاوے
جیوں چکور چندا کو، کیٹک بھرنگی دھیان لگاوے
بنو دیکھے موہی کل نہ پرتی ہے، یہ کہہ سبنی سناوے
بنو کارن میں مان کیوری، اپنے ہیں من دکھ پاوے
ہا ہا کری کری، پاین پری پری ہری ہری ٹیر لگاوے
سورسیام بنو کوٹی کرو جو، اور نہیں جی آوے[3]

(सखी मोहिं मोहनलाल मिलावैं।
ज्यौं चकोर चंदा कौ, कीटक भृंगी ध्यान लगावैं।
बिनु देखे मोहि कल न परति हूं, यह कह सबनि सुनावैं।
बिनु कारन मैं मान कियौ री, अपनेहिं मन दुख पावैं।।
हा-हा करि-करि, पायन परि-परि हरि-हरि टेर लगावैं।
सूर स्याम बिनु कोटि करौ जो, और नहीं जिय आवैं।।)

اب رادھا کے کردار میں خوف ذرہ برابر بھی نہیں رہی۔ اس میں صرف سچے محبت کرنے والے دل کی حکمرانی ہے، لگن ہے اور ہمیشہ اپنے پیارے سے ملنے کی تمنا ہے۔ پریتم کی محبت پانا ہی اس کا سب سے عزیز مقصد ہے۔

رادھا کو ہر وقت سکھیوں کے مذاق کا اندیشہ رہتا ہے۔ وہ کرشن سے محبت کی بات سکھیوں سے چھپائے رکھتی ہے۔ یہی سبب ہے کہ سکھیوں اور رادھا کے درمیان بھید بھاؤ پیدا ہو جاتا ہے۔ لیکن رادھا ان کو 'دھتا' بتا دینے میں انتہائی ماہر ہے۔ سورساگر میں ایسی کئی کیفیات کا تذکرہ ہے، جس میں سکھیاں رادھا کے سلوک سے تنگ آگئی ہیں۔ لیکن رادھا کی ہوشیاری نے انہیں شکست دی ہے اور آخرکار ان سب کو رادھا کی بے قصوری تسلیم کرنی پڑی ہے۔

رادھا اور تمام گوپیاں محبت میں بے خود ہوکر شرم و حیا کو حقیر سمجھنے لگتی ہیں۔ کرشن رادھا کی سچی لگن اور محبت کو پرکھ کر اس کے ساتھ سیر و تفریح کرتے ہیں۔ وہ باتوں ہی باتوں میں اپنے دل کا درد کرشن کو سنا کر سماجی بندھن، ماں باپ بھائی خاندان وغیرہ کے خوف و ہراس کا ذکر کرتی

1 سورساگر، پہلا حصہ، دسویں فصل، پد ۱۷۱۹
2 ایضاً پد ۱۷۲۹
3 ایضاً پد ۱۷۳۲

ہے کہ یہ سب کس طرح دل کی اتھاہ گہرائیوں سے امڈتے محبت کے جذبات میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ اس پر کرشن نے رادھا کو شرم وحیا اور خاندان کے وقار کے سلسلے میں نصیحت کی۔ کیا کیا جائے؟ زندہ رہنے کے لئے تمام معمولات کی حفاظت کرنا ہوتی ہے۔ اب یہیں سے رادھا کی محبت شوخی کو چھوڑ کر حالات کے تقاضے کے ساتھ سنجیدگی اختیار کرلیتی ہے۔ محبت کی آگ اندر ہی اندر سلگتی ہے جس سے رادھا کی محبت اور بھی کھری، پاک، پختہ اور پوشیدہ ہوکر زوراَمروں نکھرتی جاتی ہے۔ عوامی زندگی میں اس محبت کی پایداری، گہرائی اور وسعت کی پیروی کرنے کی ضرورت ہے۔

رادھا خوبصورتی کا مجسمہ ہے۔ قدرت کی صناعی کی کشادگی اس کے پرکشش پیکر میں ڈھلی ہوئی ہے۔ یشودا کو کسی سے ہی اندیشہ تھا کہ رادھا کا لازوال حسن اور اس کی نظروں کی کشش یقیناً کرشن کو اس کا گرویدہ بنا ڈالیں گے۔ یہ اندیشہ پورا ہوکر رہا۔ کرشن کی محبت کے جذبے نے رادھا کے حسن کو دوآتشہ بنا دیا۔ اس کے حسن میں مزید نکھار سے اس کی سکھیاں شک میں مبتلا ہوگئیں، وہ اسے چھیڑنے لگیں:

وہ پھولی آوتی ری رادھا
مانو ملی انک بھری مادھو، پرگٹت پریم اگادھا
بھرکٹی دھنس نین سر سادھے، بدن بکاس ابادھا [1]

(वह फूली आवति री राधा।
मानहुँ मिली अंक भरि माधौ, प्रगटत प्रेम अगाधा।।
भृकुटी-धनुष नैन-सर साधे, बदन बिकास अबाधा।।)

رادھا کی دل کش نظروں میں شوخی اور چالاکی کی جھلکیوں سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا کام دیو رقص کر رہا ہے۔ رادھا کرشن کی محبت چھپائے نہیں چھپتی۔ کرشن کی محبت سے مسحور رادھا جب یہاں وہاں اپنی نظریں ڈالتی ہے تو چاندنی بھی پھیکی پڑ جاتی ہے:

رادھا تیرو بدن براجت نیکو
جب تو اِت اُت بنک بلوکتی، ہوت نساپتی پھیکو [2]

(राधा तेरौ बदन बिराजत नीकौ।
जब तू इत-उत बंक बिलोकति, होत निसापति फीकौ।।)

---

1 سورساگر، پہلا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۳۱۴
2 ایضاً پد ۲۳۲۰

شاعراعظم سور نے رادھا کے حسن کا ذکر دو طرح سے کیا ہے: ایک تو رادھا کی جدائی میں پیامبر کے ذریعے، دوسرے کرشن ملن کے بعد سکھیوں کے ذریعے اس حسن کی تصویر کشی میں کوئی مبالغہ نہیں ہے۔ شاعر نے بڑے نرم لہجے میں رادھا کے پیکر حسن کا ذکر کیا ہے۔ رادھا سادگی حسن کا مجسمہ اور خوبصورتی کی دولت ہے۔ دوسری طرح کی عورتیں سر تا پا زیب و زینت سے آراستہ پیراستہ اس کی برابری نہیں کرسکتیں۔ رتی (کام دیو کی زوجہ)، رمبھا (ایک اپسرا)، اُروشی (ایک رقاصہ)، رما (وشنو کی بیوی) وغیرہ بھی رادھا کے حسن مجسم کو دیکھ کر دل میں ایک عجیب سی جھجھک لئے رہ جاتی ہیں۔ کیوں کہ وہ سب 'کنت سہاگی' (محبوب سہاگن) نہیں ہیں۔ لیکن رادھا کرشن کو بے حد عزیز ہے۔ زندہ دل سرتاج کرشن کی جان عزیز کے ہر ایک عضو کی زینت، حد بے حد، بے کنار اور بے اِنتہا ہے۔ للتا (سری کرشن کی زوجہ) کے ذریعے پیش کیا ہوا رادھا کے حسن کا بیان نرالی سج ہے۔ یہاں ایک حیرت انگیز کہانی 'ادبھت ایک انوپم باگ' (अद्‌भुत एक अनूपम बाग) سما کر کرشن کو لبھانے کی تدبیر کی گئی ہے۔[1] سنہری شاخ پیچاں اور چمپاکلی سی رادھا ہری (کرشن) کا سرمایۂ حیات ہے۔[2] نیلے کپڑے کی نقاب سے ڈھکا ہوا نصف چہرہ، پھر اُوپر سے بکھری ہوئی زلفوں کی زینت ناقابل بیان ہے:

آدھو مکھ نیلامبر سو ڈھانکی، بتھری الکیں سو ہیں
ایک دسا منو مکر چاندنی، گھن بجوری من موہے
کبھوں کیس پاچھے لے ڈارتی، نکسن سسی جیوں جوہے
سور سیام پیاری چھبی دیکھت، تربھون اُپما کو ہے[3]

(आधौ मुख नीलांबर सौ ढँकि, बिथुरी अलकें सोहें ।
एक दिसा मनु मकर चाँदनी, घन बिजुरी-मन मोहें ।।
कबहुँ केस पाछें लै डारति, निकसन ससिज्यौं जोहें ।
'सूर' स्याम प्यारी छबि देखत, त्रिभुवन उपमा को हैं ।।)

اپنے اعضا کو زیورات سے سجا کر، گھنگھروؤں کی آواز کے ساتھ، دونوں پیروں میں مرصع پازیب، گورے جسم پر نیلے رنگ کا لہنگا پہن کر جب حسینہ راج ہنس کی چال سے چلتی ہے تو اس کے سڈول اور حسین اعضا کی خوشبو کے باعث بھونرے گونجتے ہوئے ساتھ ساتھ منڈلاتے ہیں۔[4]

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۷۲۸
2 ایضاً پد ۲۸۰۴
3 ایضاً پد ۲۸۰۶
4 ایضاً پد ۳۲۲۸

یوں تو رادھا کے جسم کے ہر ایک عضو کی وضع نرالی ہے، لیکن شاعر نے رادھا کی آنکھوں کی تعریف خاص طور سے کی ہے۔ رادھا کے 'اتی رسال چنچل انیارے' نین (آنکھیں) کرشن کے ہاتھوں میں نہیں سماتے۔ خوبصورت انکھیوں کے درمیان وہ بہت بے چین نظر آتی ہیں۔ اُنہیں 'انیارے نینوں' کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یشودا نے رادھا سے کہا کہ تو 'چشم نمائی' چھوڑ دے۔ آہستہ آہستہ ان معصوم آنکھوں کی نظر میں بانکپن آ گیا، اس میں رس گھل گیا، آرزوئیں مچلنے لگیں۔ وہ متوالی ہوکر گھومنے لگتی ہیں۔ کاجل لگی محبوب کے دل کو سرور بخشنے والی کٹیلی آنکھیں کرشن کو فریفتہ کرکے اشاروں پر نچانے لگیں۔ رادھا کی سیماب آنکھوں کے ناقابل برداشت تیر عشق نے کرشن کے دل کو چھلنی کر ڈالا۔ وہ بڑے بے چین ہوکر ایسے بے قابو ہو گئے گویا برگ نو ہوا کے تیز جھونکے سے گر پڑا ہو۔[1]

حسن کا بے پناہ مجموعہ رادھا کی خوب صورتی جس طرح لاثانی ہے، اُسی طرح اس کی محبت بھی۔ رادھا کا ظاہری حسن اس کے دل میں بھرے عشق کی علامت ہے۔ رادھا کے روئیں روئیں سے عشق کا اظہار ظاہری حسن کی صورت میں عیاں ہوتا ہے۔ رادھا کی تمام خواہشات، تمام افعال، تمام سلوک کرشن کے تئیں بے پایاں اور سنجیدہ محبت کو ظاہر کرتے ہیں۔ حقیقت میں رادھا کرشن محبت کا مجسمہ ہیں، حسن کی تعمیر دوستی کے سانچے میں ڈھل کر ہوئی ہے۔ رادھا نے اپنی محبت کو دنیا کی حیا سے بچانے کے لئے دل کے آئینہ خانہ میں چھپا رکھا ہے۔ سور نے رادھا کو سوالی میرا نہیں، بلکہ ایک سنجیدہ، مستقل مزاج، نفس کش اور محبت کے خاموش مجسمے کی شکل میں پیش کیا ہے۔ اس کا دل عداوت، حسد اور تکبر وغیرہ سے عاری ہے۔ اگر ان جذبات میں سے رائی برابر کوئی جذبہ بھولے بھٹکے آ جاتا ہے تو شاعر نے انتہائی چابک دستی سے اسے مٹایا ہے۔ کرشن کے دل میں اپنی شبیہ کا عکس دیکھ کر رادھا کو حسد بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ لیکن اس کا پچھتاوا رادھا کے پیکر اور کردار کو مزید نکھار دیتا ہے۔

اکثر رادھا اور کرشن بے قابو ہوکر ملاقات کے لئے مضطرب ہو جاتے ہیں۔ دونوں کی حالت یکساں ہوتی ہے۔ یشودا ماں کو کرشن کے علی الصباح بیدار ہونے پر حیرت ہوتی ہے: 'کہا آجو اچرج کیو، تم اٹھے سکارے۔' لیکن کیا کیا جائے؟ محبوب کو عشق کی طلب تھی[2] اور وہاں رادھا کی 'رینی بہانی کٹھن سوں، من متھ

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۳۰۷

2 ایضاً پد ۲۰۸۳

بت مارے ' کی کیفیت تھی۔ کرشن کی سچی محبت نے عقل دی۔ فوراً ہی 'موتی سری' توڑ کر دامن میں باندھ لی (چھپالی) اور ماں سے اس کے گم ہو جانے کا بہانہ کردیا۔ [1] اب موتی سری کی تلاش کے لیے باہر جانے کا ایک بہانہ ہاتھ آ گیا۔ رادھا نے ماں سے اجازت لی اور وہ یہی تنہا جانے کی۔ ہار کے بہانے ہوشیار چالاک رادھا کرشن سے ملاقات کر کے اور اپنی تمنائے دلی کی پیاس بجھا کر گھر لوٹ آئی۔ یہ رادھا کی عجب شان ہے جو اسے کرشن کے اور قریب کر دیتی ہے :

پرم چتر ورش بھانو دلاری
یہ متی رچی کرشن ملی نے کی، پرم پنیت مہاری
اُت سکھ دیو نند نندن کوں، اِتہیں ہرش مہتاری [2]

(परम चतुर वृषभानु दुलारी।
यह मति रची कृष्न मिलिबे की, परम पुनीत-महारी।
उत सुख दियौ नंद-नंदन कौं, इतहिं हरष महतारी॥)

کرشن کو 'نہ دیکھنے' اور 'نہ پہچانے' کا انوکھا سادہ جذبہ رادھا نے اپنی سکھیوں کے درمیان قائم کیا ہوا ہے۔ یہ جذبہ رادھا کے کردار میں بڑا پن پیدا کرتا ہے۔ سکھیاں جب رادھا کو چھیڑتی ہیں اُس وقت وہ ایسی بن جاتی ہے گویا اس نے کرشن کو دیکھا ہی نہ ہو۔ مگر 'چتر ور ناگری' نے 'مہا سی لکھی لیو، پرے سکھی سنگ تہیں نہیں جسایو' [3] رادھا کہتی ہے : 'کرشن کون ہیں؟ کالے ہیں یا گورے؟ کہاں رہتے ہیں؟ سچ کہتی ہوں میں نے اُنہیں خواب میں بھی نہیں دیکھا'۔ [4] اس طرح رادھا کی کرشن سے ناواقفیت کا اظہار سکھیوں کا دل لبھا لیتا ہے۔ وہ بڑی مہارت سے بلا خوف سکھیوں کے شک و شبہات دور کرتی ہے اور سکھیاں اپنی مسلسل بدگمانی پر سرمندہ ہوکر پشیماں ہو جاتی ہیں۔

ایک دفعہ ایک تیز طرار سکھی نے رادھا سے راز جاننا چاہا۔ مگر رادھا کی سنجیدگی نے ماحول کو مزید سنجیدہ بنا دیا۔ سکھیوں کی تدبیر ناکام رہی۔ کیوں کہ :

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ٢٥٨٣
2 ایضاً پد ٢٦٣٣
3 ایضاً ، پہلا حصہ، دسویں فصل، پد ٢٣٣٧
4 ایضاً پد ٢٣٣٩

چتر چتر کی بھینٹ بھئی
وہ تو نٹھر مون ہے بیٹھی، ان سبھنی لکھی تاھی لئی [1]
(चतुर चतुर की भेंट भई।
वह तो निठुर मौन ह्वै बैठी, इनि सबहिनि लखि ताहि लई।)

سب کو حیرت ہوئی کہ رادھا کو خاموش برت کی تعلیم کس نے دی؟ رادھا نے کہا: پہلے مجھے یہ بتاؤ کہ تم میری سکھی ہو یا دشمن؟ تم فضول ہی کرشن سے ملنے کی بات کرتی ہو، جسے میں نے خواب میں بھی نہیں دیکھا اس کے لئے مجھے تنگ کرتی ہو۔ وہ کہتی ہے:

تم سوں کچھو دراو ہے میرو
کہاں کانھ، کہاں میں سنی سجنی، برج گھر گھر ہے گھیرو
اور کہت سب موھیں نہ ویاپے، تمہو کہو یہ وانی [2]
(तुम सौं कछु दुराव है मेरौ।
कहाँ कान्ह, कहँ मैं सुनि सजनी, ब्रज-घर घर है घेरौ॥
और कहत सब मोहिं न ब्यापै, तुमहु कहो यह बानी॥)

محبت کی اس راہ میں سکھیوں کا اعتماد اور تعاون حاصل کرنے کے لیے اسنے بڑی چابکدستی سے ایک تجویز رکھی:

کیسے ہیں نند سوں کنھائی
دیکھے نہیں نین بھری کبھوں، برج میں رہت سدائی
سکوچتی ہوں اک بات کہتی توھیں، سو نہیں جاتی سنائی
کیسے ہوں موھیں دکھاوھو ان کوں، یہ میرے من آئی
اتی ہیں سندر کہیت ہیں وے، موکوں دیہو بتائی
سورداس رادھا کی بانی، سنت سکھی بھرمائی [3]
(कैसे हैं नंद-सुवन कन्हाई।
देखे नहीं नैन भरि कबहू, ब्रज में रहत सदाई॥
सकुचति हौं इक बात कहति तोहिं, सो नहिं जाति सुनाई॥
कैसै हुं मोहिं दिखावहु उनकौं, यह मेरे मन आई॥
अतिहीं सुंदर कहियत हैं वै, मोकौं देहु बताई।
सूरदास राधा की बानी, सुनत सखी भरमाई॥)

---

1 سورساگر، پہلا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۳۴۷
2 ایضاً پد ۲۳۵۰
3 ایضاً پد ۲۳۵۴

رادھا کی باتیں سنکر سکھیاں انگشت بہ دنداں رہ گئیں۔ انہیں حیرت ہوئی کہ جس رادھا نے کرشن کو کبھی نہیں دیکھا اس کی کہانی نرح میں کیوں پھیل رہی ہے ؟ وہ کھلے طور پر کہہ دیتی ہیں :

جو ہم سنتی رہیں سو ناھیں، ایسیں ہی یہ بایو بہانی [1]

(जो हम सुनति रहीं सो नाहीं, ऐसौं ही यह बायु बहानी।)

رادھا کی چالاکی سے بھری باتیں بڑی سنسنی خیز ہیں۔ سکھیوں نے رادھا سے وعدہ کیا کہ وہ اسے کرشن کا دیدار ضرور کرا دیں گی۔ ایک دن بہانے وقت اچانک کرشن آ گئے۔ رادھا نے سکھیوں سے نظر بچا کر کرشن کے بے نظیر پیکر کا جی بھر کے دیدار کیا، مگر سکھیوں سے یہ بات پوشیدہ نہ رہ سکی۔ وہ دریافت کرنے لگیں۔ اب تو کرشن کا دیدار ہوگیا۔ وہ تمہیں کیسے لگے ؟ رادھا چند لمحے خاموش رہی اور اصرار کرنے پر اس نے کہا ۔۔۔ مجھے حیرت ہوتی ہے کہ جو کرشن نے کمار ہے، اسے ان دو آنکھوں سے کس طرح دیکھا جاسکتا ہے ؟ سکھیوں نے چٹخارے لے لیکر کرشن کے حسن کی تعریف کی، پھر بھی رادھا کو یقین نہیں آیا کہ سکھیوں نے کرشن کو دیکھا ہوگا :

تم دیکھے میں نہیں پتیانی
میں جانتی میری گتی سب ہی، یہہ سانچ اپنیں من آنی
جو تم انگ انگ اولوکیو، دھنیے دھنیے مکھہ استتی گانی
میں تو ایک انگ اولوکتی، دوؤ نین گئے بھری پانی
کنڈل جھلک کپولنی آبھا، میں تو اتنے ہی ماجھہ بکانی
اک ٹک رھی نین دوؤ روندھے، سور سیام کوں نہیں پہچانی [2]

(तुम देखे मैं नहीं पत्यानी।
मैं जानति मेरी गति सबहो, यहै साँच अपनै मन आनी।
जो तुम अंग-अंग अवलोक्यौ, धन्य-धन्य मुख अस्तुति गानी।
मैं तौ एक अग अवलोकति, दोऊ नैंन गए भरि पानी।।
कुंडल-झलक कपोलनि आभा, मैं तौ इतनेहि माँझ बिकानी।
इकटक रही नैन दोउ रूँधे, सूर स्याम कौं नहिं पहिचानी।।)

رادھا سمجھتی ہے کہ اس کی طرح ہی سب کی کیفیت ہے ۔ اس کی نظر کرشن کے ایک عضو پر ہی الجھ کر رہ جاتی ہے ۔ اس کی آنکھیں آب دیدہ ہو جاتی ہیں۔

---

1 سورساگر، پہلا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۳۵۵
2 ایضاً ، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۴۰۰

سکھیاں چاہے کرشن کے روئیں روئیں پر نظر دوڑائیں، لیکن رادھا ان کے عارض ورخسار کے حسن پر مرمٹی ہے۔ ان کا حسن ہر لحظہ کچھ اور ہی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ کرشن کے حسن کو رادھا کی مشتاق نظروں نے اور بھی سنسنی خیز بنا دیا ہے۔ یہ سنسنی خیزی دیدار حسن ہے جس کا مطالبہ گوپیاں رادھا سے کرتی ہیں۔ اس حقیقت سے واقف ہوکر سکھیاں رادھا کے 'ایک جان' ہونے کی ہمت افزائی کر کے مطمئن ہو جاتی ہیں۔—

سنہو سکھی رادھا کی بانی
ہم کوں دھنیے کہاتی آپن دھک یہ نرمل اتی جانی
آپن رنک بھئی ہری دھن کوں، ہم ہیں کہتی دھن ونت
یہ پوری، ہم نپٹ ادھوری، ہم است، یہ ست
دھک دھک ہم، دھک بدھی ہماری، دھنیے رادھیکا ناری
سور سیام کوں اہی پہچانیو، ہم بھئی ات گنواری [1]

(सुनहु सखी राधा की बानी।
हमकौं धन्य कहति आपुन धिक यह निर्मल अति जानी।
आपुन रंक भई हरि धन कौं, हमहिं कहति धनवंत।
यह पूरी, हम निपट अधूरी, हम असत, यह सत।।
धिक-धिक-हम, धिक-बुद्धि हमारी, धन्य राधिका नारि।
सूर स्याम कौं इहि पहिचान्यौ, हम भई अत गँवारि।।)

ایک دن سکھیوں نے رادھا کو کرشن سے ملتے ہوئے دیکھا۔ سکھیوں کی ایک پرانی شرط تھی کہ اگر رادھا کرشن کو باہم ملتے دیکھیں گے تو رادھا کی نتھنی اور کرشن سے زعفرانی لباس لے لیا جائے گا۔ اس کو پورا ہونے کے لئے ایک سکھی نے نتھنی مانگی، لیکن منطقی رادھا نے اسے اپنی تیز فہمی سے شرمندہ کر دیا۔ رادھا نے کہا:

کبھے کہن موکوں تم آئیں
اِتنیں بے اُتنیں تم سب ملی، کاہیں ایسیں دھائیں
نے سری ایک لے ھگی کو کو، پیتامبر نہ دکھاوھو
نے سری ارو پیتامبر لے، تب گھر جائی سماوھو
تاری ایک بحت کے دوؤ، اِتنوئی گیان وچارو [2]

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۳۰۵
2 ایضاً پد ۲۵۷۲

(कहूं कहन मोकौं तुम आई।
इततें ये उततें तुम सब मिलि, काहूं ऐसें धाई॥
बेसरि एक लेहुगी को को, पीताबर न दिखावहु।
बेसरि अरु पीताबर लै, तब घर-घर जाइ सुनावहु॥
तारी एक बजत कै दोऊ, इतनोइ ज्ञान बिचारौ॥)

رادھا کی سکھیوں نے ایک بار کرشن کو رادھا کے گھر سے نکلتے دیکھا۔ اب ان کا شبہ اور بھی یقینی ہوگیا۔ ایک چشم دید ثبوت ان کے ہاتھ آگیا۔ ان کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ سب سکھیاں ایک ساتھ رادھا کے پاس پہنچیں۔ رادھا نے حالات کو سنبھالنے کے لئے پھر خاموشی اختیار کرلی۔ گوپیوں نے رادھا سے اس کی اُداسی کا سبب دریافت کیا۔ رادھا نے مضطربانہ انداز میں کہا:

آجو سکھی ارونودے میرے، نینن کوں دھوکھ بھیو
کی ہری آجو پنتھ اھیں گونے، سیام جلد کی اُنیو
کی بگ پانتی بھانتی، اُر پر کی مکت مال بہو مول
کیدھو مور مدت ناچت، کی برہ مکٹ کی ڈول
کی گھن گھور گمبھیر پراپ اُٹھی، کی گوالنی کی ٹیرنی
کی دامنی کوندھتی چہوں دسی، کی سبھگ پیت پٹ پھیرنی
کی بن مال لال اُر راجتی، کی سرپتی دھنو چاہ[1]

(आजु सखी अरुनोदय मेरे, नैननि कौं धोख भयौ।
की हरि आजु पथ इहिं गवने, स्याम जलद की उनयौ॥
की बग पाँति भाँति, उर पर की मुकुत-माल बहु मोल।
कीधौं मोर मुदित नाचत, की बरह-मुकुट की डोल।
की घनघोर गँभीर प्रगट उठि, की ग्वालनि की टेरनि।
की दामिनी कौंधति चहुं दिसि, की सुभग पीत पट फेरनि।
की बनमाल लाल-उर-राजति, की सुरपति-धनु चाह॥)

سکھیاں جس پکڑ کے لئے آئی تھیں، وہ ممکن نہ ہوسکی۔ رادھا کے لئے ان کے زاویۂ نظر میں تبدیلی آگئی۔ وہ رادھا کی صدق دل کی تعریف کرنے لگیں کہ وہ کتنی پاک باطن اور نیک نام ہے:

رادھا کو کچھو اور سبھاؤ
ہم دیکھتی ھری کوں اورین انگ، یہ نرکھتی ستی بھاو
یہ ہے بنو کلنک کی ساجھی، ہم کلنک میں سانی

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۶۷۶

ہم ہری کی داسی سم ناہیں، یہ ہری کی پٹ رانی
یا کی استتی ہم کہہ کری ہیں، رسنا ایک نہ آوے [1]

(राधा कौ कछु और सुभाउ।
हम देखति हरि कौं औरैं अँग, यह निरखति सतिभाउ॥
यह है बिनु कलंक की साँची, हम कलंक में सानी।
हम हरि की दासी सम नाहीं, यह हरि की पटरानी॥
याकी अस्तुति हम कह करि हैं, रसना एक न आवै॥)

اس طرح متعدد بار سکھیاں رادھا کے رویے سے برہمی ہوتی ہیں، مگر رادھا کی مستعدی انہیں شکست دے کر قابو میں کرلیتی ہے۔ تمام گوپیاں بڑی آسانی سے رادھا کی برتری تسلیم کرلیتی ہیں.

رادھا پرم نرمل ناری
کہتی ہوں من کرمنا کری، ہردے دویدھا ٹاری
سیام کوں اک تہیں جانیو، دراچاری اور
جیسیں گھٹ پورن نہ ڈولے، ادھ بھرو ڈگڈور
دھنی دھن کبھوں نہ پرگٹے، دھرے تاہی چھپائی
ہیں مہانگ سیام پایو، پرگٹی کیسیں جائی [2]

(राधा परम निर्मल नारि।
कहति हौं मन कर्मना करि, हृदय-दुविधा टारि॥
स्याम कौं इक तुहीं जान्यौं, दुराचारिनि और।
जैसें घट पूरन न डोलै, अध भरौ डगडौर॥
धनी धन कबहू न प्रगटै, धरै ताहि छपाइ।
है महानग स्याम पायौ, प्रगटि कैसें जाइ॥)

رادھا کی تمام دل کشی، دانش مندی، خوش مزاجی، سادگی، کرشن کی محبت میں سمائی ہوئی ہے جو لاجواب و لاثانی ہے۔ اس کے رونگیں رونگیں میں کرشن کی محبت بسی ہے، جو دل، قول اور فعل سے صاف ظاہر ہوتی ہے۔ کرشن میں ہی رادھا کے حسن اور صفات کی تکمیل ہے۔ اس کے بغیر رادھا کی کوئی اپنی علاحدہ ہستی نہیں ہے۔ کرشن کے دیدار کے بغیر نہ اس کے دل کو چین ہے اور نہ نگاہوں کو۔ اس کی دونوں آنکھوں کو قرار نہیں ہے۔ پلکیں بہت برے ہیں، جو آڑ کر لیتے ہیں، یہ بے مروت سخت دل کرشن کے ساتھی معلوم ہوتے ہیں۔ محبت کے اس راستے میں

1　سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۶۷۸
2　ایضاً　پد ۲۳۶۱

سعی اور انتظار کرتے کرتے رادھا اکتا چکی ہے۔ اس کی حالت دھان کے اس انکر جیسی ہے، جو پانی کی کمی کے باعث سوکھ گیا ہے:

هری درسن کی سادھ موئی
اڑیے اڑی پھرتی نینی سنگ، پھر پھوٹیں جیوں آک روئی
جانو نہیں کہاں تیں آوتی، وہ مورتی من ماھیں اوئی
بن دیکھے کی بتھا برھنی، اتی جر جرتی نہ جات چھوئی
کچھو وے کہتی کچھو کہی آوت، پریم پلک سیم سوید چوئی
سوکھتی سور دھان انکرسی، بن برشا جیوں مول توئی [1]

(हरि-दरसन की साध मुई ।
उड़ियं उड़ी फिरति नैननि सँग, फर फूटे ज्यौं आक-रुई ॥
जानौ नहीं कहाँ तें आवति, वह मूरति मन माँहि उई ।
बिनु देखे की बिथा बिरहिनी, अति जुर जरति न जात छुई ॥
कछुवं कहति कछू कहि आवत, प्रेम पुलक स्यम स्वेद चुई ।
सूखति सूर धान-अकुर-सी, बिनु बरषा ज्यौं मूल तुई ॥)

جب سے رادھا کے دل میں کرشن کی محبت جاگی ہے، اس وقت سے اسکی آنکھوں کی نیند بھی غائب ہوگئی ہے۔ دل میں ہر وقت چاہ کا جذبہ موجزن رہتا ہے۔ کرشن سے ملاقات کے سوائے اسے اور کچھ اچھا نہیں لگتا۔ رادھا کا دکھ بے حس و حرکت بچے کی تکلیف کے مانند ہے، جسے صرف خاموشی سے برداشت کیا جا سکتا ہے:

جب تیں پریتی سیام سوں کینھی
تا دن تیں میرین ان نینی، نیکھوں نیند نہ لیں ہیں
سدا رہے من چاک چڑھیو، سو اور نہ کچھو سہای
کرت اپای بہت ملبے کوں، یہے بچارت جای
سور سکل لاگتی ایسی یے، سو دکھ کاسوں کہیے
جیوں اچیت بالک کی بیدن، اپہیں ہی تن سہیے [2]

(जब तें प्रीति स्याम सौं कीन्ही ।
ता दिन तें मेरें इन नैननि, नैंकहु नींद न लीन्हीं ॥
सदा रहें मन चाक चढ़यौ, सो और न कछू सुहाइ ।
करत उपाइ बहुत मिलिबे कौं, यहै बिचारत जाइ ।
सूर सकल लागति ऐसोयै, सो दुख कासौं कहियै ।
ज्यौं अचेत-बालक की बेदन, अपनें ही तन सहियै ॥)

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۳۷۳

2 ایضاً پد ۲۳۸۳

رادھا کتنی فرماں بردار ہے۔ ایک دن کرشن اچانک آنگن میں آ گئے۔ رادھا نے بزرگوں سے نظر بچا کر اشارے سے کورنش کیا۔ کرشن نے کورنش تسلیم کیا۔ رادھا محبت میں متوالی ہوگئی۔ اسے بے حد افسوس ہوا کہ کرشن آنگن میں آئے اور وہ بزرگوں کی موجودگی کی وجہ سے ان کی خدمت کرنے سے محروم رہ گئی۔ سکھیوں نے سمجھایا —— کرشن نے تیری خدمت کا احساس کر لیا ہے، افسوس کرنے کی ضرورت نہیں۔ تم ایک جان دو قالب ہو۔ پھر بھی رادھا گھر بھر کو برا بھلا کہتی رہی۔ بےچاری کیا کرے؟ وہ کرشن کے رنگ میں رنگی ہے۔ فرط جذبات سے مغلوب ہوکر اس کی زبان سے کرشن کا نام ہی ادا ہوتا ہے۔ اسے اپنے تن بدن کا ہوش بھی نہیں ہے۔ شرم و حیا کی پاسداری بھی نہیں رہی ہے۔ آخر میں سکھیاں اس کی خوش قسمتی پر رطب اللسان ہیں:

سنہو سکھی رادھا سری کو ہے
جو ہری ہے رتی پتی من موہن، یا کو مکھ سو جو ہے
جیسو سیام ناری یہ تیسی، سندر جوری سو ہے
یہ دوادس وہیو دس دوہے کو، برج جوتنی من موہے
میں ان کو گھٹی بڑھی نہیں جانتی، بھید کرے سو کو ہے
سور سیام ناگر، یہ ناگری، ایک پران تن دو ہے [1]

(सुनहु सखी राधा सरि को है ।
जो हरि है रति पति-मनमोहन, याकौ मुख सो जो है ।।
जैसौ स्याम नारि यह तैसी, सुंदर-जोरी सो है ।
यह द्वादस वहऊ दस द्वै कौ, ब्रज-जुवतिनि मन मोहै ।।
मैं इनकौं घटि बढ़ि नहिं जानति, भेद करै सो को है ।
सूर स्याम नागर, यह नागरि, एक प्रान तन दो है ।।)

جب رادھا کرشن تنہائیوں میں ملتے ہیں تو محبت کا سمندر سبھر کر ساحل کی حدود کو توڑ دیتا ہے۔ شاعر نے حسین رادھا کو مسرت بخشنے والی، شرم و حیا کی پتلی، شیریں دھن، دلربا، حسن باراں اور کرشن کو بس میں کر لینے والی ہیروئن کی شکل میں منعکس کیا ہے۔ اپنے حسین پیکر، مٹھاس، دلربائی اور صفات سے مختص کرشن کو قابو میں کر لینے والی رادھا وقت وصال میں کرشن کو گرویدہ بنا لیتی ہے۔ اتنے پر بھی لطف وصال کی خواہش باقی رہتی ہے۔ کیوں کہ ایک تو پوشیدہ محبت کو طشت ازبام ہونے سے بچانے کی تدبیر کرنی پڑتی ہے۔ وصال کے مواقع بڑی رکاوٹوں کے بعد اور ہجر کی جان لیوا صعوبتوں سے گزر کر بڑی مشکل سے نصیب ہوتے ہیں۔ جو انتہائی کم اور غیر اطمینان بخش ہوتے ہیں۔ دوسرے کرشن کے ہرجائی پن پر

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۲۵۲۱

رادھا کو اندیشہ لگا رہتا ہے ـ لہذا ہر بار کی ملاقات میں ایک نئی مسرت، نئی تحریک اور ایک نیا جوش موجزن رہتا ہے ـ شاعر نے جہاں ہرجائی کرشن کے ساتھ رادھا کی پوشیدہ محبت کی تصویرکشی کر کے انسانی دلی کیفیات کے حقائق کا اظہار کیا ہے، وہیں رادھا کے کردار میں مختلف جذبات کو اجاگر کر کے ایک خصوصیت پیدا کر دی ہے ـ کرشن کی لمحہ بھر کی بھی جدائی جس کے لئے ناقابل برداشت ہے، اس رادھا کو صبر کرنا پڑتا ہے ـ شاعر نے رادھا کو شادی‌شدہ عورت کی شکل میں پیش کیا ہے ـ ان چیزوں نے رادھا کرشن کی محبت کو اور بھی زیادہ پختگی عطا کی ہے ـ وصال کے وقت رادھا خوشی و سرور، فرحت و انبساط کے ساتھ عمیق اور سنجیدہ محبت کا مجسم دکھائی دیتی ہے ـ وصل کے موقع پر اس کی چال ڈھال میں قدم قدم پر خوشی و مسرت کے پھول بکھرے نظر آتے ہیں ـ کرشن کے علاوہ، وہ دوسرے لوگوں کے سامنے سنجیدہ اور سنجیدہ ھی دکھائی دیتی ہے ـ وصل و ہجر کے اکثر مواقع ایسے ہیں، جہاں اس کے کردار میں وقار، سنجیدگی اور استقلال کو نمایاں کیا گیا ہے ـ

کرشن کے متھرا کے قیام کے دوران رادھا کی سنجیدہ محبت کے اصل امتحان کا وقت آتا ہے ـ سورداس نے ارادتاً اس سلسلے میں رادھا کا ذکر کم ھی کیا ہے ـ لیکن پھر بھی جہاں رادھا کا ذکر ہے، وہاں جسم، آواز اور حرکات سے سنجیدہ محبت کے کرب، اضطراب، بے بسی و ناچاری کا اظہار بھی ہوتا ہے ـ اس حالت جدائی میں رادھا کی چالاکی، مسرت، الھڑپن اور اس کی وہ تمام خوبیاں، جس سے کرشن گرویدہ ہوئے تھے، جن خوبیوں کی سکھیوں نے کبھی عقیدت سے تعریف اور نفرت سے مذمت کی تھی، سب بکھر جاتے ہیں ـ سب سے پہلے رادھا کرشن کی جدائی کے غم کو اپنے سینے سے لگائے، سر نیچا کیے، کرشن کی تصویر بناتی ہوئی نظر آتی ہے ـ اس کی آنکھوں سے متواتر اشک مترشح ہو رہے ہیں ـ انگلیاں کرشن کی صورت گری میں مصروف ہیں ـ آنکھوں کو صبر کا دلاسا دینے کے لئے، دل میں نقش تصور کو تصویر کی شکل دینا ممکن ہے لیکن کان کرشن کی شیریں گفتاری کے لئے بے حد بےچین ہیں، انہیں کس طرح آسودہ کیا جائے:

سوچتی رادھا لکھتی نکھتی میں، بجن نہ کہتی کنٹھ جل تراس
چھتی پر کمل، کمل پر کدلی، تا پر پنکج کیو پرکاس
تا پر الی سارنگ پر سارنگ، سارنگ رہو لے کیہوں ناس
تہنہ اری پنتھ پتا جگ ادب، نارح سی رنگ بھیو اماس
سارنگ مکھ تیں پرت انو ڈھری، منی سو پوجتی تپتی ساس
سورداس پربھو ہری برھا رپو، داھت انگ دکھاوت پاس[1]

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۳۳۰۶

(सोचति राधा लिखति नखनि मैं, बचन न कहति कंठ जल त्रास ।
छिति पर कमल, कमल पर कदली, ता पर पंकज कियौ प्रकास ॥
ता पर अलि सारंग पर सारंग, सारंग रिपु लै कीन्हौ बास ॥
तहँ अरि पंथ पिता जुग उदित, बारिज बिबि रंग भयौ अभास ॥
सारंग मुख तैं परत अंबु ढरि, मनि सिव पूजति तपति बिनास ।
सूरदास प्रभु हरि बिरहा रिपु, दाहत अंग बिखावत-बास ॥)

رادھا کبھی کبھی کرشن کی یاد میں اتنی کھو جاتی ہے کہ وہ رو پڑتی ہے۔ اپنے دل کے درد کو زبان سے ادا کرنا ممکن نہیں ہے اور اگر اس کی سعی کرتی بھی ہے تو زبان لڑکھڑانے لگتی ہے۔

رادھا کی جدائی شاعر نے گوپیوں کے ذریعے ظاہر کی ہے۔ گوپیاں ایک بار پھر کرشن سے ملنے کی تمنا کرتی ہیں۔ لیکن رادھا کی حالت زیادہ غور طلب ہے۔ کرشن ادھو کو برج روانہ کرتے وقت دل میں 'برش بھانو ستا سنگ' کے سکھ کا تصور کرتے ہیں، کیوں کہ ان کے دل میں بھی رادھا کی لافانی محبت پوشیدہ ہے۔ ایک بار کسی سکھی نے یہ اطلاع دی کہ کرشن جیسی شکل و شباہت کا کوئی مرد آرہا ہے۔ لیکن رادھا نے دروازے کی آڑ سے ہی اندھیرے میں کہا:

ہری جو آئے تو بھلی کینہیں
مو دیکھت کہی اُٹھی رادھیکا، انک تمر کوں دینہی
تن اتی کمپ برہ اتی ویاکل، ار دھکے دھکی اتی کینہی
چلت چرن گہی رہی گئی گری، سوید سلل بھئی بھینی
چھٹی نہ بھج، ٹوٹی بلیاولی، پھٹی کنچکی جھینی
مو پریم کی پرنی پریوا، یاہی دیں پڑھی لینی
اولوکت اہی بھانتی رماپتی، مانو اہی منی چھینی
سورداس پربھو کہوں کہاں لوں، بھئی ایان متی ہینی [1]

(हरि जू आए सो भली कीन्हीं ।
मो देखत कहि उठि राधिका, अंक तिमिर कौं दीन्ही ॥
तन अति कंप बिरह अति व्याकुल, उर धुक धुकि अति कीन्ही ।
चलत चरन गहि रही गई गिरि, स्वेद सलिल भई-भीनी ॥
छुटी न भुज, टूटी बलयावलि, फटी कंचुकी झीनी ।
मनौ प्रेम की परनि परेवा, याही तैं पढ़ि लीनी ।
अवलोकत इहिं भांति रमापति, मानौ अहि मनि छीनी ।
'सूरदास' प्रभु कहाँ कहाँ लौं, भई अयान मति हीनी ॥)

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۴۷۶۳

مذکورہ تصویر میں رادھا کی گہری محبت، اِنکساری اور خودداری کی نقش کشی ہے - ادھو اور گوپیوں کے مابین بحث و مباحثے میں رادھا سامنے نہیں آئی - گوپیوں نے ہی رادھا کی کیفیت بیان کی ہے :

اتی ملین برش بھانو کماری
ہری سرم جل بھینجیو اُر انچل، تہیں لالچ نہ دھواوتی ساری
ادھ مکھ رہتی انت نہیں چتوتی، جیوں گتھ ہارے تھکت جواری
چھوٹے چکر بدن کمہلانے، جیوں نلنی ہمکر کی ماری
ہری سندیس سنی سہج مرتک بھئی، اک برھنی، دوجے الی جاری [1]

(अति मलीन वृषभानु कुमारी ।
हरि स्रम जल भींज्यौ उर अंचल, तिहिं लालच न धुवावति सारी ॥
अध मुख रहति अनत नहिं चितवति, ज्यौं गथ हारे थकित जुवारी ।
छूटे चिकुर बदन कुम्हिलाने, ज्यौं नलिनी हिमकर की मारी ॥
हरि संदेस सुनि सहज मृतक भई, इक बिरहिनि, दूजे अलि जारी ॥)

رادھا ادھو سے بہت ہی کم ملی ہے - لیکن پھر بھی برج میں ادھو کے دل پر رادھا کے کرب کا سب سے زیادہ اثر ہوا - اُنھوں نے متعدد بار کرشن سے برج جانے کے لئے اِصرار کیا - وہ رادھا کی غیر حالت نہ دیکھ سکے - اس کے آنسوؤں کے تیز بہاؤ میں برج غرق ہوا جا رہا ہے - اس وقت خاص نگہبان کرشن ہی ہیں - ادھو کے ذریعے پیش کئے ہوئے بیان میں کتنی نزاکت ہے :

تمہرے برہ برج ناتھ رادھکا نینن ندی بڑھی
لینے جات نمیش کول دوؤ، اینے مان چڑھی
چلی نہ سکت گولک نوکا لوں، میو پلک دل بورتی
اُوردھو اُساس سمیر ترنگنی، تیج تلک ترو توری
کجل کیچ کچیل کئے تٹ، امبر ادھر کنول
رہے پتھک جو جہاں سو تہاں تھکی، ہست چرن مکھ بول
ناہیں اور اُپائے رماپتی، سو درس کیوں جیجے
آنسو سلل بوڑت سب گوکل، سور سوکر گہی لیجے [2]

(तुम्हरे बिरह ब्रजनाथ राधिका नैननि नदी बढ़ी ।
लीने जात निमेष कूल दोउ, एते मान चढ़ी ॥

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۳۷۲۱
2 ایضاً پد ۳۷۳۰

थकि न सकत गोलक नौका लौं, सींच पलक बल बोरति ।
ऊर्ध्व उसाँस समीर तरंगनि, तेज तिलक तरु तोरति ॥
कज्जल कीच कुचील किए तट, अंबर अधर कपोल ।
रहे पथिक जु जहाँ सु तहाँ थकि, हस्त चरन मुख बोल ॥
नाहीं और उपाय रमापति, बिनु दरसन क्यौं जीजै ।
आँसु सलिल बूड़त सब गोकुल, 'सूर' स्वकर गहि लीजै ॥)

ادھو نے رادھا کے آہیں بھرتے، بڑی بڑی آنکھوں کے چھلکتے، آنسوؤں کی ندی بڑھتے، آنکھوں کے پردے ایک پل کے لئے بھی نہ جھپکنے، بے حس و حرکت آنکھوں کے نم رہنے کے مختلف عکس کرشن کے سامنے پیش کئے اور بتایا کہ گوپیاں کس طرح رادھا کے جسم و جان کی نگہبان ہیں:

نا ہیں کچھو سدھی رہی ہئے
سنہو سیام وے سکھی رادھکے ہیں، جگوتیں جتن کئے
سین سوچ، نکھ لکھتیں کسلینی، سیون نہ سبد چھئے
کر کنچن کوکلا اُڑاوتیں، بنو مکھ نام لئے
سسی سنکا نسی جالنی کے مگ، بسن بنای سیے
دسی دسی سیت سمیر ہیں روکتیں، آنچل اوٹ دیے
مرگ مد ملے پرسی تن تلپھت، جنو وس وشم پیے
جو نہ اتے پر ملہو سور پربھو، تو جانبی جیے[1]

(नाहीं कछु सुधि रही हिए ।
सुनहु स्याम वे सखी राधिकाहिं, जुगवति जतन किए ॥
सैन सूच, नख लिखति किसलयनि, स्यवन न सब्द छिए ।
कर कंचन कोकिला उड़ावति, बिनु मुख नाम लिए ॥
ससि संका निसि जालनि के मग, बसन बनाइ सिए ।
दिसि दिसि सीत समीरहिं रोकति, अंचल ओट दिए ॥
मृग मद मलय परसि तन तलफत, जनु विष विषम पिए ।
जौ न इते पर मिलहु 'सूर' प्रभु, तौ जानिबौ जिए ॥)

بھاگوت کے ماخذ کی بنیاد پر سورداس نے رادھا اور گوپیوں کی شری کرشن سے آخری ملاقات کرکشیتر کی زیارت کے موقع پر کرائی ہے۔ کرشن کے انتظار میں پل، گھنٹے، پھر دن رات گزرتے گئے۔ ایک دن جسم کے کسی عضو کے پھڑکنے سے مستقبل قریب میں وقوع پذیر ہونے والے مبارک واقعات کی اطلاع ملی۔ ملاقات

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۳۴۳۵

کی ایک موہوم سی امید پر تمام ماحول میں ایک خوش گوار تبدیلی رونما ہوگئی۔ چاروں طرف بسنت رت چھا گئی، بیلوں میں پھول لد گئے، خوش وخروش سے گوپیوں نے سولہ سنگار کیا۔ اتنے میں پیغامبر نے آکر کرکشیتر میں ملاقات کی دعوت دی۔ رادھا کی آنکھیں بھر آئیں۔ وہ سکھی سے کہنے لگی:

کب دھوں ملیں سیام سندر سکھی، جدپی نکٹ ہیں آئے
کہا کروں کہیں بھانتی جاھوں اب پکھ نہیں تن پائے
سور سیام سندر گھن درسیں تن کے تاپ نسائے[1]

(कब धौं मिलें स्याम सुवर सखि, जदपि निकट हैं आए ॥
कहा करौं किहिं भाँति जाहु अब पख नहीं तन पाए ।
'सूर' स्याम सुवर घन दरसे तन के ताप नसाए ॥)

گوپیوں کے درمیان کھڑی رادھا مشتاق نگاہی سے دیدار یار میں غرق ہے۔ اچانک رکمنی کرشن سے پوچھتی ہے:

بوجھتی ہیں رکمنی پیئے ان میں کو ورش بھانو کسوری
نیکو ہمیں دکھراوھو اپنی بالاپن کی جوری
پرم چتر جن کینھے موھن، الپ بیس ہی تھوری
بارے تیں جہیں یہے پڑھایو، بدھی بل کل بدھی چوری
جاکے گن گنی گرنتھت مالا کبھوں نہ اُر تیں چھوری
منسا سمرن، روپ دھیان اُر، درسٹی نہ اِن اُر موری[2]

(बूझति हैं रुकुमिनि पिय इनमें को वृषभानु किसोरी ।
नेंकु हमें दिखरावहु अपनी बालापन की जोरी ॥
परम चतुर जिन कीन्हे मोहन, अल्प बैस ही थोरी ।
बारे तें जिहिं यहै पढ़ायौ, बुधिबल कल बिधि चोरी ॥
जाके गुन गनि ग्रथित माला कबहु न उर तें छोरी ।
मनसा सुमिरन, रूप ध्यान उर, दृष्टि न इन उर मोरी ॥)

یہ سن کر کرشن کو اپنی دیرینہ محبت یاد آگئی۔ ان کی آنکھیں نم ہوگئیں۔ دل ٹھنڈا پڑ گیا۔ گلا رندھ گیا۔ کرشن نے رادھا سے رکمنی کا تعارف کرایا۔ دونوں آپس میں سگی بہنوں کی طرح ملیں:

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۴۸۹۷
2 ایضاً پد ۴۹۰۴

رکمنی رادھا ایسیں بھینٹی
جیسیں بہت دِنن کی بچھری، ایک باپ کی بیٹی
ایک سبھاو ایک وَے دوؤ، دوؤ ہری کوں پیاری
ایک پران من ایک دھونی کو، تن کری دیستی نیاری [1]
(रुकमिनि राधा ऐसें भेंटी ।
जैसें बहुत दिनन की बिछुरी, एक बाप की बेटी ॥
एक सुभाव एक वय दोऊ, दोऊ हरि कौं प्यारी ।
एक प्रान मन एक दुहुनि कौ, तन करि दीसति न्यारी ॥)

یہ رادھا کرشن کی آخری ملاقات تھی ـ رادھا مادھو کی ملاقات بھونرا بھونری کی طرح روحانی طور پر ہوئی ـ رادھا مادھو کے رنگ میں اور مادھو رادھا کے رنگ میں کلیتاً رنگ گئے ـ ان کی اپنی کوئی علاحدہ حقیقت نہیں رہ گئی ـ دونوں غیر منقسم ہیں، ایک ہیں ـ مدت دراز کی جدائی کی تمام بے چینی اور کرب کو اس ملاقات نے دور کر دیا ـ بے چاری رادھا اپنے محبوب کے لئے نہ کچھ کرسکی اور نہ کچھ کہہ سکی ـ سنجیدہ اور فکرمند رادھا حیرت و استعجاب کا نمونہ نظر آتی ہے ـ

اس طرح شاعر نے رادھا میں عورت کی تمام فطری صفات کا اظہار کرتے ہوئے اس کے کردار کو اُبھارا ہے ـ رادھا کی محبت، قربانی اور سپردگی، شرم و حیا کا خوف اور وساوس، وصل و فراق اور عزت و ناموس کا پاس وغیرہ ہر ہندستانی عورت کی فطری خصوصیات ہیں ـ حقیقت میں یہاں سورداس کی انسانی فکر رادھا کے توسط سے ظاہر ہوئی ہے ـ رادھا ہندوستانی عورت کی ہی نمونہ ہے ـ رادھا کا کردار دنیاوی حدود میں جکڑ کر ہی نمایاں ہوا ہے ـ شاعر نے اس ضمن میں 'آدمی' اور 'فطرت' کے روحانی تعلق کو نمایاں کرتے زیادہ مقبول عام بنانے کی کوشش کی ہے ـ بھاگوت میں رادھا کی شخصیت زیادہ کھل کر سامنے نہیں آئی ـ کیوں کہ وہاں نہ ذاتی طور پر عشق بازی کا موقع ملا اور نہ شادی کے دنیاوی طریقے کا ـ لیکن سورداس نے عورت کی زندگی کے تمام تقاضوں کو رادھا کی شخصیت میں سمو دیا ہے جو عظیم شاعر کی لاثانی عقیدت کا بیّن ثبوت ہے ـ

مترجم : التماس صابر مارہروی

---

1 سورساگر، دوسرا حصہ، دسویں فصل، پد ۹۰۹

"سور کاویے" : مختلف پہلو

ڈاکٹر شری دھر مشر

هندی ادب کے بھکتی دور (سوت ۱۳۷۵ – ۱۷۰۰) میں ایک ساتھ چار عظیم بھگت شاعروں – کبیر، جایسی، سور، تلسی کی پیدایش هوئی – کبیر نے نرگن برهم کی پوجا (عبادت) کی – وهم پرستی اور غلط اعتقادی کے لئے هندو مسلمان دونوں کو لتاڑا – جایسی نے نرگن برهم کے ذریعے محبت کے درد کا مداوا کیا – هندو مسلمان دونوں کے لئے تہذیبی اتحاد کی کوشش کی – تلسی نے سگن برهم کی عبادت کرتے هوئے رام کی سیرت و شرافت، عوامی مقبولیت اور پرهیزگاری و تقویٰ کی تصویرکشی کی – مخالف حالات کو متحد کیا – سورداس موهن مرلی دهاری شری کرشن کے روپ پر قربان تھے – اُن کی مرلی کی مترنم لے سے اِنسان، چرند پرند سب هی محظوظ هوتے تھے – شاعر کے ذریعے منعکس شدہ شری کرسن کے بےمثال حسن نے سب کا دل جیت لیا – اُس نے مایوس عوام میں اُمید، حسن اور زندگی کی اشاعت و تبلیغ کی – اس نقطۂ نظر سے سورداس اور اُن کے کاویے (شاعری) کی خاص اهمیت هے –

بحث سے بالا تر شاعری

سورداس پیدایشی اندھے تھے یا بعد میں اندھے هوئے، یہ کون سے برهمن تھے، کہاں کے رهنے والے تھے، ان کے ماں باپ کون تھے وغیرہ کے سلسلے میں اختلاف رائے هے – یہ مسئلہ زیربحث هے اور رهیگا بھی، لیکن ان کی شاعری کے اوصاف کے سلسلے میں نہ تو اختلاف رائے هے اور نہ بحث و مباحثہ – چاهے وے (حمد) کے پد هوں یا بچپن کے بیان کے یا راس لیلا (رنگ رلیاں) کے یا بھرمر گیت (بھونرا گیت) کے، سبھی میں سورداس کی شخصیت جھلکتی هے – آچاریہ هجاری پرساد دویدی نے ٹھیک هی لکھا هے کہ سورداس بچے کا دل لے کر پیدا هوئے تھے اور آخر تک بچے کا دل لئے هوئے هی دنیاوی سفر پورا کرگئے – [1] اِن کی شخصیت میں بچے کے دل کی پاکی، معصومیت اور خود سپردگی کے احساسات و جذبات ملتے هیں، ان کے ساتھ هی سور کی شخصیت میں شان، محبت، سنجیدگی، فہم و عقل کا اشتراک بھی پایا جاتا هے – دراصل یہ عظیم شاعر ایک عالم باعمل، تجربہ کار مشاهد، جذبات و احساسات کے مالک، مفکر تھے – آپ ایک بھگت شاعر تھے مگر بھگت نے نہ تو شاعری کے محاسن کی حدود کو پھاندا اور

---

1 هندی ساهتیہ کی بھومکا، هجاری پرساد دویدی، ص ۹۹

نہ شاعر نے بھگت دھرم کی حدود کو توڑا۔ دونوں میں عجیب و غریب اشتراک ہے، اتحاد ہے، اِس کا بہترین ثبوت سور کی شاعری ہے۔

اب میں ناچیو بہت گپال

کہتے ہیں کہ سورداس پہلے آگرے اور متھرا کے بیچ گئو گھاٹ پر سیاسی کے بھیس میں رہتے تھے اور اپنے حمد کے پد گا کر سب کو متوجہ کر لیتے تھے۔ جب آچاریہ ولبھ آچاریہ شری ناتھ مندر جاتے ہوئے گئو گھاٹ آئے تو سورداس اُن سے شرف دیدار حاصل کرنے کے لئے گئے اور—

'ھوں ھری۔ سب پتی تن کو نایک'، 'پربھو ھوں سب پتی تن کو ٹیکو'
('हौं हरि सब पतितन कौ नायक', 'प्रभु हौं सब पतितन कौ टीकौ')

وغیرہ حمد کے پد گا کر انہیں سنائے۔ اس سے آچاریہ جی بہت متاثر ہوئے۔ انہوں نے کہا: «سور ھوکر ایسا کیوں گھگھیاتا ہے۔ کچھ بھگوت لیلا کا ورنن (ذکر) کر۔» [1] آچاریہ جی نے انہیں اپنا شاگرد بنایا اور بھاگوت کی کتھاؤں کو گانے کے لئے پدوں میں موزوں کرنے کی ہدایت کی۔ [2] یہ واقعہ سنوت ۱۵۸۰ کے قریب کا ہے۔ وہ شری ناتھ جی کے مندر کے کیرتن کار اور خدمت گار ہوئے۔

سورداس کے حمد کے پدوں میں اپنی روحانی کیفیت، بے چارگی، پناہ گزینی اور گناہوں کا اعتراف اور توجہ کے احساسات سامنے آتے ہیں۔

'ھمارے پربھو' اَوگن چت نہ دھرو'، 'مو سم کون کٹل کھل کامی'،
اب میں ناچیو بہت گپال'
('हमारे प्रभु, औगुन चित्त न धरो', 'मो सम कौन कुटिल खल कामी',
'अब मैं नाच्यौ बहुत गुपाल')

وغیرہ پد سورداس کے مخصوص طرز کو ہی ظاہر نہیں کرتے، بلکہ اس وقت کی سماجی زندگی کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔ تمام معاشرہ بد افعالی اور دنیاداری میں غرق تھا، نیک افعال سے پھر گیا تھا۔ ڈاکٹر ورجیشور ورما کے خیالات سے مجھے اتفاق ہے کہ سورداس نے وقت کے لحاظ سے زندگی کی بے مقصدیت اور عیش کوشی پر بھرپور تنقید کی ہے۔ [3]

1 سور سچیں، ڈاکٹر منشی رام سرما، ص ۱۲
2 ھندی ساھتیہ کا اِتہاس، رام چندر شکل، ص ۱۵۹
3 ھندی ساھتیہ، ج دوم، مرتبہ ڈاکٹر دھیریندر ورما، ص ۳۵۸

اکثر عالموں نے حمد کے پدوں کو سورداس کی روشنی میں ہی دیکھنے کی کوشش کی ہے، جو غلط ہے۔ سور ایک بھگت شاعر تھے۔ وہ معاشرے کے عصری انحطاط سے مضطرب ہو گئے تھے۔ معاشرے کی بری اور ابتر حالت سے آپ علاحدہ کیسے رہ سکتے تھے؟ اِن کیفیات کا ایسا اظہار کیا کہ وہ اِن کے ہو گئے۔ کامیاب شاعر کا طرۂ امتیاز ہی یہ ہے کہ وہ 'پر' (پرم = خدا) کو 'سو' (سور = بندہ) بنا لیتا ہے اور 'سو' کو 'پر' بنا دیتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ آج پانچ سو برس بعد بھی سورداس کے ساتھ اِنسان کا دلی رشتہ قائم ہو جاتا ہے۔ اپنے۔

'من، تو سو کوٹک بار کہی'، 'تجو من، ہری ومکھنی کو سنگ'،
('मन, तोसों कोटिक बार कही', 'तजो मन, हरि विमुखनि को संग')

جیسے خود پسند حمد کے پدوں کی بھی تخلیق کی ہے، جو موجودہ دور کے فطری تقاضوں کی رو سے اہمیت کے حامل ہیں۔ آج کے فطری تقاضے روحانی اِصلاح کے لئے خود پسندی پر زور دیتے ہیں۔

بے مثال بچپن

سری مد بھاگوت میں بھی سری کرشن کی پیدائش کی دھوم دھام، کھیل کود، عادت مزاج وغیرہ کے بارے میں ذکر ملتا ہے لیکن ان کی شکل غیر معمولی اور تمثیلی ہے۔[1] سورداس نے شری کرشن کی عکاسی ایک عام بچے کی شکل میں کی ہے۔ یہاں یہ کہا جاتا ہے کہ بھگوان کی پوجا بچے کے روپ میں بھی کی جاسکتی ہے۔ بھگت کو مامتا کی بنیادی شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ سورداس نے مامتا کے جذبے سے پر ۸۰۰ پدوں کی تخلیق کی ہے۔ اِن کا بال ورنن (بچپن کا ذکر) نہ صرف ہندوستانی ادب میں، بلکہ بین‌اقوامی ادب میں بھی بے مثال ہے۔ پتا نہیں یہ مرد شاعر ماں کے دل کی ہر دھڑکن اور مامتا بھرے جذبات سے کیسے واقف ہوا؟ سور کے پدوں میں بالک شری کرشن کا ایسا دلچسپ ذکر ملتا ہے کہ قاری مسحور ہو جاتا ہے۔ یشودا کے کرشن کو پالنے میں جھلانے سے متعلق پد پڑھنے کے لائق ہے:

جسودا ہری پالنے جھلاوے
ہلراوے، دلرائی ملہاوے، جوئی سوئی کچھو گاوے
میرے لال کو آو ندریا، کاہیں نہ آنیں سواوے
تو کاہیں نہ ویگاہیں آوے، توکو کانہ بلاوے

---

1 دشم اِسکندھ، ادھیائے ۸/۲۰

کبھوں پلک ہری موندی لیت ہیں، کبھوں اُدھر پھرکاوے
سووت حانی مون ہوے کے رہی، کری کری سین بتاوے
اِہی اَنتر اَکولائی اُٹھے ہری، حسومتی مدھوریں گاوے
جو سکھ سورامرمنی درلبھ، سو نند بھامنی پاوے

(जसोदा हरि पालनै झुलावै।
हलरावै, दुलराइ मल्हावै, जोइ-सोइ कछु गावै।
मेरे लाल कौ आउ निंदरिया, काहं न आनि सुवावै।
तू काहं न बेगहिं आवै, तोकौ कान्ह बुलावै।
कबहुं पलक हरि मूंदि लेत हैं, कबहु अधर फरकावै।
सोवत जानि मौन ह्वै कै रहि, करि करि सैन बतावै।
इहि अंतर अकुलाइ उठे हरि, जसुमति मधुरै गावै।
जो सुख 'सूर' अमर मुनि दुरलभ, सौ नन्द भामिनि पावै।)

اس میں نہ صرف ماں کی مامتا کی بلکہ بچے کے عمل اور رد عمل کی انوکھی کیفیت ظاہر ہوتی ہے - لگتا ہے گویا کوئی بچہ پالنے میں سورہا ہو اور کوئی شخص دل سے اس کا تذکرہ کر رہا ہو یا مصور اس کی تصویر نقش کر رہا ہو-

'ینکو گوپال ہیں موکو دے ری'، 'سوبھت کر نونیت لیے'،
'کلکت کانہہ گھٹورن آوت' 'میا کب ہیں بڑھے گی چوٹی'
('नंकु गोपालहिं मोकौ दै री', 'सोभित कर नवनीत लिये',
'किलकत कान्ह घुटुरुन आवत', 'मैया कबहिं बढ़ैगी चोटी')

وغیرہ بچپن کے بیان کے بہد ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے -

جہاں تک بچپن کے ذکر کا تعلق ہے - شاعراعظم تلسی داس بھی سورداس سے متاثر معلوم ہوتے ہیں - تلسی داس کی —

'دمکیں دتیاں دتی دامنی جیوں، کلکیں کل بال بنود کریں'،
'کبھوں سسی مانگت آری کریں کبھوں پرتی بمب نہاری ڈریں'
'نوچھاوری پران کرے تلسی، بلی جاؤں للا ان بولن کی'[1]
('दमकै दतियां दुति दामिनि ज्यों, किलकै कल बाल बिनोद करै',
'कबहूं ससि मांगत आरि करैं, कबहूं प्रतिबिंब निहारि डरै',
'निबछावरि प्रान करै 'तुलसी', बलि जाउं लला इन बोलन की'

وغیرہ سطروں پر بالترتیب سورداس کے —

---

1 کویتاولی، تلسی داس، ص ۲/۳

'سور سیام نکلت دوج دیکھیو، مسو کمل پر محو جمائی'،
'لیہوں رو ماں چند لیہوں گو، لل میں یا چھبی اُپر واری'
('सूर स्याम निकलत द्विज देख्यौ, मनो कमल पर बिज्जु जमाइ',
'लैहौं रो माँ चंद लहौंगो', 'ललन में या छबि ऊपर वारी')

وغیرہ سطروں کا اثر نمایاں ہے — سورداس نے جس طرح اشیا، لباس وغیرہ کے مختلف رنگوں کا تذکرہ کیا ہے — اس سے ایسا لگتا ہے کہ وہ پیدایشی اندھے نہیں تھے — میں نے کئی اپنے اندھے طالب علموں سے اس سلسلے میں گفتگو کی ہے — ان کا کہنا ہے کہ ہم لوگ انسانی جذبات و احساسات کا ذکر تو بآسانی کرتے ہیں لیکن مختلف رنگوں کا اظہار نہیں کرپاتے — سبھی کا کہنا ہے کہ سورداس اپنی پیدایش کے کچھ عرصے کے بعد اندھے ہوئے ہوں گے — کمسن شری کرشن کا گوپالوں کے بچوں کے ساتھ میل ملاپ سے کھیلنے، دھی چرا کر کھانے، گائے چرانے چرواہی کے دوران پتوں میں دودھ دوہ کر پینے وغیرہ سے چرواہوں کی معاشرت پر روشنی پڑتی ہے — سورداس کے مندرجہ ذیل بند سے کھیل کے جذبے اور اس دور کی معاشرت پر روشنی پڑتی ہے، جب گائے ہی دولت مانی جاتی تھی۔

کھیلت میں کو کاکو گوسیاں ؟
جاتی پانتی ہم نے کچھو ناہیں، نہ بست تمہاری چھیاں ؟
اتی ادھیکار جناوت یاتیں، ادھک تمہارے ہیں کچھو گیاں ؟
(खेलत में को काको गुसैंया ?
जाति पाँति हम ते कछु नाहिं, न बसत तुम्हारी छैंया ?
अति अधिकार जनावत याते, अधिक तुम्हारे हैं कछु गैंयां ?)

موہن من چورت

کمسن شری کرشن جو یشودا نند کی آنکھوں کے تارے تھے، بڑے ہوکر گوال بال، گوپیوں وغیرہ کے دل جیت لیتے ہیں، انہیں چرا لیتے ہیں — ان کے حسن و صورت کا سورداس نے باریک بینی سے مطالعہ کیا ہے —

'دیکھ سکھی موہن من چورت'، 'دیکھی سکھی ادھرن کی لالی'،
'راجت روم راجی ریکھ'، 'دیکھی سکھی ہری انگ انوپ'،
'سوبھا سندھو نہ انت لہی ری'
('देख सखी मोहन मन चोरत', 'देखि सखी अधरन की लाली',
'राजत रोमराजी रेख', 'देखी सखी हरि अंग अनूप',
'सोभा सिन्धु न अंत लहि री')

وغیرہ پدوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ موہن مرلی دھاری، سورداس کے سامنے بیٹھے ہوں اور وہ ان کی تصویر نقش کر رہے ہوں – ان کی مرلی کی مترنم آواز اور بھی پراثر ہے – کہتے ہیں:

سنت بن بینو دھنی چلی ناری
لوک لجا ندری بھون تجی، سندری ملی بن جائی کے بن بہاری
(सुनत बन बेनु-धुनि चली नारी।
लोक लज्जा निदरि भवन तजि, सुंदरी मिली बन जाइ के बन-बिहारी।।)

گوالوں کے بچے شری کرشن کے ساتھ مختلف کھیل کھیلتے ہیں، گوپیاں ان کے ساتھ راس (رنگ رلیاں) رچاتی ہیں، وہ بے خود ہو جاتی ہیں –

'آجو ہری ایسو راس رچیو'، راس رسی ریت نہیں برنی آوے'
('आजु हरि ऐसो रास रच्यो', रास-रसि रीत नहिं बरनि आवै')

پد اپنے الفاظ اور مطالب کے لحاظ سے منھ بولتی تصویریں ہیں – راس لیلا کی دنیاوی اور روحانی دونوں طرح اہمیت ہے – یہ پد جہاں اُس دور کی عیش پسندی کے روپ کو ظاہر کرتے ہیں، اس کے عروج کا اظہار بھی کرتے ہیں – اس کے ساتھ ہی شری کرشن کے محیط کل اور سبھی کے اپنے روپ میں دیکھنے، پانے کی حقیقت کا راز ظاہر کرتے ہیں – کرشن پرماتما (ذات برتر) ہیں اور رادھا اور گوپیاں وغیرہ مخلوق – یوں تو وشنو پران، ہری ونش پران، شری مد بھاگوت، برہم ورت پران میں راس لیلا کا ذکر ملتا ہے، لیکن سورداس نے اسے شری مد بھاگوت کی راس پنچادھیائی سے اخذ کیا ہے – وہاں رادھا کا حوالہ نہیں ملتا – سور کی راس لیلا میں رادھا کا خاص مقام ہے، اس کی خاص اہمیت ہے – شاعر کا اسلوب بھی اپنا ہی ہے، جس کے حظ کے لیے دیوتا بھی ترستے رہتے ہیں:

راس رس مرلی ہو تیں جانیو
کہت رما سوں سنی سنی پیاری، بہرت ہیں بن سیام
سور کہا ہم کو ویسو سکھ، جو بلستی برج وام
(रास रस मुरली हो तें जान्यौ।)
(कहत रमा सों सुनि सुनि प्यारी, बिहरत हैं बन स्याम।
सूर कहा हमको वैसो सुख, जो बिलसति ब्रज बाम।।)

سیام گئے جو تینی سنگ تیاگی

شباب کے دن حرمت کے دن ہوتے ہیں عیش کے دن ہوتے ہیں ۔ برج میں عیش، خوشی، آرام، راس رنگ، محبت، ہنسی مذاق وغیرہ زندگی میں رچا بسا تھا ۔ وہاں کے لوگ رنج و غم، یاس و ناامیدی کے نام سے واقف نہ تھے ۔ مگر وقت کا چکر بڑا عجیب ہوتا ہے ۔ سبھی دن یکساں نہیں ہوتے ۔ دن کے بعد رات، روشنی کے بعد اندھیرا، ہنسی کے بعد رنج، گرمی کے بعد سردی کا وقت آتا ہی ہے ۔ ایک دن اکرور آیا، من موہن کو رتھ پر بٹھایا اور گوکل سے متھرا لے کر چلا گیا ۔ برج واسیوں کو اپنے 'نورنظر' کے جانے کا پتا بھی نہیں چل سکا ۔ یشودا سیتا چلاتی ہوئی زمین پر گر پڑی جیسے کوئی درخت زمین پر گر پڑا ہو ۔ جس کو پتا چلا وہ مبہوت رہ گئے ۔

'رہی جہاں سو تہاں سب ٹھاڑی' ۔

('रहि जहा सो तहा सब ठाढ़ी'।)

گوپیوں کی حالت نہ پوچھیے :

سیام گئے جو تسی سنگ تیاگی ۔ چکت بھئی تروی سب جاگی
براہی تراہی، کہی کہی بنواری، بھئی ویاکل تنو دسا بساری

(स्याम गए जुवतिनि संग त्यागि। चकित भई तरुनी सब जागि।
त्राहि त्राहि, कहि-कहि बनवारी, भई ब्याकुल तनु-दसा बिसारी ।।)

گوپیاں اپنے پیارے کو جاتے ہوئے دیکھتی رہ گئیں، گویا وہ ایک مجسم تصویر ہوں ۔ شاعراعظم ابھی تک وصال کے ذکر میں محو تھے ۔ چاروں طرف امید کی روشنی ہی دیکھ رہے تھے ۔ وہی سورداس اب فراق میں ڈوب گئے ۔ شری کرشن کی متھرا کے لئے ہجرت، گویا برج واسیوں کے لیے ہی اضطراب کا سامان نہیں ہوگیا، بلکہ سورداس کے لیے اپنے عزیز کی جدائی ہوگئی ۔ اب آپ (سور) سوز ہجر فراق کے محسوسات، کیفیات سے مضطرب ہیں ۔ گوپیاں اپنے موہن کی تلاش میں جانا چاہتی ہیں، لیکن راستے کا صحیح علم نہ ہونے سے مغموم ہیں، فکرمند ہیں۔

کے ہی مارگ میں جاؤں سکھی ری، مارگ موہی وسریو
ناجانوں کت ہوے گئے موہن، جات نہ جانی پریو

(कोहि मारग मैं जाउ सखी री, मारग मोहि बिसरयो।
ना जानों कित ह्वै गए मोहन, जात न जानि परयौ)

کرشن کی جدائی میں برج کے انسان، چرند پرند، پیڑ پودے، دریا جنگل، پہاڑ وغیرہ سب ہی بےچین ہیں ۔

'پیا بنو ناگن کالی رات'، 'بنو گوپال بیرن بھئی کنجے'،
'دیکھیت کالندی اتی کاری'، 'نسی دن برست نین ہمارے'،
('पिया बिनु नागिन काली रात', 'बिनु गोपाल बैरिन भई कुंजे',
'देखियत कालिंदी अति कारी', 'निसि दिन बरसत नैन हमारे')

وغیرہ پدوں میں سب کے غم سموئے ہوئے ہیں۔ وصال کے بیان کرنے میں سورداس کا سب سے الگ درجہ ہے۔ آپ کی خصوصیت ہے کہ جب آپ کسی جذبے کا اظہار کرنے لگتے ہیں، اُس کو پوری طرح جلا دیتے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ خود اُس پیکر میں ڈھل گئے ہیں۔ ایک ہی جذبے کو آپ مختلف طریقوں سے بیان کرتے ہیں، اِسی لیے وہ جذبہ دوآتشہ ہو جاتا ہے۔ مختلف کیفیات کو معنوی وسعت دینے میں آپ لاثانی ہیں۔

اُدھو! ویگی ہی برج جاہو

کرشن تو برج واسیوں کو تڑپتا ہوا چھوڑ کر متھرا چلے جاتے ہیں، وہاں حکومت کی ذمہ داریوں میں مصروف بھی ہو جاتے ہیں، لیکن نہ تو وہ برج کو فراموش کر سکتے ہیں، نہ برج واسیوں کو اور نہ گوپیوں کی محبت کو۔ اسی لیے متھرا میں سبھی کچھ ہوتے ہوئے بھی شری کرشن وہاں اُداس رہتے ہیں۔ وہاں ان کے ایک عزیز دوست اُدھو تھے۔ وہ نرگن برہم کے پیرو اور وحدت‌الوجود کے عالم تھے۔ انھیں اپنے علم پر، اور اپنی حکمت عملی پر بڑا ناز تھا۔ وہ سگن برہم (واجب الوجود) اور محبت کے مرتبے کو کوئی رتبہ ہی نہیں دیتے تھے۔ لہذا ان کے غرور کو توڑنے کے لیے ہی شری کرشن اددھو کو برج بھیجتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اددھو جی! آپ عالم ہیں، اس لیے برج جا کر وہاں کے باشندوں اور گوپیوں وغیرہ کو علم کی ہدایت دے کر ان کی اضطراری کیفیت کا مداوا کریں:

اُددھو! ویگی ہی برج جاہو
سرتی سندیس سنائے میٹو ولبھی کو داہو
(उद्धव! बेगि ही ब्रज जाहु।
सुरति संदेस सुनाय मेटौ वल्लभि को दाहु।)

سورداس اپنی بات کہنے لیے نفسیات کا بھی سہارا لیتے ہیں۔ وہ شری کرشن سے پھر کہلواتے ہیں:

''اددھو یہ من نسچے جانو' 'من کرم بچ میں تمہیں پٹھاوہ برج کو ترت پلانو
('उद्धव यह मन निश्चय जानो। मन क्रम बच मैं तुम्हें पठावह ब्रज को तुरत पलानो।)

اب کیا تھا ـ ادھو جی اپنے علم اور نرگن برہم (مسئلہ وحدت الوجود) کا درس دینے لگے ـ اِسی دوران میں ایک بھرمر (بھونرا) آکر گوپیوں کے قدموں سے لپٹ کر گونجنے لگتا ہے ـ گوپیاں اپنی بات راست ادھو سے نہ کہہ کر بھونرے کو مخاطب کر کے کہتی ہیں ـ اسی لئے اس حصے کا نام 'بھرمر گیت' پڑا ہے ـ سورداس نے اپنی سعی و کاوش اور مفکرانہ انداز بیان سے بھرمر گیت کو ایک نیا روپ دیا ہے ـ سری مدبھاگوت میں اس کی کوئی خاص تفصیل نہیں ہے ـ اس میں نرگن اُپاسنا (بے صفات عبادت) کی تردید کی گئی ہے اور سگن اپاسنا (باصفات عبادت) کو قائم کیا گیا ہے لیکن سورداس نے اسی احساس کے اظہار کے لیے مختلف النوع جذبات، دلی کیفیات کو منظم کیا ہے، جو ادب کے لیے سرمایۂ حیات ہیں ـ

برج واسی سری کرشن کی جدائی سے مغموم تھے، وہ شب و روز اُنہیں کے لیے زندہ تھے کہ یکایک ایک دن وہ دیکھتے ہیں کہ کالے رنگ کا ایک شخص چلا آرہا ہے ـ ان کے من موہن کے مانند ہی اس کا لباس ہے، وہ انہیں کے انداز میں رتھ پر سوار ہے، اُسی قسم کی گلے میں مالا ہے ـ گوپیاں جس حالت میں تھیں، گھر کے کام کاج اُسی حالت میں چھوڑ کر دوڑی آئیں ـ اُس دلکش صورت کا تصور کر کے وہ خوشی سے پھولی نہ سما رہی تھیں کہ ادھو جی آگئے، انہیں دیکھ کر گوپیاں کھڑی کی کھڑی رہ گئیں ـ وہ کہنے لگیں وہ یہاں کیوں آئیں گے، شیام کبجا کے رس میں جو بندھے ہیں:

کوؤ آوت ہے تن شیام
ویسے ئی پٹ ویسئی رتھ بیٹھنی، ویسئی ہے اُردام
جیسی ہتیں اٹھی تیسی دورین چھوڑی سکل گرہ کام

(कोउ आवत है तन स्याम।
वैसेइ पट, वैसिय रथ बैठनि, वैसिय है उर दाम।
जैसी हुति उठि तैसिय दौरीं छोडी सकल गृह काम।)

سورداس پربھو ہیاں کیوں آوے بندھے کبجارس شیام
(सूरदास प्रभु ह्यां क्यों आवे बंधे कुब्जारस स्याम।)

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ گوپیاں کس طرح کرشن کے انتظار میں تھیں ـ وہ کس طرح شیام کے ناز و انداز، پسند نا پسند سے واقف تھیں ـ آخر میں محبوب کا گلہ کیا ـ

اددھوجی کوئی معمولی آدمی نہیں تھے ـ وہ زبردست عالم اور خداشناس تھے ـ گوپیوں کو مغموم دیکھ کر اُن کی عقل پر انہیں ہنسی آئی کہ یہ سگن روپ کے لیے اتنی مغموم ہیں جو مستقل نہیں ہے، فانی ہے ـ وہ گوپیوں سے کہنے لگے کہ ہری کا آپ کے لیے پیغام ہے کہ مراقبہ کرکے اپنی روح کی گہرائی میں جھانکو ـ وہ ہر جگہ موجود ہیں، عیرفانی ہیں، ہر دل میں پنہاں ہیں، انہیں کا تصور کرو ـ اس طریقے سے جدائی کے غم سے تمہیں نجات ملے گی ـ ہستی اعلیٰ سے ملن ہو گا ـ خدا شناسی کے بغیر نجات نہیں ہو سکتی ـ

سنو گوپی ہری کو سندیش
کر سمادھی انتر گتی چتوو پربھو کو یہ اپدیش

(सुनो गोपी हरि को सदेश।
कर समाधि अतर गति चितवो प्रभु को यह उपदेश।)

اددھو کی اس طرح کی نرگن برھم کی عبادت کی باتیں سن کر گوپیاں بلک بلک کر رونے لگیں ـ اُن کی آنکھوں میں آنسو جھلکنے لگے ـ اگر اددھوجی عالم تھے تو گوپیاں نرح کی حسینائیں، کرشن کی محبت میں مدھوش، وہ بھی کم نہیں تھیں ـ اب ان کی فقرے بازی کے تیر چلنے لگتے ہیں ـ اددھوجی مبہوت سے کھڑے رہ جاتے ہیں ـ وہاں ایک بھونرا بھی آ کر منڈلانے لگتا ہے ـ اسی کو مخاطب کر کے گوپیاں کہتی ہیں ۔

تو اُلی ! کاسوں کہت بنائے ؟
بن سمجھے ہم پھری بوجھتی ہیں ایک بار کہو گائے

(तू अलि ! कासों कहत बनाय ?
बिन समझे हम फिरी बूझति हे एक बार कहो गाय।)

اس کے بعد تو گوپیاں

('آیو جوگ سکھاون پانڈے'، 'آیو گھوش بڑو ویوپاری'،
'نرگن کون دیش کو واسی'، 'اددھو ! جاہو تمہیں ہم جانے'،
'اددھو تم اپنی جتن کرو')

('आयो जोग सिखावन पांड़े', 'आयो घोष बड़ो व्यापारी',
'निर्गुन कौन देश को बासी ?', 'ऊधो जाहु ! तुम्हें हम जाने',
'ऊधो तुम अपनी जतन करो')

وغیرہ باتوں کے ذریعے اددھوجی کی زبان بند کر دیتی ہیں ـ ان پدوں (مصرعوں) میں نرگن (بے صفات) اور سگن (باصفات) کی دلکش تفصیل ملتی ہے ـ آچاریہ رام

چندر شکل نے ٹھیک لکھا ہے کہ اس بھرمر گیت کی اہمیت ایک بات سے اور ہو جاتی ہے - عظیم بھگت سور نے اس میں واجب الوجود کی عبادت کا ذکر بڑے ہی انوکھے طریقے سے، دلائل کے اصول پر نہیں، بلکہ دلی تجربے کی بنیاد پر کیا ہے - [1] یہی ہونا بھی چاہیے -

اتنے پر بھی اددھوجی گوپیوں کو نرگن کا درس دیے جا رہے تھے - سب گوپیاں نرم لہجے میں ان سے کہتی ہیں: اے اددھوجی! برا نہ مانیے گا، کیا متھرا کاجل کی کوٹھری ہے، کیوں کہ جو بھی وہاں سے آتا ہے، وہ کالا ہو جاتا ہے - آپ کالے ہیں - اکرور جو شری کرشن کو لے جانے کے لیے آئے تھے، کالے تھے - یہ بھونرا بھی کالا ہے مگر اس کی آنکھیں خوبصورت ہیں، معلوم ہوتا ہے کہ انھیں کالے برتن میں سے نکال کر کالندی میں دھویا گیا ہے - اسی لیے کالندی کالی بھی پڑ گئی ہے - سیام کی خوبیاں نرالی ہیں.

بلگ جنی مانہو، اودھو پیارے
یہ متھرا کاجر کی کوٹھری، جے آوہی تے کارے
تم کری، سپھلک ست کارے، کارے مدھپ بھوارے
تن کے سنگ ادھک چھوی اپجت کمل نین انیارے
مانہو نیل مات تے کاڑھے لے جمنا جیوں پکھارے
تا گن سیام بھئی کالندی سور سیام گن نیارے

(बिलग जनि मानहु, ऊधौ प्यारे।
यह मथुरा काजर की कोठरि, जे आवहि ते कारे।
तुम कारे, सुफलकसुत कारे, कारे मधुप भवारे।
तिनके सग अधिक छवि उपजत कमल नैन अनिआरे।
मानहु नील माट ते काढ़े लै जमुना ज्यों परवारे।
ता गुन श्याम भइ कालिंदी सूर श्याम गुन न्यारे।)

اس میں آراستگی و پیراستگی اور موروثیت سے کام لیا گیا ہے - گوپیاں تو کہنا چاہتی ہیں کہ متھرا کے رہنے والے سب ہی کالے دل والے فریبی ہیں - اسی بات کو وہ اشاراتی اور دو معنی انداز میں ادا کرتی ہیں -

اس کے ساتھ ہی اودھوجی سب کو تصوف کا سبق پڑھانے جا رہے تھے - وہ اسی طرح جواب بھی دیتی ہیں 'اودھو! سن مانے کی بات'، 'اودھو! من نہیں ہاتھ ہمارے' وغیرہ - پھر وہ کہتی ہیں:

---

1 سورساگر، دوسرا کھنڈ، مرتبہ شری نند دلارے واجپئی

اودھو من نہ بھئے دس بیس
ایک ہتو سو گیو شیام سنگ کو آرادھیو ایس
(ऊधो मन न भये दस बीस।
एक हुतो सो गयो स्याम सग को आराध्यो ईस ?)

گوپیاں حقیقت میں تھیں تو گوپیاں ہی ۔ مرلی دھر کی محبت میں مدھوش، جدائی میں بے چین ۔ آخر میں وہ اودھوجی کی روکھی، محبت سے عاری، نرگن کی باتیں سن کر بہت زیادہ پریشان ہو جاتی ہیں، ان کے منہ سے الفاظ نہیں نکلتے، اس وقت کی حالت بیان کرتے ہوئے سورداس نے لکھا ہے ۔

کچھہ نیہی سے کہیو، کچھہ سینی سے کہو
رہی سہی جھجکی سو کہیو

اس سے منکسرالمزاج گوپیوں کا وصف ہمارے سامنے آتا ہے ۔ اددھو جب گوکل سے متھرا واپس جانے لگتے ہیں تو یشودا دیوکی کے لیے ایک پیغام بھیجتی ہیں، جو نہ صرف ان کی شخصیت کی بلکہ ہندستانی ماں کے کردار کی عکاسی کرتا ہے ۔

سندیسو دیوکی سوں کہیو
ہوں تو دھائے تہارے ست کو، کرپا کرت ہی رہیو
اپٹن تیل اور تاتو جل دیکھت ہی بھجی جاتے
جوئی جوئی مانگت سوئی سوئی دیتی کرم کرم کری نہاتے
تم تو ٹیو جانتی ہوئے ہو تئو موہیں کہی آوے
پرات اٹھت تے اوے لال لڑیتے ہی ماکھن روٹی بھاوے
اب یہ سور موہی نسی واسر بڑو رہت جیے سوچ
اب میرے الک لڑیتے لال، ہوے ہیں کرت سکوچ
(सदेसो देवकी सौं कहियो।
हौं तो धाय तिहारे सुत को, कृपा करत ही रहियो।
उबटन तेल और तातौ जल देखत ही भजि जाते।
जोई जोइ मांगत सोइ सोइ देती करम करम करि न्हाते।
तुम तौ टेव जानति, ह्वै हो तऊ मोहि कहि जावे।
प्रात उठत तेरे लाल लड़ैतेहि माखन रोटी भावे।
अब यह सूर मोहि निसि बासर बड़ो रहत जिय सोच।
अब मेरे अलक लड़ैते लालन ह्वै हैं करत सकोच।)

برجواسیوں کی شری کرشن کے تئیں بے غرض دوستی، محبت، جدائی کا غم، وہاں کی ندی، جنگل، پہاڑ، درخت، پودوں وغیرہ کی حالت دیکھ کر اددھوجی کے خود محبت

کے جذبات اُمڈ پڑے – اُن کے قدم ایک جا نہیں پڑتے – وہ اپنی سدھ بدھ بھول گئے – ان کی حالت کا تذکرہ کرتے ہوئے سورداس نے لکھا ہے۔

'پریم مد چھاکے پگ پرت کہاں کے کہاں ادھو سدھی ناہیں'

('प्रेम मद छाके पग परत कहां के कहां ऊधो सुधि नाहीं')

اب سری کرشن اپنے عالم دوست کو ڈگمگاتے، روتے ہوئے آتے دیکھتے ہیں تو بڑھکر اُنہیں سہارا دیتے ہیں – اپنے زعفرانی رنگ کے رومال سے ان کے آنسو پونچھتے ہوئے اس صورت حال کی وضاحت چاہتے ہیں – دوست! آپ تو دکھی برجواسیوں، گوپیوں وغیرہ کو علم اور نرگن برہم کا درس دینے گئے تھے اور خود ہی آنسو بہا رہے ہیں – اس کا کیا سبب ہے؟ ادھو جی کہتے ہیں کہ میرا دل بھی انہیں کے مانند ہو گیا پربھو! میں ان کی محبت میں مبتلا ہوگیا، یہاں تک کہ آپ کو بھی بھول گیا – موہن! آپ سے وعدہ کرکے گیا تھا کہ انہیں تعلیم دےکر جلد واپس آجاؤں گا، لیکن میں تو ان کو دیکھ کر ویسا ہی ہوگیا – ان کی طرح ہی گانے لگا

مو من انہیں کو جو بھیو

پریو پربھو ان کے پریم کوس میں، تمہوں بسری گیو

(मो मन उनहीं को जु भयौ।

परयौ प्रभु उनके प्रेम कोस में, तुमहूं बिसरि गयौ।)

ادھو، شری کرشن سے برج کی حالت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ سیام سو! برج کی بات کیا کہوں؟ تمہارے بغیر ان لوگوں کے دن کیسے گزرتے ہیں؟ گوپیاں گوال بال، گائے بچھڑے سبھی تمہارے بغیر کمزور ہوگئے ہیں، وہ مغموم رہتے ہیں – جس کسی کو ادھر آتے جاتے دیکھتے ہیں، اس سے تمہاری خیریت دریافت کرتے ہیں – وہ تمہاری محبت میں اتنے دیوانے ہیں کہ راہگیروں اور مسافروں کے قدموں کے نشان پڑھنے لگتے ہیں تاکہ تمہارا کوئی پیغام انہیں ملے – اب اس خدشے سے مسافر اس راہ سے نہیں آتے –

کہاں لو کہئے برج کی بات

سنہو سیام! تم بن ان لوگن جیسے دوس بہات

گوپی گوال، گائے، گوست سب ملن ودن کرسکات

(कहां लौ कहिए ब्रज की बात।

सुनहु स्याम! तुम बिन उन लोगन जैसे दिवस बिहात।

गोपी ग्वाल, गाय, गोसुत सब मलिन-बदन कृसगात।)

سورشیام سندیس کے ڈر پتھک نہ وا مگ جات
(सूर स्याम सन्देसन के डर पथिक न वा मग जात।)

شری کرشن برج کی حالت سن کر بے چین ہو جاتے ہیں۔ سبھی کے محبت کے جذبات پھر سے امڈ پڑتے ہیں، انہیں خود پر قابو نہیں رہتا۔ کہنے لگتے ہیں کہ اے ادھو! مجھے برج ایک لمحے کے لیے بھی نہیں بھولتا۔ وہ جمنا کا خوبصورت کنارہ، ہرے بھرے درختوں کا سایہ، وہ سڈول گائیں، وہ بچھڑے، گوالوں کے بچے ایک دوسرے کی باہوں میں باہیں ڈالے خوشی مناتے تھے۔ یہ متھرا سونے کی نگری ہے، یہاں ہیرے جواہر سبھی کچھ ہیں، لیکن جب اس سکھ کی یاد آتی ہے تو دل ہمک اٹھتا ہے۔ میں نے انگنت روپوں میں لیلائیں (تفریح طبع کے سامان) کیں، جن کا یسودا نند نے نباہ کیا۔ انہوں نے کبھی کچھ ذرا بھلا نہیں کہا۔ اتنا کہہ کر شری کرشن خاموش ہو گئے۔ بار بار یہی کہہ کر وہ پچھتاتے رہے:

ادھو! موہی برج وسرت ناہیں
ہنس ستا کی سندری کگری ارو کنجن کی چھاہیں
وے سر بھی، وے بچھ دوہنی، کھرک دہاون جاہیں
گوال بال سب کرت کلاہل ناچت گہی گہی باہیں
یہ متھرا کنچن کی نگری منی مکتاہل جاہیں
جب ہیں سرتی آوتی واسکھ کی جیے امگت، تنو ناہیں
انگن بھانتی کری بہو لیلا، جسودا نند نباہیں
سورداس پربھو رہے مون ہوے، یہی کہی کہی پچھتاہیں

(ऊधो! मोहि ब्रज बिसरत नाहीं।
हंस सुता की सुन्दरी कगरी अरु कुंजन की छाहीं।
वै सुरभी, वै बच्छ दोहनी, खरिक दुहावन जाहीं।
ग्वाल बाल सब करत कुलाहल नाचत गहि गहि बाहीं।
यह मथुरा कंचन की नगरी मनि-मुक्ताहल जाहीं।
जबहिं सुरति आवति वा सुख की जिय उमगत, तनु नाहीं।
अनगन भाँति करी बहु लीला, जसुदानन्द निबाहीं।
सूरदास प्रभु रहे मौन ह्वै, यहि कहि कहि पछिताहीं।)

اس پد میں جہاں شری کرشن کی سیدھی سچی شخصیت نمایاں ہے، وہاں گاؤں اور شہر کی معاشرت پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ دیہاتی زندگی اور طور طریق میں سادگی ہوتی ہے، جس سے روحانی خوشی اور اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے اور شہری زندگی میں نمایشی شان و شوکت اور سہولیات زندگی وغیرہ کے ہوتے ہوئے بھی دل کا سکون

نہیں ملتا، مسرت نہیں ملتی ـ اس طرح سورداس نے بڑی ہی حکمت سے سگن بھکتی کی تائید کی اور نرگن بھکتی کی نہ سمجھ میں آنے والی باتوں، دشواریوں وغیرہ پر روشنی بھی ڈالی ـ جنہیں مختصراً انہیں کے الفاظ میں ادا کر سکتے ہیں:

روپ ریکھ گن جاتی جگتی سو نرالمب کت دھاوے
سب ودھی اگم وچار ہیں تاتے، سور سگن پد گاوے

(रूप-रेख-गुन-जाति-जुगति-बिनु, निरालब कित ध्यावै।
सब विधि अगम बिचारहिं तातै, सूर सगुन-पद गावै॥)

گوناگوں پہلو

ان تفصیلات سے ہمیں یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ 'سور کاویے' (سورداس کی شاعری) کی یہی حد ہے بلکہ ونے کے پد (حمد)، بچپن کے بیان، روپ وریپ کے بیان کے علاوہ اس کے گوناگوں پہلو ہیں ـ 'سورساگر' میں دھنش بھنگ لیلا (کمان توڑنے کا کھیل)، ہستی ودھ (فیل کشی)، کالیے ون دھن (کالیے ون کی آگ)، رکمنی پتریکا پراپتی (رکمنی کا خط پانا)، سداما چرتر (سداما کی سرگزشت) وغیرہ سے متعلق پراثر پد بھی ہیں ـ 'سور ساراولی' سور ساگر کا ہی دیباچہ ہے ـ 'ساہتیہ لہری' معمائی انداز کی مخصوص شاعری ہے ـ ہمیں یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ سورداس نے صرف کرشن کاویے کی ہی تخلیق کی، بلکہ شری کرشن کے عظیم معتقد ہوتے ہوئے بھی انہوں نے 'سور رامائن' جیسی کاویے رچنا کی تخلیق کی ـ 'سور ساہتیہ' کے ماہر ڈاکٹر منشی رام شرما نے 'سورسچین' میں اس کا کچھ حصہ 'رام کتھا' کے عنوان سے یکجا کیا ہے ـ اس طرف عالمان ادب کی توجہ کم گئی ہے ـ 'سورساگر' کے پہلے دفتر کی نویں فصل میں رام کتھا بال کانڈ تک فرضی ہے ـ [1]

سورداس محض ایک جذباتی شاعر ہی نہیں، ایک اعلا گایک (مغنی) بھی تھے ـ ان کے پد مکتک کہلاتے ہیں جو حقیقت میں موتیوں کے مانند ہیں ـ یہ سور کے دل کے سمندر سے برآمد ہوئے ہیں ـ انہوں نے ان مکتکوں کو رام ٹوڑی، مارو، نٹ نارائن، جیت سری، بہاگرو، پوربی، کانھرو، کلیان، رام کلی، بداول وغیرہ راگوں میں رچنا کی ـ [2] یہ جذبہ شاعری کے محسوسات سے لبریز ہیں ـ ان سے پہلے بھی جے دیو، ودیاپتی وغیرہ نے 'کرشن کاویے' کی رچنا کی تھی لیکن 'سور کرشن کاویے' کا اپنا ہی طرز ہے ـ ان کی گوپیاں دیہاتی سادگی و سچائی، شیریں کلامی، کم

---

1 سور ساگر (پہلا کھنڈ)، مرتبہ شری نند دلارے واجپئی، ص ۱۹۱ ـ ۲۰۴
2 سور ساگر (دوسرا کھنڈ)، مرتبہ شری نند دلارے واجپئی،

سخنی وغیرہ خوبیوں کی مالک ہیں - سورداس پہلے شاعر ہیں، جنھوں نے برج بولی کو ادبی حیثیت سے روشناس کرایا اور اسے شمالی ہند کی ادبی زبان بنانے کے لیے راہ ہموار کی - اسی کا اثر تھا کہ پہلے گجراتی شعرا برج بھاشا میں لکھتے تھے - برج کی تہذیب کا آپ نے خوبصورت مظاہرہ کیا -

موجودہ صورت حال

بعض لوگ سور کاویے اور دوسرے بھگتی کاویے کو درمیانی دور اور بھگتی ادب کہہ کر منفی رویہ اختیار کرنے کی بے سود سعی کرتے ہیں - آج کی زندگی کشمکش مخالفتوں، عیش کوشیوں، ناامیدیوں سے پر ہے - انسان سکون کے لیے بے چین ہے - ایسی صورت میں تو سور کاویے کی مزید اہمیت ہے - آج بھی ہم دیکھتے ہیں، سنتے ہیں کہ انسان —

'موسم کون کٹل کھل کاری'، 'اب میں ناچیو بہت گپال'،
'تجو من ہری وموکھن کو سنگ'
('मो सम कौन कुटिल खल कामी', 'अब मैं नाच्यौ बहुत गुपाल',
'तजो मन हरि बिमुखन को संग')

جیسے سور کے ودے پد گا کر، من کر سکون حاصل کرنا چاہتا ہے،

'سوبھت کر نونیت لئیے' 'میا! میں ناہیں دگھی کھایو'
('सोभित कर नवनीत लिये', 'मैया! मैं नाहीं दधि खायो')

وغیرہ بچپن کے بیان کے پد گا کر مالک شری کرشن کے درشن کرتا ہے، چاہے وہ تصوراتی ہی ہو -

'ادھو من مانے کی بات'، 'ادھو من کی منہی رہی'،
'ادھو من ناہیں دس بیس'
('ऊधो मन माने की बात', 'ऊधो मन की मनहि रही',
'ऊधो मन नाहीं दस बीस')

جیسے پد گا کر اپنے دل کے درد کا اظہار کرتا ہے - بڑے شہروں اور غیر ممالک میں رہنے والے لوگ

'ادھو! موھی برج وسرت ناھیں'

('ऊधो मोहि ब्रज बिसरत नाहीं')

پد گا کر اپنی سرزمین سے جدائی کے درد کا اظہار کرتے ہیں – ادب کا مفید ہونا اسی میں ہے کہ انسان اس سے قوت پائے، حظ اٹھائے، دکھ درد سے نجات پا کر صحیح معنوں میں انسان بنے –

زمانہ بدل سکتا ہے، انسان کے نئے نئے تجربے ہو سکتے ہیں – ادب میں بھی نئی نئی نظریں سامنے آسکتی ہیں – ان سب کی اہمیت کم زیادہ ہو سکتی ہے، لیکن سور کاویہ کی عظمت ہمیشہ قائم رہے گی – یہ ہماری زندگی کو من موہن کے رسیلے اور شیریں کرشن رس سے فیض پہنچاتا رہے گا، کیوں کہ اس کی بنیاد انسان کے دائمی جذبات واحساسات ہیں – حقیقتاً یہ دائمی اہمیت کی شاعری ہے – اسی نظر سے اسپر غور وفکر کی کوشش ہونی چاہیے، بصورت دیگر مایوسی کے سوا کچھ پلے نہیں پڑیگا –

مترجم : التماس صابر مارہروی

سورداس اور 'بھانو سنگھ' (رویندر ناتھ) کی "رادھا"

ڈاکٹر رما سین گپتا

«رادھا» نام کے تصور سے ہی ہمارے سامنے ایک بے پناہ محبت کرنے والی عورت کی تصویر منعکس ہو جاتی ہے، جو بغیر کسی طمع کے اپنے محبوب شری کرشن پر سب کچھ قربان کر دیتی ہے — یہ محبت اتنی اعلا ہے کہ دنیوی محبت سے موازنہ کرنا بے سود ہے — سب سے پہلے ایسی محبت کا بیان ہمیں بھاگوت پران میں ملتا ہے:

«انیا رادھتو نونم بھگوان ہری ریشور:
یںو وہائے گووند: پریتو یامیے درہ:»
بھاگوت (۱۰/۳۰/۲۸)

"अनया राधितो नूनम् भगवान् हरिरीश्वरः ॥
यन्नो विहाय गोविन्दः प्रीतो यामनयद्रह ॥"
भागवत (१०/३०/२८)

پھر اِس رادھا کا تصور ادب کا ایک جز بن جاتا ہے — مشرق دامن میں جے دیو کی تصنیف کردہ 'گیت گووند' میں، ودیاپتی، چنڈی داس، گیان داس، گووند داس وغیرہ شاعروں کی پداولیوں میں، برج علاقے کے اشٹ چھاپ (ہشت تن) کے شاعروں اور گوڑ وشنو شاعروں کے پدوں میں، جنوب کے آلوار بھگت شاعروں کی بانی میں، سنسکرت پراکرت، برج بولی اور ہندوستان کی اکثر علاقائی زبانوں میں تصنیف کردہ کلیات میں ہیر تصویرکشی کی دنیا میں رادھا صرف نند کے دلارے شری کرشن کی ہی محبوبہ نہیں، فنکاروں کو بھی محبوب رہیں—

ہندی کے ریتی کال میں تصنیف کردہ کلیات کی 'نائیکاؤں' پر بھی «رادھا» نام چسپاں ہوا اور آج بھی کوئی محب کا متوالا دل گا اٹھتا ہے:

«آمی پریم، پاگلنی رادھا
تمی آنند، گھن سیام!»

"आमि प्रेम–पागलिनी राधा
तुमि आनन्द - घनश्याम!"

دورِجدید کی شاعری میں بھی «کنو پریا» جیسی نرم و نازک تخلیق میں رادھا دنیائے محبت کا لاثانی کردار ہے — فلسفے کے اصولوں کی نظر سے بھی رادھا کی مختلف

تعریفیں کی گئی ہیں، پھر بھی محسوس ہوتا ہے کہ کرشن چیتن کے حسن، محبت اور عیش کی طرح، رادھا کا روپ بھی ناقابل بیان ہے ۔ جس طرح «اروشی» ہماری روحانی تسکین کی علامت ہے، اُسی طرح «رادھا» بھی ہمیں ذہنی سکون بخشتی ہے ۔

اروشی جنت کی حور ہے، لیکن رادھا ورنداون کی «کانتا شرومنی» ۔ مختلف نظریات کے حامل بھگت شعرا نے اپنے اپنے نظریات کے مطابق رادھا کا روپ تخلیق کیا: کسی نے رادھا کو ورنداون کی حسیناؤں میں اعلا کہا، کسی نے نے خود بھگتی کے سبب اپنے آپ کو ہی رادھا تصور کرلیا ۔ میرا نے اُسے ایک الگ ہی رخ سے جانچا :

«اور سکھیِن مد پی پی ماتیں،
میں بن پیے مدماتی
میرے پیا میرے ہردے بست ہیں
دوس جات نہ راتی»

" और सखीन्ह मद पी पी मातीं,
मैं बिन पिये मद - माती ।
मेरे पिया मेरे हिरदे बसत हैं
दिवस जात न राती ॥ "

یہاں میں دو عظیم شاعروں کے ذہنی تصور میں اُن رادھا کی جھلک پیش کرنے کی کوشش کروں گی جو کسی نظریے اور اصول کے دائرے میں رہ کر نہیں تخلیق ہوئیں، جو نہ اپنی ہیں، نہ پرائی ۔ یہ رادھا اصل میں انسان ہیں ۔ بعد میں عظیم تو ہیں، عظیم تر ہیں ۔ عموماً نے عرض نایکا، تسسنہ روح اور سادی رچانے کی تمنا رکھتی ہیں ۔ ہندی (برج بھاشا) کے عظیم شاعر سورداس اور بنگلا کے استاد الشعرا رویندر ناتھ (قلمی نام؛ «بھانو سنگھ») نے رادھا پر چند نظم کہے ہیں ۔ سورداس کی اولیت اُن کی محبت کی شیرینی کے بیان میں ہے اور رویندرناتھ کو «نوبل اِنعام» گیتانجلی پر ملا، جو رہس وادی پریم گیتوں کا مجموعہ ہے ۔ پھر بھی اِن دونوں عظیم شاعروں نے محبت کی تصویر رادھا کی جو شبیہ بنائی، اُس کی کشش اِتنی گمبھیر ہے کہ اُن مورتیوں کے خالق کی حیثیت سے اُن کے وسیع فن کو پرکھا جاسکتا ہے ۔ سورداس پیدایشی اندھے تھے، مگر محبت کی شیرینی کا اُنھوں نے کتنا عمدہ اِظہار کیا! رویندر ناتھ پندرہ سال کے تھے اور اُنھوں نے لکھا بھی تو برج بولی میں، جو کسی علاقے کی زبان نہیں تھی، البتہ چند شاعروں کی ادبی زبان ضرور تھی، جو اودھی اوھٹھ، میتھلی اور بنگلا زبان کے خمیر سے بنی تھی اور سرزمین

برج کے رادھا کرشن کی محبت کی تصویرکشی کے لئے موروں سمجھی جاتی تھی ــ شری سوکمارسین نے «برج بلر کا ھی» میں لکھا ہے :

«اے ای اوھٹھ تھیکے ای برج بلر اتپتی ھوئے چھے»[1]
"एइ अवहट्ठ थेकेइ व्रजबुलिर उत्पत्ति होयेछे।"

سورداس اور بھانوسکھ کی رادھا ویشنو اصطلاحات سے پرے فطری محبت کا شیریں چشمہ ھیں، یہ رادھا نہ دیوی ھیں نہ انسان، یہ رادھا محبت کی مثال ھیں ــ یا ھم کہہ سکتے ھیں :

Love for Love's Sake '

جس طرح کہ کہا جاتا ہے :

' Art for Art's Sake. ''

«سورساگر»[2] میں رادھا کرشن کی 'پہلی ملاقات' کا بہت ھی دلکش بیان ہے:

«کھیلت ھری نکسے برج کھوری
کٹی کچھنی پیتامبر باندھے، ھاتھ لئے بھورا، چک ڈوری
مورمکٹ، کنڈل استرونی بر، دس دمک دامنی چھوی چھوری
گئے سیام ربی تنیا کیں تٹ، انگ لستی چندن کی کھوری
اوچک ھی دیکھی تہں رادھا، نین بسال بھال دیے روری
نیل بسن پھریا کٹی پہرے، بینی پیٹھی رلتی جھکجھوری
سنگ لرکنی چلی ات آوتی دن تھوری، اتی چھبی تن گوری
سور سیام دیکھت ھیں ریجھے نین نین ملی پری ٹھگوری»

"खेलत हरि निकसे ब्रज-खोरी।
कटि कछनी पीतांबर बांधे, हाथ लिये भौंरा, चक डोरी॥
मोर-मुकुट, कुंडल स्रवननि बर, दसन-दमक, दामिनि-छबिछोरी।
गए स्याम रबि तनया के तट, अंग लसति चंदन की खोरी॥
औचक ही देखी तहँ राधा, नैन बिसाल भाल दिये रोरी।
नील बसन फरिया कटि पहिरे, बेनी पीठि रुलति झकझोरी॥
संग लरिकिनी चलि इत आवति दिन-थोरी, अति छबि तन-गोरी॥
सूर स्याम देखत हीं रीझे नैन-नैन मिलि परी ठगोरी॥"

---

[1] ویشنبی نبندھ، ص ۹
[2] مرتبہ دھیریندر ورما، ص ۸۲

اس پہلی ملاقات میں لڑکپن کی دوستی اور پہلی دید ھی میں محبت کی بنیاد کی جو تصویرکشی کی ہے، اُس میں شیرینی ہے، لیکن جیسی میلان کی کوئی جھلک نہیں ہے – اس ایسے ولبھ مرقے کے پشٹی واد اور سورداس کی بندگی و بھگتی کا بھی کوئی تعلق نہیں ہے – یہی محبت آگے چل کر وسعت اِختیار کرتی ہے جو بنگلا کے ماقبل چیتن شاعر چنڈی داس کی بانی میں گونج اٹھی تھی :

«رج کنی پریم نکشت ھیم
بڑو چنڈی داس گائے

" रज किनी – प्रेम निकषित हेम
बड़ु, चडीदास गाय ।"

اس کے آگے سورساگر میں جو تیسرا پد ہے، اُس میں محبت کی بات ہے :

«پرتھم سنیہہ دڈھنی من جانیو
نین نین کینہی سب باتیں، گپت پریتی پرگٹانیو»

" प्रथम सनेह दुहुनि मन जान्यौ ।
नैन नैन कीन्ही सब बातें, गुप्त प्रीति प्रगटान्यौ ॥"

بھانوسنگھ کے رادھا کرشن چمن زاروں میں نیموں سے نین ملاتے ہیں۔ وہ کم سن نہیں، حسن و شباب اپنے دامن میں سمیٹے ہیں :

«آجو سکھی، مہو مہو گاہے پک کہو کہو
کنج وَنے دہو دہو دو بہار پانے چاہے
حسن مد ہلسب پلکے ہیا السب
انش تنو السب مرچھی جو جائے
آجو مدھو چاندنی پران انمادنی
ستھل سب باندھنی، ستھل بھئی لاج
بچن مرد و مر مر، کانپے رھھ تھر تھر
شہرے تنو جرجر، کسم بن ماجھہ
ملے مرد و کیچھے، چرن نہیں چلیچھے
بچن مہو کہلیچے، انچل لٹایا
آدھ پھٹ شتدل بایو بھرے ٹلمل
آنکھی جنو ڈھل ڈھل چاھتے ناھی چاہے
الکے پھل کانپی کپولے پڑے جھانپئی

مدھو انلے تاپئی کھسئی پڑو پاے
جھرئی شرے پھلدل، جمنا بہے کلکل
ہاسے ششی ڈھل ڈھل ۔ بھانو مری جاے»

"आजु सखि, मुहु मुहु गाहे पिक कुहु कुहु,
कुजवने दुंहु दुंहु दोंहार पाने चाय।
औबन–मद–बिलसित पुलके हिया उलसित,
अवश तनु अलसित मुरछि जनु जाय।
आजु मधु चाँदनी प्राण–उनमादनी,
शिथिल सब बाँधनी, शिथिल भई लाज।
बचन मृदु मरमर, काँपे रिझ थरथर,
शिहरे तनु जरजर, कुसुम बन–माझ।
मलय मृदु कलयिछे, चरण नहि चलयिछे,
बचन मुहु खलयिछे, अंचल लुटाय।
आधफुट शतदल बायुभरे टलमल
आँखिजनु ढलढल चाहिते नाहि चाय।
अलके फुल काँपयि कपोले पड़े झाँपयि,
मधु अनले तापयि खसयि पड़ु पाय।
झरइ शिरे फुलदल, जमुना बहे कलकल,
हासे शशि ढलढल–भानु मरि जाय॥"

رویندر ناتھ ٹھاکرے ۱۸۷۶ء میں یہ پداولیاں لکھیں۔ اُن میں گیت (lyric) لکھنے کی صلاحیت اسی کم عمر میں ہی پیدا ہوگئی تھی – سورداس کے پد 'مکتک' ہیں، 'پرگیت' بھی ہیں – پھر بھی اُن میں واقعات کا تسلسل قائم رہتا ہے – اِسی لئے اُن کے پدوں میں رادھا کرشن کی محبت کی ابتدا، شدت اور نقطۂ عروج کا بیان بھی ملتا ہے – پرتھم ملن، گاروڑی کرشن، سمندھ رھس، رادھا سکھی سواد، مانا کی سیکھ، کرس درش، رادھا کا انوراگ، اپھاس، سہسا بھیٹ، ویاح ملن، بھرم، ایک اسٹھا، لکھومان لیلا، کرشن گوپیکا، مان لیلا، کھنڈیتا پرکرن، مدھیم مان، بڑی مان لیلا، وسنتوتسو، اس ترتیب سے رکھے جانے کے لایق پد ہیں – لیکن «بھانوسنگھیر پداولی» کے دس گیت گویا دس شیریں چشمے ہیں، جو ترنم و تغزل کے اعتبار سے بےحد دلکش ہیں اور بلا مبالغہ گووند داس، گیان داس وغیرہ کی پداولیوں کے مرتبے کے ہیں – اس طرح سور کی رادھا گویا جمنا کی لہروں پر بہتی ہوئی بھاگیرتھی کی پاک دھارا میں ملتی ہے اور پھر تیز رفتاری سے سمندر کے رخ گامزن ہوجاتی ہے اور بھانوسنگھ کی رادھا

دس مرکروں میں نئے نئے روپ رنگ میں رقص کرتی ہے۔ یہ محبت کی شیرینی کے مختلف النوع احساسات ہیں:

«گہن کسم کنج ماجھے مردل مدھر ونشی باجے
بسری تراس لوک لاج سجنی، آؤ آؤ لو

پہر چارو نیل باس، هردیے پرنے کسم راش
هرن نیتر وِمل هاس، کنج بن میں آؤ لو

ڈھالے کسم سربھ بھار، ڈھالے وہگ سکھ سار
ڈھالے اندو امرت دھار بمل رجت بھاتی رے

مند مند بھرنگ گنجے، اجت کسم کنجے کنجے
پھٹل سجنی پنجے پنجے بکل جوتھی جاتی رے

دیکھ لو سکھی، شیام رائے، نینے پریم اتھل جائے۔
مدھر بدن امرت سدن چندرمائے نندیچھے

آؤ آؤ سجنی برند، هیرب سکھی شری گوبند۔
شیام کو پدارَبند بھانوسنگھ بندیچھے»

"गहन कुसुम कुंज-माझे मृदुल मधुर बंशी बाजे,
बिसरि त्रास लोकलाज सजनि, आओ आओ लो।

पिनह चारु नील बास, हृदये प्रणय कुसुमराश,
हरिणनेत्रे बिमल हास, कुंजबन में आओ लो।

ढाले कुसुम सुरभ-भार, ढाले बिहग सुख-सार,
ढाले इन्दु अमृत-धार बिमल रजत-भाति रे।

मन्द मन्द भृंग गुंजे, अयुत कुसुम कुंजे कुंजे,
फुटल सजनि पुंजे पुंजे बकुल जूथि जाति रे।

देख लो सखि, श्यामराय, नयने प्रेम उथल जाय –
मधुर बदन अमृतसदन चन्द्रमाय निन्दिछे।

आओ आओ सजनिबृन्द, हेरब सखि श्री गोविन्द –
श्यामको पदारबिन्द भानुसिंह बन्दिछे ॥"

اِس گیت میں برج کی تمام حسیائیں رادھا کی ہم زبان ہیں، اِسی لئے وہ چمن کے کسی گوشے سے کرشن کی سریلی بانسری کی آواز سن کر اُس کی طرف مائل ہو رہی ہیں۔ سورداس کی گوپیوں اور رادھا میں ایک حجاب ہے۔ 'رادھا کا انوراگ' میں گوپیاں کہتی ہیں:

«ہم ومکھ، تم کرشن سنگنی، پران اک، دوے دیہہ
ایک من، اک بدھی، اک چت، دوھنی ایک سنیہہ
ایک چھنو سو تمہیں دیکھیں، سیام دھرت نہ دھیر
مرلی میں تو نام ہی ہی کہت ہیں بلبیر»

'हम विमुख, तुम कृष्ण-संगिनि, प्रान इक, द्वै देह।
एक मन, इक बुद्धि, इक चित, दुहुनि एक सनेह॥
एक छिनु बिनु तुमहिं देखे, स्याम धरत न धीर।
मुरलि में तुव नाम पुनि पुनि कहत हैं बलबीर॥"

یہاں شاعر کی مراد کسی فلسفۂ انا الحق سے نہیں ہے۔ یہاں سورداس نے رادھا کے تئیں کرشن کے بے پناہ لگاو کا خاکا کھینچا ہے اور اس بے پناہ محبت کا حق صرف رادھا ہی کو حاصل ہے، دوسری حسیناؤں کو نہیں۔ کسی کسی شاعر نے یہ نکتہ بھی نظم کیا ہے کہ راس نرت میں گوپیوں کے ہمراہ جو کرشن ہیں وہ کرشن کے 'مایا روپ' ہیں یعنی رادھا کے ساتھ درمیان میں کرشن ہیں۔ لیکن سورداس نے اس نوع کے مفروضات قائم نہیں کئے ہیں۔

ایک گیت میں بھانوسنگھ شری کرشن کے گوشۂ تنہائی کا ذکر کرتے ہیں اور رادھا کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں:

«سجنی سجنی رادھیکا لو دیکھہ ابھوں چاھیا
مردل گمن شیام آوے مردل گان گاھیا
پہر جھٹت کسم ھار، پہر دل آنگیا
سندری، سندر دے کے سیتھی کرہ رانگیا
سہچری سب ناچ ناچ ملن گیت گاؤ رے
چنچل منجیر راب، کنج گگن چھاو رے
سجنی، اب اُجار مندر کنک دیپ جوالیا
سربھی کرہ کنج بھون گندھم سلل ڈھالیا
ملکا چمیلی بیلی کسم تلہ مالیکا
گانتھہ جوتھی، گانتھہ جاتی، گانتھہ بکل مالیکا
ترشت نین بھانوسنگھہ کنج پنتھم چاھیا۔
مردل گمن شیام آوے مردل گان گاھیا»

"सजनि सजनि राधिका लो देख अबहुँ चाहिया,
मृदुलगमन श्याम आवे मृदुल गान गाहिया।

पिनह झटित कुसुमहार, पिनह नील आंगिया,
सुन्दरी, सिन्दूर देके सींथी करह रांगिया।
सहचरि सब नाच नाच मिलन गीत गाओ रे,
चंचल मजीर-राव, कुंज गगन छाओ रे।
सजनि, अब उजार मंदिर कनक दीप ज्वालिया,
सुरभि करह कुंजभवन गन्धसलिल ढालिया।
मल्लिका चमेली बेली कुसुम तुलह बालिका,
गांथ जूथि, गांथ जाति, गांथ बकुलमालिका।
तृषित नयन भानुसिंह कुंजपथम चाहिया—
मृदुल गमन श्याम आवे मृदुल गान गाहिया॥"

وشنو فلسفے کے بموجب بھگت اپنے دل کی دنیا کے تصوراتی گوشے میں رادھا کرشن کی ملاقات کراتے ہیں۔ لیکن اس گیت میں عام طور پر، بغیر کسی تصور کے، شاعر صرف رادھا کرشن کی ملاقات کی حسین عکاسی کرتا ہے۔ آگے چل کر رویندرناتھ کی نظمیں، گیت اور ناٹک اپنے پرسوز لہجے اور اشاراتی اظہار کے سبب مشہور ہوئے۔ 'گیتانجلی'، 'بلاکا' وغیرہ شعری مجموعوں کے علاوہ، اُن کے ناٹک 'رکت کروی'، 'راجا'، 'پھالگنی' وغیرہ اشاراتی عنصروں سے بھرے پڑے ہیں۔ ایسے ناٹکوں کو 'اشاراتی تمثیل' کہا گیا ہے۔ اسی فلسفیانہ مزاج کے باعث رویندرناتھ کے ناٹک عام طور پر اسٹیج پر زیادہ کامیاب نہیں ہوئے۔ اس کے برعکس سورداس جیسے ہندی کے وشنو شاعروں کے بھجنوں کو مالا کی طرح گوندھ کر تصنیف 'راس لیلا' جیسے عوامی ناٹک آج بھی مقبول عام ہونے کی وجہ سے زندہ جاوید ہیں۔ «مہا پرسنگھ کی پداولیاں» بھی شعری تمثیل کے روپ میں اسٹیج پر پیش ہوئی ہیں۔ پھر بھی ماننا پڑے گا کہ اِن میں شعری عنصر زیادہ اور تمثیلی عنصر بہت ہی کم ہے۔

سورداس نے رادھا کرشن کے 'راز و نیاز' کو بہت دلچسپ پیرائے میں بیان کیا ہے:

«بوجھت سیام کون تو گوری
کہاں رہتی، کا کی ہے بیٹی، دیکھی نہیں کہوں برج کھوری
کاہے کوں ہم برج تن آوتیں، کھیلتی رہتیں آپنی پوری
سنت رہتیں استرو ننی نند ڈھوٹا کرت پھرت ماکھن ددھی چوری
تمہروں کہا چوری ہم لیویں، کھیلن چلو سنگ ملی جوری
سورداس پربھو رسک سرومنی، باتنی بھری رادھیکا بھوری»

"बूझत स्याम कौन तू गोरी।
कहाँ रहति, काकी है बेटी, देखी नहीं कहूँ ब्रज खोरी।।
काहे कौं हम ब्रज-तन आवति, खेलति रहति आपनी पौरी।
सुनत रहति स्रवननि नँद-ढोटा करत फिरत माखन-दधि चोरी।।
तुम्हरौ कहा चोरी हम लैहैं, खेलन चलौ संग मिलि जोरी।
सूरदास प्रभु रसिक-सिरोमनि, बातनि भुरइ राधिका भोरी।।"

اِس قسم کے چند گیتوں کے سلسلے کو جوڑ کر اگر اسٹیج پر پیش کیا جائے تو اِنہیں 'تمثیلی گیت' کہا جا سکتا ہے – جس طرح کہ جے دیو کی سنسکرت تصنیف «گیت گووند» کے بارے میں عالموں کی رائے ہے کہ یہ کسی تمثیلی گیت کی دین ہے۔[1] چوں کہ اس مقالے کا موضوع یہ نہیں ہے، لہذا اِس پر مزید بحث نظرانداز کی جاتی ہے، نہا بوسکھہ اس گیت میں رادھا سے مخاطب ہیں:

«سندری، سندور دے کے سینتھی کری رانگیا»

"सुन्दरी, सिन्दूर देके सींथी करहु रांगिया।"

اِس سے یہ فرض کر لینا چاہئیے کہ شاعر کی نظر میں رادھا کرشن کی محبوبہ اور بیوی بھی ہے۔ کئی وشنو شعرا نے رادھا کو آیان گھوش کی زوجہ کے روپ میں مانا ہے، لیکن چوں کہ آیان نامرد تھے، لہذا رادھا پاکدامنی کی نظر سے، غیر ہوتے ہوئے بھی شری کرشن کی محبوبہ ہے اور عصمت و عفت سے محفوظ بھی۔ نہا بوسکھہ نے 'اپنے پرائے' کو اتنی اہمیت نہیں دی اور محبوب کی آمد پر کنواری عورت رادھا کی مانگ میں سندور بھرنے پر اصرار کیا۔ یہ اصرار سماج کی اُتنی پرواہ نہیں کرتا، جتنا کہ شیرینی و حسن کی اور شاعر کے لئے یہ مناسب ہے کہ محبوب کے حد و حال پر نظر رکھے۔ سورداس کی رادھا کی مذکورہ سطروں سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ اگر 'اپنی' نہیں ہے تو 'پرائی' بھی نہیں ہے۔

رادھا اور کرشن کے درمیان جس محبت کی داغ بیل پڑتی ہے اُس کا تعلق خدا اور مردوزن سے ہے۔ اس کا مطالعہ و تجزیہ باریک بینی سے کئی حیثیتوں مثلاً: معاشرتی، شاعرانہ وغیرہ سے ہوا ہے۔ منشی بھوسن داس گپت اپنی تصنیف «شری رادھا کا کرم وکاس» کے دیباچے میں 'بنگال کا وشنو پریم ساہت اور پارتھو پریم ساہت' کے ضمنی عنوان سے رقم طراز ہیں:

---

1 شری سوکمار سین، منگل یاترا، ناٹ گیت اور پانچالی کیرتن، باب ۶

«بنگال کی وشنو شاعری میں شری رادھا کی ایک فطری اِنسانی شکل ہے ... گھاٹ پر پانی بھرنے جانا اور ایک اجنبی سے اچانک ٹکراو اور بعدہ محبت ۔ یہ صرف بنگال کے وشنو ادب میں ہی نہیں، بنگال کے تمام ادبِ لطیف میں نمایاں ہے ۔ وشنو شاعری کے علاوہ بنگال میں جو دوسرے طربیہ گیت ملتے ہیں ۔ اُن کے لئے «میمن سنگھ گیتیکا» اور «پورو ونگ گیتیکا» خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔» [1]

«پورو ونگ گیتیکا» کے 'مئی شال بندھو' سے ایک نمونہ پیش ہے :

«آشٹ آنگل بانشیر بانشی مدھیے مدھیے چھیدا
نام دھریا باجائے بانشی کلنکنی رادھا
سیئی بانشی باجائیا مئی‌سال گوشٹھے جائے
آجی کین سندر کنیا پھریا پھریا چائے»

"आष्ट आंगुल बांशेर बांशी मध्ये मध्ये छेदा।
नाम धरिया बाजाय बांशी कलङ्किनी राधा॥
सेइ बांशी बाजाइया मइषाल गोष्ठे जाय।
आजिकेन सुन्दर कन्या फिर्या फिर्या चाय॥"

محبت کی یہ کہانی پنجاب کی محبت کی کہانی 'سوہنی مہیوال' کی بھی یاد دلاتی ہے۔ عوامی محبت کی یہ کہانیاں اتنی دلچسپ اور مقبولِ عام رہی ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانی زبانوں میں رادھا کرشن سے متعلق شاعری، انہی روایات کی ترقی یافتہ شکلیں ہیں ۔ یہ رشتۂ محبت اتنا عوامی اور عام ہے کہ نہ تو شاعر کو 'آورد' سے کام لینا پڑتا ہے اور نہ تصوف کے فلسفیانہ عناصر اس سے مستعار لینے پڑتے ہیں ۔ یہ محبت گیلی مٹی کی سوندھی مہک اور موسم بہار کی دلکشی جیسی قدرت کا عطیہ ہے۔

ایک گیت میں بھانو سنگھ رادھا کے بیان میں ہی پرکشش بانسری کی لے اور اُس لے کو سنکر بے چین روح کے کرب و درد کا اِظہار کرتے ہیں :

«بجاؤ رے سوھن بانشی
سارا دوسک ورہ دھن دکھ مرمک بیاش باشی
رجھ بس بھیدن بانشیر وادن کہاں شکھلی رے کان
ھانئے تھر تھر مرم اوشکر لہو لہو مدھومے وان

---

[1] ششی بھوشن داس گپت، شری رادھا کا کرم وکاس، ص ۳۰۳

دھس دھس کرتہہ اُرہ ویاکلو، ڈھلو ڈھلو اوش نیان
کت شت ورشک بات سونیارے ادھیر کرے پران
کت شت آشا پرل نہ بندھو کت سکھہ کرل پیان
پہو گو، کت شت پیرت پاتن ھیے بدھااول وان
ھردے اُداسے نیں اُچھاسے دارن مدھومے گان
سادھ جائے اِھی یمنا وارم ڈارب دگدھ پران
سادھ جائے بدھو، راکھی چرن تو ھردے ماجھہ ھردییش،
ھردے جڑااون بدن‌چندر تو ھیرب جیون شیش
سادھ جائے اِھی چاندم کرے کسمت کنج وتانے
وسنت وائے پران مشایب باشک سمدھر تانے
پران بھیوے مجھو وینوگیتی مے، رادھامے تو وینو
جے جے مادھو، جے جے رادھا، چرنے پرنمے بھانو»

"बजाओ रे मोहन बाँशी !
सारा दिवसक विरह–दहन–दुख मरमक तियाष नाशि।
रिझ–मन–भेदन बाँशीर–वादन कहाँ शिखलि रे कान !–
हाने थिरथिर मरम–अवशकर लहु लहु मधुमय बाण।
धसधस करतह उरह वियाकुलु, ढुलु ढुलु अवश नयान।
कत शत बरषक बात सोयारय अधीर करय परान।
कत शत आशा पुरल ना बँधु कत सुख करल परान।
पहु गो, कत शत पीरित–यातन हिये बिंधाओल बाण।
हृदय उदासय नयन उछासय दारुण मधुमय गान।
साध जाय इह यमुना–वारिम डारब दगध परान॥
साध जाय बँधु, राखि चरण तव हृदय–माझ हृदयेश,
हृदय–जुडाओन बदनचन्द्र तव हेरब जीवनशेष।
साध जाय इह चाँदम–किरणे कुसुमित कुंजविताने
वसन्तवाये प्राण मिशायब बाँशिक सुमधुर ताने।
प्राण भँवे मझु वेणुगीतिमय, राधामय तव वेणु।
जय जय माधव, जय जय राधा, चरणे प्रणमे भानु॥"

اِس گیت کے آخری دو مصرعوں میں یکایک رادھا کرشن کے 'ایک جان دو قالب' ہونے کی جھلک دکھائی دیتی ہے ۔ سور اور رویندرناتھہ اگرچہ ایک محبت کی متوالی رادھا ہی کی تصویرکشی کرنا چاہتے تھے، تاہم اُس محبت میں وفاداری اور یکجائی اتنی گہری ہے کہ اُس 'دوئی' کو حسن اور رازداری کے

پردے میں حال حال چھپانا پڑا ہے ۔ لیکن ایسا کسی فلسفے کے اصول کے تحت نہیں کیا گیا ہے ۔

سورداس نے اِبتدائی ملاقات اور رادھا کرشن کی دوستی میں پوشیدہ محبت کو نہایت احتیاط کے ساتھ نظم کیا ہے ، جس میں کسی رازداری کا پرتو نہیں ہے ۔

«پرتھم سنیہہ دھونی من جانیو
نین نین کینہی سب باتیں ، گپت پریتی پرگٹانیو
کھیلن کبھو ہمرے آوہو ، نند سدن ، برج گاؤں
دوارین آئی ٹیری موہی لیجو ، کانہہ ہمارو ناؤں
جو کہیے گھر دوری تمہارو ، بولت سنیے ٹیری
تمھیں سونہہ برش بھانو بابا کی پرات سانجھہ اک پھیری
سودھی نپٹ دیکھیت تمکوں ، تاتیں کریت ساتھہ
سور سیام ناگر اُت ناگری رادھا ، دواو ملی گاتھہ»

"प्रथम सनेह दुहुँनि मन जान्यौ।
नैन नैन किन्ही सब बातें, गुप्त प्रीति प्रगटान्यौ॥
खेलन कबहु हमरें आवहु, नन्द–सदन, ब्रज गाउँ।
द्वारें आइ टेरी मोहिं लीजौ, कान्ह हमारौ नाउँ॥
जौ कहियै घर दूरि तुम्हारौ, बोलत सुनियै टेरि।
तुमहिं सौंह बृषभानु बबा की प्रात–साँझ एक फेरी॥
सूधि निपट देखियत तुमकौं, तातें करियत साथ।
सूर स्याम नागर–उत नागरि राधा, दोउ मिलि गाथ॥"

یہی محبت جب گہری اور بہت گہری ہو جاتی ہے ، تب سورداس یہ پد نظم کرتے ہیں :

«تب ناگری من ہرش بھئی
نیہہ پراتن جانی سیام کو ، اتی آنند بھئی
پرکرتی پرش ، ناری میں وے پتی ، کاهیں بھول گئی
کو ماتا ، کو پتا ، بندھو کو ، یہ تو بھینٹ نئی
جنم جنم ، جگ جگ یہ ایلا ، پیاری جانی لئی
سورداس پربھو کی یہ مہیما ، یا تیں بس بھئی»

"तब नागरि मन हरष भई।
नेह पुरातन जानि स्याम कौ, अति आनद–मई॥
प्रकृति–पुरुष, नारी मैं वै पति, काहे भूलि गई।

को माता, को पिता, बंधु को, यह तो भेंट नई।
जन्म-जन्म, जुग-जुग यह लीला, प्यारी जानि लई।
सूरदास प्रभु की यह महिमा, याते बिबस भई।।"

اِس طرح سورداس نے کرشن کے لئے رادھا کی محبت کو اعلیٰ مقام بخشا، جس کی ترغیب اُنھیں ولبھ آچاریا کے بیٹے آچاریا وٹھل ناتھ سے ملی۔ اُن کا 'رادھا واد' اُصولوں کا پابند نہیں تھا۔ ششی بھوشن داس گپت لکھتے ہیں:

«وٹھل ناتھ نے کسی مخصوص بھگتی اُصول کو اپنا کر 'رادھا واد' کو اپنا عقیدہ بنایا تھا یا نہیں، اِس میں شک کی گنجایش ہے۔ مگر اُنھی کے دور میں 'پشٹی مارگ' میں 'رادھا واد' کی بنیاد پڑی تھی، اِس میں کوئی شک نہیں ہے۔ ولبھ سمپردائے کے مذہبی اصولوں اور اُن کے ادب میں 'رادھا واد' کا اثر چیتنیا اور اُن کے بھگت ورنداون کے گوسوامیوں کا یقیناً رہا ہے۔»[1]

سورداس اور بھانوسنگھ نے چاہے رادھا کرشن کو کہیں کہیں دور سے معمور کرنے کے لئے پد نظم کئے ہوں، لیکن ان کے معرکے کے پد وہی ہیں، جہاں آنسوؤں سے پر جذباتی محبت کا ذکر ہوا ہے۔ محبت کی دید و ملاقات جتنی کشش رکھتی ہے، جدائی اتنی ہی روح فرسا ہوتی ہے۔ کبھی تصور میں محبوب کو پانے کی آرزو رہتی ہے تو کبھی جدائی ان خوابوں کو چکناچور کرنے کا باعث بھی بنتی ہے۔ اور کبھی محبوب کی دوری سے نایکا سوکھی پتی کی طرح زمیں بوس ہو جاتی ہے۔ موت یا ایسی رکاوٹ جس میں محبوب سے دوبارہ ملنے کی کوئی صورت ہی نہیں رہ جاتی، ایسی حالت کا بیان تو سب کو متاثر کرتا ہے۔ ملن کے اضطراب میں جس جدائی کی جھلک ہے، اس کی مثال کے لئے سورداس کا ایک مشہور پد ایسی ہی حالت کی عکاسی کرتا ہے، جس کے لئے، کہا جاتا ہے کہ اُنھوں نے موت و زیست کی کشمکش کے لمحات میں نظم کیا:

«کھنجن نین سرنگ رس ماتے
اتیسے چارو ومل، چنچل یہ، پل پنجرا نہ سماتے
بسے کہوں سوئی بات سکھی، کہی رہے اہاں کہیں ناتے؟
سوئی سنگیا دیکھتی اور اسی، وکل اُداس کلا تیں
چلی چلی جات نکٹ سروننی کے سکی ناٹنک پھنداتے
سورداس اَنجن گن اٹکے، ناترو کبہ اُڑی جاتے»

1 ششی بھوشن داس گپت، شری رادھا کا کرم وکاس، ص ۸۰/۲۸۴

"खंजन नैन सुरंग रस माते।
अतिसय चारु विमल, चंचल ये, पल पिंजरा न समाते।
बसे कहूँ सोइ बात सखी, कहि रहे इहाँ किहिं नाते?
सोइ सञा देखति औरासी, विकल उदास कला तें॥
चलि–चलि जात निकट स्रवननि के सकि ताटंक फँदाते।
सूरदास अंजन गुन अटके, नातरु कबं उड़ि जाते॥"

اِسی طرح محبت کی تشنگی اور بے تابی بھانوسنگھ کی رادھا کو بھی پریشان کرتی ہے:

«ستیمر رجنی، سچکت سجنی، شون نکنج اَرن
کلیت ملیے، سبیجن نلئے بالا برہ بشن،
نیل آکاشے تارک بھاسے، یمنا گاؤت گان
پادپ مرمر، نرجھر جھرجھر، کسمت ولی بتان،
ترشت نیانے بنپتھ پانے نرکھے ویاکل بالا–
دیکھ نہ پاؤیے، آنکھ پھراؤیے، گاںتھے بن پھول مالا
سہسا رادھا چاہل سچکت، دورے کھیپل مالا–
کہل سجنی شن بانشری باجے، کنجے آؤل کالا
چمکی گہن نشی دور دور دشی باجت بانشی ستانے–
کنٹھ ملاؤل ڈھلڈل یمنا کلکل کلول گانے
بھنے بھانو، اب شن گو کانو، پیاست گوپنی پران
توہار پیرت ومل امرت رس ہرشے کروے پان»

"सतिमिर रजनी, सचकित सजनी, शून्य निकुंज–अरण्य।
कलयित मलये, सुबिजन निलये बाला बिरह बिषण्ण।
नील आकाशे तारक भासे, यमुना गाओत गान।
पादप–मरमर, निर्झर–झरझर, कुसुमित बल्लि बितान।
तृषित नयाने बनपथ–पाने निरखे व्याकुल बाला–
देख न पाओये, आँख फिराओये, गाँथे बनफूलमाला।
सहसा राधा चाहल सचकित, दूरे खेपल माला–
कहल सजनि शुन बाँशरि बाजे, कुंजे आओल काला।
चमकि गहन निशि दूर दूर दिशि बाजत बाँशि सुताने–
कंठ मिलाओल ढलढल यमुना कलकल कल्लोलगाने।
भने भानु, अब शुन गो कानु, पियासित गोपिनि प्राण
तोंहार पीरित विमल अमृतरस हरखे करबे पान॥"

جدائی میں محبت شدت اختیار کرلیتی ہے اور اُس کا اظہار انتہائی پختگی کے ساتھ ہوتا ہے۔ غالباً یہی سبب ہے کہ میرا اور مہادیوی کے جدائی کے نغمات ہمیں مسحور کر دیتے ہیں اور کالی داس کا «میگھ دوت» شرنگار رس کے میدان میں سراب یا جدائی کی لذت کا زندہ جاوید شعری مجموعہ بن گیا ہے۔ میرا کے اشکوں میں کل کائنات ڈوبی ہوئی ہے:

«سولی اُوپر سیج پیا کی
کس ودھ ملنو ہوئے
اے ری میں تو پریم دوانی
میرا درد نہ جانے کوئے»

"सूली ऊपर सेज पिया की
किस विध मिलणो होय
एरी मैं तो प्रेम दिवानी
मेरो दर्द न जाने कोय।"

میرا دل ہی دل میں اپنے آپ کو رادھا سمجھتی ہیں۔ یہی نہیں وہ اپنے آپ کو کرشن سے رشتۂ ازدواج میں بھی منسلک ہونے کا حق جتاتی ہیں:

«مائی ری مہانے سپنے ماں
پرن گیو نندلال»

"माई री म्हाने सपने मां
परण गयो नन्दलाल।"

جس سے کوئی خواب میں بیاہ رچا گیا ہو، پھر تاحیات اُس سے ملن نہ ہوا ہو، جدائی کی گہرائی کی اس تھاہ کو حساس دل ہی پاسکتے ہیں:

«گھایل کی گتی گھایل جانے
اور نہ جانے کوئے»

"घायल की गति घायल जाने
और न जाने कोय।"

لیکن سورداس کی رادھا عزت و عصمت والی اور گوشۂ چمن میں محبت کے کھیل میں محو رادھیکا ہے۔ وہ روزانہ دھی بیچنے، پن گھٹ سے پانی بھرنے کے بہانے نوجوان کنہائی سے ملنے جاتی ہے۔ کرشن بھی رادھا کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں

«ہری سکھ رادھا رادھا بانی
دھرنی پرے اچیت، نہیں سدھی، سکھی دیکھن اکولانی»

" हरि–मुख राधा–राधा बानी।
धरिनी परे अचेत, नहीं सुधि, सखी देखि अकुलानी॥ "

سورداس کی رادھا ایسی محبت کی دیوانی ہے:

«سیام بھئے رادھا بس ایسیں
چاتک سواتی، چکور چندجیوں چکرواک روی جیسیں»

" स्याम भए राधा बस ऐसें।
चातक स्वाति, चकोर चंदज्यों चक्रवाक रवि जैसें। "

سور کی رادھا میں جدائی کی تڑپ تو ہے – لیکن میرا کا اضطراب 'جل بن مچھلی' جیسا ہے – سورداس نے «گوپی ورہ» اور «بھرمر گیت» کے تحت ہی گوپیوں کی جدائی کی کیفیات میں رادھا کو بھی شامل کرلیا ہے – 'گوپی ورہ' کی بہترین سطریں یہ ہیں:

«کری گئے تھوڑے دن کی پریت»
«نسدن برشت نین ہمارے»
«پریت کری کاھو سکھ نہ لہیو»
«میرے من اتنی سول رہی
وے بتیاں چھتیاں لکھی راکھیں، جے نندلال کہی»

" करि गए थाड़े दिन की प्रीति। "
" निसिदिन बरषत नैन हमारे। "
" प्रीति करि काहू सुख न लह्यौ। "
" मेरे मन इतनी सूल रही।
वे बतियाँ छतियाँ राखीं, जे नंदलाल कही। "

«بھرمر گیت» کے کچھ بول بھی بے حد عمدہ ہیں:

انکھیاں ھری درسن کی پیاسی»
«ھمکو ھری کی کھتا سناو»
«مدھوکر سیام ھمارے ایس»
«من میں رھیو ناھیں نہ ٹھور
نند نندن اچھت کیسے آنیے آر اور»
«آر بے ماکھن چور گڑے
اب کیسین نکست نہی اودھو، ترچھے ھوے جو اڑے»

"अँखियाँ हरि दरसन की प्यासी।"
"हमकौ हरि की कथा सुनाउ।"
"मधुकर स्याम हमारे ईस।"
"मन मे रह्यौ नाहि न ठौर।
नंदनंदन अछत कैसे आनियै उर और॥"
"उर मैं माखन चोर गड़े।
अब कैसे निकसत नहि ऊधौ, तिरछे ह्वै ज अड़े॥"

سوزداس نے رادھا کا محبت میں محو ہونا جدائی کے موقع پر بڑی خوبی سے بیان کیا ہے۔ اس بیان میں اس جذباتی رادھا کی عکاسی کی گئی ہے جس کے بھیس میں شری کرشن کے اوتار شری چیتنیہ اپنے آپ کو رادھا تصور کرکے کرشن کی جدائی میں مضطرب رہتے تھے۔ وصل میں جدائی کی حقیقت کا تصور بھی محبت کا ایک نیا اظہار ہے۔ اسے بنگلا کے وشنو ادب میں «پریم ویچیت» یعنی محبت میں دل کا گم کردینا کہتے ہیں۔ سورداس کی رادھا اسی کیفیت کی مظہر ہے:

«نرکھی پے روپ تے چکت بھاری
کدھوں وے پرش میں ناری، کی وے ناری میں ہی ہوں تن سدھی بساری
آپو تن چتے سر مکٹ، کنڈل سروں، ادھر مرلی، مالوں براجے
اتہیں پے روپ سر مانگ، بینی سبھگ بھال بیندی بندو مہا چھاجے
ناگری ہٹھ تجو، کرپا کری موہیں بھجو، پری کہ چوک سو کہو پیاری
سور ناگری پربھو برہ رس مگن بھئی، دیکھی چھبی ہست گری راجدھاری»
"निरखि पिय-रूप तिय चकित भारी।
किधौं वे पुरुष मैं नारि, की वे नारि मैं ही हौं तन सुधि बिसारी॥
आपु तन चितै सिर मुकुट, कुंडल स्रवन, अधर मुरली, मालवन बिराजै।
उतहिं पियरूप सिर माँग बेनी सुभग, भाल बेंदी-बिन्दु महाछाजै॥
नागरी हठ तजौ, कृपा करि मोहिं भजौ, परीकह चूक सो कही प्यारी।
सूर नागरी प्रभु-बिरह-रस मगन भई, देखि छबि हँसत गिरिराजधारी॥"

جدائی میں محبت کے غیر فانی ہونے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بھانوسنگھ نے رادھا کرشن کی محبت کو ایک نئی وسعت دی ہے، جو جدائی کی حدود کو عبور کرجاتی ہے:

«ہردیک سادھا مشاؤل ہردیے، کنٹھے شکھاؤل مالا
برہ بشے دھی ہی کیلو ریی، ہی نہی آول کالا
بجھنو بجھنو سکھی، بپھل بپھل سب، بپھل اے پیرتی لیہا
بپھل رے اے مجھو جیون یوون، بپھل رے اے مجھو دیہا!

چل سکھی گرہ چل، منچ نین جل — چل سکھی، چل گرہ کاجے
مال تما لا راکھہ بالا، — چھی چھی سکھی، مرو مرو لاجے
سکھی لو، دارن آدھی بھرا ترا ے ترن یوون مور
سکھی لو، دارن پرنے ہلاہل جیون کرل اگھور
ترشت پران مم دوس یامنی شیامک درش آشے
آکل جیون تھیہ نہ مانے، اہرہ جول ہتاشے
سجنی، ستیہ کہی توے
کھویب کب ہم شیامک پریم سدا ڈر لاگے موے
ہیے ہیے اب راکھت مادھو، سودن آسب سکھی رے، —
بات نہ بولبے، بدن نہ ہیرے! مرب ہلاہل بھکی رے
ایس برتھا بھیے نہ کر بالا، بھانو نیدے چرنے —
سجنک پیرتی نوتون نتی نتی، نہی ٹوٹے جیون مرنے»

"हृदयक साध मिशाओल हृदये, कंठे शुखाओल माला।
बिरहबिखे दहि बहि गेलो रैनी, नहि नहि आओल काला।
बुझनु बुझनु सखि, बिफल बिफल सब, बिफल ए पीरिति लेहा।
बिफल रे ए मझु जीवन यौवन, बिफल रे ए मझु देहा!
चल सखि गृह चल, मुछ नयनजल—चल सखि, चल गृहकाजे।
मालतिमाला राखह बाला, —छि छि सखि, मरु मरु लाजे।
सखिलो, दारुण आधिभरातुर ए तरुण यौवन मोर।
सखिलो, दारुण प्रणय—हलाहल जीवन करल अघोर।
तृषित प्राण मम दिवस—यामिनि श्यामक दरशन—आशे।
आकुल जीवन थेह न माने, अहरह ज्वलत हुताशे।
सजनि, सत्य कहि तोय,
खोयब कब हम श्यामक प्रेम सदा डर लागय मोय।
हिये हिये अन राखत माधव, सो दिन आसब सखि रे, —
बात न बोलबे, बदन न हेरबे! मरिब हलाहल भखि रे।
ऐस बृथा भय ना कर बाला, भानु निबेदय चरणे —
सुजनक पीरिति नौतुन निति निति, नहि टूटे जीवन—मरणे।"

ودیاپتی نے لکھا ہے:

«سوی پیریتی انوراگ بکھانتے
تلے تلے نوتن ہوے»

"सोइ पीरीति अनुराग बखानिते
तिले तिले नूतन होय"

اِن سطروں میں شاعر نے بتایا ہے کہ محبت ہر پل، ہر لمحہ ایک نیا روپ اِختیار کرلیتی ہے، یعنی محبت میں کشادگی ہوتی ہے، اس کا دائرہ بڑھتا جاتا ہے – لیکن مذکورۂ بالا بھانوسنگھ کے گیت میں اس طرح اِظہار کیا گیا ہے :

«جو پاکیزہ محبت ہے وہ ہر لمحہ تروتازہ تو ہوتی ہی ہے، یہاں تک کہ وہ لامحدود ہے – ایسی محبت موت کو بھی گلے لگا لیتی ہے، ایسی محبت کا رشتہ موت کے بعد بھی قائم رہتا ہے – اس کے سامنے اِس زندگی میں جو رفاقت ہے اُسے حاصل کرلینا تو معمولی سی بات ہے – لٰہذا رادھا کے شکوک، رادھا کی عصمت سب فضول ہے – رادھا کرشن کی محبت اتنی سطحی اور عارضی نہیں ہے، گہری اور دائمی ہے –»

شاعر نے یہاں رادھا کرشن کو فطری اِنسان مانتے ہوئے اِظہار خیال نہیں کیا ہے– بلکہ اُن کی محبت کو ہمیشہ بلندی بخش رہا ہے – سور اور رویندرناتھ (بھانوسنگھ) دونوں نے رادھا کرشن کی اِنسانی محبت کی عکاسی کی ہے – لیکن سور نے اپنی معبود جوڑی کو بھگتی کے ڈورے سے کھینچ کر اپنے قرب کی زمین پر اُتارا ہے اور رویندرناتھ نے رادھا کرشن کے عام اِنسانی پیار کو لافانی اور متجسس شکل میں پیش کیا ہے – اکثر رویندر کی یہ رادھا کبیر کی 'رام کی بہریا' جیسی لگنے لگتی ہے– بھانوسنگھ کی یہ پداولی 'گیتانجلی' کی ادھ کھلی کلی سی لگتی ہے :

«مرن رے، تھوں مم شیام سمان
میگھبرن تجھ، میگھ جٹاجٹ، رکت کمل کر، رکت ادھرپٹ
تاپ بموچن کرن کورتو مرتیو امرت کرے دان
آکل رادھا، رجھ اتی جرجر، جھرئی نین دوؤ انوکھن جھرجھر
تھوں مم مادھو، تھوں مم دوسرا، تھوں مم تاپ کھچاؤ
مرن تو آؤرے آؤ
بھج پاشے تو لہ سموڈھئی، آنکھی پات مجھو دیہہ تو رودھئی
کور اپر تجھ، رودئی رودئی نید بھرب سب دیہہ
تھوں نہی بسری، تھوں نہی چھوڑلی
رادھا ہردے تو کبھوں نہ توڑلی
ہئے ہئے راکھی انودن انوکھن، اتولن تونہار لیہہ
گگن سگن اب، تمر مگن بھو
تڑت چکت اتی، گھور میگھرو
شال تال ترو سبھے تدھم سب، پنتھہ بجن اتی، گھور

ایکلی جاؤب تجھ ابھسارے،
تہنوں مم پریتم، کہ پھل بچارے۔
بھے بادھا ابھے موری دھری پنتھ دیکھایب مور
بھانو بھے، ائی رادھا، چھئے چھئے
چنچل چت توھاری
جیون ولبھ مرن ادھک سو،
اب تہوں دیکھ بچاری»

"मरण रे, तुहु मम श्याम समान ।
मेघबरन तुझ, मेघजटा जुट, रकतकमलकर, रक्त–अधरपुट,
ताप बिमोचन करुण कोर तव मृत्यु–अमृत करे दान ॥
आकुल राधा, रिझ अति जरजर, झरइ नयन दोउ अनुखन झरझर
तुहुं मम माधव, तुहु मम दोसर, तुहुं मम ताप घुचाओ,
मरण तु आओ रे आओ ॥
भुजपाशे तव लह समबोधयि, आंखिपात मझु देह तु रोधयि,
कोर–उपर तुझ रोदयि रोदयि नीद भरब सब देह ।
तुहु नहि बिसरबि, तुहु नहि छोडबि,
राधा हृदय तु कबहुं न तोड़बि,
हिय–हिय राखबि अनुदिन अनुखन, अतुलन तोंहार लेह ॥
गगन सघन अब, तिमिर मगन भव,
तड़ित चकित अति, घोर मेघरव,
शालताल–तरु समय–तबध सब, पथ बिजन अति घोर ॥
एकलि जाओब तुझ अभिसारे,
तुहु मम प्रियतम, कि फल बिचारे –
भय–बाधा अभय मुरति धरि पंथ देखायब मोर ॥
भानु भने, अयि राधा, छिये छिये
चंचल चित्त तोहारि ।
जीवनवल्लभ मरण–अधिक सो,
अब तुहु देख बिचारि ॥"

رویندرناتھ نے قلمی نام (یا تخلص) کا استعمال اس لئے کیا ہوگا کیوں کہ 'بھانو بھے' اس ریتی (نظم) کی 'بھی تیوں' میں کافی موزوں لگتا ہے اور وہ 'روی' کا ہم معنی بھی ہے ۔ انھوں نے کہا کہ یہ کسی قدیم برج بولی کے شاعر کی پداولیاں ہیں، جس کا مخطوطہ انہیں برہم سماج کے کتب خانے میں دستیاب ہوا ۔ وہ جانتے تھے کہ ایک نوجوان کی تخلیق سمجھ کر لوگ مذاق کا موضوع بنائیں گے ۔ لیکن 'ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات' کے مطابق آج کا کوئی قاری

بآسانی اندازہ لگا سکتا ہے کہ گیتانجلی کے گیت کے 'پران سکھا' اور ان پداولیوں کی 'ابھی سارِکا رادھا' ایک ہی شاعر کے دل کی بات کرتے ہیں۔ گیتانجلی کا ایک گیت ہے :

«آجی جھڑیر راتے تومار ابھی سار
پران سکھا بندھو ہے آمار!»

"आजि झड़ेर राते तोमार अभिसार
परान सखा बन्धु हे आमार!"

پداولیوں میں رادھا بنسی کی تان سن کر طوفانی رات میں بھی ابھی سار کے لئے بے چین ہے۔ وہ سکھیوں سے کہتی ہے :

«شاون گگنے گھور گھن گھٹا، نشی یامنی رے
کنج پتھے سکھی، کیسے جاؤب ابلا کامنی رے
اُنمد پوَنے یمنا ترجت، گھن گھن گرجت میہہ
دمکت ودیت، پتھرو لنٹھت تھرتھر کمپت دیہہ
گھن گھن رم جھم رم جھم رم جھم برکھت نیرد پنج
شال پیالے تال تمالے نبڑ تمرمے کنج
کہہ رے سجنی، اے دُرویوگے کنجے نردے کان
دارن بانشی کاہ بجایت سکرن رادھا نام
موتم ہارے بیش بنادے، سیتھی لگا دے بھالے
اُرہی بلنٹھت لول چکر مم باندھہ چمپک مالے
'گہن رین میں نہ جاؤ بالا، نول کشورک پاش۔
گرجے گھن گھن بہو ڈر پاؤب' کہے بھانو تو داس»

"शावन गगने घोर घनघटा, निशीथ यामिनी रे।
कुंजपथे सखि, कैसे जाओब अबला कामिनी रे॥
उन्मद पवने यमुना तर्जित, घन घन गर्जित मेह।
दमकत विद्युत, पथतरु लुठित थरहर कंपित देह॥
घन घन रिम्झिम् रिम्झिम् रिम्झिम बरखत नीरद पुंज।
शाल पियाल ताल तमाले निबिड़ तिमिरमय कुंज।
कह रे सजनी, ए दुरयोगे कुंजे निरदय कान
दारुण बाँशी काह बजायत सकरुण राधा नाम।
मोतिम हारे वेश बनादे, सींथी लगा दे माले।
उरहि विलुंठित लोल चिकुर मम बाँधह चम्पक माले।
'गहन रैन में न जाओ बाला, नवल-किशोरक पाश-
गरजे घन घन बहु डर पाओब' कहे भानु तव दास॥"

اِن مصرعوں میں بنسی کے سر کی بے چین پکار اور بے چین رادھا کی کیفیت کا بیان، روح کا اضطراب اور اپنے پرماتما سے ملنے کے لئے اُس کے جذبات کی شدت کا اِظہار ہوا ہے ۔ برسات کی فطری دلفریبی کے اِظہار میں رویندر ناتھ کی برابری دنیا کا کوئی بھی شاعر نہیں کرسکتا ۔ یہی سبب ہے کہ شانتی نکیتن کی تقریب 'ورشا منگل' بڑی ہی پرکشش اور دلچسپ ہوتی ہے ۔ سورداس کی رادھا کے موسم برشگال کی 'ابھی ساریکا' کا عکس نظر کو خیرہ کرنے والا نہیں ہے ۔ سورداس قدرت کے توسط سے دلی کیفیت کا اظہار کرنے سے قاصر رہے ۔ موسم باراں کی وحشت ناک جدائی کے بجائے انہوں نے وصال کا مذکورۂ بالا خوبصورت روپ دے دیا:

«دیجے کاہے کاندھے کو کمبر
ناہی ناہی بودنی برش لاگیو، بھیجت کسمبھی امبر
بار بار اکولائی رادھیکا، دیکھی، میگھ آڈمبر
ہنسی ہنسی ریجھی بیٹھی رہے دوؤ، اوڑھی سبھوؤ پیتمبر
سو سنکادک نارد سارد، انت نہ پاوے تمبر
سور سیام گتی لکھی نہ پرتی کچھو، کہات گوال سنگ سمبر»

"बीजै कान्ह काँधे को कबर।
नान्ही नान्ही बूँदनि बरषन लाग्यौ, भीजत कुसभी अंबर।।
बार-बार अकुलाई राधिका, देखि, मेघ–आडंबर।
हँसि हँसि रीझि बैठि रहे दोऊ, ओढ़ि सुभउ पीतबर।।
सिव सनकादिक नारद-सारद, अत न पावैं तुबर।
सूरस्याम-गति लखि न परति कछु, खात ग्वाल सँग सबर।।"

اس مثال میں سور کے سیام تو برہم کے اوتار ہیں جس کے ساتھ سنکادک، نارد، سارد بھی پار نہیں پڑ پاتے ۔ لہذا ان کے سنگ ملن کی خوشی میں بھولی بھ سمائی رادھا کو موسم برسگال سے کیا خوف ۔ سور کی رادھا، جہاں وہ کرشن کو محبوب ہے، وہاں قوت کی مظہر ہے اور جہاں اُس کا نایکا کے کردار میں اظہار ہوا ہے وہاں وہ شعری ضرورت کے لحاظ سے مغرور ہے وغیرہ ۔

لگھوماں لیلا، ماں لیلا، کھنڈتا پرکرن، مدھیم ماں، بڑی ماں لیلا وغیرہ کا تفصیلی ذکر سور نے شاعر کی حیثیت سے کیا ہے ۔ ان کی رادھا ابھی ساریکا کی بہ نسبت ناعرت زیادہ معلوم ہوتی ہے لیکن پوروانچل میں ابھی ساریکا رادھا کے ذکر میں انتہائی مستعدی نظر آتی ہے ۔ ششی بھوشن داس گپت لکھتے ہیں: «جے دیو سے لے کر ودیاپتی، چنڈی داس، گیان داس، گووند داس سبھی وشنو شعرا میں

ابھیسار کے کچھ مخصوص محاسن کا ذکر کیا گیا ہے۔»[1] ابھی ساریکا رادھا کی شبیہ نے بنگال کے انسان کو زیادہ انگیز کیا۔ اسی باعث عظیم مجسمہ ساز اونیندر ناتھ ٹھاکر نے بھی 'ابھی ساریکا رادھا' کی تصویرکشی کی جو ان کے قابل ذکر مجسموں میں سے ایک ہے۔

رادھا ولبھ فرقے میں 'کشوری بھجن' کو بڑی اہمیت حاصل تھی۔ چنڈی داس گو کہ اُس فرقے کے روح رواں نہیں تھے، پھر بھی اُن کے چند پد بہت مقبول ہیں، جن میں کرشن بھی حسینہ رادھیکا کا ہی بھجن کرتے ہوئے نظر آتے ہیں:

« کرے کرے باسشی پھری دواسشی
کشوریر انوراگے»

"करे करे बाँशी फिरि दिवा निशि
किशोरीर अनुरागे ॥"

یہ 'کشوری تتو' بھانوسنگھ کی پداولیوں میں بھی نمایاں ہے، فرق اتنا ہی ہے کہ ان میں فرقہ واریت کی مہر نہیں لگی ہے لیکن ہیروئن حسینہ ہی ہے جو نصف 'بالی' ہے اور نصف نوجوان حسینہ:

« شن لو شن لو بالیکا، راکھو کسم مالیکا
کنج کنج پھیرنو سکھی، شیام چندر ناھی رے
کلشی کسم سحری، بھمر پھرئی گنجری،
السن یمن بہئی جاے للت گیت گاھی رے
ششی سناتھ یامسی، ورہ ودھر کامسی
کسم ھار بھئل بھار ہردے تار داھی چھے
ادھر انھتی کانپیا سکھی کرے کر آسیا۔
کنج بھوے پاپیا کاھے گیت گاھی چھے
مردو سمیر سنچلے ہرئی شتھل انچلے
بالی ہردے چنچلے کاس پتھ چاھی رے
کنج پاے ھیریا اشروواری ڈاریا
بھانو گاے، شونے کنج، شیام چندر ناھی رے »

"शुन लो शुन लो बालिका, राखो कुसुम मालिका
कुंज कुंज फेरनु सखि, श्यामचन्द्र नाहि रे ।

1 شری رادھا کا کرم وکاس، ص ۱۷۰

वुलइ कुसुम मञ्जरी, भमर फिरइ गुंजरि,
अलस यमुन बहयि जाय ललित गीत गाहि रे।
शशि–सनाथ यामिनी, विरह–विधुर कामिनि,
कुसुमहार भइल भार हृदय तार दाहिछे।
अधर उठइ काँपिया सखि करे कर आणिया—
कुज भवने पापिया काहे गीत गाहिछे!
मृदु समीर सचले हरयि शिथिल अचले,
बालि-हृदय चचले काननपथ चाहि रे।
कुज-पाने हेरिया अश्रुवारि डारिया
भानु गाय, शून्य कुंज, श्यामचन्द्र नाहि रे॥"

شاعر نے اس 'بالی' کے حسن کا نقشہ نہیں کھینچا ہے، جیسا کہ ہم ودیاپتی کے 'وَیہ سندھی' کے ذکر میں پاتے ہیں۔ بالی کی نہایت نرم و نازک کیفیت کا پر اثر انداز میں تذکرہ کیا ہے۔ کتنی حسین چاندنی رات ہے، جمنا موج پر ہے، پپیہے کی پکار گونج رہی ہے اور 'بالی' نے کتنے ارمانوں بھرے دل سے پھولوں کا ہار گوندھ رکھا ہے، دریں اثنا 'سکھی' اطلاع دیتی ہے کہ باغ میں شیام نہیں ہیں۔ کمسن رادھا، اس پر نازک جذبات اور پھر یہ افتاد کہ کرشن کا ہی پتا نہیں۔ اتنے گہرے نازک بیان میں جذبات اور زبان کی نظر سے انگوٹھی میں نگینے کی مثال ہے، اسی لئے رویندر ناتھ کی شعری رفعت بے مثال ہے۔

بنگالی کے شاعر رویندر ناتھ کے ساتھ ہندی کے شاعر سورداس کا مقابلہ کرنا ہمارا مقصد نہیں ہے۔ سورداس سولہویں صدی کے ایک بھگت شاعر تھے اور رویندر ناتھ انیسویں بیسویں صدی کے رہس وادی (Mystric) شاعر ہوئے ہیں۔ اُن پر عیسائی مبلغوں اور راہبوں کی تبلیغ اور رہبانیت کا اثر ہو چکا تھا، لیکن باطنی طور پر اپنشدوں کی گہرائی میں پرانوں کی 'جاہنوی دھارا' بہہ رہی تھی اور ترقی کی طرف رو بہ گامزن بنگال میں تہذیبی ارتقا کے وقت ان کے فن کا آفتاب ضوفشاں تھا۔ سور اور رویندر کے اس قدر مختلف ماحول اور پس منظر کے باوجود سور کی برج بھاشا اور رویندر کی برج بولی کے چمن میں رادھا کرشن کی جو جذبات انگیز لفظی تصویر آویزاں ہے، اُس پر ایک گہری نظر ڈالنا ہی اس مقالے کا اصل مقصد ہے۔ سور، تلسی، کبیر او رویندر ناتھ جیسے شاعر، جن کا قلم خدا کی حمد کے لئے وقف رہا، ان پر تنقید کا ہمیں کوئی حق حاصل نہیں، البتہ حظ اٹھانے کی آرزو ہے۔ لہذا اُن کی 'رادھا رانی' کے لفظی عکس کا حسن دیکھتے ہوئے ہم نے کچھ کہنے کی کوشش ضرور کی ہے۔

«بھانوسنگھیر پداولی» کا دسواں اور آخری گیت ہے:

«سندری رادھے آؤے بنی
برج رمنی گن مکٹ منی
کنچت کیشنی، نروپم ویشنی،
رس آویشنی بھنگنی رے
ادھر سرنگنی، انگ ترنگنی،
سنگنی نو نو رنگنی رے
کنجر گامنی، موتم دشنی،
دامنی چمک نہارنی رے
آبھرن دھارنی، نو ابھیسارنی،
شیامر ہردے بہارنی رے
نو انوراگنی، اکھل سوھاگنی،
پنچم راگنی موھنی رے
راگ ولاسنی، ھاس وکاشنی،
گووند داس چت شوھنی رے»

"सुन्दरि राधे आओये बनि।
ब्रज रमणीगण मुकुटमणी।
कुंचित केशिनि, निरुपम वेशिनि,
रस-आवेशिनि भगिनि रे।
अधर सुरंगिणि, अंग तरंगिणि,
संगिनि नव नव रंगिणि रे।
कुंजरगामिनि, मोतिमदशनि,
दामिनि-चमक-निहारिनि रे।
आभरण धारिणि, नव अभिसारिणि,
श्यामर हृदय बिहारिणि रे।
नव अनुरागिणि, अखिल सोहागिनि,
पंचम रागिणी मोहिनि रे।
राग विलासिनि, हासविकाशिनि,
गोविन्ददास-चित-शोहिनि रे॥"

ودیاپتی کے شعری مجموعے میں بھی رادھا کا ذکر اس طرح ملتا ہے:

«انوکھن مادھو مادھو رٹئت
سندری بھیلی مدھائی»

"अनुखन माधव माधव रटइत
सुन्दरि भेलि मधाई।"

بھانوسنگھ کی رادھا 'چندے آفتاب چندے ماہتاب' ہے ـ برج کی حسیناؤں میں اعلیٰ ہے اور سب سے بڑھ کر 'شیام ہردے بہاری رے' ہے ـ سور کی رادھا 'شیر و شکر کے مانند' ایک جان دو قالب ہوگئی ہے :

«رادھا نند نندن انوراگی
بھے چنتا ہردے نہیں ایکو، سیام رنگ رس پاگی
ہردے چوں رنگ، پے پانی جیوں دبدھا دہوں کی بھاگی
تن من پران سمرپن کینہو، انگ انگ رتی کھاگی
برج بنیتا اولوکن کری کری، پریم بوس تنو تیاگی
سورداس پربھو سوں چت لاگیو سووت تیں منو جاگی»

"राधा नद–नदन अनुरागी।
भय चिता हिरदै नहि एकौ, स्याम रंग–रस पागी ॥
हृदय चूल रँग, पय पानी ज्यौं दुबिधा दुहुँ की भागी।
तन–मन–प्राण समर्पन कीन्हौ, अग–अंग रति खागी ॥
ब्रज–बनिता अवलोकन करि–करि, प्रेम बिवस तनु त्यागी।
सूरदास प्रभु सौं चित लाग्यौ सोवत तं मनु जागी ॥"

آخر میں 'دوارکا چرت' میں سورداس نے رادھا کو کرشن سے ملا کر ایک جان دو قالب کر دیا ہے اور اس طرح رادھا کو محبوبہ، قابل احترام، جدائی برداشت کرنے والی وغیرہ صفات سے بالاتر کر دیا ہے :

«رادھا مادھو، بھینٹ بھئی
رادھا مادھو، مادھو رادھا، کیٹ بھرنگ گتی ہوے جو گئی
مادھو رادھا کے رنگ راچے، رادھا مادھو رنگ رئی
مادھو رادھا پریتی نرنتر، رسنا کری سو کہی نہ گئی
بہنسی کہیو ہم تم نہیں انتر، یہ کہہ کے ان برج پٹھئی
